# روحانی ڈاک

# (03)

خواجہ شمس الدین عظیمی

# روحانی ڈاک (۳)

جلد سوئم

خواجہ شمس الدین عظیمیؒ

www.ksars.org

# انتساب

ہر انسان کے اوپر روشنیوں کا ایک اور جسم ہے جو مادی گوشت پوست کے جسم کو متحرک رکھتا ہے۔ اگر یہ روشنیوں کا جسم نہ ہو تو آدمی مر جاتا ہے اور مادی جسم مٹی کے ذرات میں تبدیل ہو کر مٹی بن جاتا ہے۔

جتنی بیماریاں، پریشانیاں اس دنیا میں موجود ہیں وہ سب روشنیوں کے اس جسم کے بیمار ہونے سے ہوتی ہیں۔ یہ جسم صحت مند ہوتا ہے آدمی بھی صحت مند رہتا ہے۔ اس جسم کی صحت مندی کے لئے بہترین نسخہ اللہ کا ذکر ہے۔

* * * * *

www.ksars.org

# ترتیب و پیشکش

اللہ تعالیٰ چاہتے ہیں کہ آدم اور اس کی اولاد زندگی خوش ہو کر گذارے اور اس کے اوپر غم و آلام اور مصائب و پریشانی کی پرچھائی بھی نہ پڑے۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آدم کو مسجود ملائکہ بنانے کے بعد جنت میں بھیجا اور فرمایا۔

"تو اور تیری بیوی حوا جنت میں رہو اور جہاں سے دل چاہے خوش ہو کر کھاؤ پیو۔ اگر تم شجرہ ممنوعہ کے قریب گئے تو خوشیاں تم سے روٹھ جائیں گی اور تم اپنے اوپر ظلم کرو گے۔"

جب آدم کے اوپر سے خوشی کی لہروں کا نورانی غلاف نہ رہا تو آدم کو جنت یعنی خوشی نے رد کر دیا۔

آدم زمین پر پھینک دینے کے بعد دو کشتیوں میں سوار مسافر ہے۔

زندگی کا اصل رخ خوشی اور زندگی کا دوسرا رخ ناخوشی، ناخوشی یہ ہے کہ آدم زاد نے اصل زندگی کو فراموش کر دیا ہے اور Fiction زندگی کو اصل زندگی سمجھ لیا ہے۔ Fiction زندگی یہ ہے کہ عارضی چیزوں کو، عارضی وسائل کو، عارضی ماہ و سال کو، عارضی دلچسپیوں کو، اصل یا حقیقت سمجھ لیا جائے۔

کہا جاتا ہے کہ یہ بیسویں صدی ترقی کی معراج کی صدی ہے لیکن اس صدی میں انسان کے اوپر جتنے مصیبتوں کے پہاڑ ٹوٹے ہیں اور انسان جس قدر پریشانیوں میں مبتلا ہوا ہے اور جتنی نئی نئی بیماریوں نے اس کو نگل لیا ہے۔ نوع انسانی کی پوری تاریخ میں اس کی مثال نہیں ملتی اور اس کی واضح روش موجودہ صدی پر Fiction فکشن ترقی کے پیچھے کا حصول نمایاں ہے۔ جسے انسانی ذہن دولت پرستی میں مبتلا ہو رہا ہے۔ اسی تناسب سے غم، خوف اور عدم تحفظ کے احساس نے غلبہ حاصل کر لیا ہے۔

Fiction احوس سے نجات حاصل کرنے کے لئے نوع انسانی کے پاس جو یقینی راستہ ہے وہ دولت پرستی سے آزادی ہے۔ دولت پرستی بجائے خود ایک شرک ہے۔ تاریخ پر نظر رکھنے والے لوگ اس بات سے واقف ہیں کہ جس قوم میں دولت پرستی عام ہو جائے تو زمین پر سے اس کا وجود ختم کر دیا گیا۔ اس لئے نافرمانی اور شرک دو ایسے گناہ ہیں جو انسان کے ضمیر کے اندر نور کو ختم کر دیتے ہیں اور Fiction احوس کی تاریکی اس کے اوپر مسلط ہو جاتی ہے۔

لاعلاج بیماریاں لقمہ تر سمجھ کر نگل لیتی ہیں۔ پریشانیاں اس کو بے چین اور مضطرب کر دیتی ہیں۔ مرشد کریم حضرت خواجہ شمس الدین عظیمیؔ (ابا حضور) مسلسل 30 سال سے اللہ کی مخلوق کو یہ پیغام دے رہے ہیں کہ دنیا کی چیزیں استعمال کے لئے ہیں۔ دنیاوی وسائل آرام و آسائش حاصل کرنے کے لئے ہیں۔ یہ سارے آرام و آسائش کے سامان اس لئے بنے ہوئے ہیں کہ اللہ کی مخلوق ان سے فائدہ اٹھائے اور ان کو زندگی کا مقصد نہ قرار دے۔ پیچیدہ صورت حال کو سامنے رکھ کر نوع انسانی کے لئے حضرت عظیمی صاحب نے ایسے علاج تجویز کئے ہیں جن کا تعلق براہ راست انسان کے Inner یعنی روح سے ہے۔

www.ksars.org

میں نے مرشد کریم حضرت عظیمی صاحب کی خدمت خلق کے اس 30 سالہ ریکارڈ کو جمع کیا اور روحانی ڈاک(1)، روحانی ڈاک(2) اللہ کی مخلوق کی خدمت میں پیش کر دیں۔ اب روحانی ڈاک(3) آپ کی خدمت میں پیش ہے۔ انشاء اللہ روحانی ڈاک(4) جلد پیش کریں گے۔ اس 30 سالہ علاج اور بیماریوں سے متعلق یہ ریکارڈ پورا ہو جائے گا۔

میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ نوع انسانی کو وہ سکون عطا کرے جو اسے جنت میں حاصل تھا۔ جہاں نہ دکھ تھا، نہ پریشانی تھی اور نہ کسی قسم کا خوف اور عدم تحفظ کا احساس تھا۔ اللہ رحمت اللعالمین حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اور حضور قلندر بابا اولیاء کی نسبت اور رحمت سے میں (میاں مشتاق احمد عظیمی) پُریقین ہوں کہ میری اس کاوش سے اللہ کی مخلوق کو فائدہ ہو گا اور بے سکونی کا ہر دن کا جلتا ہوا سمندر تبدیل ہو کر پر سکون دریا بن جائے گا اور اس دریا میں سے نہریں، ندیاں بہہ نکلیں گی۔ انشاء اللہ، اللہ تعالیٰ ہم سب کو متحد ہو کر امت مسلمہ بننے کی توفیق عطا کرے اور ہمارے اندر آپس میں تفرقہ بازی ختم ہو جائے اور ہم متحد ہو کر اللہ کی رسی کو مضبوطی کے ساتھ اس طرح پکڑیں کہ تفرقہ کی بنیاد ختم ہو جائے۔ آمین یارب العالمین!

میاں مشتاق احمد عظیمی

روحانی فرزند خواجہ شمس الدین عظیمی

مراقبہ ہال 158۔ مین بازار مزنگ لاہور

فون نمبر: 7243541

تاریخ 27-01-95

www.ksars.org

# فہرست

ترتیب و پیشکش ........ 3

الف ........ 23

ان دنوں باجی حاملہ تھیں ........ 23

آشوب چشم اور پیاز کا عرق ........ 23

آنکھ کی بینائی زائل ہو چکی ہے ........ 24

امی اور پاپا ........ 24

امی نہیں مانتیں ........ 24

امتحان میں کامیابی کا وظیفہ ........ 25

ایک مرض جو ماں سے ملا ........ 25

ایک سِکّھ جن ........ 26

اندرونی چوٹ ........ 27

انگلیاں کانپتی ہیں ........ 27

ایک منٹ سورج دیکھئے ........ 28

اس کے فراق میں ........ 28

ابا ماریں گے ........ 29

اللہ کے دوست ........ 30

www.ksars.org

آنکھوں کا ہم نوا دل ........ 30
اللہ کے دوستوں کو خوف نہیں ........ 31
ایک مُٹھّی چنے ........ 32
ابرک ........ 32
ایک ہاتھ بیکار ہو گیا ہے ........ 33
آگ کا گولہ ........ 33
آنکھوں سے چنگاریاں ........ 34
ایک مریض کا دیکھنا ضروری ہے ........ 35
ایسی حرکتیں سرزد ہو جاتی ہیں ........ 36
اولاد کی خوشی ........ 36
اگلے مہینے میری شادی ہے۔ ........ 37
ب ........ 38
بچی کو یہ علم نہیں ہے کہ ........ 38
بچی بولے گی، خوب بولے گی ........ 38
بے جان انگلیاں ........ 39
بند نزلہ کا علاج ........ 39
بیماری کمبل بن گئی ہے ........ 40
بچے چھپاتی پھرتی ہوں ........ 40

www.ksars.org

بینائی کی کمزوری ........ 41

بادی بواسیر کا علاج ........ 41

بند گلے کی قمیض ........ 41

بھگندر کا علاج ........ 42

بے اولاد بہنوں کے لئے ........ 42

باغیانہ خیالات ........ 43

بہنوں کی شادی نہیں ہوتی ........ 43

بھوت پریت کا اثر ........ 44

بات خط لکھنے کی ہے ........ 44

بچہ دن بھر روتا رہتا ہے ........ 45

بھنگ، چرس اور ہیروئن ........ 45

بادل کی گرج، بجلی کی چمک ........ 46

بہادر اور دلیری ........ 47

بلیلاں روتی ہیں ........ 47

بھوک نہیں لگتی جگر اور معدہ ........ 47

برکت کے لئے ........ 48

پ ........ 49

پاپا ہسپتال میں داخل ہیں ........ 49

www.ksars.org

پیپل کا گلاس ........ 49
پانی کی شکایت ........ 50
پرانے امراض ........ 50
پریشانی کی کوئی بات نہیں ........ 51
پرانے نزلہ کا علاج ........ 52
پسینہ پسینہ ہو جاتا ہوں ........ 52
پیر پکڑے گھر بیٹھا رہتا ہوں ........ 53
پریشانی ٗمالی درماندگی اور روزگار ........ 54
پھونکیں ........ 54
پھر گھر آگئی ........ 55
پیٹ میں پانی ........ 55
پریشان خیالی ........ 56
پانچ ماہ دس دن ........ 56
پرانا نزلہ ........ 57
پانچ سیر چینی ........ 57
پرہیز ضروری ہے ........ 58
پتہ نہیں میں کیا ہو گیا ہوں ........ 58
پہلے چھینکیں آتی ہیں ........ 59

www.ksars.org

پیٹ بہت بڑھ گیا ہے ........ 60

پنڈلیوں میں اینٹھن ہونے لگتی ہے ........ 60

پھیپھڑوں کا سرطان ........ 60

پریشان ہوں ........ 61

پلک جھپک جائے تو کوئی حرج نہیں ........ 61

ت ........ 62

"تیرا پیچھا بھاری ہے رے" ........ 62

تنگدستی، بیروزگاری، معاشی بدحالی ........ 63

تباہی کا راستہ ........ 63

تنگدستی، گھر میں برکت اور ملازمت ........ 63

تعویذ گنڈے ........ 64

تباہی کے گڑھے میں ........ 64

تلی آدھے پیٹ میں پھیل گئی ہے ........ 65

تعلیم، داخلہ، کامیابی ........ 65

تین گلوکوز کی بوتلیں ........ 65

تین رنگ شعاعوں کا پانی ........ 66

تین کیلے ........ 67

تھوڑا سا وقت ........ 67

www.ksars.org

ٹ ........ 69

ٹانگ میں کرنٹ لگتا ہے ........ 69

ٹائم اسپیس سے آزاد ........ 69

ٹیڑھی گردن ........ 70

ٹھیک ہو جاتا ہوں------ ........ 71

ٹھنڈی ہوا کی شدید طلب ........ 71

ٹوٹا پھوٹا انسان ........ 72

ج ........ 73

جڑی بوٹیوں میں حیرتناک اثرات ........ 73

جنت دوزخ ........ 73

جسمانی کج روی ........ 74

جیٹھانی تعویذ گنڈوں میں ماہر ہے ........ 75

جلد میں سوراخ ........ 76

جی چاہتا ہے جنگل میں چلی جاؤں ........ 76

جنات کا گروہ ........ 77

جسم میں آگ ........ 78

چ ........ 79

چلتی ہوں تو زمین ہلتی ہے ........ 79

www.ksars.org

چار شادیاں ........ 79

چھ سال سے نیند کے لئے ترس رہی ہوں! ........ 80

چیخیں ........ 81

چڑیلوں کی فلم ........ 82

چہل قدمی ........ 83

ح ........ 84

حق باہو ........ 84

حضرت علیؓ کا ارشاد ........ 84

حقیقی کل کبھی نہیں آتی ........ 85

خ ........ 86

خونی بواسیر ........ 86

خاوند مجھے لہولہان کر دیتے ہیں ........ 86

خانگی مسائل ........ 87

خوبصورت شوہر بد صورت بیوی ........ 87

خون جوش مارتا ہے ........ 88

خود اعتماد شخصیت ........ 88

خوبصورت مرد ........ 89

خسرہ کا ٹیکہ ........ 89

www.ksars.org

خوبصورتی ........ 90
خوب صورت آنکھیں ........ 90
خیالات کی فلم ........ 90
د ........ 92
دو فرشتے ........ 92
دعا مقبول ہونے کا طریقہ ........ 92
دس سال پہلے ........ 93
دلدل ........ 94
داد کا علاج ........ 95
دواؤں کا ری ایکشن ........ 95
دواؤں سے علاج ........ 96
دنیا میں جنت ........ 96
دماغ میں زبان ........ 97
دستِ غیب ........ 97
دماغ پر بجلیاں گرائی گئی ہیں ........ 98
دس علاج ایک بیماری ........ 99
دلہن بننے کے سپنے دیکھ رہی ہوں ........ 100
دل کی بیماری ........ 101

www.ksars.org

دماغ کی رگیں ........ 101
دو بیویاں ........ 102
دن میں پندرہ مرتبہ پیشاب آتا ہے ........ 102
درد غم ........ 103
ڈ ........ 104
ڈاکٹر کہتے ہیں کلام پاک کے بغیر ........ 104
ڈاکٹر کہتے ہیں میں کبھی ماں نہیں بن سکتی ........ 104
ڈپریشن ........ 105
ڈاکٹر کہتے ہیں کوئی مرض نہیں ہے ........ 106
ذ ........ 107
ذہنی خلفشار ........ 107
ذہنی انتشار ........ 107
ذات برادری ........ 107
ذہنی وسوسے ........ 108
ر ........ 109
راستہ دکھایئے ........ 109
روحانی قوت کیا ہوتی ہے؟ ........ 109
روزانہ 25 الٹیاں آتی ہیں ........ 110

www.ksars.org

| | |
|---|---|
| رنگ کالا اور موٹے ہونٹ | 111 |
| روشنی کی کرن | 112 |
| رحمت کا فرشتہ آواز دیتا ہے | 112 |
| رنگین روحانی علاج | 113 |
| رنگ سانولا ہے | 114 |
| رقص و سرور | 114 |
| روزانہ لڑائی شروع ہو جاتی ہے | 115 |
| ز | 116 |
| زرد شعاعوں کا پانی | 116 |
| زندگی اور موت | 116 |
| زندگی سے مایوس | 117 |
| زبان بھاری ہو گئی ہے | 117 |
| زندگی اور موت | 118 |
| س | 119 |
| سینہ میں گلٹی | 119 |
| سفید داغ، روحانی علاج | 119 |
| سر درد کا علاج | 120 |
| سفلی عمل کا توڑ | 120 |

www.ksars.org

سات سال سے ہاتھ کانپتے ہیں ........ 121
سانس لینے سے کپکپی طاری ہو جاتی ہے ........ 121
سر بہت بڑا ہے ........ 122
سورج زبان کی نوک پر ہے ........ 122
ساٹھ ہزار روپے ........ 122
سینہ کا ابھار ........ 123
سوالاکھ مرتبہ کلمہ طیبہ ........ 123
ساٹھ ہزار روپے ........ 124
سالے بہنوئی کو گالیاں دیتے ہیں ........ 124
مسلسل بول ........ 125
سرخ مرچ نہ کھائیں ........ 125
سیاہ رنگ مسوڑھے ........ 126
سورج طلوع ہونے سے پہلے ........ 126
سیب زیادہ کھائیں ........ 127
ساس باتیں سنتی ہے ........ 127
سخت سردی اور گرمی، رنگ سیاہ ہو جاتا ہے ........ 128
سونگھنے کی حس ختم ہوگئی ہے ........ 129
مسلسل بول ........ 129

www.ksars.org

ش ........ 131

شادی میں رکاوٹ ........ 131

شوہر گھر سے غائب رہتے ہیں ........ 131

شوہر کی طرف پُشت ........ 131

شادی اور شیطانی وسوسے ........ 132

شادی خانہ آبادی ........ 133

شادی کا بھوت ........ 133

شادی کا کھانا ........ 134

ص ........ 135

صحیح اور غلط کام ........ 135

صاحبزادہ کی شادی ہوئی ........ 135

صحت مند زندگی ........ 136

ض ........ 137

ضد اور غصہ ........ 137

ط ........ 138

طلباء کے مسائل ........ 138

ع ........ 139

عجیب و غریب ........ 139

www.ksars.org

عینک کا فلسفہ ........ 139

علاج امریکہ میں ہے ........ 140

عامل، منجم، پیر، حکیم، ڈاکٹر ........ 141

عمر تین سال، قد چھ سال کا ........ 141

عود صلیب ........ 142

عرش کا تصور ........ 143

غ ........ 144

غم اور تبسم ........ 144

غصہ میں بھی ہاں کہہ دیں تو میں تجھے اپنی ملکہ بنالوں گا ........ 144

غیر فطری عمل ........ 145

غلط باتیں ........ 146

ف ........ 147

فہم و فراست ........ 147

فیملی ڈاکٹر ........ 147

فحش کتابوں کا مطالعہ ........ 148

ق ........ 149

قرض خواہ جان کے دشمن ........ 149

قلم کا سہارا ........ 149

www.ksars.org

قلم ہاتھ میں آتے ہی غصہ آنے لگتا ہے ........ 150
قلندر بابا اولیاءؒ کو سلام ........ 150
قلندر بابا جی اولیاءؒ ........ 151
قرض اور سفلی ........ 152
قانون قدرت ........ 152
قرض کا انبار ........ 153
ک ........ 154
کھیتی باڑی میں برکت ........ 154
کاش میں لڑکا ہوتی! ........ 154
کچھ نہیں، کچھ بھی نہیں ........ 155
کرکٹر اور بیٹنگ ........ 156
کینسر کس طرح پیدا ہوتا ہے ........ 156
کالی مرچ اور اجوائن ........ 157
کھچیاں ٹانگیں ........ 157
کچھ کھانے پینے سے سانس رک جاتا ہے ........ 158
کان کا آپریشن ........ 158
کیلوں نے گھر کا سکون ختم کر دیا ہے ........ 159
کان میں کیڑا ........ 160

www.ksars.org

کوئی پوچھتا ہی نہیں ........ 160

کمزور حافظہ ........ 161

کلونجی ........ 161

کیا ناف ٹلنا مرض نہیں ہے؟ ........ 161

گ ........ 163

گاجریں کھائیے ........ 163

گانے کی آواز ........ 163

گھر میں نو بچے بیمار ہیں ........ 164

گرمی میں بھی لحاف اوڑھتا ہوں ........ 164

گھن ........ 165

گھر کا ہر شخص گنجا ہے ........ 166

گیارہ منگل ........ 166

گردہ کے درد نے شدت اختیار کر لی ........ 167

ل ........ 168

لو بلڈ پریشر کا علاج ........ 168

لرزہ ........ 168

لوگ مجھے لڑکی سمجھتے ہیں ........ 169

لڑکا نشہ کا عادی ........ 169

www.ksars.org

لاکھوں پتی بننے کا عمل ........ 170
لاعلاج مرض کا علاج ........ 170
لڑکی کا خیال ........ 171
م ........ 172
مستقل مزاجی کا وظیفہ ........ 172
میری تشخیص ........ 172
مسائل روزگار ........ 173
معالج کا مشورہ ........ 174
ن ........ 175
نوکری کی تلاش ........ 175
نو نمبر کی انگوٹھی ........ 175
نئی طاقت ........ 175
نافرمان اولاد ........ 176
نامحرم شوہر ........ 176
نادیدہ طاقت ........ 177
نلی کے ذریعے کھانا ........ 177
نکلتا سورج ........ 178
نیولے کا سر ........ 179

www.ksars.org

نماز پڑھتے وقت بو آتی ہے ........ 180

نہ ہی ڈاکٹروں کی سمجھ میں کچھ آیا ........ 180

ناسور کا علاج ........ 181

نیلا رنگ اور خود اعتمادی ........ 181

ناک اور گلے سے خون ........ 182

ناک کا آپریشن ........ 182

نافرمان اولاد ........ 183

نسوانی حسن ........ 183

نروس بریک ڈاؤن ........ 184

ناف میں تیل ........ 184

نکسیر ........ 185

و ........ 186

والدہ گنجی ہو گئی ہیں ........ 186

ولی یا شیطان ........ 186

واپسی مشکل ہے ........ 187

والدین کے سخت رویہ سے پیدا ہونے والے امراض ........ 187

وہم کا علاج ........ 188

ہ ........ 189

www.ksars.org

ہم سب کا خدا ایک ہے ........ 189
ہر وقت کڑھتی رہتی ہوں ........ 189
ہر دو ماہ کے بعد خون ........ 190
ہمارے پاس نہ عمر ہے نہ جہیز ........ 191
ہمارے ابا جی ........ 192
ہم حیران ہیں کہ وہ زندہ کیسے ہیں ........ 192
ہر ہفتہ آمدنی کا بڑا حصہ علاج پر خرچ ہو جاتا ہے ........ 192
ہمارے ابا شیر ہیں اور ہم بھیڑ بکریاں ........ 193
ی ........ 194
یہ شادی ہو گی یا نہیں؟ ........ 194
یہ سب فراڈ ہے ........ 194
یہ شادی ہو جائے گی ........ 195

www.ksars.org

# الف

## ان دنوں باجی حاملہ تھیں

س: آج سے تقریباً چار سال پہلے کی بات ہے باجی دوپہر کو سو رہی تھیں کہ اچانک ان کو تھپڑ لگا۔ وہ چیخ مار کر اٹھیں تو کوئی آدمی وغیرہ نظر نہیں آیا۔ ہمارے بہنوئی بھی گھر پر نہیں تھے۔ ان دنوں باجی حاملہ تھیں۔ اس تھپڑ کے کچھ دن بعد ابارشن ہو گیا۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے باجی کو پھر دو ماہ بعد امید دکھائی دی۔ مگر پھر فوراً ہی ابارشن ہو گیا۔ پھر دوبارہ ہسپتال دکھایا۔ انہوں نے ایڈمٹ کر لیا اور باجی بہت کمزور ہو گئیں لیکن کوئی بیماری سمجھ میں نہیں آئی۔

اور جب تیسری دفعہ اللہ تعالیٰ کے رحم سے امید سے ہوئیں تو ان کو بہت تکلیف ہوئی۔ دن میں تیس تیس چالیس چالیس دفعہ الٹیاں آتی ہیں۔ پانی تک ہضم نہیں ہوتا تھا۔ ایسے لگتا تھا جیسے کوئی دل نوچ رہا ہے۔ پھر ہمیں کسی نے بتایا کہ ان کو سکھر لے جائیں۔ وہاں ایک روحانی بزرگ تھے۔ انہوں نے بتایا کہ کسی گندی چیز کا سایہ ہے۔ انہوں نے تقریباً ایک ہفتہ تک علاج کیا اور باجی بالکل ٹھیک ہو گئیں اور اللہ نے ایک چاند سی بیٹی عطا کی۔

اب پھر باجی امید سے ہیں۔ دوسرا ماہ جا رہا ہے اور اب پھر وہی حالت بلکہ اس سے بھی بدتر حالت ہو گئی ہے۔ باجی نہ اٹھ سکتی ہیں، نہ بیٹھ سکتی ہیں۔ ایسے لگتا ہے جیسے کوئی دل نوچ رہا ہے اور دل کو دبایا ہوا ہے۔ سارا دن طبیعت خراب رہتی ہے۔ نہ کچھ کھاتی ہیں اور نہ پیتی ہیں۔ کئی جگہ سے علاج کروا چکے ہیں مگر کوئی افاقہ نہیں ہوا۔ براہ کرم ہماری دادرسی فرمائیں۔ آپ کے لئے دعا گو رہیں گے۔

ج: مندرجہ ذیل ام الصبیان کا تعویذ چکنے کاغذ پر لکھ کر نیلے کپڑے میں سی کر اپنی باجی کے گلے میں ڈال دیں۔ ہر جمعرات کو دو روپیہ خیرات کریں اور ہر ہفتہ میں ایک بار کپڑے کے خول سے نکالے بغیر تعویذ کو لوبان کی دھونی ضرور دیں۔

## آشوب چشم اور پیاز کا عرق

س: گزارش ہے کہ میری لڑکی کافی عرصے سے آنکھوں کے درد میں مبتلا ہے۔ ایک آنکھ سے پانی بہتا رہتا ہے۔ میں ایک غریب مزدور آدمی ہوں۔ غریب ہونے کے باوجود میں نے لڑکی کا کافی علاج کرایا۔ لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ مہربانی فرما کر کوئی سستا یونانی نسخہ تحریر فرما دیں۔ خدانہ کرے، آنکھوں کا معاملہ ہے کوئی اور نئی بیماری نہ ہو جائے۔

ج: پیاز کے عرق میں خالص شہد ملا کر جست کی ایک ایک سلائی رات کو سوتے وقت اور دن میں دو مرتبہ آنکھوں میں لگائیں۔ انشاء اللہ چند دنوں میں آنکھوں کا دکھنا ختم ہو جائے گا۔ دوا لگانے میں آنکھوں سے پانی نکلے تو گھبرائیے نہیں۔ اس

www.ksars.org

بات کا خیال رکھیں کہ شہد خالص ہونا چاہئے۔ رات کو سوتے وقت سات بار یا نور پڑھ کر دونوں انگوٹھوں پر دم کر کے آنکھوں کے اوپر پھیر لیا کریں۔

## آنکھ کی بینائی زائل ہو چکی ہے

س: میری دائیں آنکھ کی بینائی تقریباً چار سال سے بالکل ضائع ہو گئی ہے۔ مرض کی ابتداء اس طرح ہوئی کہ دو تین دن تک بغیر تکلیف کے آنکھوں میں سرخی رہی اور بینائی جاتی رہی۔ پتلیاں پھیل گئیں اور پوری آنکھ کا رنگ سرمئی ہو گیا ہے نیز سیاہ اور سفید دیدے کا رنگ غلط ملط ہو گیا ہے۔ مختلف قسم کے علاج کئے گئے لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ آنکھوں کے ماہر ڈاکٹروں نے بھی علاج کیا۔ سب کا خیال یہ ہے کہ پیٹ میں کیچوے ہیں۔ جن کی وجہ سے بینائی زائل ہوئی ہے۔ مجھے ایک دوسری تکلیف یہ ہے کہ سوتے ہوئے بستر میں پیشاب ہو جاتا ہے۔ براہ کرم میری ان تکلیفوں کے لئے کوئی مناسب علاج تجویز فرمائیے۔

ج: 9x12 انچ کا بازار سے ایک صاف شفاف شیشہ خریدیئے۔ شیشہ سے مراد سادہ شیشہ ہے، آئینہ نہیں۔ شیشہ پر گہرا نیلا رنگ کا پینٹ کرا کے اور ایسی جگہ رکھ دیں جہاں بار بار آپ کی نظر پڑتی رہے۔ ارادتاً بھی دیکھئے رات کے وقت خاص طور سے پینٹ شدہ شیشہ کو دیکھتے دیکھتے سو جایئے اور تین ماہ بعد قدرت کی کرشمہ سازی کا مشاہدہ کیجئے۔ بات آپ کی سمجھ میں آئے نہ آئے میرے مشورے پر عمل ضرور کیجئے۔ رات کو سوتے وقت ایک چمچ خالص شہد پر ایک بار اَلرَّضَاعَتْ عَمَا نَوِئِلُ پڑھ کر دم کر کے کھالیا کریں۔

## امی اور پاپا

س: میں نے اپنی پسند سے شادی کی، والدین ناراض ہیں۔ میں چاہتی ہوں کہ امی اور ابا مجھے معاف کر دیں۔ سخت ذہنی اذیت میں مبتلا ہوں کہ والدین کے ہوتے ہوئے بھی ان سے نہیں مل سکتی۔ لڑکے کے والد کے علاوہ سب گھر والے شادی کے لئے رضامند تھے۔ کوئی ایسا زود اثر عمل بتایئے کہ سب پسند کریں۔

ج: سب کاموں سے فارغ ہو کر سویرے سو جایئے تا کہ صبح جلدی بیدار ہو جائیں۔ فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد اس جگہ بیٹھ جائیں جہاں سے طلوع ہوتا ہوا سورج دیکھا جا سکے۔ جیسے ہی سورج کی ٹکیہ طلوع ہو اس کی طرف ٹکٹکی باندھ کر دیکھئے اور زبان سے سورہ والشمس پڑھیئے۔ اس عمل کو آپ 90 یوم تک کریں۔ رات کو بعد از نماز عشاء اول آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ 101 مرتبہ یاودود پڑھ کر اپنے والدین کا تصور کر کے پھونک مار کر دعا کریں۔

## امی نہیں مانتیں

س: میں چاہتی ہوں کہ میرا مستقبل روشن ہو۔ میں پی آئی اے میں سیکیورٹی فورس میں ایڈمیشن لینا چاہتی ہوں اور ہر صورت میں سروس کرنا چاہتی ہوں۔ آپ سے التماس ہے کہ آپ مجھے کوئی عمل یا وظیفہ بتائیں جس سے میرا یہ کام بخوبی انجام

www.ksars.org

پائے اور میرا مستقبل روشن ہو۔ آپ کے وظیفوں اور عمل سے اللہ کے فضل و کرم سے بے انتہا لوگ فیض یاب ہو چکے ہیں۔ میرے لئے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ مجھے نیکی کی راہ پر چلنے کی توفیق دے اور میرے کام کو تکمیل تک پہنچائے۔

آپ میرے بزرگ ہیں لہٰذا اس جذبے کو موجودہ دور کے حالات دیکھتے ہوئے غلط رنگ نہ دیجئے گا (گستاخی معاف) میں ایک شخص جن کی تاریخ پیدائش 4 مئی ہے۔ اندازاً عمر 23 / 24 سال ہے، پسند کرتی ہوں۔ وہ بھی مجھے پسند کرتے ہیں۔ خدا گواہ ہے کہ ہمارے درمیان کوئی غلط قسم کے مراسم نہیں ہیں اور نہ ہی کوئی غلط اغراض و مقاصد ہیں۔ شادی نہ ہونے کی وجہ صرف یہ ہے کہ شخص مذکور میمن ہیں۔ ان کی امی نہیں مانتیں ہم دونوں یہ چاہتے ہیں کہ ان کے گھر والے اس شادی پر راضی ہو جائیں کیونکہ شادی تو ہونی ہے لہٰذا ہم چاہتے ہیں کہ شرعی اور قانونی طور پر شادی حسب منشا ہو اور ہم شادی کے بندھن میں بندھ جائیں۔ ہماری زندگی ایک دوسرے کے بغیر ادھوری رہے گی۔ خدا کے لئے میرا یہ کام پورا کرنے کے لئے آپ محفل مراقبہ میں ضرور دعا مانگئے گا۔ نیز مجھے میرے دونوں کاموں کے لئے عمل وظیفہ بتائیں۔ میں ہر کام کرنے کو تیار ہوں۔ خدا سے امید ہے کہ وہ آپ کے سہارے میرے دونوں کام تکمیل تک پہنچائے گا۔

ج: آپ دونوں صاحبان رات کے وقت 12 کے بعد وضو کر کے مصلیٰ پر بیٹھ کر اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ 100 مرتبہ سورۃ یٰسین کی آیت **اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَـيْـــًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ** پڑھ کر مقصد حاصل ہونے کی دعا کریں، عمل کی مدت 90 دن ہے۔ ناغہ کے دن بعد میں پورے کر لیں۔

## امتحان میں کامیابی کا وظیفہ

س: آٹھویں جماعت میں ہوں۔ میرا پڑھنے میں دل نہیں لگتا۔ سبق یاد کرتی ہوں لیکن دماغ سے نکل جاتا ہے۔ امتحان قریب ہے کوئی وظیفہ بتا دیں۔

ج: رات کو سونے سے پہلے وضو کر کے اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ سو مرتبہ **یا علیم** پڑھ کر دعا کر کے سو جایا کریں۔ اللہ تمہیں امتحان میں پاس کر دینگے۔ رات کو 7 گری بادام شیریں پانی میں بھگو کر صبح اس پر ایک بار درود شریف پڑھ کر نہار منہ کھالیا کریں۔

## ایک مرض جو ماں سے ملا

س: میری خالہ زاد بہن، غیر شادی شدہ، بچپن میں بالکل ٹھیک ٹھاک تھی۔ آٹھویں کلاس میں تھی تو اکثر لوگوں کے اجتماع میں بے ہوش ہو جاتی تھی۔ جب ایف ایس سی میں آئی تو سر میں شدید درد شروع ہو گیا اور آنکھوں میں سیلیں پڑنے لگیں، نظر بے حد کمزور ہو گئی جس کی وجہ سے پڑھائی چھوڑنا پڑی۔ نمازیں پابندی سے پڑھتی تھی اور تلاوت بھی بہت کیا کرتی تھی۔ مگر بعد میں ایسا وہم ہو گیا کہ جس چوکی پر بیٹھ کر وضو کرتی اسے بار بار دھوتی۔ وضو کا لوٹا بھی بار بار دھوتی۔ یہاں تک کہ سارا دن گزر جاتا۔ تھک جاتی مگر روتی رہتی ہے کہ یہ پاک ہی نہیں ہوتا۔ اب عالم یہ ہے کہ سارا دن ہاتھ دھوتی رہتی ہے اور

www.ksars.org

تولیے بدلتی رہتی ہے۔ اس کے باوجود ہاتھ پاک نہیں ہوتے۔ اپنے ہاتھوں سے کھانا کھاتی ہے، نہ کسی کپڑے کے ساتھ چھونے دیتی ہے۔ بات بے بات ناراض ہو جاتی ہے اور پھر دوا بلکہ کھانا بھی چھوڑ دیتی ہے۔

آج کل نظر بالکل ختم ہو چکی ہے، ٹٹول ٹٹول کر چلتی ہے۔ اگر کوئی رشتہ دار پیار کرے یا بستر پر بیٹھ جائے تو اس کے جانے کے بعد کپڑے اور بستر بدلواتی ہے۔ جس وقت زیادہ تکلیف ہو جاتی ہے اس وقت جن اور پریاں نظر آتی ہیں۔ گھر والوں کے چہرے بدصورت نظر آتے ہیں۔ تمام ماہر ڈاکٹروں کے زیر علاج رہ چکی ہیں۔ بجلی کے شارٹ بھی لگوائے مگر کوئی افاقہ نہیں ہوا۔

ج: یہ مرض ایک دماغی مرض ہے جو ورثہ میں منتقل ہو سکتا ہے۔ والدہ یا نانی سے یا والد اور دادا سے۔ اس مرض میں خون کے اندر شوگر بڑھ جاتی ہے۔ ابتداء میں اگر توجہ نہ دی جائے تو اس کا اثر دماغ اور آنکھوں پر شدید ہو جاتا ہے اور رفتہ رفتہ بینائی ختم ہو جاتی ہے۔ خون میں شوگر کی زیادتی کے ساتھ ساتھ اگر نمک کی مقدار بڑھ جائے تو وہم عارضہ لاحق ہو جاتا ہے۔ یہ سب ان خلیوں کی ٹوٹ پھوٹ سے ہوتا ہے جو عضلات اور پودے اعصابی نظام کو کنٹرول کرتے ہیں۔ زیادہ تر یہ پیدائشی نقص کی بناء پر ہوتا ہے۔ اب اس کا علاج یہ ہے کہ دیسی ادویات استعمال کرائی جائیں جو خون میں شوگر کو نارمل کر دیں۔

تین عدد سفید چینی کی پلیٹوں پر زعفران اور عرق گلاب سے لکھ کر ایک پلیٹ صبح، ایک شام، ایک رات کو پانی سے دھو کر پلائیں چالیس روز تک۔ مایوس نہ ہوں۔ دعا اور دوا کے اصول پر مادی علاج بھی جاری رکھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۸۱ ۸۱ ۸۱

۸۱ ۸۱ ۸۱

۸۱ ۸۱ ۸۱

یا حی یا قیوم یا حی یا قیوم یا حی یا قیوم

## ایک سِکّھ جن

س: 30 سال پہلے میری امی ہندوستان میں رہتی تھیں۔ ان کے مکان کے ساتھ ہی ہندوؤں کا قبرستان تھا۔ ایک دن وہ کسی دعوت میں جا رہی تھیں جس جگہ دعوت تھی وہاں قوالی کا بھی اہتمام کیا گیا تھا۔ جوں ہی قوالی شروع ہوئی میری امی کو اچانک نہ جانے کیا ہوا کہ انہوں نے جھومنا شروع کر دیا۔ جب ہوش آیا تو ان سے پوچھا کہ تمہیں کیا ہوا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ مجھے کچھ معلوم نہیں۔ جس جگہ انہوں نے کھیلنا شروع کیا تھا وہاں ایک بزرگ رہتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ان پر (یعنی ہماری امی پر) کسی بزرگ جن کا سایہ ہے۔ مختصر یہ کہ میری امی ہندوستان سے پاکستان آ گئیں۔ یہاں پر جب بھی کوئی قوالی سنتیں تو وہ جن صاحب میری امی کے اندر آ جاتے، وقت گزرتا گیا۔ ایک دن ایک شخص جو اپنے آپ کو نوری علم جاننے والا کہتا تھا، اس نے امی کو بتایا کہ تمہارے اوپر کسی سکھ جن کا قبضہ ہے۔ اس نے اور بھی بہت سی باتیں بتلائیں مثلاً یہ کہ جن تمہاری بیٹی کی شادی

www.ksars.org

نہیں ہونے دیتا اور یہ صحیح ہے کہ گذشتہ سال ہم اپنی بہنوں کی شادی ہندوستان کر کے آئے ہیں جن میں سے تین کی تو ہو گئی لیکن بڑی کی شادی باوجود کوشش کے نہیں ہوئی۔ جب بھی ان کی شادی کی کوئی بات ہوتی ہے انہیں عجیب قسم کے دورے پڑنے لگتے ہیں اور جیسے ہی بات ختم ہو جاتی ہے، وہ ٹھیک ہو جاتی ہے۔ ایک عامل نے عمل کیا اور کہا کہ اب جن چلا گیا ہے۔ یہ بتائیں کہ آیا وہ جن امی کے اوپر سے چلا گیا ہے کہ نہیں؟۔۔۔۔۔ اور کیا وہ جن واقعی سکھ تھا؟

ج: یہ ایک دماغی مرض ہے جو آپ کی امی اور بہن کو لاحق ہے۔ اس کا روحانی علاج یہ ہے۔ کاغذ کے اوپر

786

یَا مَهْلَاءِيلُ يَا ثَمْنَاءِيلُ يَا مِيْكَاءِيْلُ يَا جِبْرَاءِيْلُ

لکھ کر کاغذ کا فلیتہ بنالیں اور اسے کورے چراغ میں زیتون کے تیل سے جلائیں، مریضہ کے سرہانے چالیس روز تک، اس عرصہ میں میٹھی چیزیں زیادہ کھائیں۔

## اندرونی چوٹ

س: پانچ سال پہلے کی بات ہے کہ میرے شوہر سوات سے پشاور آرہے تھے کہ راستے میں ان کی بس الٹ گئی تھی۔ ان کے سینے میں اندرونی کافی چوٹ آئی۔ اب جب سردی زیادہ پڑتی ہے تو ان کی پسلیوں میں سخت درد ہوتا ہے۔ سینے پر کسی چیز کی مالش بھی نہیں ہو سکتی کیونکہ ان کے سینے پر بال بہت زیادہ ہیں۔ کچھ پڑھنے کے لئے بتائیں کہ وہ پڑھوں میں اور فائدہ میرے شوہر کو پہنچے۔ بچپن میں بھی یہ سیڑھی سے سر کے بل گر پڑے تھے جس سے ان کی کمر میں چوٹ بیٹھ گئی۔ سردیوں کے موسم میں کمر میں بھی بہت زیادہ درد ہوتا ہے۔ اٹھتے بیٹھتے ہائے ہائے کرتے ہیں۔

ج: سینے پر بال ہونے سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ آپ پسلیوں پر سبز شعاعوں کا تیل اور کمر پر سرخ شعاعوں کا تیل دائروں میں مالش کریں۔ ایک مرتبہ رات کو سوتے وقت اور ایک بار دن میں، مالش دس دس منٹ کی جائے۔ ٹھنڈی اور کھٹی چیزوں سے پرہیز ضروری ہے۔

## انگلیاں کانپتی ہیں

س: جسمانی اور دماغی حالت تباہ ہو کر رہ گئی ہے لیکن یہ منحوس عادت نہیں چھوٹتی۔ لاکھ قسمیں کھاتا ہوں اب ترک کر دوں گا لیکن ترک نہیں کر سکتا۔ کھیلنے یا تیز دوڑنے سے دل میں درد ہوتا ہے۔ جب اس عمل کو کرتا ہوں تو الٹی آنکھ بند ہونے لگتی ہے اور الٹی ٹانگ، دونوں ہاتھ کی انگلیاں کانپنے لگتی ہیں۔ دوست مجھ پر جھوٹے الزام لگا کر ڈراتے ہیں، مجھے ان لوگوں سے بچالیں۔ میں ایک نیک انسان تھا اور ہوں۔ برے دوستوں کی صحبت نے مجھے برباد کر دیا۔ ابھی نویں جماعت میں گیا ہوں، پڑھائی میں بھی کمزور ہوں۔ پڑھائی کے اخراجات دادی اماں برداشت کرتی ہیں۔ مجھے اپنی دادی پر بہت رحم آتا ہے۔ نویں اور دسویں جماعت اچھی پوزیشن سے پاس کرنا چاہتا ہوں تاکہ دادی اماں کو سکون و آرام ملے۔

www.ksars.org

ج: پانچ وقت نماز کی پابندی کریں اور ہر نماز کے بعد سو مرتبہ یا حی یا قیوم کا ورد کریں۔ انشاء اللہ اس خراب عادت سے ایسی نفرت ہو جائے گی کہ پھر اس طرف ذہن نہیں جائے گا۔

## ایک منٹ سورج دیکھئے

س: میں ایک بہت ہی مجبور لڑکی ہوں۔ ایم اے کی طالبہ ہوں۔ چند وجوہات کی بنا پر ٹوٹ پھوٹ کر رہ گئی ہوں۔ میں سمجھتی ہوں کہ میری شخصیت ریزہ ریزہ ہو گئی ہے۔ مجھے غصہ بہت آنے لگا ہے۔ میرے اوپر ہر وقت جھنجھلاہٹ سوار رہتی ہے اور بیزاری میری زندگی بن گئی ہے۔ یہ سب میں جان بوجھ کر نہیں کرتی۔ غیر ارادی طور پر سب کچھ ہو جاتا ہے۔ مجھ میں قوت ارادی اور مستقل مزاجی بالکل نہیں ہے جس کا پوری زندگی اور خاص کر پڑھائی پر بہت اثر پڑ رہا ہے۔

ج: آپ کے تمام مسائل کا حل یہ ہے کہ آپ کی شادی جلد از جلد ہو جائے۔ اچھی جگہ شادی ہونے کے لئے وظیفہ لکھا جا رہا ہے۔ اس پر یقین اور دلجمعی کے ساتھ عمل کریں۔ انشاء اللہ بہت جلد مراد پوری ہو جائے گی۔

صبح بہت سویرے بیدار ہو کر ایسی جگہ بیٹھ جائیں جہاں نکلتا ہوا سورج نظر آئے۔ جیسے سورج کی ٹکیہ نمودار ہو، سانس روک کر دل ہی دل میں یا ودود پڑھیں۔ یہ عمل کسی بھی حالت میں ایک منٹ سے زیادہ نہ کیا جائے۔ عمل کے وقت نظریں سورج کی طرف مرکوز رہنی چاہئیں۔

نوٹ: یہ عمل کسی بھی حالت میں ایک منٹ سے زیادہ نہ کیا جائے۔ عمل کی مدت ایک ماہ ایک دن ہے۔

## اس کے فراق میں

س: مجھے ایک نیک سیرت لڑکی سے محبت ہو گئی ہے جو ہمارے گھر کے قریب ہی رہتی ہے۔ کالج میں حسین سے حسین لڑکیاں ہیں مگر کسی لڑکی سے بات کرنا تو بڑی بات ہے کسی کی طرف نظر اٹھا کر بھی نہیں دیکھتا۔ اس لڑکی نے میرے اوپر نہ جانے کیا جادو کر دیا ہے کہ ہر وقت میرے خیالوں میں سمائی رہتی ہے۔ دوسری طرف اسے یہ بھی معلوم نہیں ہے کہ میں اس کے فراق میں گھل رہا ہوں۔ مجھے معلوم ہوا ہے کہ آپ کے بتائے ہوئے وظیفوں سے بہت سے لوگوں کے کام بن گئے ہیں۔ کوئی ایسا حل بتائیں کہ اس لڑکی کو بھی مجھ سے محبت ہو جائے اور میری محبت کا علم ہو جائے۔ امید ہے کہ آپ مجھے مایوس نہیں کرینگے کیونکہ میری عمر شادی کے لئے عین مناسب ہے۔ آپ نے سات ماہ پہلے حیدر آباد کے ایک طالب علم کو یہ کہہ کر ٹال دیا ہے کہ تمہاری عمر ابھی کم ہے۔

www.ksars.org

ج:اس لڑکی سے شادی آپ کے لئے مناسب نہیں۔ اس کا خیال ذہن سے نکال دیں اور اس مقصد کے لئے روزانہ رات کو سونے سے پہلے پڑھ وَ اَلْقَتْ مَافِیْهَا وَ تَخَلَّتْ کر اپنے سینے پر پھونک مار لیا کریں۔ جب تک لڑکی کا نقش ذہن سے صاف ہو یہ عمل جاری رکھیں۔

## ابا ماریں گے

س:میرا بیٹا اس وقت آٹھویں کلاس کا طالب علم ہے۔ اسے خاص طور پر پڑھائی کے دوران نیند بہت تنگ کرتی ہے۔ پڑھنے بیٹھتا ہے تو فوراً ہی نیند سے آنکھیں بند ہونے لگتی ہیں۔ نہ کچھ پڑھ سکتا ہے اور نہ ہی لکھ سکتا ہے۔ بڑی کوشش کرتا ہے کہ نیند نہ آئے۔ منہ دھوئے گا، آنکھوں پر چھینٹے مارے گا، کھلی ہوا میں پھرے گا لیکن پڑھنے بیٹھتا ہے تو پھر نیند کا خمار اسی طرح شروع ہو جاتا ہے، بہت پریشان ہے۔ روتا ہے کہ خدا کے لئے مجھے کوئی دوا دیں جس سے مجھے نیند نہ آئے۔ اسی نیند کی وجہ سے والد نے اسے کئی بار اتنا مارا ہے کہ میں بیان نہیں کر سکتی۔ اس وقت دعا کرتی ہوں کہ خدا کرے یہ بچہ مر جائے۔

بہت ہی ظالموں کی طرح مارتے ہیں کہ رو رو کر میں خود ہلکان ہوتی ہوں۔ بچے کا تو جو حشر ہوتا ہے وہ ظاہر ہے لیکن اس کے باوجود نیند اس کا پیچھا نہیں چھوڑتی۔ اگر رات کو جلدی سلا دوں اور صبح جلدی اٹھا دوں تب بھی یہی حالت ہوتی ہے۔ میں خود بڑی پریشان ہوں۔ اس نیند کی وجہ سے نہ تو پڑھائی ہوتی ہے نہ اسکول کا کام۔ ظاہر ہے اسکول میں بھی مار ہی کھاتا ہو گا۔ دوسرے اس کا حافظہ بھی بڑا کمزور ہو گیا ہے۔ بعض وقت تو زبانی سبق یاد نہیں ہوتا جو سبق یاد کر بھی لیتا ہے تو تھوڑی دیر میں یا دوسرے دن بھلا دیتا ہے۔

بچے کے لئے وظیفہ یا کوئی موثر علاج تجویز کر دیں۔ وظیفہ میں خود پڑھ کر بچے کو دم کر دوں یا پانی پر دم کر کے اسے پلا دوں۔ جیسے آپ مناسب سمجھیں تجویز فرمائیں۔ خواجہ صاحب! بچپن میں اس کا حافظہ بہت تیز تھا۔ اب تو بچہ نیند اور حافظہ کے ہاتھوں پریشان ہے۔ بچے کا مستقبل تاریک نظر آ رہا ہے۔ خدا اور رسول ﷺ کے واسطے خواجہ صاحب مدد فرمائیں۔ اللہ، استخارہ کر کے دیکھیں کہ بچہ کتنی تعلیم حاصل کرے گا۔ اس کا مستقبل کیسا ہے؟ کسی بدخواہ کی نظر تو نہیں لگ گئی اور کیا اس کا نام تاریخ پیدائش کے حساب سے ٹھیک ہے؟ کوئی نام وغیرہ کا اثر تو نہیں ہے؟

ج:میری دانست میں بچہ کا شعور کمزور ہے۔ جب وہ پڑھنے کے لئے بیٹھتا ہے تو شعور پر زیادہ بار پڑ جاتا ہے۔ اس کی ایک وجہ والد صاحب کا زیادہ مارنا پیٹنا بھی ہے جب وہ کتابیں کھولتا ہے تو یہ خوف بھی دامن گیر ہوتا ہے کہ اگر سبق یاد نہ ہوا تو ابا ماریں گے، خوف سے بھی دماغ متاثر ہوتا ہے ان وجوہات کا تدارک ہونا ضروری ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ آپ بچہ کو میٹھی چیزیں کم کھلائیں اور رات کو سوتے وقت اس کے سرہانے کھڑی ہو کر سورہ قمر پارہ27 کی آیت وَلَقَدْ یَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِذِکْرِ مِنْ مُّدَّکِرٍ پڑھ دیا کریں اتنی آواز سے کہ نیند خراب نہ ہو۔ اور کٹائی بالکل بند کر دیں ورنہ بچہ بالکل کند ذہن ہو جائے گا۔ مستقبل اچھا ہے، نام بھی ٹھیک ہے۔

www.ksars.org

## اللہ کے دوست

س:جناب عالی! میں پندرہ سال سے غربت میں مبتلا ہوں، ہنر مند بھی ہوں۔ کبھی بہت بڑا ٹھیکیدار بھی تھا لیکن اب مزدوری بھی نہیں ملتی۔ آٹھ افراد کھانے والے ہیں۔ اس وقت آپ مجھے فاقہ کشی کی حالت میں سمجھئے۔ میں نے بہت کوشش کی ہے کہ مجھے رزق حلال مل جائے لیکن کوئی سہارا نہیں ملا۔ کسی مرد کامل کی بھی مجھے تلاش ہے، وہ بھی نہیں ملا۔ کسی نے کہا سورہ یٰسین 41دن پڑھو۔ سورہ یٰسین تین سال بلاناغہ پڑھی۔ کسی نے کہا سورہ مزمل پڑھو، کسی نے کہا سورہ ملک پڑھو۔ اسی طرح بلا ناغہ پڑھتا رہا ہوں۔ کسی نے کہا یاعزیز کا ورد کرو۔ کسی نے بتایا یارزاق پڑھو، یہ بھی پڑھتا رہا۔ پھر میں نے کلمہ طیبہ کا ورد شروع کر دیا۔ اب میری یہ حالت ہے کہ کلمہ طیبہ میری خوراک بن چکا ہے۔ رات دن پڑھتا رہتا ہوں۔ چھوڑنا چاہتا ہوں تو چھوڑ نہیں سکتا۔ حضرت جی! اب تو نہ کوئی بھائی رہا، نہ کوئی بہن رہی، نہ کوئی رشتہ دار۔ اب تو پیٹ بھر کر کھانا بھی نہیں ملتا۔ اپنا مکان بھی نہیں رہا۔ کرائے کا مکان بھی نہیں ملتا۔ یہ سمجھ کر کہ کرایہ کہاں سے دے گا۔ بیوی بیمار ہے، دوائی کے پیسے نہیں کہ علاج کرا سکوں۔ محنت مزدوری کے لئے کسی کے پاس جاتا ہوں تو وہ مجھے بدنصیب کہہ کر ٹھکرا دیتا ہے۔ اب ایمان میں بھی کمی ہوتی جا رہی ہے۔ مجھے امید ہے کہ آپ مجھ پر نظر کرم فرما کر مجھے دین و دنیا میں رسوا ہونے سے بچا لیں گے۔

ج: کوئی بھی چادر احرام کی طرح باندھ کر ننگے سر اور ننگے پیر کھلے آسمان کے نیچے رات کو 2 بج کر 45 منٹ پر کھڑے ہو جائیں۔

نماز کی طرح نیت باندھ لیں اور سو بار آیت کریمہ پڑھ کر سو بار دعا کریں۔ یااللہ یارحمٰن یارحیم، میری بدبختی ختم کر، میرے لئے آسائش اور آرام کے وسائل عطا فرما دے۔ 21 روز کے بعد یہ عمل نہ کریں۔ انشاء اللہ حالات درست ہو جائیں گے۔ حالات درست ہونے پر اس بات کا خیال رکھیں کہ آپ سے کسی کی دل آزاری نہ ہو اور آپ ہرگز کسی سائل کو جھڑکیں نہیں۔ فقراء اللہ کے دوست ہوتے ہیں، ان سے دوستی رکھئے۔

## آنکھوں کا ہم نوا دل

س: باوجود کہ میں نماز کا پابند ہوں۔ گناہوں سے حتی الوسع بچنے کی کوشش کرتا ہوں پھر بھی آنکھ بڑی بے حیا ہے۔ کبھی کبھی دل اس کا ہم نوا بن جاتا ہے۔ اس سے میرا ضمیر پریشان ہوتا ہے۔ کوئی ایسا وظیفہ ارسال فرمائیں جس سے سکون قلب میسر ہو، ہر قسم کے گناہوں سے نفرت ہو جائے اور زندگی کی گاڑی آسانی سے چلتی رہے۔

www.ksars.org

ج: میں نے پڑھا ہے کہ ایک روز حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کرامؓ کے سامنے آنے والی امت کے فضائل بیان فرمارہے تھے۔ مجلس میں سے کسی حضرت نے کہا۔ "یارسول اللہ! ہمارے ماں باپ آپ پر قربان، کیا آنے والے ہمارے مسلمان بھائی ہم سے بھی اچھے ہونگے۔"

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ناگوار گزری۔ چہرہ انور سرخ ہوگیا اور فرمایا۔ "اللہ کی قسم، اگر تم لوگ گناہ کرنا چھوڑ دو تو اللہ تعالیٰ تمہاری جگہ دوسری قوم پیدا فرمادے گا۔"

میرے عزیز! ہمارا طرۂ امتیاز یہ ہے کہ ہماری سرشت میں گناہ کا ارتکاب داخل ہے۔ اگر ہمارے اندر سے گناہ کا ارتکاب نکل جائے تو ہمارے اندر احساس ندامت نہیں رہے گا۔ احساس ندامت وہ جذبہ ہے جو بندہ کو اللہ کے سامنے جھکاتا ہے اور اسی جذبہ سے بندہ اللہ کے سامنے عاجزی اور انکساری کرتا ہے۔

## اللہ کے دوستوں کو خوف نہیں

س: ڈھائی ماہ پہلے ایک ضروری کام سے صدر جانا ہوا۔ جمعرات کا دن تھا، ایک موٹا تازہ شخص میرے پیچھے لگ گیا جہاں میں جاتا وہیں وہ شخص بھی جاتا۔ آخر مجبوراً اپنا کام چھوڑ کر گارڈن کی طرف ایک جاننے والے کی دکان میں پناہ لی لیکن انہیں کچھ نہ بتایا۔ کوئی گھنٹہ ڈیڑھ گھنٹہ بیٹھا رہا۔ میرا خیال تھا کہ وہ شخص چلا جائے گا لیکن جب دکان بند کر کے میں اور میرے جاننے والے گھر جانے کے لئے اسٹاپ پر پہنچے تو میں نے دیکھا کہ وہ شخص پھر میرا پیچھا کرتا ہوا آرہا ہے اور میرے ساتھ آکر کھڑا ہوگیا اور گھور کر دیکھنے لگا، چند اشارے بھی کئے۔ یہ حرکات دیکھ کر میرے جاننے والے نے اسے ڈانٹا لیکن اس پر کوئی اثر نہ ہوا اور وہ ہمارے ساتھ ہی چلنے کے لئے تیار تھا۔ ایسا محسوس ہوتا تھا کہ اس کے ساتھ کچھ اور آدمی بھی ہیں۔ شکل وصورت سے کوئی خرکار یا اٹھائی گیرا معلوم ہوتا تھا۔ اچانک ایک گاڑی آگئی اور ہم اس پر سوار ہوگئے۔ معلوم نہیں کہ وہ بھی سوار ہوا کہ نہیں لیکن اس دن سے میں ایک خوف میں مبتلا ہوں کہ کوئی مجھے اغواء کرلے گا۔ کوئی گھر سے اٹھالے جائے گا اور ایسا لگتا ہے کہ کچھ لوگ میرا پیچھا کررہے ہیں۔ چند لوگوں کو میں نے بھی دیکھا ہے جو مجھے بڑے غور سے دیکھتے ہیں۔ ایسا لگتا ہے کہ میری نگرانی کی جارہی ہے اور وہ لوگ موقع کی تلاش میں ہیں۔ میں گھر سے ڈیوٹی اور ڈیوٹی سے گھر جس خوف اور پریشانی میں جاتا ہوں کہ خدا جانتا ہے اور اس واقعہ کے بعد سے گھر سے نہیں نکلتا، چاہے کوئی بیمار ہو یا شادی ہو کہیں نہیں جاسکتا۔ ہر وقت مایوسی اور خوف طاری رہتا ہے۔ کسی کام میں جی نہیں لگتا۔

اداس اور پریشان رہتا ہوں۔ میں ہر موٹے آدمی کو دیکھ کر لرزنے لگتا ہوں۔

ج: چلتے پھرتے باوضو بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِo اَلاَ اِنَّ اَوْلِيَاءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ پڑھا کریں۔ اگر وضو ساقط ہونے کی ضرورت ہو تو اپنے اوپر جبر نہ کریں، وضو ساقط ہونے دیں، دوبارہ کرلیں۔ روزانہ صبح کے وقت سیب کا مربہ کھائیں اور عصر کے بعد "خمیر مروارید" استعمال کریں۔ رات کو سوتے وقت کمرہ میں نیلا بلب روشن رکھیں۔

www.ksars.org

## ایک مٹّھی چنے

س: پچھلے دو تین سال سے ہم پریشانی میں مبتلا ہیں۔ یہ پریشانی ہمارے والد صاحب کی وجہ سے ہے۔ کچھ ایسے واقعات پیش آئے ہیں کہ وہ بہت ہی زیادہ وہمی ہو گئے ہیں۔ سب پر سے ان کا اعتبار اٹھ گیا ہے۔ ہر ایک کو شک کی نظر سے دیکھتے اور بے جا غصہ کرتے ہیں۔ گھر والوں پر اعتماد نہیں رہا۔ ہر ایک سے ملنا چھوڑ دیا ہے۔ ان سب باتوں کی وجہ سے نوکری بھی چھوٹ گئی ہے۔

الحمد للہ، اب وہ وہم اتنا نہیں کرتے اور غصہ بھی بہت کم کرتے ہیں لیکن کسی سے ملتے جلتے نہیں ہیں۔ ہمارے والد صاحب خود ڈاکٹر ہیں۔ انہوں نے انگلینڈ سے F.R.C.S کیا ہے۔ چند ایک بہت اچھی جاب کی آفر بھی آئیں لیکن خدا جانے وہ کیوں کسی کی بات نہیں سنتے۔ پہلے تو دل کا حال کسی سے نہ کہتے تھے اب کبھی کبھی امی سے کہہ دیتے ہیں۔ نماز پڑھتے ہیں، نہ روزہ رکھتے ہیں، نہ کبھی مسجد جاتے ہیں، نہ قرآن کی تلاوت کرتے ہیں، عید تک کی نماز نہیں پڑھتے۔ برائے کرم آپ کوئی ایسا وظیفہ یا قرآنی آیت یا علاج جو کچھ آپ مناسب سمجھیں بتا دیں کہ والد صاحب مذہبی ہو جائیں اور وہ کوئی نوکری بھی کر لیں۔ تاکہ معاشی پریشانیاں دور ہوں اور ایک نارمل انسان ہو جائیں ان کا (Depression) ختم ہو جائے۔ امید ہے کہ آپ مایوس نہیں کرینگے، آگے جو خدا کو منظور۔

برائے کرم ایسا علاج یا وظیفہ بتائیے گا جو میری والدہ پڑھ سکیں کیونکہ والد خود پڑھیں گے نہیں۔ میری والدہ پانچ وقت کی نمازی اور صوم و صلوٰۃ کی پابند ہیں۔

ج: آپ کی والدہ صاحبہ ایک مٹھی چنے لے کر ان کو شمار کریں۔ چنے جتنے ہوں اتنی تعداد میں بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھ کر پانی پر دم کر کے اپنے شوہر کو پلائیں۔ عمل کرنے کا کوئی وقت نہیں ہے بس اس بات کا خیال رکھا جائے کہ یہ عمل زوال کے وقت نہ کیا جائے اس کے ساتھ ساتھ کمرہ میں ایسی سینری لگا دی جائے۔ ایک پرندہ پر سیاہ مارکر سے کراس بنا دیں۔ ہفتہ میں کوئی بھی دن مقرر کیا جا سکتا ہے لیکن اچھا یہ ہے کہ منگل کا دن ہو۔

## ابرک

س: میرا چھوٹا بھائی جس کا نام ــــــــ ہے۔ نہایت ہی بگڑا ہوا ہے۔ بری سوسائٹی کا شکار ہے اگر یہ لکھ دیا جائے کہ اس کا ہر دن ہماری نیک نامی پر داغ ہو تو غلط نہ ہو گا۔ بھائی عرصہ سات سال سے بالکل ہم سے کٹ چکا ہے جبکہ ہماری تمام تر کوشش یہ رہی ہے کہ وہ ہمارے ساتھ رہے اور مل کر گھر کا بوجھ اٹھائے مگر کسی بھی بات کا اس پر کوئی اثر نہیں ہوا اور نہ ہی پنڈی میں رہ کر گھر میں خرچہ کے لئے اس نے کبھی کچھ بھیجا ہے۔

خدا کے لئے ہمیں آپ کوئی ایسا وظیفہ بتائیں جس کے عمل سے وہ خود بخود گھر آ جائے ماں کو بیٹا مل جائے بھائی کو بازو اور بہن کو بھائی۔

www.ksars.org

ج: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا اِسْرَ افِيل

ابرک کے اوپر لکھ کر پتھر یا سل کے نیچے ایسی جگہ دبادیں جہاں کوئی الٹ پلٹ نہ کرے۔ زیادہ سے زیادہ اکیس روز تک انتظار کریں۔ بھائی واپس آجانے کی صورت میں تعویذ کو بہتے پانی میں ڈال دیں اور سوا پانچ روپے خیرات کریں۔

## ایک ہاتھ بیکار ہو گیا ہے

س: دو سال پہلے رمضان المبارک کے مہینے میں امی کو دوپہر کے وقت چکر سے آنے لگے اور گھبراہٹ ہونے لگی اس کے بعد وہ بے ہوش ہو گئیں اور منہ سے جھاگ نکلنے لگا۔ ہم انہیں ہسپتال لے گئے جہاں علاج ہوتا رہا وہ ہوش میں تو آگئیں مگر سیدھے ہاتھ اور سیدھے پیر نے کام کرنا بالکل چھوڑ دیا اور بول بھی نہیں سکتی تھیں۔ تقریباً 6ماہ ہسپتال میں علاج ہوتا رہا اس کے بعد گھر آگئیں۔ تو وہ چل تو سکتی ہیں مگر لنگڑائی ہوئی البتہ سیدھا ہاتھ بالکل کام نہیں کرتا اب بھی ہم علاج کروا رہے ہیں۔ جسم میں مختلف جگہوں پر سوئیاں لگا کر گرماہٹ دی جاتی ہے۔

میری امی کی عمر تقریباً 32سال کے قریب ہے خدا کے لئے آپ کوئی ایسا علاج بتایئے جس سے میری امی مکمل طور پر صحت یاب ہو جائیں ہم چھوٹے چھوٹے بہن بھائیوں کی دل سے دعا نکلے گی۔ ہمارے گھر کا سارا انتظام درہم برہم ہو کر رہ گیا ہے۔

ج: سورہ یوسف کی پہلی آیت بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِo اَلرٰتِلْكَ اٰيٰتُ اَلكِتَابِ الْمُبِيْنِ۔ پڑھ کر دم کر کے پئیں۔ تین عدد سفید چینی پر زردہ کے رنگ اور عرق گلاب سے لکھ کر صبح شام، رات ایک ایک پلیٹ پانی سے دھو کر پلائیں۔ 90دن تک۔

## آگ کا گولہ

س: پورے مہینے گیس پورے جسم میں گردش کرتی رہتی ہے۔ میں نے اب آپریشن کروایا ہے۔ دو مہینے ہو گئے ہیں آپریشن کرالیا ہے۔ آدھا پاؤ کی دور سولیاں نکلی ہیں۔ جب سے آپریشن ہوا ہے وہاں پر ایک گولا سا ہے وہ معدے میں گھستا ہے تو معدے میں آگ بھر جاتی ہے پھر وہ دل کی طرف چڑھتا ہے اور سر پر چڑھ جاتا ہے۔ ایسی حالت ہو جاتی ہے کہ نہ روح نکلتی ہے اور نہ زندگی باقی رہتی ہے۔ جب گولہ اوپر چڑھتا ہے تو آنکھیں دھندلی ہو جاتی ہیں۔ لیٹ نہیں سکتی۔ ہر وقت دن رات بیٹھی رہتی ہوں۔ جہاں لیٹی ہوں وہاں گولہ اوپر چڑھ جاتا ہے۔

آپریشن کے بعد ویلوسیف کیپسول ٹانکہ سوکھنے کے لئے کھایا۔ جس کے بعد تیسرے دن سے پیٹ میں آگ لگنے لگی۔ اور ایسا محسوس ہوتا ہے کہ کوئی چیز اوپر چڑھ جاتی ہے۔ جب گیس اوپر چڑھتی ہے تو دل ڈوبنے لگتا ہے۔ تقریباً ایک مہینے سے گھبراہٹ اس قدر ہوتی ہے کہ ہر وقت زارو قطار روتی رہتی ہوں۔ کسی وقت آنسو نہیں تھمتے۔

www.ksars.org

ہومیو پیتھک کا علاج ہو رہا ہے مگر کوئی فائدہ نہیں ہے۔ براہ کرم روحانی علاج تجویز کریں۔ ساری زندگی احسان مند رہوں گی۔

ج: دو عدد چینی کی سفید پلیٹوں پر **بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ** 12 مرتبہ لکھ کر صبح شام پانی سے دھو کر پئیں۔

کھانوں میں چکنائی اور تلی ہوئی چیزوں سے پرہیز کریں۔ تین وقت ایک ایک چمچ شہد ٹھنڈے پانی میں گھول کر پئیں۔ اپنے معالج کے مشورہ سے کھانے کا ایک نظام بنالیں اور وقت کی پابندی کے ساتھ کھانا کھائیں۔ رات کو سوتے وقت ایک سو بار **یا حفیظُ یا شافیُ یا کافیُ یا بدیعُ** پڑھ کر گرین روشنیوں کا مراقبہ کریں۔ گرم چیزوں سے پرہیز کریں۔ انڈا، مچھلی، مرغی، گوشت نہ کھائیں۔ صرف ترکاریاں کھائیں۔

## آنکھوں سے چنگاریاں

س: آج سے تقریباً 20 برس پہلے جب میری عمر 25 سال تھی میرے اوپر کسی نے جادو کر دیا تھا۔ اس جادو کی خاصیت یہ تھی کہ شیطان میرے اوپر مسلط کیا گیا تھا۔ وہ شیطان لوگوں کے اندر گھس جاتا اور لوگ مجھے گالیاں دینا شروع کر دیتے تھے۔ نوبت لڑائی جھگڑے تک پہنچ جاتی تھی۔ لوگ مجھے پتھر مارتے۔ اگر میں ان سے کہتا کہ آپ نے مجھے پتھر کیوں مارا ہے تو وہ کہتے کہ ہم نے پتھر نہیں مارا بلکہ تم پاگل ہو۔ رات کے وقت میرے گھر کے دروازے بند ہو جانے کے بعد محلہ کے لوگ رات بھر میرے دروازے پر پتھر مارتے رہتے۔ صبح اٹھ کر میں ان پتھروں کو ہٹاتا۔ رشتہ داروں نے بلا کسی وجہ کے مجھ سے تعلقات ختم کر دیئے تھے۔ بیوی بچے پریشان رہتے۔ گھر میں بیوی بچوں کے ساتھ لڑائی جھگڑا ہوتا رہا۔ وہ شیطان مجھے چوبیس گھنٹے نظر آتا ہے۔ میرے کان میں آواز آتی ہے کہ میں جن ہوں، میں جن ہوں۔ اس شیطان کا حلیہ یہ ہے کہ داڑھی کالی ہے۔ چھوٹی چھوٹی آنکھیں ہیں اور آنکھوں سے چنگاریاں نکلتی ہیں۔ موٹے بدن پر صرف ایک لنگوٹی باندھتا ہے۔ ایک ہاتھ میں جھاڑو رہتا ہے اور دوسرے ہاتھ میں پاخانہ کی ٹوکری۔ یہ شیطان میرے اندر حلول کر کے 24 گھنٹے گانا گاتا رہتا ہے۔ وہ پنجابی میں گفتگو کرتا ہے جبکہ میں صرف اردو جانتا ہوں۔

یہ شیطان ہر وقت اللہ اور اس کے نبی ﷺ اور حضرت سلیمان علیہ السلام کو برا بھلا کہتا رہتا ہے۔ وہ ہر برے کام مجھ سے کروانا چاہتا ہے جو میں نہیں کرنا چاہتا۔ اب تو اس شیطان کا پورا خاندان مجھے نظر آتا ہے۔ میرا دل چاہتا ہے کہ میں بھی نماز پڑھوں، اللہ کو یاد کروں مگر افسوس کہ میں ایسا نہیں کر سکتا۔ مجھے اس سے نجات دلایئے۔ بڑی مہربانی ہو گی۔

ج: پہلا کام تو یہ کریں کہ 2 ہفتے تک کھانے میں نمک بالکل بند کر دیں۔ دوسرا کام یہ کریں کہ اپنے پورے جسم کا ایک نیگیٹیو بنوائیں اور فوٹو گرافر سے کہیں کہ وہ اس پر کوئی رنگ وغیرہ نہ لگائے۔ اس نیگیٹیو کو سیاہ رنگ کے کپڑے میں لپیٹ کر کسی ویران اور غیر آباد جگہ جائیں۔ وہاں زمین میں ایک فٹ گہرا گڑھا کھودیں۔ نیگیٹیو کو سیاہ کپڑے سے نکال کر اس کو غور سے دیکھیں اور گڑھے میں رکھ دیں پھر یہ کہتے ہوئے مٹی ڈال دیں کہ

www.ksars.org

"اے شیطان! میں نے تجھ کو ہمیشہ کے لئے دفن کر دیا ہے۔"

مٹی ڈال کر واپس آجائیں۔ انشاء اللہ اسی وقت شیطانی کارروائیوں سے نجات مل جائے گی۔

## ایک مریض کا دیکھنا ضروری ہے

س: مجھے معلوم ہوا ہے کہ آپ کے بتائے ہوئے نسخوں پر عمل کر کے بے شمار لوگ فائدہ حاصل کر چکے ہیں اور کر رہے ہیں۔ خدا آپ کے اس نیک کام کو جاری رکھے اور اس کا بہترین اجر دے۔ نیز دنیا و آخرت میں سرخرو کرے۔ آمین ثم آمین۔

آپ کی خدمت میں بہت دنوں کی کشمکش کے بعد حاضر ہو رہی ہوں۔ خط لکھنے میں شرم مانع رہی۔ شرم تو ابھی آرہی ہے۔ لیکن اس کی وجہ سے زندگی اجیرن ہوتی جارہی ہے۔ اس لئے خط لکھنے پر مجبور ہوں۔

میں اکیس سالہ لڑکی ہوں اور بی ایس سی فائنل کی طالبہ۔ میرے ہونٹوں کے آس پاس لکیریں ہیں۔ پیشانی پر بھی باریک اور گہری لکیریں نمودار ہو رہی ہیں۔ جلد بھی بہت زیادہ خشک ہے۔ نیز میرے چہرے پر بھورے اور کالے رنگ کے تل بھی ہیں۔ ان میں ہر ماہ دو یا تین کا اضافہ ہوتا رہتا ہے۔

میری پلکیں بہت جھڑتی ہیں اور میرے ہونٹوں کے اوپر رواں روز بروز گہرا ہوتا جارہا ہے۔ آپ کا کالم پڑھ کر میں نے یہ اندازہ لگایا ہے کہ مجھے بھی نسوانی بیماری ہے۔ آپ مجھے بھی دوسرے مریضوں کی طرح لیڈی ڈاکٹر سے علاج کا مشورہ دیں گے لیکن میں اس کا خرچہ برداشت کرنے سے قاصر ہوں۔ التماس ہے کہ آپ مجھے کوئی گھریلو نسخہ عطا فرمائیں۔ زندگی بھر شکر گزار رہوں گی۔ میری عمر اکیس سال ہے اور مجھے یہ مرض تقریباً پندرہ سال کی عمر سے ہے۔ خواجہ صاحب! آپ کو تو علم ہوگا کہ کیسی شدید تکلیف اس منحوس چیز کے شروع ہونے پر ہوتی ہے۔ میں بار بار ہونٹوں پر زبان پھیرتی ہوں اور وہ خشک ہو جاتے ہیں۔ درد تو خدا کی پناہ! ایسا درد خدا دشمن کو بھی نہ دے۔ آنکھوں کے سامنے ہمیشہ باریک دھندلے اور کالے دھبے ناچتے رہتے ہیں۔ پہلے میری آنکھیں روشن اور چمکدار تھیں اب آنکھوں کی چمک مفقود ہو چکی ہے۔ سر میں خشکی بے حد ہے۔ اسی وجہ سے بال بے تحاشہ جھڑ رہے ہیں۔ سولہ سال کی عمر تک رنگ سرخ و سفید تھا لیکن اب میرا شمار بہ مشکل سانولی رنگت والوں میں ہوتا ہے۔ خدارا اس کا بھی کوئی علاج بتایئے۔

چند دنوں سے منہ میں بدبو آنی شروع ہو گئی ہے۔ جس کا سبب معدہ کی خرابی ہے۔ لیکن مجھے تو قبض کی شکایت بہت کم ہوتی ہے۔

اس کے باوجود میرے منہ سے بدبو کیوں آتی ہے۔ منہ کی صفائی کا میں خاص خیال رکھتی ہوں۔ مجھے نیند بہت زیادہ آتی ہے۔ عمر کے لحاظ سے جسم میں پھرتی چستی بالکل نہیں۔ ذرا سا کام کرنے پر جسم تھک جاتا ہے۔ خصوصاً ہاتھ کے جوڑ بے جان ہو جاتے ہیں۔

www.ksars.org

ج: آپ چائے زیادہ پیتی ہیں جب کہ چائے آپ کے لئے مضر ہے، چائے چھوڑ دیجئے۔ صبح نہار منہ ایک عرصہ تک لیموں استعمال کیجئے۔ جس طرح بھی آپ استعمال کر سکیں۔ کھانوں میں نمک برائے نام ڈالئے۔ زیادہ نمک اور تیز مصالحے آپ کے لئے نقصان دہ ہیں۔ دواؤں کے چکر میں نہ پڑیئے۔ انشاء اللہ چند ماہ اس تجویز پر عمل کر لینے سے ساری شکایتیں خود بخود رفع ہو جائیں گی۔

## ایسی حرکتیں سرزد ہو جاتی ہیں

س: میرا بھانجا جس کی عمر تقریباً 2 سال ہے، مستقل بیمار رہتا ہے۔ کھانسی، نزلہ، بخار، دست ان میں دو بیماریاں اسے مستقل رہتی ہیں۔ اگر دستوں کا علاج کیا جائے تو نزلہ بڑھ جاتا ہے اور نزلہ کھانسی کا علاج کیا جائے تو بخار اور دست شروع ہو جاتے ہیں۔ گھرانا غریب ہے زیادہ تر گزر دودھ، چائے، روٹی، دال، سبزی پر ہے۔ شہر سے ایک میل دور گاؤں میں رہائش ہے۔ براہ کرم کوئی حسب حال علاج تجویز فرمائیں، بچہ کافی کمزور ہے۔ پیٹ بھی خراب رہتا ہے اور اجابت پتلی آتی ہے۔ اس وقت بچے کو دست، بخار، کھانسی، نزلہ کی شکایت ہے۔

ہر اچھے اور پاکیزہ خیال اور تصور کو فوراً برا خیال اور تصور کاٹ دیتا ہے۔ ہاتھوں سے آنکھوں سے اور زبان سے کچھ ایسی حرکتیں سرزد ہو جاتی ہیں جو میں کرنا نہیں چاہتا اور جو کچھ میں کرنا چاہتا ہوں وہ کر نہیں سکتا اور اس طریقے سے Behave نہیں کر سکتا۔ میں مستقل Tension کھچاؤ میں رہتا ہوں اور اگر کبھی کبھی ایسا موقعہ آ جائے کہ میں Relax اور Normal ہو جاؤں۔ میں لمبے لمبے سانس لینے کے بعد سکون سا محسوس کرتا ہوں۔ تو ایسا لگتا ہے کہ میں گم سا ہو گیا ہوں اور میرا کہیں بھی وجود نہیں ہے۔ لہٰذا پھر واپس کھچاؤ میں آ جاتا ہوں۔ کبھی کبھی سانس لینے میں دشواری پیش آتی ہے۔ آسان سا علاج تجویز فرمائیں۔

ج: پہلے مسئلہ کا حل یہ ہے کہ کلونجی صاف شدہ ایک ماشہ صبح نہار منہ تازہ پانی کے ساتھ کھلا دیجئے اور اپنے اعصابی تناؤ سے نجات پانے کے لئے ایک گلاس اتنا تازہ پانی صبح نہار منہ کوئی چیز کھانے سے تقریباً ایک گھنٹہ پہلے پی لیا کیجئے۔ ایک عرصہ تک یہی ورد رکھیئے۔

## اولاد کی خوشی

س: خواجہ صاحب! میں عرصہ چار سال سے نسوانی تکلیف، ایام کی زیادتی میں مبتلا ہوں۔ بغیر دوائی کے آرام ہی نہیں آتا۔ کتنی مرتبہ اندرونی صفائی کرا چکی ہوں۔ بے قاعدگی رہتی ہے۔ کبھی کبھار تین چار مہینے ایسے ہی گزر جاتے ہیں اور کبھی پندرھویں دن ایام شروع ہو جاتے ہیں۔ شادی کو تین سال ہونے والے ہیں اور یہ بیماری مجھے شادی سے آٹھ نو مہینے پہلے ہوئی تھی۔ ڈاکٹری رپورٹ کے مطابق میرے ہارمونز ڈسٹرب ہیں۔ بہت دوائیاں کھائیں مگر آرام ندارد۔ آپ سے عرض ہے کہ اس مسئلہ کا حل بتائیں یا کوئی وظیفہ دیں یا کوئی روحانی علاج۔ کوئی کہتا ہے کہ نظر لگ گئی ہے اور کوئی کہتا ہے کہ کسی نے جادو کرا

www.ksars.org

دیا ہے اس لئے دوا اثر نہیں کرتی۔ براہ مہربانی آپ بتائیں کہ مجھ پر واقعی جادو یا نظر بد ہے یا پھر میری قسمت کا ستارہ ہی گردش میں ہے۔

دوسرا اہم مسئلہ یہ ہے کہ میں ابھی تک اولاد کی نعمت سے بھی محروم ہوں۔ شادی کو تین سال ہو چکے ہیں اور اب تو ناامیدی ہو چکی ہے کہ میں کبھی ماں بنوں گی۔ مجھے اپنی بیماری دور کرنے اور اولاد کے لئے وظیفہ یا کوئی روحانی علاج چاہئے۔

ج: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ o يَاعَجَائِبُ الْخَفَاوَيَاوَرَاءَ الْخَلْقُ چینی کی پلیٹوں پر لکھ کر سبز شعاعوں کے پانی سے دھو کر صبح شام پئیں۔ اکیس روز عمل کرنے کے بعد حالات سے مطلع کریں۔ تیز نمک، مصالحوں اور مرچ سے پرہیز کریں۔ لوکی، توری اور ٹنڈہ زیادہ کھائیں۔

بالنگوہ کا شربت بنا کر پیا کریں۔ اولاد نہ ہونے کا تعلق آپ کی بیماری سے ہے۔ صحت ہو جانے کے بعد انشاءاللہ آپ کو اولاد کی خوشی بھی نصیب ہو گی۔

## اگلے مہینے میری شادی ہے۔

ایسا نہ ہو کہ شوہر شب عروسی میں ہی مجھ سے منہ پھیر لیں۔ اس کے علاوہ بڑے بھائی کی بے راہ روی اور بری صحبت نے اسے برا بنا دیا ہے۔ اللہ کا دیا سب کچھ ہے مگر اسے ہر وقت زیادہ سے زیادہ پیسے کا لالچ رہتا ہے اور خاص کر امی جان کو بہت دکھ دیتا ہے۔

ج: شادی کے بعد انشاءاللہ یہ دانے خود بخود ختم ہو جائیں گے۔ زیادہ فکر اور تردد نہ کریں۔ شوہر بہت چاہنے والے اور اچھی طبیعت کے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ دونوں کی ازدواجی زندگی کو کامیاب بنائیں۔ اپنی والدہ سے کہیں کہ رات کو عشاء کے بعد تین سو مرتبہ بَلْ هُوَ قُرْآنٌ مَّجِيْدٌ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظ پڑھ کر دعا کیا کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ شوہر آپ کی عزت کرے گا۔

www.ksars.org

# ب

## بچی کو یہ علم نہیں ہے کہ

س: ہماری سب سے چھوٹی بہن، جس کی عمر نو سال ہے اور جماعت چہارم میں پڑھتی ہے، کے لئے ہم سب بہن بھائی، امی اور ابو بے حد پریشان ہیں کیونکہ پہلی جماعت سے لے کر آج تک اس کا دل پڑھائی میں نہیں لگا۔ ہمیشہ مار کر یا ناراضگی سے ہی پڑھاتے رہے ہیں۔ کتاب کا نام سنتے ہی رونا شروع کر دیتی ہے۔ رنگ پیلا ہو جاتا ہے۔ دل گھٹنے لگتا ہے۔ کھانے سے انکار کر دیتی ہے۔ آواز بلند ہو جاتی ہے اور ڈھیٹ بن کر بیٹھی رہتی ہے۔ ہم چار بہن بھائی بڑے ہیں۔ یہ بچی ہماری خالہ کی بیٹی ہے۔ تین ماہ کی تھی تو خالہ کے وفات پا جانے پر ہم اپنی بیٹی بنا کر لے آئے۔ بچی کو یہ علم نہیں ہے کہ اس کے ماں باپ کون ہیں۔ وہ ہم سب کو ہی اپنا سمجھتی ہے اور ہم نے بچپن سے اپنے بچوں کی طرح پالا ہے۔ اس لئے ذہنی طور پر ہم لوگ بہت زیادہ پریشان ہیں۔ ویسے صحت مند ہے۔ کھیلنا، کھانا پینا سب ٹھیک ٹھاک ہے۔ بلکہ ہر وقت اس کا دھیان کھیلنے پر ہی رہتا ہے۔ سارا سارا دن کھیلتے نہیں تھکتی۔ ضرورت سے زیادہ لاڈ پیار بھی ہم نے نہیں کیا۔ باقی ہر کہنا مانتی ہے۔ مگر پڑھائی کے نام سے زبان بند ہو جاتی ہے۔

ج: بچی رات کو جب گہری نیند سو جائے، اس کے سرہانے بیٹھ کر ایک بار سورہ قمر پڑھیں۔ جب آیت وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ مِنْ مُّدَّكِرٍ پر پہنچیں تو یہ ایک سو مرتبہ پڑھ کر بچی کے سرہانے کی طرف پھونک ماریں۔ یہ عمل صرف پانچ روز کریں۔

## بچی بولے گی'خوب بولے گی

س: میری بچی کی صحت 9 ماہ بالکل ٹھیک رہی۔ اس کے بعد اسے بخار، الٹیاں یا اس قسم کی کوئی سی بھی چھوٹی موٹی بیماریاں لگتی رہیں۔ اب اس کی عمر دو سال 16 دن کی ہو گئی ہے مگر بولتی نہیں ہے۔ میں اور میرے گھر والے اتنے فکر مند تو نہیں تھے مگر لوگوں نے ہمیں احساس دلانا شروع کر دیا ہے۔ جس کی وجہ سے خاص پریشانی ہے۔ بچی سب باتیں سمجھتی بھی ہے اور اپنے طور پر پوری طرح سمجھانے کی بھی کوشش کرتی ہے۔ بعض دفعہ تو اشاروں سے ایسی بات سمجھاتی ہے کہ عقل حیران رہ جاتی ہے اور کچھ لفظ بھی ادا کرتی ہے مثلاً امی جی، دادا، نانا، مما، اللہ، چندا، چیزی۔ مگر دوسرے الفاظ کوشش کرنے پر بھی ادا نہیں کر سکتی۔ درخواست ہے کہ ہمیں اس کے لئے کوئی وظیفہ بتا دیں تا کہ ہماری پریشانی دور ہو جائے۔

ج: پریشان نہ ہوں۔ انشاء اللہ آپ کی بچی بولے اور خوب بولے گی۔ آپ یہ کریں کہ جب وہ رات کو گہری نیند سو جائے، اس کے سرہانے کھڑی ہو کر یا بیٹھ کر ایک مرتبہ سورہ مریم کی پہلی آیت كٓهٰيٰعٓصٓ (کاف ہا یا عین صاد) پڑھ دیا کریں۔ اتنی آواز سے کہ نیند خراب نہ ہو۔ عمل کی مدت چالیس روز ہے۔ انشاء اللہ مسئلہ کا حل آپ کے سامنے آ جائے گا۔

www.ksars.org

## بے جان انگلیاں

س: میری والدہ صاحبہ کو تین سال سے ایک بیماری لاحق ہے۔ وہ یہ کہ ان کی ہاتھوں کی انگلیاں بے جان ہو گئی ہیں۔ رات کے وقت سانس اکھڑ جاتا ہے۔ پھیپھڑے بے انتہا کمزور ہو گئے ہیں۔ روحانی علاج یا کوئی وظیفہ تجویز کر دیں۔ اگر آپ نے علاج تجویز نہیں کیا تو میں آپ کے رسالے سے باغی ہو جاؤں گا اور بازار سے کبھی نہیں خریدوں گا۔ کیونکہ جس چیز سے میری ماں کو فائدہ نہ پہنچے وہ میرے لئے بے کار ہے۔

ج: آپ کا خط پڑھ کر بہت خوشی ہوئی۔ اللہ تعالیٰ آپ کو خوش رکھیں اور آپ کی والدہ صاحبہ کو صحت عطا کریں۔ ان کے ساتھ آپ کا دلی تعلق بڑی سعادت ہے۔

آپ ایسا کریں کہ چینی کی تین طشتریوں پر:

**بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِo اَلرٰتِلْکَ اٰیٰاتُ اَلْکِتَابِ الْمُبِیْنِo اَلرَّحِیْمُ اَلرَّحِیْمُ یَا فَارِقُ یَا فَارِقُ یَا فَارِقُ** لکھ کر ایک پلیٹ صبح، ایک شام اور ایک رات کو پانی سے دھو کر پلائیں۔ کھانوں میں نمک کی مقدار کم سے کم کر دیں۔ معالج کے مشورے سے خالص شہد بھی کھلائیں۔

اس کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ سے دعا بھی کریں۔ ہم سب بھی آپ کی والدہ کی صحت کے لئے دعا گو ہیں۔

## بند نزلہ کا علاج

س: میری ناک اور کان بند ہو گئے ہیں۔ گردن اکڑ جاتی ہے۔ سر اور آنکھیں بھاری رہتی ہیں۔ کان میں سے سوں سوں کی آوازیں آتی ہیں۔ کسی کام میں دل نہیں لگتا۔ ڈاکٹر کہتے ہیں آپ کے دماغ کی ہر رگ میں نزلہ جم گیا ہے اور اب ڈاکٹروں نے علاج بند کر دیا ہے۔ کیونکہ دوائیں کھانے سے سینے میں تکلیف ہو جاتی ہے۔ دیکھنے میں ویسے تندرست لگتی ہوں۔ دس سال پہلے ٹائی فائیڈ ہوا تھا،

جب ہی سے کسی نہ کسی بیماری میں مبتلا ہوں۔

ج: نزلہ جم جانے کا علاج یونانی طب سے بہت اچھا ہو جاتا ہے۔ کسی تجربہ کار حکیم سے پرہیز کے ساتھ علاج کرائیں۔ یونانی علاج کے ساتھ روحانی علاج بھی کریں۔

مومی کاغذ پر زردہ کے رنگ اور عرق گلاب سے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ایک بار **یا فارِقُ** 9 مرتبہ لکھ کر صبح، شام، رات پانی سے دھو کر پئیں۔ چالیس روز تک۔

www.ksars.org

## بیماری کمبل بن گئی ہے

س: اپنی امی جان کی صحت کے بارے میں کچھ عرض کرنا چاہتی ہوں۔ امی جان کو بے شمار تکلیفیں لگی ہوئی ہیں۔ گھٹنوں اور ٹخنوں میں بے حد درد ہوتا ہے۔ یہ درد سارا دن جاری رہتا ہے۔ کمر میں ریڑھ کی ہڈی کے پاس بے حد درد ہوتا ہے۔ یہ درد اس وقت ہوتا ہے جب امی زیادہ دیر بیٹھ کر کوئی کام کرتی ہیں۔ پھر جب اٹھتی ہیں تو کمر سیدھی نہیں ہوتی اور وہ کافی دیر تک تھوڑا سا جھکاؤ ڈال کر کام کرتی ہیں۔ چلتی رہیں یا کھڑی ہو کر کام کریں تو کمر میں درد نہیں ہوتا۔ منہ پر چھائیاں بہت بن گئی ہیں۔ کبھی ختم ہو جاتی ہیں کبھی بہت زیادہ بڑھ جاتی ہیں۔ صبح کے وقت جب سو کر اٹھتی ہیں تو طبیعت بہت سست رہتی ہے۔ راتوں کی نیند اڑ گئی ہے۔ سردیوں میں بایاں ہاتھ سن ہو جاتا ہے اور حیرت یہ ہے کہ اس ہاتھ کو لحاف سے اندر رکھنے سے درد بڑھ جاتا ہے مگر باہر نکالنے سے درد کم ہو جاتا ہے۔

پورے ہاتھ میں درد نہیں ہوتا۔ صرف انگلیوں میں ہوتا ہے۔ یہ مرض پانچ چھ سال پہلے شروع ہوا تھا۔

ج: تین عدد سفید چینی کی پلیٹوں پر زعفران اور عرق گلاب سے **بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِo الٓرٰ تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ الْمُبِيْنِ-اَلرَّحِيْمُ اَلرَّحِيْمُ يَاحَفِيْظُ يَاحَفِيْظُ يَاحَفِيْظُ يَا شَافِيْ يَا شَافِيْ يَا شَافِيْ يَا كَافِيْ يَا كَافِيْ يَا كَافِيْ** لکھ کر صبح، شام اور رات کو سونے سے پہلے پانی سے دھو کر پلائیں۔ علاج کی مدت نوے دن ہے۔ اللہ تعالیٰ شفا عطا کریں۔ دعا اور دوا کے اصول پر دوائیں بھی استعمال کریں۔ یونانی علاج مفید ثابت ہو گا۔ انشاءاللہ

## بچے چھپاتی پھرتی ہوں

س: میں ایک دکھی لڑکی ہوں۔ باپ کا سایہ تو بچپن میں ہی سر سے اٹھ گیا تھا۔ شادی ہوئی تو خاوند کی بیماری کی وجہ سے پریشان رہنے لگی۔ خاوند کو دورے پڑتے تھے کوئی کہتا تھا کہ مرگی ہے، کوئی کہتا تھا کہ کسی نے کچھ کیا ہوا ہے، کوئی کہتا کہ سایہ ہے لیکن آج تک اس مرض کا کوئی علاج نہیں ہو سکا تقریباً 15 سال سے گولیاں کھا رہے ہیں۔ میرے چار چھوٹے چھوٹے بچے ہیں۔ خاوند کو غصہ بھی بہت آتا ہے۔ غصہ آتا ہے تو مرنے مارنے پر آ جاتے ہیں۔ ایک دفعہ تو بے ہوشی کا ٹیکہ لگوانا پڑا۔ مجھے اتنا کچھ کہہ دیتے ہیں کہ برداشت سے باہر ہے۔ ماں باپ بہن بھائی کسی کی نہیں سنتے ہیں۔ ان کے سامنے اس طرح کھڑی رہتی ہوں جیسے کوئی بڑی سخت ڈیوٹی دے رہا ہو۔ بچوں کو چھپاتی پھرتی ہوں۔ تین ماہ سے روحانی ڈائجسٹ پڑھ رہی ہوں۔ دل کو تسکین ہوتی ہے۔

ج: نو انچ بارہ انچ سفید سادہ شیشے کے اوپر پینٹر سے نیلے رنگ کا پینٹ کرا لیں۔ اس شیشے کو پانچ فٹ کے فاصلے سے اس طرح رکھ دیں کہ اس کے اوپر آپ کے شوہر کی نظر پڑتی رہے۔ ان سے کہیں کہ وہ اس شیشہ کو ارادتاً دیکھا کریں۔ رات کو جب گہری نیند سو جائیں ان کے سرہانے کھڑی ہو کر گیارہ مرتبہ **کھیعص** (کاف ہا یا عین صاد) پڑھ دیا کریں اتنی آواز سے کہ نیند خراب نہ ہو۔ یہ دونوں عمل تین ماہ تک کر لیں۔ اللہ تعالیٰ شفا عطا کریں گے۔

www.ksars.org

## بینائی کی کمزوری

س: میری نظر کی کمزوری مانع آ رہی ہے۔ اللہ کے واسطے کوئی ایسا علاج بتا دیں کہ میری نظر ٹھیک ہو جائے اور میں پاکستان ائیر فورس میں بھرتی ہو جاؤں۔

ج: پیلی سرسوں کا تیل کچی گھانی کا اپنے سامنے نکلوایئے۔ اس کا کاجل بنایئے اور رات کو سوتے وقت آنکھوں میں جست کی ایک ایک سلائی لگائیں۔ کھانا کھانے سے آدھا گھنٹہ پہلے سونف منہ میں ڈال کر خوب اچھی طرح چبائیں اور اس کا عرق چوستے رہیں۔

بطور وظیفہ کے رات کو سوتے وقت تین مرتبہ سورہ الکوثر پڑھ کر دونوں ہاتھوں کی آٹھوں انگلیوں پر دم کیجئے اور انگلیاں دونوں آنکھوں پر پھیر لیجئے۔

## بادی بواسیر کا علاج

س: پیر کے تلووؤں میں جلن کے احساس کی وجہ سے میں بھری سردی میں بھی موزے یا بند جوتے نہیں پہن سکتا۔ دونوں وقت کھانا کھانے کے تھوڑی دیر بعد پیروں میں جلن بڑھنا شروع ہو جاتی ہے۔ سر میں گرانی، آنکھوں میں جلن ایسی ہوتی ہے کہ اخبار پڑھنا بھی مشکل ہو جاتا ہے۔ کئی سال سے علاج کراتے کراتے عاجز آ چکا ہوں۔ لیکن افاقہ نہیں ہوتا۔ کئی حضرات سے آپ کے بتائے ہوئے علاج سے فائدہ ہونے کا ذکر سن کر میں بھی آپ سے مشورے کا خواہش مند ہوں۔

ج: یہ ساری تکلیفیں پرانا قبض ظاہر کرتی ہیں۔ قبض رہنے کی وجہ سے معدے میں گیس بن جاتی ہے۔ جب یہ گیس صعود کرتی ہے تو یہ کیفیات مرتب ہوتی ہیں جن کا اظہار آپ نے اپنے خط میں کیا ہے۔

روزانہ صبح نہار منہ نیم کی بنولی کی تین عدد گریاں لے کر ان کے تین تین ٹکڑے کر دیجئے۔ ان نو ٹکڑوں کو تین تین کر کے خوب اچھی طرح چبایئے اور اوپر سے ایک گھونٹ پانی پی لیجئے۔ ایک ہفتہ ایک دن کے علاج سے انشاء اللہ آپ کی شکایت رفع ہو جائے گی۔

یہ علاج بادی بواسیر کے مریض کے لئے بھی فائدہ مند ہے۔

## بند گلے کی قمیض

س: میرے پورے جسم پر جانوروں کی طرح بال ہیں چہرے، سینے، پیٹ، ٹانگوں، بازوؤں اور ہاتھوں پر غرضیکہ جسم پر ہر جگہ بال ہیں۔ یہ بال کچھ عرصے قبل نکلے تھے۔ اب بڑھتے جا رہے ہیں میرے بازوؤں اور ٹانگوں پر دو تین انچ لمبے ہیں اور باقی جسم پر آدھا انچ لمبے بال ہیں۔ سخت گرمی میں بھی پورے بازوؤں اور بند گلے کی قمیض پہنتی ہوں کہ کسی کو میرے جسم پر اگے ہوئے بال نظر نہ آ جائیں۔ خدا کے لئے عظیمی صاحب آپ مجھے مایوس مت کیجئے اور مجھے اپنے جسم پر بال ختم کرنے کے

www.ksars.org

لئے روحانی علاج بتایئے۔ کبھی تو بیٹھے بیٹھے رونا آجاتا ہے کہ میں کیسی لڑکی ہوں جس کے جسم پر بن مانس کی طرح بال ہیں، کیا عورتیں بھی بن مانس ہوتی ہیں؟ اس کے علاوہ مجھے اندرونی تکلیف بھی ہے۔ ایام کا تعین نہیں کیا جا سکتا۔

ج: اصل مرض کی نشاندہی آپ نے خود ہی کر دی ہے اس مرض کے علاج کے ساتھ ساتھ روحانی علاج یہ کریں کہ ایک بڑے چمکدار سفید کاغذ پر مَا یَقُوْلُوْنَ مَالَا یَفْعَلُوْن لکھوا کر فریم کرا کے اسے دیوار میں لٹکا دیں اور بار بار دیکھا کریں۔

## بھگندر کا علاج

س: عرصہ چار سال سے مرض بھگندر (فسچولا) میں مبتلا ہوں۔ سخت تکلیف میں ہوں زندگی تلخ ہو گئی ہے۔ براہ کرم صحت یابی کے واسطے دعا بھی فرمائیں۔

ج: خَلَقَ الْاِنْسَانَ یَخْرُجُ مِنْھُمَااللُّولُوءُ وَالْمَرْجَانُo کسی مومی کاغذ پر چالیس تعویذ لکھیں۔ روشنائی کھانے کے زرد رنگ سے بنائیں۔

ایک تعویذ روزانہ صبح نہار منہ چالیس روز پانی سے دھو کر پئیں۔ اس مرض میں سرخ مرچ اور ہر قسم کے گوشت سے (انڈا بھی)

دوران علاج پرہیز کریں۔

## بے اولاد بہنوں کے لئے

س: میں اپنی ان دکھی بہنوں کا علاج کرنا چاہتی ہوں جو اولاد کے لئے ترستی ہیں اور اولاد نہ ہونے کی وجہ سے ان کی زندگی اجیرن ہو رہی ہے۔ اس لئے مجھے کوئی وظیفہ یا دوا جس سے بے اولاد بہنوں کے دکھ کا مداوا ہو سکے عنایت فرمائیں تاکہ میں دکھی انسانیت کے کام آ سکوں۔ خداوند کریم آپ کا سایہ ہمیشہ ہمارے سروں پر قائم رکھے اور آپ کا یہ سلسلہ فیض ہمیشہ جاری رہے۔ آمین

ج: بانجھ پن کا علاج یہ ہے کہ نیلی شعاعوں کا تیل کمر میں، ریڑھ کی ہڈی کے جوڑ پر جو کولہوں کے درمیان ہوتا ہے، دائروں میں رات کو اور صبح کو دس دس منٹ مالش کریں۔ تیل تیار کرنے کا طریقہ یہ ہے:

ایک نیلے رنگ کی شیشے کی بوتل کو اچھی طرح صاف کر کے اس میں کچی گھانی کا خالص السی کا تیل بھر لیں۔ اگر نیلی بوتل نہ ملے تو پکی شیشے کی سفید بوتل پر چاروں طرف نیلے رنگ کا ٹرانسپیرنٹ کاغذ لپیٹ دیں اور اس میں بوتل کو چالیس یوم تک روزانہ چار چھ گھنٹے کھلی دھوپ میں رکھیں۔ اگر اس عرصہ میں بارش آجائے یا بادل چھا جائیں تو یہ دن شمار کر لیں اور چالیس روز کے بعد اتنے دن مزید دھوپ میں رکھ کر یہ کورس پورا کر لیں۔

www.ksars.org

## باغیانہ خیالات

س: ہم سب بہن بھائیوں سے چھوٹی ایک بہن ہے۔ اس کی عمر اکیس سال ہے۔ وہ بہت ہی زیادہ ضدی، خود سر اور باغیانہ خیالات رکھتی ہے۔ کسی کا ادب لحاظ نہیں کرتی۔ بہت منہ پھٹ ہے۔ والدین اور ہم سب بہن بھائیوں نے اس کو پیار اور محبت سے ہر اچھے رویے سے زمانے کی اونچ نیچ سمجھائی ہے۔ ڈانٹ کر بھی دیکھا ہے۔ منتیں بھی کر کے دیکھی مگر اس پتھر پر نہ ماں کے آنسوؤں کا اثر ہوتا ہے اور نہ بوڑھے والد کی منتوں اور خوشامد کا۔ اس سے بولنا بھی ترک کر دیا مگر اس کو کوئی پرواہ نہیں ہے۔ اگر کسی غلط بات پر ٹوکا جاتا ہے تو وہ سال سال تک نہیں بولتی ہے۔ آخر ہم لوگوں ہی کو جھکنا پڑتا ہے۔ آخر اپنا خون ہے۔ ہمارے دل میں اس کا خیال اور پیار ہوتا ہے مگر وہ سب سے بیگانہ رہتی ہے۔ بہن بھائیوں میں سے کسی کو یا والدین کو کچھ ہو جائے وہ ہمدردی کا ایک لفظ نہیں بولتی۔ گھر کا کوئی کام نہیں کرتی۔ کوئی مہمان آئے، کوئی رشتہ دار آئے اس کو کسی کا لحاظ نہیں۔ میرے والدین بہت دکھی ہو چکے ہیں۔ رہ رہ کر ہم سب کو یہی خیال آتا ہے۔ اول تو ابھی رشتہ نہیں آ رہا۔ اگر اپنے گھر کی ہو گئی تو آگے گزارہ کیسے ہو گا۔ عظیمی صاحب! بڑے بھائی کی تو وہ جان کی دشمن ہو گئی ہے۔ وجہ یہ ہے کہ غیرت مند بھائی ہونے کے ناطے سے وہ اس کو فضول فیشن کرنے اور ادھر چھت پر کھڑے ہونے سے روکتا ہے۔ وہ باہر نکلتا ہے، لوگوں کی باتیں سنتا ہے مگر مجال ہے جو اس کی بات مان جائے یا باپ کی عزت کا خیال کر جائے۔ سال ہونے کو ہے بھائی سے نہیں بولتی۔ زیادہ ڈانٹ کر کہیں تو دو دفعہ خودکشی کرنے کی کوشش کر چکی ہے۔ مشکل سے بچی۔ ہم آخر کیا کریں، کچھ سمجھ میں نہیں آتا۔ سخت پریشانی ہے۔

ج: گیارہ مرتبہ یاودود پڑھ کر گھر میں اس مٹکے میں دم کر دیں جس میں سب گھر والے پانی پیتے ہیں۔ یہ عمل سورج نکلنے سے پہلے کریں، 90 روز تک کریں بعد از نماز عصر اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ 11 مرتبہ سورہ کوثر پڑھ کر بہن کا تصور کر کے پھونک مار کر دعا کریں۔ اس عمل کو 90 یوم تک کریں۔

## بہنوں کی شادی نہیں ہوتی

س: ہم چار بہنیں ہیں اور ہم چاروں میں سے کسی کی بھی شادی نہیں ہوئی ہے۔ سب سے بڑی کی عمر تقریباً 33 یا 34 سال ہو گی۔ جبکہ میری عمر 24 یا 25 سال ہے۔ ہم سب تعلیم یافتہ ہیں۔ دو بڑی بہنیں بی اے اور ایک ایم اے ہیں اور میں ایم ایس سی کر رہی ہوں۔ شکل و صورت بھی بری نہیں ہے۔ گھر کے حالات بھی خدا کا شکر ہے اچھے ہیں۔ ہم لوگوں کی وجہ سے ہمارے امی ابا اور بھائی بہت پریشان رہتے ہیں۔ امی نے مولوی صاحب کو مسئلہ بتایا وہ کہتے ہیں کہ کسی نے لڑکیوں کے رشتوں کی بندش کی ہوئی ہے۔

بتایئے کیا یہ بات سچ ہے اگر سچ ہے تو مہربانی کر کے ہم لوگوں کو اس کی کاٹ بتا دیجئے تاکہ ہم سب کی مشکل آسان ہو۔ ہم لوگوں سے اپنے گھر والوں کی پریشانی نہیں دیکھی جاتی۔

www.ksars.org

ج: سب کاموں سے فارغ ہونے کے بعد رات کو سونے سے پہلے آپ سب بہنیں الگ وضو کر کے مصلیٰ پر بیٹھ کر ایک سو مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ اَلْوَاسِعُ جَلَّ جَلَالَهُ پڑھ کر دعا کیا کریں۔ وظیفہ کی مدت 90دن ہے۔ ناغہ کے دن بعد میں پورے کر لئے جائیں۔

## بھوت پریت کا اثر

س: چار سال قبل ایک صبح جب بستر سے ٹانگیں نیچے کیں تو کمر میں ایک جھٹکا محسوس ہوا۔ اس کے بعد نہاتے میں خاصے درد کا احساس ہوا۔ چند دن میں درد پوری ٹانگ میں پھیل گیا اور کمر مڑ گئی۔ درد نے اتنی شدت اختیار کر لی کہ اٹھنا بیٹھنا محال ہو گیا۔ میں ہر وقت لیٹا رہتا اور کبھی تو تکلیف سے رو پڑتا ہوں۔ ہر طرح کا علاج کرایا لیکن فائدہ نہ ہوا۔ اب درد کچھ کم ہے لیکن کبھی بڑھ جاتا ہے۔

کمر سیدھی نہیں ہوتی۔ ڈاکٹر آپریشن کہتے ہیں۔ جس پر میں آمادہ نہیں۔ کسی نے بھوت پریت کا اثر بتایا۔ اس کا بھی بہت علاج کرایا۔

لیکن بے فائدہ۔ اب آپ میری مدد فرمائیں کہ یہ واقعی کوئی بیماری ہے یا نہیں اور اس کا کیا علاج ہے؟ ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ مجھے آپ کے ہاتھ سے شفا دیں۔

ج: کھانوں میں نمک کی مقدار کم کر کے چوتھائی کر دیں۔ کسی مومی کاغذ کے ایک ٹکڑے پر زعفران اور عرق گلاب سے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِo اَلرَّضَاعَتْ عَمَا نَوِيْلُ لکھ کر ایک پونڈ خالص شہد میں ڈال دیں۔ یہ شہد ایک چمچی روزانہ صبح، شام اور رات کو کھائیں۔

یہ امراض دماغ سے متعلق ہے جو دوران خون دماغ کو جھٹکا لگنے سے لاحق ہوتا ہے۔

## بات خط لکھنے کی ہے

س: ماہنامہ روحانی ڈائجسٹ کا کافی عرصے سے مطالعہ کر رہی ہوں جس سے ہماری دنیاوی اور روحانی تربیت ہوتی ہے اور واحد ڈائجسٹ ہے جو ہمارے گھر آتا ہے۔ بہت عرصے سے اس بارے میں سوچ رہی تھی کہ آپ کو اپنا مسئلہ لکھوں لیکن ہر بار ہمت نہیں پڑتی تھی۔ اب ہمت کر کے لکھ رہی ہوں۔ امید ہے کہ آپ میرے بزرگ ہونے کے ناطے میری مدد کریں گے۔ مسئلہ لکھتے ہوئے شرم تو آتی ہے لیکن کیا کروں اس کے علاوہ کوئی راستہ بھی نہیں۔ میں ایک ایسے راستے پر چل نکلی ہوں جہاں بدنامی بہت ہے لیکن عقل اب آئی ہے تو آپ کو یاد کیا ہے۔ میری بڑی بہن کی جہاں سے منگنی ہوئی تھی، ان کے دیور سے مجھے پیار ہو گیا۔ لیکن باجی جان کی منگنی کسی مصلحت کے تحت ٹوٹ گئی۔ باجی کا دیور اتنا کچھ خوبصورت تو نہیں تھا لیکن پھر بھی پتہ نہیں ایسی کون سی بات تھی جو میں اس کی طرف کھنچی چلی گئی۔ اس وقت میری عمر نہ تھی کہ میں کسی اچھی یا بری بات کو سمجھ سکتی۔ بس ایسے ہی شوق میں میں نے اسے خط بھی لکھے جو اس نے سنبھال کر رکھ لئے۔ اور میری کچھ تصویریں بھی اس کے پاس

www.ksars.org

ہیں۔ اب وہ مجھ سے شادی کرنا چاہتا ہے لیکن امی اور ابو جان نہیں مانتے۔ کہتے ہیں کہ جہاں ایک بیٹی کا رشتہ ٹوٹ گیا وہاں دوسری کا نہیں دے سکتے۔ منگنی ٹوٹنے کے بعد بھی اس سے فون پر باتیں کرتی رہی جب گھر والوں کو پتہ چلا تو انہوں نے مجھے بہت ڈانٹا اور سمجھایا کہ اس طرح خاندان میں عزت نہیں رہتی۔ پھر امی ابو نے میرا رشتہ دوسری جگہ کر دیا۔ جو مجھے منظور تو ہے کیونکہ میں اپنے والدین کی بے عزتی کا باعث نہیں بننا چاہتی لیکن اب وہ لڑکا کہتا ہے کہ اگر میری شادی اس کے ساتھ نہیں ہوئی تو وہ چار گھر برباد کر دے گا۔ ایک میری باجی کا، دوسرا بھائی کا تیسرا میرا اور چوتھا وہ جہاں میری شادی ہو گی۔

بابا جان! خدا کے لئے اس بیٹی کی مدد کیجئے۔ غلطی تو ہر انسان سے ہوتی ہے سو وہ مجھ سے بھی ہو گئی لیکن اب میں شرمندہ ہوں۔ مجھے کوئی ایسا وظیفہ بتائیں جو میں گھر بیٹھے آسانی سے کر سکوں۔

ج: ہر نماز کے بعد ایک سو ایک بار نَصْرٌ مِّنَ اللهِ وَفَتْحٌ قَرِيْب پڑھ کر آنکھیں بند کر کے تھوڑی دیر تک اپنے دل میں جھانکیں اور پھر اللہ تعالیٰ سے ازدواجی زندگی خوش گوار ہونے کی دعا مانگیں۔ یہ عمل اس وقت تک برقرار رکھیں جب تک آپ کی شادی ہو کر آپ اپنے گھر نہ چلی جائیں۔ اللہ کے بھروسے پر والدین کے مشورے کے مطابق شادی کر لیں۔ انشاء اللہ بہت خوش رہیں گی۔

## بچہ دن بھر روتا رہتا ہے

س: میری بڑی بیٹی کو ام الصبیان کا مرض ہے اس کے تین بچے مر گئے۔ بظاہر بچہ بہت تندرست ہے مگر کبھی کبھی رات کو اور کبھی دن کو روتا رہتا ہے۔ میری بہن نے ایک کالے کلوٹے شخص کو دیکھا جو اس سے دس روپے مانگ رہا تھا وہ سمجھتی ہے کہ کوئی جن یا بھوت ہے جو بچے کو ڈراتا ہے جس کی وجہ سے بچہ روتا ہے۔ کوئی ایسا وظیفہ بتائیں جس سے بچہ رونا بند کر دے اور سکون سے سو سکے۔

ج: کتاب روحانی علاج میں سے ام الصبیان کا تعویذ لکھ کر نیلے رنگ کے کپڑے میں سی کر گلے میں ڈالیں رات کو جب گہری نیند سو جائے ایک بار بِسْمِ اللهِ اَلْوَاسِعُ جَلَّ جَلَالَهُ يَابَدِيْعُ الْعَجَائِبُ بِالْخَيْرِ يَابَدِيْعُ پڑھ دیا کریں۔

## بھنگ، چرس اور ہیروئن

س: اس مسئلے کو ایک ماں کا سہارا، بہنوں کے لئے امید، بیوی کا آسرا اور بچوں کا انتظار سمجھئے گا۔ پروردگار آپ کو جزائے خیر دے۔

قبلہ ہم کل آٹھ بھائی بہن ہیں جن میں ہم تین بھائی ہیں۔ میں سب سے چھوٹا اور مجھ سے دو بڑے بھائی ہیں۔ یہ دونوں بھائی ہم سے الگ رہتے ہیں۔ مجھ سے جو بڑا بھائی ہے وہ بارہویں جماعت سے ہی غلط صحبت میں پڑ گیا تھا۔ جوں جوں زمانے نے ترقی کی۔ اسی طرح ہمارے بھائی صاحب میں بھی تبدیلیاں آنی شروع ہو گئیں۔ پہلے شراب نوشی پھر بھنگ چرس۔ منڈرکس اور اب ہیروئن۔ جس وقت انہوں نے ہیروئن پینی شروع کی اس کے ٹھیک آٹھ ماہ بعد اس کی خود کی مرضی سے ہم

www.ksars.org

نے ان کو ہسپتال میں داخل کیا۔ اس کا علاج کیا۔ خود بھی توبہ کر لی کہ اب کبھی اس لائن پر نہیں جاؤں گا لیکن دو ماہ کے بعد پھر شروع کر دی اور اب یہ عالم ہے کہ قرض مانگ کر فراڈ کر کے اپنا کام چلاتے ہیں۔

قبلہ! ان کی صحت بھی انتہائی حد تک خراب ہو گئی ہے۔ سارے دوست بھی ان کے ایسے ہی ہیں۔ خدا کے لئے ان کے حق میں دعا کریں۔ ہمارے بھائی کے ماشاء اللہ تین پھول جیسے بچے ہیں کبھی ان کے ساتھ بھی وقت نہیں گزارا۔ کبھی یہ ہم سب بھائیوں میں اسمارٹ اور صحت مند تھے۔ آج ان کی حالت ایسی ہے کہ جیسے ایک بانس کا ٹکڑا کھڑا ہے ذرا دھکا دو اور گر گیا۔ پورا جسم پتے کی مانند لرزتا ہے۔

ج: رات کے وقت بھائی جب گہری نیند سو جائیں ان کے سرہانے دائیں طرف کھڑے ہو کر 19 مرتبہ ہلکی آواز میں سورہ تبت یدا ابی لہب پڑھیں۔ پہلے سے بھائی کو اگر یہ بتا دیں کہ ان کا علاج کیا جا رہا ہے تو کوئی حرج نہیں۔ اگر نہ بتایا جائے تب بھی کوئی حرج نہیں ہے۔ 9x12 انچ شیشے کے اوپر سبز رنگ پینٹ کرا کے گھر میں رکھ لیں اور بھائی کو بار بار دکھائیں۔ علاج کی مدت تین ماہ ہے۔

## بادل کی گرج، بجلی کی چمک

س: میری عمر اس وقت پورے 30 سال ہے، مشکل اور پریشانی ہے۔ مہربانی فرما کر آپ اسے دور کرنے کی کوشش کریں۔ مسئلہ یہ ہے کہ مجھے بارشوں کے دنوں میں بہت تکلیف ہوتی ہے۔ میں آسمانی بجلی سے ڈرتا ہوں۔ غیر معمولی طور پر جب کبھی آسمان پر بادل وغیرہ یا موسم خراب ہوتا ہے تو مجھے بہت ہی زیادہ خوف آنے لگتا ہے اور خوف کی وجہ صرف آسمانی بجلی ہوتی ہے اور میں عورتوں سے بھی زیادہ ڈرتا ہوں آسمانی بجلی سے۔ میں اس خط کو خود تحریر کر رہا ہوں۔ اب مسئلہ صرف آسمانی بجلی سے ڈرنے کا ہے۔

میں کمرے میں چھپ جاتا ہوں لیکن اکیلا بھی کمرے میں چھپنے سے ڈرتا ہوں اور جناب میں یہ کوشش کرتا ہوں کہ کسی کو اور نہ گھر والوں کو اس بات کا علم ہو کہ میں آسمانی بجلی سے ڈرتا ہوں۔ میں عورتوں سے بھی زیادہ بزدل ہوں صرف آسمانی بجلی کے معاملے میں، اور کسی میں نہیں۔

ج: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِo اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ شہد کے اوپر دم کر کے تین وقت صبح، شام، رات کھائیں۔

اور جب بارش ہو اور بجلی چمکے دل کے اوپر جبر کر کے اور ہمت کر کے چھت پر چلے جائیں جہاں بجلی چمکتی ہوئی آپ اچھی طرح دیکھ لیں۔ کھانوں میں میٹھی چیزیں زیادہ کھائیں۔

www.ksars.org

## بہادر اور دلیری

س: کچھ عرصے سے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ میرے اندر شجاعت، دلیری، بہادری کی بہت کمی ہوگئی ہے۔ کسی بھی قسم کی ذمہ داری اپنے اوپر لیتے ہوئے خوف محسوس ہوتا ہے اور طبیعت ذمہ داری سے بچنا چاہتی ہے۔ برائے مہربانی کوئی ایسا عمل بتائیں جس سے میرے اندر شجاعت، بہادری اور دلیری پیدا ہو جائے اور ذمہ داری لیتے ہوئے طبیعت میں بے چینی اور خوف پیدا نہ ہو۔

ج: صبح کے وقت نہار منہ سورج نکلنے سے پہلے لمبے لمبے سانس لیا کریں۔ روزانہ اکیس مرتبہ، رات کو سوتے وقت 100 مرتبہ اَلرِّجَالُ قَوَّامُوْنَ عَلَى النِّسَاءِ پڑھ کر پندرہ منٹ تک گلابی روشنی کا مراقبہ کیا کریں۔ کھجور اور شہد کا استعمال زیادہ رکھیں۔

## بلبلاں روتی ہیں

س: ہمارے مکان کا دروازہ مغرب کی جانب ہے۔ مکان کے ساتھ کا مکان ہمارے چچا کا ہے۔ 5 سال سے ہمارے مکان کی چھت پر رات کے وقت بلبلاں بہت روتی ہیں۔ ان کی آواز اتنی خوف ناک ہوتی ہے کہ ہمارا سارا گھر جاگ جاتا ہے۔ ان کو بھگایا جائے، اول تو جلدی بھاگتی ہی نہیں اور اگر بھاگ بھی جائیں تو چند منٹ کے بعد دوبارہ آ جاتی ہیں۔ یہ سلسلہ کئی دن جاری رہتا ہے پھر ختم ہو جاتا ہے اور پھر شروع ہو جاتا ہے۔ ہر قسم کی تدبیر اختیار کر کے دیکھ چکے ہیں۔ مگر بلیوں کے رونے کا سلسلہ ختم نہیں ہوتا۔

سمجھ میں نہیں آتا کہ یہ کیا سلسلہ ہے اب تو محلہ والے بھی تشویش کرنے لگے ہیں۔ للہ، ہماری اس پریشانی کا کوئی حل نکالیں۔

ج: بالچھڑ، جس کو بلی لوٹن بھی کہتے ہیں آدھا سیر خرید کر گھر میں کسی ڈبہ میں رکھ لیں۔ رات کو جب بلبلاں رونا شروع کریں۔ ان کے سامنے ڈال دیں۔

آدھا سیر بالچھڑ تین چار مرتبہ کے لئے کافی ہے۔ اس کے بعد بلبلاں نہیں روئیں گی۔

## بھوک نہیں لگتی جگر اور معدہ

س: مجھے چھ ماہ قبل پیٹ میں درد اٹھا تو شہر کے مشہور ڈاکٹر صاحب سے علاج کرایا۔ ایکسرا بھی لیا گیا۔ ایکسرا دیکھ کر بیماری یہ بتائی گئی کہ جگر اور معدے پر ورم ہے۔ علاج کے دوران میں ایک مرتبہ حاجت کے وقت کیچوے گرے، ڈاکٹر صاحب نے انٹی پار دوائی لکھ کر دی۔ اس کو پینے کے بعد کیچوے نہیں گرے لیکن جگر اور معدہ کا ورم بڑھ گیا۔ مجبوراً کراچی آنا پڑا۔ ڈاکٹر صاحب نے تین ایکسرے لئے۔ اس کے بعد ان صاحب نے بھی جگر اور معدے پر ورم بتایا۔ علاج سے معمولی فرق تو ہے مگر

www.ksars.org

کھانا بالکل نہیں کھایا جاتا۔ کمزوری بہت بڑھ گئی ہے۔ دماغ پر ہر وقت برے خیالات آتے رہتے ہیں۔ ان سب چیزوں سے میں کافی پریشان اور بہت کمزور بھی ہو گیا ہوں۔ برائے مہربانی آپ میری مشکل کو دور کریں۔

ج: کلونجی 3 ماشہ صبح نہار منہ تازہ پانی کے ساتھ کھانا کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے کھالیا کریں۔ کلونجی کھانے کے بعد کوئی اور چیز ایک گھنٹہ تک کھانا پینا منع ہے۔ کثرت سے وضو یا بغیر وضو یا حی یا قیوم کا ورد کریں اور اللہ کے نام پر خیرات ضرور کریں۔

## برکت کے لئے

س: میرے بھائی اور والد ایک دوسرے سے بہت نفرت کرتے ہیں۔ ہم نے کئی مہینوں سے دیکھا ہے کہ جب مہینہ شروع ہوتا ہے تو گھر میں سکون اور خوشی ہوتی ہے لیکن جیسے ہی مہینہ اختتام کو پہنچتا ہے تو والد اور بھائی کے لڑائی جھگڑے شروع ہو جاتے ہیں اور گھر آگ کا گولا بن جاتا ہے۔ میں آپ کو خدا کا واسطہ دے کر کہتی ہوں کہ ہمیں اس مشکل سے نجات دلائیے۔ اس کے علاوہ ایک عرض اور ہے وہ یہ کہ میرے والد کی تنخواہ 9 سال سے نہیں بڑھ رہی یعنی ہمارا اپنا حق ضبط ہو گیا ہے۔ اگر آپ کچھ مدد کر سکیں۔

ج: رابعہ امین صاحبہ۔ گھر یا کاروبار میں برکت نہ ہونے سے طرح طرح کی پریشانیاں پیش آتی ہیں۔ گھر میں لڑائی جھگڑے ہوتے ہیں۔ اس سے اولاد پر بھی برا اثر پڑتا ہے۔ والدین کے جھگڑوں سے اولاد کی صحیح تربیت نہیں ہوتی۔ خیر و برکت کے لئے اللہ کا یہ فرمان یاد رکھنا بہت ضروری ہے کہ اللہ تعالیٰ فضول خرچی کرنے والوں کو پسند نہیں فرماتے۔ خوش اخلاقی اور مناسب منافع لینے سے کاروبار میں ترقی ہوتی ہے۔ ان اصولوں پر کاربند ہونے کے باوجود اگر برکت نہ ہو تو روحانی علاج یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ب س م ا ل ا ہ

ا ل و ا س ع ج

ل ج ل ا ل ہ

---

۹۹۹ ۹۹۹ ۹۹۹

مندرجہ بالا نقش سفید چمک دار یا کسی مومی کاغذ پر لکھ کر چوکھٹ یا دیوار میں چھوٹی کیلوں سے گاڑھ دیں۔ تعویذ گاڑنے سے پہلے حسب استطاعت بچوں میں مٹھائی تقسیم کر دیں۔

www.ksars.org

# پ

## پاپا ہسپتال میں داخل ہیں

س: روحانی ڈائجسٹ میں مسائل اور ان کا حل پڑھا۔ معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کی آپ پر خاص نظر کرم ہے۔ اللہ نے آپ کو دکھی لوگوں کی خدمت کا وسیلہ بنایا ہے۔ میں بھی ان ہی دکھی لوگوں مین شامل ہوں اور آپ سے دعا کی درخواست کرتی ہوں۔

میرا مسئلہ یہ ہے کہ میرے پاپا گذشتہ چند روز سے ہسپتال میں داخل ہیں۔ اس سے پہلے بھی تین مرتبہ شدید حالت خراب ہونے پر انہیں ہسپتال میں داخل کرنا پڑا۔ ان کی پسلی کے نیچے شدید درد اٹھتا ہے۔ جس کی وجہ سے ان کا دم گھٹنے لگتا ہے۔ نہ وہ آسانی سے بیٹھ سکتے ہیں اور نہ آرام سے لیٹ سکتے ہیں۔ ان کی اس بیماری سے ہم سب بہت پریشان ہیں۔

بڑے بڑے ڈاکٹر سے رجوع کیا لیکن مرض کسی کی سمجھ میں نہیں آتا۔ کوئی کہتا ہے کہ دل کا مرض ہے۔ کسی کا کہنا ہے کہ نظام ہضم میں خرابی ہے۔ یہ درد تقریباً ایک سال سے ہے۔ کبھی درد میں کمی ہو جاتی ہے اور کبھی درد شدت اختیار کر لیتا ہے۔

کمزوری اتنی زیادہ ہو گئی ہے کہ ڈاکٹروں نے چلنے پھرنے تک سے منع کر دیا ہے۔ طبیعت کے بڑے ضدی ہیں۔ اپنی بات کے آگے کسی کی چلنے نہیں دیتے۔ گھر کے واحد سرپرست ہیں۔ اس وجہ سے معاشی پریشانیوں کا بھی سامنا ہے۔ روپے پیسے کی قلت ہے لیکن ہم ہر قسم کا علاج کرا رہے ہیں۔

ج: صبح، دوپہر، شام تینوں وقت ایک پیالی پانی پر ایک مرتبہ سورہ فلق پڑھ کر دم کریں اور یہ پانی اپنے پاپا کو پلائیں۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں بوساطت سرور کائنات ﷺ میری دعا ہے کہ اللہ کریم آپ کے والد کو صحت عطا کریں گے۔

## پیپل کا گلاس

س: بعد سلام شوق معروض ہوں۔ بندہ کی اہلیہ بعمر 42 برس بعارضہ ذیابیطس عرصہ 5 برس سے علیل ہیں۔ کمپنی کی جانب سے ہر ممکنہ علاج کے باوجود مرض سے مکمل آرام نہیں۔ گو عارضی صورت میں مرض دب جاتا ہے۔

مجھے معلوم ہوا تھا کہ بفضل رب ذوالجلال آپ سے مرض کی شفایابی کے لئے دوا و دعا کی امید کی جا سکتی ہے۔ لہٰذا ازراہ کرم مستفید فرمایئے۔ آپ کی خدمت عالیہ میں ہدیہ پیش کر دوں گا۔ اور خداوند قدوس سے عاجزانہ استدعا کروں گا کہ آپ کو جملہ دنیا اور عاقبت کے انعامات سے نوازے۔ آمین یارب العالمین۔

www.ksars.org

ج:

| | | | |
|---|---|---|---|
| ع | ص | م | ح |
| ء | ا | ر | ق |
| ا | ک | ل | ت |
| ل | ت | ا | ی |

اس نقش کو کھانے کے زرد رنگ سے کسی مومی کاغذ پر لکھ کر صبح نہار منہ، عصر کے بعد اور رات کو سوتے وقت بھی بینگنی رنگ شعاعوں کے پانی سے دھو کر پلائیں۔ اور ایک تعویذ بیگم صاحبہ کے گلے میں ڈال دیں۔ اس کے ساتھ ساتھ پیپل کے تنے کا خراد مشین پر گلاس بنوالیں۔ اس گلاس میں شام کے وقت پانی بھر کر آسمان کے نیچے رکھ دیں۔ گلاس کے اوپر باریک ململ کے کپڑے کا رومال ڈھانپ دیں تا کہ رات کو کیڑا یا بھنگا نہ پڑے۔ صبح تعویذ کے پانی کے ساتھ پلا دیں۔ علاج کی مدت چالیس روز ہے۔ دوران علاج قبض نہ ہونے دیں۔

## پانی کی شکایت

س: مجھے عرصے دراز سے لیکوریا جیسے موذی مرض کی شکایت ہے۔ میرے پہلے بچے کی پیدائش کے بعد شدت ہوگئی یہاں تک کہ ایک لیس دار بے رنگ سے مادے کے ساتھ ہلکے سے خون کی آمیزش بھی ہونے لگی۔ ڈاکٹر کو دکھایا تو اس نے اندر زخم تشخیص کیا۔ جس کے نتیجے میں مجھے بجلی لگوانے کا مشورہ دیا گیا۔ میں دو مرتبہ بجلی لگوا چکی ہوں مگر مرض ہنوز باقی ہے۔ گو کہ پہلی سی شدت نہیں۔ شادی کو چار سال کا عرصہ ہو چکا ہے اور میں دوسرے بچے کی ماں بننے والی ہوں۔

ج: هُوَالْاَمْرَهِیَ عَمَانُوِیْلُ بِحَقِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ۔ یَا بَارِیُ الْمُصَوِّرْالْاَرْحَامَ

مندرجہ بالا تعویذ مومی کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کرکے نیلے کپڑے میں سی لیں اور گلے میں پہن لیں۔ لیکوریا کا مرض دور ہو جائے گا۔

## پرانے امراض

س: بیس سال پہلے کان میں درد ہوا تھا۔ اس کے بعد ڈیڑھ سال تک کان بہتا رہا۔ علاج سے کان بہنا بند ہوا تو سر سن رہنے لگا۔ اس کا علاج کرایا تو سماعت ختم ہوگئی۔ اب صورت حال یہ ہے کہ ہر وقت سر میں درد رہتا ہے۔ سامنے دیکھتے یا سر جھکانے سے زمین لرزتی ہوئی نظر آتی ہے۔ دائیں طرف کنپٹی میں ٹیسیں اٹھتی رہتی ہیں۔ آنکھیں سوج جاتی ہیں۔ کوئی دوا کام نہیں کرتی۔ صرف نیند کی گولی کھانے سے گھنٹہ دو گھنٹے سکون رہتا ہے۔ کمزوری اس قدر ہے کہ جھکا نہیں جاتا۔ بیٹھ جانے کے

www.ksars.org

بعد کھڑے ہونے میں شدید تکلیف ہوتی ہے۔ شور و غل سے دماغ کی رگیں پھٹنے لگتی ہیں۔ کوئی بات سمجھ میں نہیں آتی۔ غور کرتی ہوں تو سر میں درد ہونے لگتا ہے۔

ج: جو شکایات آپ نے لکھی ہیں ان کے پیش نظر یہ بات وثوق سے کہی جا سکتی ہے کہ عرصہ دراز سے آپ کا ہاضمہ خراب ہے۔

بیماری کے ابتدائی دور میں اناپ شناپ چیزیں کھانا آپ کا معمول رہا ہے۔ اس عادت کی بنا پر معدہ اور آنتوں میں خشکی پیدا ہو گئی۔ پھر یہ گیس کا مرض بن گیا۔ موجودہ حالات کی روشنی میں یہ بات بھی یقینی ہے کہ آپ پیچش کے مرض میں بھی طویل عرصے تک مبتلا رہی ہیں۔ خواب آور دوا کھانا ہر گز ٹھیک نہیں ہے۔ بلکہ اس سے بیماری میں اضافہ ہوا ہے۔ علاج تجویز کیا جارہا ہے۔ اس پر اکیس روز عمل کیجئے۔

علاج: مٹی کے ٹھیکرے کو ہلکی آنچ پر گرم کر کے اس کے اوپر 2 تولہ خالص ہینگ رکھ دیجئے۔ اور کسی چیز سے ہینگ کو الٹتی پلٹتی رہیئے۔ جب ہینگ سرخ ہو جائے (جلے نہیں) اتار کر پیس لیں اور شیشی میں بھر کر رکھ دیں۔ دونوں وقت کھانا کھانے کے بعد چنے کی دال کے برابر نیم گرم پانی سے کھالیا کریں۔ اس کے ساتھ ساتھ چوبیس گھنٹے سر پر رومال باندھے رہیں۔ رومال میں گرہ پیشانی کے اوپر لگائیں تاکہ لیٹنے اور سونے میں دقت نہ ہو۔ ٹھنڈا پانی بالکل ترک کر دیں۔ سالن مصالحہ کو بھونے بغیر پکائیں اور مصالحہ کم سے کم استعمال کریں۔ باسی چیزیں کھانا آپ کے لئے سخت مضر ہیں۔ انشاءاللہ بیس سالہ پرانا مرض اکیس دن میں ختم ہو جائے گا۔ اور آپ کی صحت بحال ہو جائے گی۔

## پریشانی کی کوئی بات نہیں

س: میری امی بلڈ پریشر کی مریض ہیں۔ ان کی عمر تقریباً 45 سال ہے۔ ایک سال پہلے غلط دوائیوں کا استعمال دماغ پر اثر انداز ہوا اور وہ بہت بیمار ہو گئیں۔ ایم ایچ سے بہت علاج کروا رہے ہیں۔

لیکن کوئی خاص فرق نہیں پڑا۔ ہر وقت پریشان اور سوچتی رہتی ہیں۔ حالانکہ گھر میں پریشانی کی کوئی بات نہیں رات کو نیند کی گولیاں بھی کھائی ہیں۔ لیکن نیند نہیں آتی۔ اور کوئی بات بھی برداشت سے باہر ہے۔ سارے گھر والے پریشان ہیں۔ تین دفعہ دماغ کو کرنٹ بھی لگ چکا ہے۔ پھر بھی سمجھ میں نہیں آتا ہے کچھ۔ مجبور ہو کر آپ کو لکھ رہے ہیں۔ امید ہے آپ کوئی عمل یا حل بتا کر ہمیں مایوسی سے نجات دلائیں گے۔

ج: کھانے کا سبز رنگ عرق گلاب میں گھول کر روشنائی بنالیں۔ مندرجہ ذیل نقش کاغذ پر لکھ کر فلیتہ (بتی) بنالیں۔ اس بتی کو روئی میں لپیٹ کر اپنی امی کی چارپائی کے قریب جلائیں۔ جب تک مرض سے نجات نہ ملے یہ علاج جاری رکھیں۔ فلیتہ چاہے روز بنائیں یا ایک ساتھ سارے بنالیں۔

www.ksars.org

| | | | |
|---|---|---|---|
| 9 | 9 | 9 | 9 |
| 9 | 9 | 9 | 9 |
| 9 | 9 | 9 | 9 |
| 9 | 9 | 9 | 9 |

## پرانے نزلہ کا علاج

س: دس سال سے پرانے نزلہ کا مریض ہوں۔ نزلہ نے میری جسمانی اور ذہنی صلاحیتوں کو کافی نقصان پہنچایا ہے۔ میں شدید اعصابی کھنچاؤ اور کمزوری محسوس کرتا ہوں۔ سر میں 24 گھنٹے درد رہتا ہے۔ آنکھوں پر شدید دباؤ رہتا ہے جس سے میری نظر پر کافی اثر پڑا ہے۔ منہ لعاب سے بھرا رہتا ہے۔ جس سے کلاس اور کسی محفل میں بیٹھنا محال ہو جاتا ہے۔ علاج پر ہزاروں روپے ضائع کر چکا ہوں۔ لیکن فائدہ نہیں ملا۔ ایم کام پنجاب یونیورسٹی میں سٹوڈنٹ ہوں۔ اگر یہی کیفیت رہی تو شاید میں اپنی تعلیم جاری نہ رکھ سکوں۔ میرے لئے کوئی روحانی علاج تجویز کر دیں۔

ج: روزانہ نہار منہ ایک مٹھی بھنے ہوئے چنے کھالیا کریں۔ چنے کھانے کے بعد کچھ دیر تک پانی یا چائے نہ پئیں۔

رنگ و روشنی سے علاج کے مطابق نیلی شعاعوں کا پانی تیار کریں اور روحانی علاج کے مطابق دو پلیٹوں پر نزلہ مزمن کا علاج یافارِقُ لکھیں۔ دونوں پلیٹیں دوپہر کھانے سے قبل اور رات کو سوتے وقت نیلی شعاعوں کے پانی سے دھو کر پئیں۔ علاج کی مدت چالیس روز ہے۔

## پسینہ پسینہ ہو جاتا ہوں

س: ایک ہمدرد و غمگسار دوست کی ایما و نصیحت پر عریضہ ہذا آپ کی خدمت میں ارسال کر رہا ہوں۔ امید ہے کہ آپ کی توجہ سے مستفید ہونگا۔ تقریباً 25 سال سے وکالت کر رہا ہوں کوئی کاروباری یا مالی پریشانی بھی نہیں۔ اللہ کریم کے فضل سے اچھی گزر اوقات ہو رہی ہے۔

اور 15 سال کی عمر میں کافی محنت کے بعد یہاں تک پہنچا ہوں۔ میٹرک تک والدین نے تعلیم دلوائی پھر 16 سال کی عمر میں نوکری مل گئی 45 سے 56 تک ملازمت کے دوران پرائیویٹ طور پر تعلیم حاصل کر کے بی اے ایل ایل بی کر کے وکالت شروع کر دی۔

1969ء میں مجھے اچانک دورے پڑنے شروع ہو گئے۔ معدہ سے لے کر سر تک ایسا چکر آتا ہے کہ پسینہ پسینہ ہو جاتا ہوں۔ رنگ زرد ہو جاتا ہے۔ یہ چکر پانی پینے سے ختم ہو جاتا ہے ایسا لگتا ہے کہ اگر فوراً پانی نہ ملے تو جان نکل جائے گی۔ یہ چکر

www.ksars.org

کافی سال آتے رہے پھر ماہر امراض (نفسیات) کے علاج سے افاقہ تو ہوا۔ اس دوران کے معائنہ جات سے کوئی تکلیف ظاہر نہیں ہوئی۔ مگر کافی حد تک ٹھیک ہو گیا۔

اب ایک سال سے کام کرنے سے، نہاتے وقت ہاتھ چلانے سے بعض اوقات کھانا کھانے کے بعد حرکت سے سینہ میں درد شروع ہو جاتا ہے۔ دوائیاں راس نہیں آ رہی سخت پریشان ہوں۔ آپ سے مودبانہ گزارش ہے کہ میری تکلیف کے تدارک کے لئے کوئی روحانی یا دیگر علاج تجویز فرمائیں۔ کھانا ہضم ہو جاتا ہے۔ بھوک اتنی شدید لگتی ہے کہ برداشت نہیں ہوتی۔ ہاضمہ میں بظاہر کوئی نقص نہیں ہے۔ البتہ اعصابی کمزوری بے انتہا ہے۔ تمام دن آرام کرنے کے باوجود تھکن میں فرق نہیں پڑتا۔

ج: تین عدد سفید چینی کی پلیٹوں پر زعفران اور عرق گلاب سے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم ایک بار

اَلرَّضَاعَتُ عَمَا نَوِيْلُ ایک بار

رِيَاحِيْنِ مَاء ---12 مرتبہ لکھیں۔

نیلی شعاعوں کا پانی تیار کر کے، صبح نہار منہ ایک پلیٹ پی لیجئے۔

زرد شعاعوں کا پانی تیار کر کے دونوں وقت کھانا کھانے سے آدھا گھنٹہ قبل ایک ایک پلیٹ دھو کر پی لیں۔ پانی کی خوراک دو دو اونس ہے۔ زیادہ چکنائی اور تلی ہوئی چیزوں سے پرہیز کریں۔ ولایتی مرغی کا انڈا نہ کھائیں۔

## پیر پکڑے گھر بیٹھا رہتا ہوں

س: میرے پیر میں جوتے کا نشان پڑ گیا تھا۔ کھجانے پر ایک چھوٹی سی پھنسی کی شکل اختیار کر لی اور پھر ایک روز اس پر قینچی گر گئی۔

ہسپتال سے پٹی کرائی تو زخم اور گہرا ہو گیا۔ اور پھر میں نے بے وقوفی سے زخم پر تیزاب ڈال دیا۔ اس سے زخم اور بھی بڑھ گیا۔ اور پھر ستم بالائے ستم یہ کہ دوسرے روز پیر کی انگلی میں بچھو نے ڈنگ مار دیا۔ ڈاکٹری علاج سے چار ماہ میں افاقہ ہوا۔ پانچ ماہ کے بعد زخم پھر تازہ ہو گیا۔ چار ماہ تک پھر علاج کراتا رہا۔ لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ غریب اور بال بچے دار آدمی ہوں۔ چار ماہ کام کرتا ہوں، آٹھ ماہ تک پیر کو پکڑے گھر میں بیٹھا رہتا ہوں۔ تکلیف داہنے پیر کی دونوں بڑی انگلیوں کے درمیان میں ہے۔ انگلیوں کی جڑ سے کوئی ڈیڑھ انچ اوپر کی طرف زخم ہے۔

ج: کیکر کے تازہ پتے کھرل میں پیس کر زخم پر ضماد کر دیں۔ چند روز میں زخم مندمل ہو جائے گا۔ نیلی شعاعوں کا پانی تیار کر کے دو اونس صبح اور شام 21 یوم تک پی لیا کریں۔

www.ksars.org

## پریشانی، مالی درماندگی اور روزگار

س: عظیمی صاحب! میں عرصہ تین سال سے بے روزگار ہوں اور کوشش کے باوجود بھی نوکری نہیں مل سکی۔ گھر میں مالی پریشان ہے۔ کوئی علاج بتائیں۔

ج: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔ ایک بار، ایت الکرسی ایک بار۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ایک مرتبہ، درود شریف ایک دفعہ، سورۃ الکوثر ایک بار۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ایک بار، درود شریف ایک بار، سورۃ فلق ایک بار پڑھ کر دعا کریں۔

وظیفہ فجر کی نماز کے بعد، عصر کے بعد اور عشاء کی نماز کے بعد پڑھیں، چلتے پھرتے وضو اور بے وضو یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ کا ورد کرتے رہیں۔

چند ہفتوں میں نمایاں کامیابی سامنے آجائے گی۔

## پھونکیں

س: گزارش ہے کہ میری کہانی تو بہت لمبی ہے لیکن مختصر عرض ہے۔ میں 1980ء سے طرح طرح کی پریشانیوں کا سامنا کر رہا ہوں۔ بہر حال، خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس نے ان سب سے بڑی پریشانی کو برداشت کرنے کی ہمت دی۔ میری سب سے بڑی پریشانی میری بیوی ہے جو کہ لندن میں پڑھی لکھی ہے اور اس کی پیدائش بھی یہیں کی ہے۔ میری بیوی کی حالت ایسی ہے کہ ایک منٹ میں اتنا غصہ شدید غصہ آتا ہے کہ جو چیز بھی سامنے آتی ہے اٹھا کر پھینک دیتی ہے۔ میں اسے چھوڑنا نہیں چاہتا کیونکہ یہ ہمارا اپنا خون ہے۔ ویسے میری بیوی کو یہ عادات ورثے میں ملی ہیں۔ میری ساس بھی سب پر ایسے ہی حکم چلاتی ہیں۔ میرے سسر صاحب تو بھیگی بلی کی طرح زندگی گزار رہے ہیں۔ مجھے کسی بزرگ نے یہ بھی بتایا ہے کہ میری بیوی پر کسی بدروح کا سایہ ہے۔ ایک دفعہ میں سو رہا تھا کہ اچانک میری آنکھ کھل گئی تو کیا دیکھتا ہوں کہ میرے سامنے ہمارے بیڈ روم میں ایک بہت ہی بدصورت چیز دروازے اور کھڑکی کے درمیان کھڑی ہے جو انسانی جسم کی مانند تھی۔ ایسے ہی ہاتھ پاؤں۔ صرف شکل بہت ڈراؤنی تھی۔ پہلے تو میں اس کو خواب سمجھا لیکن یہ خواب نہیں تھا۔ میں نے اپنا ہاتھ دو دفعہ منہ سے کاٹا اور تکلیف محسوس کی۔ مجھے اچھی طرح یاد تھا کہ میں نے سوتے وقت دروازہ بند کیا تھا۔ دروازے پر نظر ڈالی تو دروازہ ویسے ہی بند تھا اور لاک تھا۔ مجھے ان بزرگ صاحب نے یہ کہا تھا کہ قل ھو اللہ کا ذکر کیا کروں۔ اس دن بھی میں نے سونے سے پہلے قل ھو اللہ شریف پڑھا تھا اور جب اٹھا تو بھی پڑھ رہا تھا۔ پھر میں نے تیزی سے پڑھنا شروع کر دیا اور اس کی طرف پھونکیں مارنی شروع کر دیں۔ پھر میرے دیکھتے ہی دیکھتے اچانک وہ غائب ہو گئی۔ پھر مجھے نیند نہیں آئی۔ آپ سے درخواست ہے کہ جناب قلندر بابا اولیاء کے حضور میرا مسئلہ پیش کیا جائے اور مراقبہ میں میرے لئے دعا کرائی جائے۔ نیز روحانی ڈائجسٹ میں مجھے بتائیں کہ یہ سب کیا تھا۔

www.ksars.org

ج: جو کچھ آپ نے دیکھا ہے صحیح دیکھا ہے۔ لیکن یہ کوئی بدروح نہیں تھی۔ آپ کے لئے چونکہ یہ خلاف معمول واقعہ تھا اس لئے آپ ڈر گئے۔

اور ڈر میں آپ کو چہرہ ہیبت ناک نظر آیا۔ ایسی صورتیں اکثر و بیشتر سامنے آتی رہتی ہیں۔ جب عادت پڑ جاتی ہے تو ایسی اور بہت سی صورتیں اور دنیا کے باہر کی چیزیں آنکھوں کے سامنے آتی ہیں۔ بیگم صاحبہ کو ایک بار یا ودود پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلا دیا کریں۔ غصہ پر کنٹرول حاصل ہو جائے گا۔

## پھر گھر آگئی

س: مسئلہ لے کر حاضر ہوئی ہوں۔ امید ہے کہ آپ کی دعاؤں سے میری بہن کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔ باجی کی دماغی حالت خراب ہونا شروع ہو گئی تھی وہ عجیب عجیب باتیں کرتی تھیں مثلاً ابو کو کہتی ہے کہ تم میرے دشمن ہو اور جب ڈاکٹر کے ہاں لے جانے کی کوشش کی گئی تو انہوں نے اوپر سے چھلانگ لگا دی۔ جس کے نتیجے میں ان کا پاؤں ٹوٹ گیا۔ انجکشن وغیرہ لگے اور زبردستی نفسیاتی ڈاکٹر کے ہاں لے گئے۔ تقریباً دو سال تک علاج ہوتا رہا۔ پھر گھر آگئی۔ رنگ بالکل جل گیا ہے۔ رنگت پہلے صاف تھی اب سانولی ہو گئی ہے۔ موٹے موٹے دانے نکلتے ہیں آنکھیں اندر کو دھنس گئی ہیں۔ دوبارہ ڈاکٹر کے پاس زبردستی جھوٹ بول کر لے کر گئے۔ ڈاکٹر نے دوائیاں دیں۔ مگر گھر آ کر ایک دو دن بعد دوائیاں کھانی بند کر دیں۔ ڈاکٹر کے نام سے ہی کاٹ کھانے کو دوڑتی ہے۔ سر میں آوازوں کی گونجار ہوتی ہے۔ کوئی زور سے بولے تو سر پکڑ کر بیٹھ جاتی ہیں۔ انہیں یہ خبط بھی ہو گیا ہے کہ وہ بے حد حسین ہیں اور ہر ایک ان کو دیکھتا ہے۔ تنہائی میں مسکراتی رہتی ہیں۔ میں چاہتی ہوں کہ میری بہن ایک نارمل لڑکی بن جائے۔ ان کی خود غرضی ختم ہو جائے اب تو ڈاکٹر نے بھی جواب دے دیا ہے۔ میری بہن کی تندرستی کے لئے محفل مراقبہ میں بھی دعا کی جائے اور میرے پورے گھر کے لئے بھی جو اس ماحول کی وجہ سے کافی ٹینشن کا شکار ہو گیا ہے۔

ج: اپنی بہن کا ایک فوٹو بنوائیں۔ فوٹو کا سائز 10x12 انچ ہونا چاہئے۔ اس فوٹو کو گتہ کے اوپر یا ہارڈ بورڈ کے اوپر رکھ کر چاروں کونوں میں ڈرائنگ پن لگا دیں تاکہ فوٹو ہلے جلے نہیں۔ رات کو جب بہن گہری نیند سو جائے۔ (وقت کی کوئی پابندی نہیں بس گہری نیند میں ہونا شرط ہے)۔ آرام کے ساتھ کمرہ میں بیٹھ کر (کمرہ میں کوئی بھی ہو یہ ضروری نہیں ہے کہ اس کمرہ میں بیٹھیں جس کمرہ میں بہن ہوتی ہے) سیاہ رنگ سکہ کی پینسل سے فوٹو کے اوپر اینٹی کلاک وائز دس منٹ تک دائرے بنائیں۔ دائرہ کے اوپر دائرہ آتا ہے تو کوئی حرج نہیں۔ دائرے فوٹو کے سر اور چہرے پر بنائے جائیں۔ یہ علاج بلاناغہ تین ماہ تک جاری رکھیں۔ محفل مراقبہ میں دعا کی جائے گی۔

## پیٹ میں پانی

س: میری والدہ عرصہ تین سال سے علیل ہیں۔ ڈاکٹروں کی تشخیص کے مطابق پیٹ میں پانی کی تکلیف ہے۔ ایک مرتبہ پانی نکلوایا بھی ہے۔ مگر کوئی افاقہ نہ ہوا اور اب (LASIX) کی گولیوں کے ذریعے پانی نکل رہا ہے۔ براہ کرم کوئی روحانی علاج تجویز فرمائیں۔

www.ksars.org

ج: ایک کاغذ کے اوپر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ وَ اِثْمُھَا اَکْبَرُمِنْ نَفْعِھِمَا لکھ کر بطور فلیتہ جلا کر رات کو یا دن میں دھواں لیں۔ مریض کو زمین کے اوپر چت لٹا دیں۔ مریض آنکھیں بند کر لے اور دونوں ہاتھ سر پر رکھ لے۔ تین مرتبہ مندرجہ ذیل عربی کی عبارت پڑھے اور یہ تصور کرے کہ پیٹ کا پانی روشنی بن کر پیروں کے ذریعہ زمین میں جذب (Earth) ہو رہا ہے۔ یہ علاج اس وقت تک جاری رکھیں جب تک مرض سے کلی طور پر نجات حاصل نہ ہو۔

## پریشان خیالی

س: ہمارے گھر کے حالات بہت خراب ہو چکے ہیں۔ گھر میں ہر وقت والدہ والد صاحب سے لڑتی رہتی ہیں۔ والد صاحب والدہ کو پوری تنخواہ دے دیتے ہیں اور اس میں گزارہ نہیں ہوتا۔ یہ سوچ کر میں نے نوکری کر لی۔ والدہ صاحبہ مشین چلاتی ہیں اس سے جو پیسے آتے ہیں وہ ملا کر بھی ہمارا گزارہ نہیں ہوتا۔ نہ معلوم کیا بات ہے مجھے تو لگتا ہے کہ ہمارے رزق میں خدا کی دی ہوئی برکت شامل نہیں ہے۔ والدین کی اس لڑائی سے چھوٹے بھائی پر بہت دباؤ ہوتا ہے کیونکہ ہم اس کی کوئی خواہش پوری نہیں کر سکتے۔ اس طرح وہ احساس کمتری میں مبتلا ہو رہا ہے۔ آپ سے درخواست ہے کہ کوئی ایسا وظیفہ یا عمل بتایئے جس کے ذریعے ہمارے رزق پر خدا کی رحمت چھا جائے اور والدین کی لڑائی ختم ہو جائے۔ خدا کے لئے جمعہ کے دن محفل مراقبہ میں ہمارے لئے دعا کریں۔ میں جب بھی نماز پڑھتا ہوں میرا دماغ اور دل کہیں اور چلے جاتے ہیں یا پھر برے سے برے خیالات آتے ہیں اور بدن کانپنے لگتا ہے یا پھر جب میں اذان دیتا ہوں یا امام کے پیچھے جماعت کھڑی کرنے کے لئے تکبیر پڑھتا ہوں تو دل زور زور سے دھڑکنے لگتا ہے۔

ج: گھر کا ہر فرد ہر حال میں نماز کے بعد ایک سو بار اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ وَلَکَ الشُّکْرُ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے۔ انشاء اللہ گھر میں برکت ہو جائے گی۔ ہر وقت یاحی یاقیوم کا ورد کریں۔

## پانچ ماہ دس دن

س: میری بڑی بیٹی جس کی عمر پونے تین سال ہے ابھی تک نہ چلتی ہے اور نہ بولتی ہے نہ اپنے ہاتھ سے کھانا کھا سکتی ہے۔ پیشاب، پاخانہ وغیرہ کچھ نہیں بتا سکتی۔ اسے کسی رشتہ کی پہچان بھی نہیں۔ ڈاکٹروں کو دکھایا تو وہ کہتے ہیں کہ بچی ابنارمل ہے۔ ہائیڈروجن دوائی کے قطرے بھی دے رہے ہیں۔ دن میں دو دفعہ مالش بھی کرتے ہیں لیکن کوئی فرق نہیں پڑا۔ بچی ہر وقت خوفزدہ سی رہتی ہے اگر کھڑا کریں تو خوف سے کانپنے لگتی ہے شاید اس کی وجہ یہ ہو کہ اس بچی کے حمل کے دوران مجھ پر گرم دودھ گر پڑا تھا اور میں بہت چیخی چلائی تھی شاید اس خوف کا اثر بچی کے دماغ پر پڑ گیا ہے۔ سماعت بالکل ٹھیک ہے اگرچہ پیار کرنے سے خوش ہوتی ہے لیکن اس میں وہ بات نہیں جو نارمل بچوں میں ہوتی ہے۔ اس کے منہ سے ہر وقت رال نکلتی رہتی ہے۔ خواجہ صاحب، اللہ تعالیٰ کے گھر کسی چیز کی کمی نہیں۔ بیٹی کی ذات ہے کل کو بڑی ہو گی تو کیا کرینگے۔ یہی سوچ کر ہر وقت پریشان رہتی ہوں۔ خدا کا واسطہ اس بچی کے لئے کوئی روحانی عمل بتائیں تا کہ اس کا دماغ کھل جائے اور یہ اپنے قابل ہو جائے۔

www.ksars.org

ج: زرد رنگ کی 22عدد کوڑیاں لے کر انہیں تیز گرم پانی میں اچھی طرح دھولیں اور لٹھے کے موٹے کپڑے میں کوڑیاں باندھ کر پوٹلی بنالیں۔ اس پوٹلی کو اسٹین لیس اسٹیل کے برتن میں پانی بھر کر خوب پکائیں اور یہ جوش شدہ پانی ٹھنڈا کر کے بچی کو پلائیں۔ ایک مرتبہ کی بنائی ہوئی پوٹلی چودہ روز تک کارآمد ہے۔ چودہ روز کے بعد نئی کوڑیاں لے لیں اور پرانی کوڑیاں سمندر میں ڈال دیں۔

علاج کی مدت پانچ ماہ دس دن ہے۔

## پرانا نزلہ

س: چار پانچ سال سے شدت کا نزلہ ہوتا ہے۔ شروع شروع میں دو چار دن رہتا تھا پھر کچھ مہینوں کے بعد مسلسل رہنے لگا اور پھر ناک میں بھی تکلیف ہونے لگی تو تکلیف ناک میں سر سراہٹ کی صورت میں تھی یہ تکلیف یہاں تک بڑھی کہ سانس لینا بھی مشکل ہو جاتا تھا۔ اس کے بعد میں نے آس پاس کے ڈاکٹروں حکیموں سے علاج کرایا جب فائدہ نہ ہوا تو جناح ہسپتال گیا۔ یہاں اتنا ہوا کہ جب تک دوا کا استعمال جاری رکھا۔ ڈراپ ڈالتا رہا فائدہ رہا لیکن دوا چھوڑنے کے بعد پھر وہی نزلہ اور ناک میں تکلیف ہو جاتی تھی پھر آپریشن کر دیا گیا۔ لیکن پانچ دن بعد جب پٹی کھولی تو پھر نزلہ ہو گیا۔ ناک میں دائیں والے نتھنے میں زیادہ سر سراہٹ ہوتی ہے۔

بائیں نتھنے میں بھی سر سراہٹ ہوتی ہے مگر کم۔ اب میں دوائیں کھا کھا کر تنگ آ چکا ہوں۔ سر کے بال تیزی سے سفید ہو رہے ہیں اور گر رہے ہیں۔ دماغ خالی خالی سا رہتا ہے، آنکھیں دکھتی ہوئی محسوس ہوتی ہیں۔ گلا ہر وقت خراب رہتا ہے۔ بات کرتے کرتے آواز خراب ہو جاتی ہے۔

ج: تین عدد سفید چینی کی پلیٹوں میں زردہ کے رنگ اور عرق گلاب سے

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ------ایک مرتبہ

یَا فَارِقُ-----------------9مرتبہ

یَاحَفِیْظُ-----------------3مرتبہ

یَاشَافِیْ-----------------3مرتبہ

یَاکَافِیْ-----------------3مرتبہ

لکھ کر صبح شام ایک ایک پلیٹ سادہ پانی (جوش شدہ) سے دھو کر چالیس یوم تک پئیں۔ چکنائی، کھٹاس اور برف کی چیزوں سے پرہیز کریں۔

## پانچ سیر چینی

س: میری بچی جس کی عمر تقریباً پانچ سال ہے، بات نہیں کر سکتی۔ کافی علاج کروایا لیکن فائدہ نہیں ہوا۔ کوئی روحانی علاج تجویز کریں کہ وہ سننے اور بولنے لگے۔

www.ksars.org

ج: الم ذٰلِكَ الْكِتَابُ لَا رَيْبَ فِيهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِينَ لَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ گیارہ دن میں گیارہ ہزار مرتبہ پڑھ کر پانچ سیر چینی پر دم کرکے بچی کو چائے یا دودھ میں یہ چینی استعمال کرائیں۔ اس کے علاوہ روزانہ کھجوریں کھلائیں۔ اس عمل کو چھ ماہ جاری رکھئے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ٹھیک ہو جائے گی۔

## پرہیز ضروری ہے

س: میری عمر تقریباً 25 سال ہے۔ میں پنجاب یونیورسٹی میں پی ایچ ڈی کی طالبہ ہوں۔ تقریباً 10 سال قبل میں نے اپنے گلے کا آپریشن کروایا تھا۔ آپریشن بہتر اور کامیاب رہا لیکن آپریشن کے بعد کیفیت یہ ہے کہ لیٹنے کے بعد جب اٹھتی ہوں تو یوں محسوس ہوتا ہے کہ میرے گلے میں کوئی پانی کی طرح کی چیز گرتی ہے اور پھر یہ کہ منہ کے راستے اس کا خارج ہو جانا۔ پہلے تو میں نے اتنی زیادہ توجہ نہ دی مگر پھر زور ہو گیا اور آج تک ہے۔ روزانہ صبح سو اٹھنے پر یا پھر دن کے وقت بھی اٹھنے کے بعد کم از کم ایک گھنٹہ تک بلغم آتا رہتا ہے۔ ایسے چھوٹے چھوٹے نیلے رنگ کے ٹکڑے نزلے کے بلغم کے ساتھ منہ کے راستے خارج ہوتے ہیں۔ پہلے تو مہینہ میں چار پانچ دفعہ زکام ہو جاتا مگر اب ذرا فرق ہے۔ نزلہ کسی صورت کم نہیں ہوتا۔ سینے کے ایکسرے ناک کے ایکسرے۔ خون کا ٹیسٹ کروایا ہے۔ ڈاکٹر کہتے ہیں کہ ہر چیز ٹھیک ہے، ہو چلی ہے یو جاتی ہے۔ میں کسی کے گھر نہیں جا سکتی کہ صبح اٹھ کر اتنا نزلہ ہوتا ہے کہ شرم آتی ہے۔ بہت سے علاج کروائے ڈاکٹروں، حکیموں، ہومیوپیتھک کے مگر آج تک افاقہ نہیں ہوا۔

ج: روزانہ صبح نہار منہ ایک مٹھی بھنے ہوئے چنے کھائیں اس کے بعد ایک گھنٹہ تک پانی یا چائے نہ پئیں جب بھی پانی پئیں 9 مرتبہ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَافَارِقُ پڑھ کر دم کرکے پئیں۔ علاج کی مدت 40 یوم ہے، پرہیز ضروری ہے۔ پرہیز کے لئے کسی معالج سے معلوم کرلیں۔

## پتہ نہیں میں کیا ہو گیا ہوں

س: میں آج بڑی امیدیں لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں۔ امید ہے مایوس نہیں کرینگے۔ میری عمر 16 سال ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ پہلے میں بہت ہی ذہین اور خود اعتماد تھا اور جماعت میں ہمیشہ اول یا دوئم آیا کرتا تھا مگر اچانک نجانے کیا ہوا کہ میری خود اعتمادی ایک دم ختم ہو گئی اور اب میں جماعت میں ہمیشہ نچلے درجہ پر آتا ہوں۔ پہلے کسی بھی مضمون کو صرف ایک مرتبہ پڑھتا تھا۔ وہ مجھے یاد ہو جاتا تھا مگر اب گھنٹوں پڑھنے کے بعد بھی تھوڑا سمجھ میں آتا ہے۔ ریاضی میرا پسندیدہ مضمون تھا مگر اب مجھے ریاضی کے نام سے چڑ ہے۔ میں نہایت حاضر جواب تھا ہم جماعتوں کے مذاق کا ترکی بہ ترکی جواب دیتا تھا مگر اب کوئی ہم جماعت میرا مذاق اڑائے تو مجھ سے جواب نہیں بن پڑتا۔ لڑکے مجھے طعنے دیتے ہیں الغرض کہ میں ایک مکمل انسان تھا مگر اب پتہ نہیں کیا ہو گیا ہوں۔

www.ksars.org

اب میں اپنی اس حالت سے بہت پریشان ہوں اور چاہتا ہوں کہ پہلے جیسا ہو جاؤں۔ آپ کی بڑی مہربانی ہو گی اگر آپ میری مصیبت کا حل بتادیں۔

ج:رات کو وضو کر کے سونے سے پہلے 300 بار یاعلیم پڑھ کر آنکھیں بند کر کے پندرہ منٹ تک نیلی روشنی کا مراقبہ کیا کریں۔ اور ہر وقت جب بھی فرصت ملے یاحی یا قیوم کا ورد کریں۔ شام کو عصر اور مغرب کے درمیان روزانہ 40 یوم تک ایک چھٹانک گرم جلیبی کھالیا کریں۔ ہر جمعرات کو کسی غریب، نادار آدمی کو خوف خدا کے ساتھ دوروپے خیرات کر دیا کریں۔ بھلا ہو گا۔

## پہلے چھینکیں آتی ہیں

س: تقریباً 9 سال کا عرصہ ہوا کہ ایک روز میرے کان میں کھجلی ہوئی میں نے روئی کی پھریری بنا کر کان میں پھرائی۔ وہ کسی سیاہ رنگ کے مادہ سے آلودہ تھی۔ اس کے بعد سے کانوں میں مستقل چل رہتی ہے۔ کافی علاج کرائے۔ اندرونی طور پر دھلوائے بھی لیکن کوئی افاقہ نہ ہو سکا۔ بلکہ اب تو یہ کیفیت ہے کہ میں کافی اونچا سنتی ہوں اور اکثر رات کو سوتے وقت یا دن کے کسی بھی وقت اتنی چھینکیں آتی ہیں کہ تھک جاتی ہوں۔ جس کی وجہ سے دماغ کسی آواز یا بات کو کیچ نہیں کر پاتا۔ یہ بھی گزارش کر دینا ضروری سمجھتی ہوں کہ موجودہ کیفیت سے پہلے کبھی چھینک نہیں آتی تھی نہ ہی کھل کر نزلہ زکام ہوتا تھا۔ بند زکام ہوتا تھا۔ اب قبض کی بھی شکایت رہتی ہے۔ کھانے کے بعد سینے پر جلن رہتی ہے۔ چھینکیں آنے کے بعد آنکھ ناک سے بہت پانی بہتا ہے۔ باروچی خانہ میں جا نہیں سکتی اتنی چھینکیں آتی ہیں۔ کانوں میں سیٹیاں بجتی ہیں۔ چند ماہ ہوئے کسی نے بنولے کا تیل بتلایا تھا۔ وہ بھی کانوں میں ڈالا۔ اور اب کچھ لوگ مشورہ دیتے ہیں روغن بادام ڈالنے کا۔ اس کے لئے آپ سے مشورہ لینا ضروری سمجھتی ہوں۔ بہت علاج کرنے کے بعد ڈاکٹر آپریشن کا مشورہ دیتے ہیں۔ میں کرانا نہیں چاہتی۔ آخر میں یہ بھی بتلا دینا ضروری سمجھتی ہوں کہ میں معمولی طور پر نسوانی بیماری میں بھی مبتلا ہوں۔ سخت پریشان ہوں۔ براہ کرم جلدی جواب سے سرفراز فرمائیں مشکور ہوں گی۔ میں کالج کی طالبہ ہوں۔

تعلیمی حرج ہو رہا ہے، امتحان سر پر ہیں۔

ج:کالے چنے چکی میں پسوا کر، کالے چنے کے آٹے کی روٹی کھایئے۔ صبح، دوپہر اور رات کے کھانے میں ایک ایک روٹی کھائیں۔ روٹی کھائیں، روٹی پر مکھن یا گھی چپڑ لیں۔ یہ روٹی آپ صبح ایک وقت بھی پکا کر رکھ سکتی ہیں۔ اس کے ساتھ ہی یہ بات نوٹ کر لیں کہ کان میں تنکا کبھی نہ ڈالیں۔ کان میں خارش ہو تو انگلی سے کان صاف کر لیں۔ اسی علاج سے آپ کی زنانی بیماری بھی ختم ہو جائے گی۔ چنے کے آٹے کی روٹی کم سے کم چھ ماہ کھاتی رہیں۔ بات آپ کی سمجھ میں آئے یا نہ آئے لیکن اس علاج پر عمل ضرور کیجئے۔ آپ کی تمام شکایات کا یہی علاج ہے۔

www.ksars.org

## پیٹ بہت بڑھ گیا ہے

س: ڈیڑھ سال کے عرصے مجھے دو مرتبہ اسقاط ہو چکا ہے اس کی وجہ سے پیٹ بہت بڑھ گیا ہے۔ ڈاکٹری علاج سے پیٹ کم ہوتا ہے تو سر میں شدید درد سے تقریباً پاگل ہو جاتی ہوں۔

ج: اسقاط سے محفوظ رہنے کے لئے جوابی لفافہ بھیج کر تعویذ منگا لیجئے۔ پیٹ کم کرنے کے لئے تین ہفتہ تک ایک بڑا چمچہ خالص شہد گرم پانی میں ملا کر پیجئے۔ ایک بار اَلرَّضَاعَتْ عَمَا نَوِیْلُ پڑھ کر دم کر کے 90یوم تک پی لیا کریں۔ نیلی شعاعوں کا پانی دو اونس صبح اور شام 21یوم تک استعمال کریں۔

## پنڈلیوں میں اینٹھن ہونے لگتی ہے

س: کسی بات پر سوچ بچار کرنے سے اوسان خطا ہو جاتے ہیں۔ سانس رکنے لگتا ہے۔ دماغ ماؤف ہو جاتا ہے۔ پنڈلیوں میں اینٹھن ہونے لگتی ہے۔ قبض بالکل نہیں ہے۔ بھوک بھی خوب لگتی ہے۔ سمجھ میں نہیں آتا مجھے کیا بیماری ہے۔

ج: آدھا پاؤ کلونجی پانی میں دھو کر سکھا لیں۔ روزانہ صبح نہار منہ 3ماشہ اور رات کو سوتے وقت 3ماشہ تازہ پانی کے ساتھ کھا لیا کریں۔ ایسی چیزوں سے پرہیز کریں جو گیس پیدا کرتی ہیں۔

## پھیپھڑوں کا سرطان

س: آپ کے دبئی آنے پر اپنی بھتیجی کی بیماری کی بات کی تھی۔ آپ نے مجھے روحانی علاج کی کتاب سے علاج کی ہدایت کی تھی۔

تعویذ بنا کر پلائے مگر ابھی تک کوئی فائدہ نہیں ہوا۔

اس وقت کی کیفیت۔ پورے جسم میں درد۔ خاص کر کے کمر میں۔ جس کی وجہ سے بیٹھ بالکل نہیں سکتی۔ کھانا بھی نہیں کھایا جاتا۔

ذرا سا پانی، سوپ پیتی ہے، تو سانس پھول جاتا ہے۔ زیادہ تر آکیسجن پر ہے۔

ج: سرخ رنگ کا پانی ایک اونس صبح زرد رنگ کا پانی ایک اونس شام پلانا اور سرخ رنگ کی شعاع پانچ منٹ تک جسم پر روزانہ ڈالنی چاہئے۔ مریض کے پہننے کے کپڑے، بستر کی چادریں، تکیہ کے غلاف سب سرخ رنگ کے ہونے چاہئیں۔ جس کمرے میں مریض رہتا ہو۔ اس کمرے کی دیواریں کھڑکیاں اور دروازہ پر پردے بھی سرخ ہونے چاہئیں۔ رات کو کمرہ کا بلب بھی سرخ رکھیں۔

www.ksars.org

## پریشان ہوں

س: آپ کا کالم روحانی ڈاک پڑھتا رہتا ہوں۔ بڑا بیٹا تقریباً تین سال کا ہے۔ جب یہ پیدا ہوا تھا تو کمزور تھا۔ کبھی پاخانے لگ جاتے، کبھی پیٹ میں ہوا بھر جاتی ہے۔ غصہ بھی بہت کرتا ہے اور روتے روتے ایک سانس میں چلا تا جاتا ہے۔ رنگ اس کا نیلا کالا ہو جاتا ہے بڑی مشکل سے اس کا سانس جاری کرتے ہیں۔ پھر اسے ہوش نہیں رہتی۔ بہت اچھے ڈاکٹروں کو اسے دکھایا ہے۔ اب آپ کی طرف رجوع کیا ہے۔ براہ کرم میرے اس بچے کا روحانی علاج بتا دیجئے۔ عمر بھر احسان مند رہوں گا۔ میرا بچہ کافی کمزور بھی ہے۔

کھاتا کم ہے کاغذ یا مٹی کوئی بھی چیز ہو کھا جاتا ہے۔

ج: تین مرتبہ **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم فردم مروج**۔ پڑھ کر دودھ پر دم کر کے بچے کو پلائیں۔ جب بھی دودھ پلائیں یہ عمل کریں۔ گیارہ روز کے اندر اندر مٹی کھانے کی عادت چھوٹ جائے گی۔ ضد اور دوسری تکلیف کے لئے مندرجہ بالا تعویذ مومی کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے آسمانی کپڑے میں سی کر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ دو پونڈ خیرات کر دیں۔

## پلک جھپک جائے تو کوئی حرج نہیں

س: امید ہے آپ مایوس نہیں کریں گے اور خط لکھ رہا ہوں۔ امید ہے آپ مایوس نہیں کریں گے اور جواب ضرور شائع کریں گے۔ عرض یہ ہے کہ میری عمر تقریباً سترہ سال ہے اور میں فرسٹ ائیر کا طالب علم ہوں۔ میں اندر سے بالکل ٹوٹ چکا ہوں اور انتہائی اذیت اور کرب سے زندگی بسر کر رہا ہوں۔ میرا رنگ پہلے کی نسبت بہت زیادہ سیاہ ہو گیا ہے۔ میری ناک بھی موٹی اور بھدی ہے۔ جس کی وجہ سے میں پریشان ہوں۔ میں چاہتا ہوں کہ میرے چہرے کا رنگ سرخ و سفید اور ناک خوبصورت اور ستواں ہو جائے کیونکہ میں جب بھی دوستوں کے ساتھ بیٹھتا ہوں، دوست مذاق اڑاتے ہیں۔ میرا قد بھی ضرورت سے زیادہ لمبا ہے۔ جس کی وجہ سے میں اپنے دوستوں کے سامنے چلنے سے شرماتا ہوں۔ میں چاہتا ہوں کہ میرا قد بھی ان کے برابر ہو جائے یعنی تھوڑا سا کم ہو جائے۔ آپ ہم سب کے روحانی باپ ہیں۔ بیٹا باپ سے ہی اپنی مشکلات بیان کرتا ہے۔ للہ مجھے ان تکلیفوں اور دکھوں سے نجات دلائیں۔

ج: صبح اور رات کو سونے سے پہلے سیدھے کھڑے ہو کر اپنے پیروں کے دونوں انگوٹھوں کے ناخن پر تین تین منٹ نظر جمائیں۔

یہ عمل تین منٹ سے زیادہ نہ کریں۔ پلک جھپک جائے تو کوئی حرج نہیں۔

www.ksars.org

ت

## ”تیرا پیچھا بھاری ہے رے“

س: یہ الجھن میرے سارے خاندان کی الجھن ہے۔ امید ہے کہ آپ خدا تعالیٰ کے دیئے ہوئے روحانی علم سے ہم لوگوں کے لئے کوئی نہ کوئی حل نکال کر ہمیں ذہنی الجھنوں پریشانیوں، بے عزتی، بے حسی، پیار و محبت جیسے جذبے کے فقدان سے جنہیں ہم تین پشتوں سے جھیلتے چلے آ رہے ہیں، نجات دلائیں گے۔ اس بدبختی کی وجہ میری سمجھ میں یہ آتی ہے کہ ہمارے دادا مرحوم انڈیا پولیس میں تھے۔ ایک دفعہ ناگپور میں ان کی ڈیوٹی سڑک پر لگی ہوئی تھی۔ اس سڑک پر سے تاج الدین باباؒ کی سواری وہاں کے راجہ صاحب کے پاس جا رہی تھی۔ بابا صاحبؒ تانگہ میں تھے اور تانگہ سڑک پر جا رہا تھا۔ میرے دادا نے مداخلت کی اور ان کی شان میں گستاخی کی۔ بابا صاحبؒ نے کہا۔ ”جا تیرا پیچھا بھاری ہے۔“ دادا صاحب کی بارہ اولادیں ہیں۔ جن میں سے چھ لڑکے، چھ لڑکیاں ہیں۔

ایک لڑکی اور ایک لڑکا فوت ہو گئے۔ باقی ابھی زندہ ہیں اور ان میں سے سب شادی شدہ اور بوڑھے ہو گئے ہیں۔ ان کی اولادیں جوان اور بال بچوں والی ہیں۔ میں ان کے بڑے بیٹے کی بڑی بیٹی ہوں۔ میں نے بچپنے سے آج 35 سال کی عمر تک اس خاندان کے ہر فرد میں مشکلات ہی دیکھی ہیں۔ ہمارا خاندان انتہا سے زیادہ غریب اور ان پڑھ ہے۔ ان میں غصہ زیادہ ہے، عزیزوں رشتہ داروں کا کوئی پاس نہیں کرتے، یہاں تک کہ اپنے بچوں کی ذرا سی خوشی دیکھنا بھی ان کو گوارا نہیں۔ آپ سوچتے ہوں گے کہ شاید میں غلط لکھ رہی ہوں مگر یہ سب دن کی طرح حقیقت ہیں۔ اب جب کہ میں خود کئی بچوں کی ماں ہوں کہ بابا صاحبؒ کے منہ سے نکلے ہوئے الفاظ کا یہ اثر ہے۔ خدا اور اس کے محبوب ﷺ کا واسطہ آپ محفل میں تاج الدین بابا صاحبؒ سے مل کر ہم لوگوں کے لئے کہیں کہ وہ مالک برحق سے ہم لوگوں کی مشکلیں دور ہونے کی دعا کریں۔ تاکہ ہمارے بچے بھی سکون کے ساتھ پیار و محبت سے رہ سکیں۔

جتنی جلد ہو سکے ہم لوگوں کا یہ کام کرا دیں۔

ج: جیسے ہی اس فقیر کو حضرت بابا تاج الدین ناگپوری کے دربار میں حاضری نصیب ہوئی آپ کی درخواست پیش کر دی جائے گی۔

www.ksars.org

آپ مطمئن رہیں۔ آپ کے حالات اب انشاءاللہ درست ہو جائیں گے۔ کثرت سے وضو یا بغیر وضو یاحی یاقیوم کا ورد کریں۔

## تنگدستی، بیروزگاری، معاشی بدحالی

س: عظیمی صاحب! میں عرصہ 3 سال سے بیروزگار ہوں۔ سمجھ میں کچھ نہیں آتا کیا کروں۔ ہر وقت پریشان رہتا ہوں۔ مہربانی فرما کر کوئی حل بتائیں۔

ج: تنگ دستی، معاشی بدحالی، ملازمت کے حصول میں رکاوٹیں ہوا کرتی ہیں۔ چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے اور وضو اور بغیر وضو ہر وقت یاحی یاقیوم کا ورد کریں اور سلام میں پہل کرنے کی عادت ڈالیں اپنے اندر اللہ کی مخلوق کی خدمت کا جذبہ پیدا کریں۔ جو اللہ کی مخلوق کی خدمت کرتے ہیں اللہ تعالیٰ ان کی غیب سے مدد کرتا ہے۔ خدمت صرف پیسے سے ہی نہیں ہوتی۔ آپ کسی طرح بھی اللہ کی مخلوق کے کام آجائیں۔ یہ خدمت ہے۔

## تباہی کا راستہ

س: بارہ تیرہ سال کی عمر میں خراب صحبت کا شکار ہو گیا اور تباہی کے راستے پر چل نکلا۔ تقریباً پانچ چھ سال خود کو ضائع کرتا رہا۔ پھر اس عادت بد کے اثرات سے آگاہ ہوا تو توبہ کر لی لیکن خوفناک نتائج سے نہ بچ سکا۔ اب حالت یہ ہے کہ جسم کمزور ہے، نظر جواب دے گئی ہے، کسی سے آنکھ ملا کر اعتماد سے بات نہیں کر سکتا۔ مختصر یہ کہ زندگی تلخ ہو کر رہ گئی ہے۔ اگر آپ مجھے مکمل تباہی سے نہیں بچائیں گے تو شاید کوئی اور بھی نہیں بچا سکے گا۔

ج: رات کو سونے سے پہلے چت لیٹ جائیں اور انگشت شہادت سے سینہ کے اوپر تین مرتبہ یاحفیظ لکھیں، ہر وقت باوضو رہیں اور یاحی یاقیوم کا ورد کرتے رہیں۔

## تنگدستی، گھر میں برکت اور ملازمت

ج: معاشی مسائل، تنگ دستی دور کرنے، ملازمت کے حصول اور گھروں میں سے نحوست دور کرنے اور برکت کے لئے وضو، بغیر وضو، پاکی ناپاکی، چلتے پھرتے، رات کو سونے سے پہلے وضو کرکے سو مرتبہ درود شریف پڑھ کر آنکھیں بند کرکے بیٹھ جائیں اور مراقبہ میں یہ تصور کریں کہ میرے اوپر بارش برس رہی ہے۔ دس منٹ تک یہ تصور کرکے بات کئے بغیر سو جائیں۔ عمل کی مدت نوے دن ہے۔ جھوٹ اور نفرت جیسے احوال سے پرہیز کریں۔

www.ksars.org

## تعویذ گنڈے

س: میری والدہ عرصہ دس سال سے سنگ رہنی جیسے مرض میں مبتلا ہیں۔ خون کے مروڑ آتے ہیں۔ ہم نے پاکستان کے بڑے بڑے ہسپتالوں اور بڑے بڑے ڈاکٹروں حکیموں سے علاج کروایا لیکن کوئی فائدہ نہ ہوا۔ اگر کبھی کچھ دن کے لئے فائدہ ہوا بھی تو وہ عارضی ثابت ہوا۔ تعویذ گنڈے بھی کرواکے دیکھ لئے۔

والدہ کو جوڑوں کا درد بھی شروع ہو گیا ہے۔ سارے جسم میں درد رہتا ہے۔ سوئیاں ایسی چبھتی ہوئی محسوس ہوتی ہیں۔ اب یہ کیفیت ہے کہ رات کے وقت جسم ٹھنڈا ہو جاتا ہے اور بالکل مردوں کی طرح اکڑ جاتا ہے۔

ج: زرد رنگ کی صاف شفاف ولایتی شیشی میں پکا ہوا پانی بھر لیں اور مضبوط کاک لگا دیں۔ شیشی کا اوپری چوتھائی حصہ خالی رہنا چاہئے۔ اس شیشی کو ایسی جگہ رکھیں جہاں صبح سے تین چار بجے شام تک دھوپ آتی ہو۔ شام کے وقت شیشی اٹھا لیں۔ اس پانی پر زردہ کا رنگ گھول کر روشنائی بنائیں اور اس روشنائی سے سفید چینی کی تین عدد پلیٹوں پر الگ الگ یہ نقش لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| رِیَاحِیْنَ مَاءِ | رِیَاحِیْنَ مَاءِ | رِیَاحِیْنَ مَاءِ |
| رِیَاحِیْنَ مَاءِ | رِیَاحِیْنَ مَاءِ | رِیَاحِیْنَ مَاءِ |
| رِیَاحِیْنَ مَاءِ | رِیَاحِیْنَ مَاءِ | رِیَاحِیْنَ مَاءِ |

صبح ناشتہ سے پندرہ منٹ پہلے، دوپہر اور رات کو کھانے سے آدھا گھنٹہ قبل ایک ایک پلیٹ دھوپ میں تیار شدہ پانی سے دھو کر والدہ صاحبہ کو پلائیں۔ کھانے میں بازار کا پسا ہوا نمک، بازار کے پسے ہوئے مصالحے، تیز مصالحہ دار غذائیں، تلی ہوئی چیزیں، بڑا گوشت، باسی چیزیں، گڑ، تیل اور زمین کے اندر پیدا ہونے والی سبزیوں سے پرہیز کیا جائے۔

جن چیزوں کا استعمال فائدہ مند ہے یہ ہیں:

لہسن، ادرک، شلغم، پالک اور سرسوں کا ساگ، توری، کچنار وغیرہ۔ پھلوں میں آڑو، پستہ، جامن، سنگترہ وغیرہ فائدہ کرے گا۔

## تباہی کے گڑھے میں

س: عرض ہے کہ جس طرح آج کل کے نوجوان عام طور پر بے راہ روی کے شکار ہیں اور تباہی کے گہرے گڑھے کی طرف جارہے ہیں وہی حال مجھ بدنصیب کا بھی ہے۔ آپ کہیں گے کہ یہ کیسا شخص ہے جو سب کچھ جانتے ہوئے اپنے آپ کو برباد کر رہا ہے لیکن میرا خود پر بس نہیں۔ اب حال یہ ہے کہ خود لذتی نے مجھے تباہی کے گڑھے میں دھکیل دیا ہے اور مجھے اپنے سامنے ذلت و رسوائی کے سوا کچھ نظر نہیں آتا۔ خدارا میری دستگیری کیجئے۔

www.ksars.org

ج: رات کو سونے سے پہلے چت لیٹ جائیں اور انگشت شہادت سے سینہ کے اوپر تین مرتبہ یاحفیظ لکھیں۔ ہر وقت باوضو رہیں اور یاحی یاقیوم کا ورد کرتے رہیں۔

## تلی آدھے پیٹ میں پھیل گئی ہے

س: تلی بڑھ گئی ہے اور آدھے سے زیادہ پیٹ پر پھیلی ہوئی ہے۔ جس کی وجہ سے پیٹ بہت بڑا ہو گیا ہے۔ پیٹ میں کسی طرح کا درد نہیں ہے۔ یہ بیماری میری عمر کے ساتھ ساتھ یعنی جتنی میری عمر ہے اتنا ہی عرصہ اس بیماری کو ہو گیا ہے۔ دنیا کا کوئی علاج باقی نہیں جو نہیں کیا گیا۔ ہومیو پیتھک، ڈاکٹری، حکیمی اور گھر کے چٹکلے کئے۔ کچھ دنوں معمولی فائدہ ساتھ رہا ہاتھوں، گردن، پیشانی اور آنکھوں سے آگ نکلتی رہتی ہے۔ گرمی کے موسم میں گرمی بہت لگتی ہے۔

عام طور پر بخار آنے سے بڑھ جاتی ہے لیکن مجھے کبھی ملیریا نہیں ہوا۔ بھوک بالکل نہیں لگتی۔ دوپہر کو ایک روٹی کھالوں تو شام کو بھوک نہیں لگتی۔ پیٹ اور منہ پر ورم ہے، ہاتھ پیر دبلے ہیں۔ صبح کو سو کر اٹھنے کے بعد آنکھیں اور منہ ورم سے سوج جاتا ہے جو کہ دس گیارہ بجے کے بعد اترتا ہے۔ کمزوری بھی ہے۔

ج: کئی ہفتے جو کے دانے کے برابر نوشادر چوبیس گھنٹے میں ایک مرتبہ پانی کے ساتھ کھائیں۔ نوشادر جو کے دانے سے زیادہ ہرگز نہ ہو۔

## تعلیم، داخلہ، کامیابی

ج: رات جب بستر پر سونے کے لئے لیٹیں تو پہلے وضو کر لیں۔ گرمی کا زمانہ ہے، غسل کر لیں تو اور اچھی بات ہے۔ غسل یا وضو کرنے کے بعد بستر پر آرام سے چت لیٹ جائیں۔ دونوں ہاتھ سینے پر رکھ لیں۔ آنکھیں بند کر لیں۔ دل ہی دل میں علیم علیم علمی پڑھتے رہیں اور پڑھتے پڑھتے سو جائیں، صبح بیدار ہونے کے بعد بھی پہلا کام یہ کریں کہ بستر پر ہی یا علیم علمی پڑھ کر بستر سے اتریں۔

صبح وضو کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ زبان پاک ہوتی ہے۔ جب تک امتحان کا نتیجہ آئے یہ عمل کرتے رہیں اس عمل سے ذہن بہت طاقور اور حافظہ روشن ہو جاتا ہے۔

## تین گلوکوز کی بوتلیں

س: ایک دن میں لان میں بہت تیز بھاگتے ہوئے کھیل رہا تھا۔ کبھی میں برآمدے میں چلا جاتا اور کبھی باہر اور اسی دوران تیز اور بہت تیز بارش شروع ہو گئی اور میں برآمدے سے باہر اور پھر برآمدے میں آتا رہا اور بارش میں بھیگتا رہا۔ جب کھیلنا بند کیا تو میری عجیب سی طبیعت ہو گئی تھی۔ ہر چیز دھندلی اور عجیب عجیب سی نظر آنے لگی۔ آنکھوں پر سخت بھاری بوجھ محسوس ہونے لگا۔ میں پھر اپنے کمرے میں لیٹ گیا اور سو گیا۔ تین گھنٹے نیند کے بعد میں اٹھا تو ٹھیک تھا۔ صبح اسکول میں آدھی

www.ksars.org

چھٹی ہونے تک میں ٹھیک رہا اور جب میں آدھی چھٹی کے وقت باہر دھوپ میں گیا تو میری طبیعت خراب ہو گئی۔ آنکھوں پر بوجھ اور طبیعت سخت سست سی محسوس ہوئی اور شدید گھبراہٹ محسوس ہونے لگی۔ ڈاکٹروں کی دواؤں سے کچھ آرام نہ آیا۔ ان کو میری بیماری سمجھ میں نہ آئی اور پھر تین عدد گلوکوز کی بوتلیں چڑھائی گئیں تو میری طبیعت کچھ ٹھیک ہو گئی۔ پھر میں نے نویں جماعت کا سالانہ امتحان دیا جس میں 900 میں سے 681 نمبر لئے۔ پہلے تو مجھے یہ ڈر تھا کہ کہیں میں فیل نہ ہو جاؤں۔ اسکول جانے سے (دسویں جماعت میں) پہلے میں ٹھیک رہا اور جس دن میں سکول گیا میری طبیعت پھر خراب ہو گئی۔ مجھے ایسا محسوس ہوتا تھا کہ جیسے میں خواب دیکھ رہا ہوں اور وقتی طور پر میں یہ سمجھتا کہ کچھ سمجھ میں نہیں آرہا۔ حالانکہ بعد میں مجھے سب روح یاد ہوتا تھا۔ میں نے دوائی لی تو میری طبیعت میں گھبراہٹ زیادہ ہو گئی۔ اکثر میں رونے لگتا اور اسکول جانا چھوڑ دیا۔ ان دنوں کی کیفیات کچھ اس طرح تھیں۔

عجیب عجیب سا دکھائی دیتا۔ نزدیک کی چیزیں زیادہ عجیب دکھائی دیتیں جس وقت آنکھوں پر بوجھ زیادہ ہوتا اس وقت چیزیں زیادہ عجیب عجیب سی نظر آتیں۔ سر پر شدید بوجھ۔ رات کے وقت طبیعت ذرا ٹھیک ہو جاتی۔ عجیب عجیب سا کم نظر آتا۔ رات کے وقت کانوں سے سخت گرم ہوا نکلتی۔ ایک کان سے اور کبھی دوسرے کان سے کوئی کام کرنے کو جی نہ چاہتا۔ انگلیوں کے اگلے سروں پر شدید ٹھنڈک محسوس ہوتی تھی۔

کچھ دنوں بعد میرے جسم کے جوڑوں میں درد رہنے لگا۔ یہ درد کبھی ایک جوڑ میں ہوتا اور کبھی دوسرے جوڑ میں یعنی درد چلتا رہتا تھا۔

گرمی میں آنکھوں پر بوجھ آجاتا اور طبیعت سخت خراب ہو جاتی تھی۔ جب میں کھیلتا تو جسم میں سے دھک دھک کر آواز محسوس ہوتی۔ خاص کر پسلیوں کے پچھلی طرف کمر کے بالائی حصے میں خون تیز تیز چلتا محسوس ہوتا تھا۔ خاص کر دن کو سو جاؤں تو اٹھنے پر طبیعت سخت خراب ہوتی ہے۔ اگر میں بازو جسم کے نیچے رکھ کر سو جاتا تو اسی وقت میرا بازو سونا شروع ہو جاتا اور اسی طرح پاؤں اور ٹانگیں سو جاتیں۔ کندھے کی رگیں کھینچ گئی تھیں۔ شروع میں مجھے کانوں میں درد شروع ہوا اور سخت درد ہوتا تھا۔ گلے میں گلٹیاں بھی ہوتی تھیں۔ کسی وقت جسم کے پچھلے حصے یعنی کمر اور سر تک کے کسی حصہ میں ایسے محسوس ہوتا جیسے کھٹمل حرکت کر رہے ہوں۔ جب وہاں پر ہاتھ مارتا تو ٹھیک ہو جاتا۔

ج: زردہ کا رنگ اور عرق گلاب ملا کر روشنائی بنالیں اور اس روشنائی سے **بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلرَّضَاعَتْ عَمَا نَوِيْلُ بَحَقِّ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ** 999 999 999 پلیٹوں پر لکھ کر صبح، شام پانی سے دھو کر پئیں تین ماہ تک۔

## تین رنگ شعاعوں کا پانی

www.ksars.org

س: میرا بڑا بھائی جس کی عمر تقریباً 28 سال ہے دو چار سال سے بیمار ہے۔ چار سال پہلے وہ ڈر گئے تھے۔ صبح سویرے اٹھے اور رفع حاجت کے لئے کہیں اور نکل گئے۔ فارغ ہونے کے بعد ایک درخت سے ایک ٹہنی توڑی اور اس کو بطور مسواک استعمال کیا۔ اس کے بعد واپس غسل کرنے کے لئے باتھ روم میں گئے مگر وہاں پر گر پڑے۔ ساتھ والے لڑکوں نے اٹھا کر

چارپائی پر ڈال دیا۔ کچھ دیر بعد ہوش آیا اور اس بات پر کچھ زیادہ توجہ نہ دی لیکن پندرہ دن کے بعد دوبارہ یہی ہوا کہ وہ چلتے چلتے گر پڑے۔ ہسپتال لے کر گئے۔ ڈاکٹر صاحب نے دوا وغیرہ دی۔ کچھ عرصے کے بعد پھر یہی ہوا۔ اب ڈاکٹروں نے مشورہ دیا کہ آپ شادی کر لیں۔ ٹھیک ہو جائیں گے۔ لہٰذا شادی کر دی گئی مگر پھر بھی کوئی فرق نہ پڑا۔ پھر ہم ان کو لے کر پیروں اور بزرگوں کے پاس گئے۔ ہر ایک نے اپنا اپنا علاج کیا مگر بے سود۔ جب دورہ پڑتا ہے تو پورے سر میں اور بدن میں درد ہوتا ہے اور دو دو دن تک اٹھنا محال ہو جاتا ہے۔ برائے کرم بتایئے کہ یہ کیا بیماری ہے اور اس کا علاج کیا ہے۔

ج: یہ بیماری مرگی ہے۔ مرگی کا روحانی علاج تجویز کیا جاتا ہے۔

تین عدد پلیٹوں پر زردہ کے رنگ اور عرق گلاب سے **بِسْمِ اللهِ اَلْرَحْمٰنِ الرَّحِیْم۔ اَلْطَرَّقُ النَّاسُ وَ الْا جِنَّتَهٗ وَالرُّوْحُ اَلْعِبَادُ اَاالصَّالِحِیْنَ فِی اَلْکُوْنِ** لکھ کر ایک پلیٹ صبح نہار منہ نیلی شعاعوں کے پانی سے، دوسری پلیٹ شام کو زرد شعاعوں کے پانی سے اور تیسری پلیٹ رات کو سوتے وقت سرخ رنگ شعاعوں کے پانی دو دو اونس سے دھو کر پلائیں۔ کھانوں میں نمک، کھٹاس اور قابض چیزوں سے پرہیز کریں۔

## تین کیلے

س: باباجی میں بچپن سے بیمار رہتی ہوں بچپن سے لیکیوریا کی بیماری ہے۔ منہ اور بغلوں سے بہت بدبو آتی ہے۔ ان تینوں امراض کا دنیا جہاں کا علاج کروایا۔ ہر قسم کے ڈاکٹروں، حکیموں، لیڈی ڈاکٹروں سے علاج کروایا۔ لیکیوریا کے ٹیکے لگوائے۔ منہ اور بغلوں کی بدبو کی لئے حکیموں سے علاج کروایا۔ تعویذ دھاگے بھی لئے ہر قسم کے علاج کروانے کے باوجود یہ بیماریاں ختم نہیں ہوئیں۔

پیروں، فقیروں اور اللہ والے لوگوں سے بھی رجوع کیا مگر ہر جگہ مایوسی ہوئی۔ ان بیماریوں کی دوائیں کھا کر میرا چہرہ دانوں سے پک گیا ہے۔

ج: سبز شعاعوں کا پانی صبح، شام نیلی شعاعوں کا پانی۔ ناشتہ کے ایک گھنٹہ کے بعد اور سوتے وقت زرد شعاعوں کا پانی۔ دونوں وقت کھانے سے آدھ گھنٹہ پہلے۔ 2 ماہ تک سرخ مرچ، انڈا، گرم مصالحہ ہر قسم کے گوشت سے مکمل پرہیز کریں۔ صرف ترکاریاں اور دالیں کھائیں۔ روزانہ رات کو کھانے کے بعد تین عدد اچھے قسم کے کیلے کھائیں۔

## تھوڑا سا وقت

س: ہر طرح سے مایوس ہونے کے بعد آپ کی محفل میں حاضری دے رہی ہوں۔ میں جانتی ہوں سینکڑوں پریشان حال بندے آپ کے مشوروں پر عمل کر کے پر سکون زندگی گزار رہے ہیں۔ آپ کا وقت قیمتی ہے لیکن اپنی اس دکھی بیٹی کے لئے تھوڑا سا وقت ضرور نکال لیجئے۔ بتاتے ہوئے شرم بھی آرہی ہے مگر بیٹی سمجھتے ہوئے معاف کر دیجئے گا۔ میری عمر 18 سال

www.ksars.org

ہے۔ تقریباً دو تین سال سے میں ایک بہت ہی گندی اور بری عادت میں مبتلا ہوں۔ میں نے اس سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لئے بہت کوشش کی۔

مگر کوئی فائدہ حاصل نہیں ہوا۔ اس تباہ کن عادت کی وجہ سے میں کئی بیماریوں میں مبتلا ہو گئی ہوں مثلاً لیکیوریا، ایام کی بے قاعدگی، معدے کی خرابی، چہرے پر مہاسے کیل اور بال، سستی، سر درد، جسم میں درد، ڈراؤنے خواب، گندے اور غلیظ خواب نظر آنا، سر سے پاؤں تک بیماریوں کی ایک گٹھڑی ہوں۔ نماز کے دوران بھی غلیظ خیالات آنے لگتے ہیں۔ خیالات اس قدر گندے ہوتے ہیں کہ مجھے خود سے شرم آنے لگتی ہے۔

ج: برے کردار کی سہیلیوں سے قطع تعلق کر لیں اور ہر وقت یا حی یا قیوم کا ورد کرتی رہیں۔ رات کو سونے سے پہلے درود شریف (جتنا دل چاہے) پڑھ کر سبز روشنیوں کا مراقبہ کریں۔ مراقبہ میں یہ تصور کریں کہ ہر طرف سبز روشنی پھیلی ہوئی ہے۔ ہرے بھرے درخت ہیں۔ بیلیں اور پھول ہیں۔ تلاب ہے۔ صاف شفاف موتی جیسے پانی کا تالاب۔ نماز میں جو صورتیں تلاوت کریں ان کے معنی پر غور کریں۔

www.ksars.org

# ٹ

## ٹانگ میں کرنٹ لگتا ہے

س: آج سے کچھ عرصہ پہلے میری امی کی سیدھی ٹانگ کے گھٹنے میں درد شروع ہوا اور آہستہ آہستہ درد بڑھتا گیا۔ پندرہ دن بعد ایک دن صبح گھٹنے سے لے کر نیچے پاؤں تک کھڑے ہونے سے شدید قسم کا کرنٹ دوڑنا شروع ہو گیا۔ ڈاکٹر کی دوا منگائی گئی جس سے رات تک کچھ آرام آ گیا۔ مگر گھٹنے میں درد ویسے کا ویسا ہی رہا۔ ڈاکٹر کی دوا آٹھ دس دن مسلسل کھاتی رہی اور رات کو گھٹنے پر مالش کے لئے ایک ٹیوب ”آرٹی چون“ ہے جو اب تک ملتی ہیں مگر میری امی کو آرام ابھی تک نہیں آیا۔ اب درد گھٹنے سے لے کر ذرا اوپر اٹھ گیا ہے۔ چلتے ہوئے ٹانگ میں کھنچاؤ محسوس ہوتا ہے۔ بیٹھ کر اٹھتی ہیں تو ٹانگ پر ایک دم بوجھ نہیں ڈالا جاتا۔ مصیبت یہ ہے کہ اب یہ تکلیف دوسری ٹانگ کے گھٹنے میں بھی شروع ہو گئی ہے۔ نماز پڑھتے وقت سخت اذیت کا سامنا ہوتا ہے۔

ج:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳ | ۳ | ۳ | ۳ | ۳ | ۳ | ۳ | ۳ |
| ۵ | ۵ | ۵ | ۵ | ۵ | ۵ | ۵ | ۳ |
| ۷ | ۷ | ۷ | ۷ | ۷ | ۷ | ۵ | ۳ |
| ۹ | ۹ | ۹ | ۹ | ۹ | ۷ | ۵ | ۳ |
| ۱۱ | ۱۱ | ۱۱ | ۱۱ | ۹ | ۷ | ۵ | ۳ |
| ۱۳ | ۱۳ | ۱۳ | ۱۱ | ۹ | ۷ | ۵ | ۳ |

چینی کی سفید پلیٹوں پر زعفران کی روشنائی سے صبح سورج نکلنے سے پہلے یہ نقش لکھ کر رکھ لیں۔ ڈسٹلڈ واٹر (آب مقطر) سے پلیٹ دھو کر ایک صبح نہار منہ، ایک عصر کے وقت۔

## ٹائم اسپیس سے آزاد

س: ہم یتیموں کے سر پر نہ تو باپ کا سایا ہے، نہ ہی کوئی ہمارا چاچا تایا ہے۔ ہم بڑوں کے پیار کے لئے ترستے رہتے ہیں۔ کیا آپ ہماری طرف شفقت سے دیکھنا گوارا کریں گے؟ ہماری فریاد سنیں گے؟ ہمارے دل ٹوٹ چکے ہیں۔ ہم شکستہ دل آپ کی طرف متوجہ ہیں۔ میری والدہ بہت پریشان اور اداس رہتی ہیں۔ رات کو سو نہیں سکتیں کہ لڑکا اٹھ کر کہیں گلا نہ دبا دے۔ کیا میرا بھائی ٹائم اسپیس سے آزاد ہو گیا ہے، کیا وہ سب کچھ دیکھ سکتا ہے جو ہم نہیں دیکھ سکتے؟

www.ksars.org

میرے بھائی کے لئے کوئی بہتر علاج تجویز کریں جس سے وہ بالکل ٹھیک ہو جائے۔ ہم آپ کو ساری عمر دعائیں دے گے۔

ج: مندرجہ ذیل تعویذ کاغذ پر لکھ کر فلیتہ (بتی) بنائیں اور اس کو روئی میں لپیٹ کر اپنے بھائی کی چارپائی کے قریب جلائیں۔ اس وقت جب آپ کے بھائی چارپائی پر لیٹے ہوئے ہوں۔ جب تک مرض سے نجات ملے یہ عمل جاری رکھیں۔

کھانوں میں میٹھی چیزیں زیادہ دیں۔ شہد کا استعمال نہایت مفید ہے۔ تعویذ یہ ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۹ | ۹ | ۹ | ۹ |
| ۹ | ۹ | ۹ | ۹ |
| ۹ | ۹ | ۹ | ۹ |
| ۹ | ۹ | ۹ | ۹ |

## ٹیڑھی گردن

س: میرا بھائی جس کی عمر بارہ سال ہے۔ بہت کمزور ہے۔ غذا بہت کم کھاتا ہے۔ گردن زیادہ تر ٹیڑھی رہتی ہے۔ سوتا ہے تو سر ٹیڑھا کر لیتا ہے۔ ہم بار بار سیدھا کرتے رہتے ہیں۔ ہوتا یہ ہے کہ گردن سیدھی کرتے ہیں تو گلے میں سے خرخر کی آواز نکلتی ہے اور پھر گلے میں پھندا لگ جاتا ہے اور اگر گردن ٹیڑھی رہتی ہے تو آرام سے سوتا ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ کچھ موٹا ہو جائے، عمر کے حساب سے کھانا کھائے، قد بڑھے۔ قد کی طرف سے بہت فکر ہے۔ کوئی ایسا عمل بتائیں جس کی برکت سے شفا ہو جائے۔ دن میں کئی مرتبہ گردن ٹیڑھی ہو جاتی ہے۔

ج: بچہ پیدائشی طور پر کمزور ہے۔ اس کا علاج ام الصبیان کا تعویذ اور روغن سورنجان تلخ کی ماش ہے۔ کتاب ”روحانی علاج“ میں سے ام الصبیان کا تعویذ (جو بچوں کے امراض کے باب میں لکھا ہوا ہے) تین عدد چینی کی چھوٹی پلیٹوں پر زردہ کے رنگ اور عرق گلاب سے لکھ کر ایک پلیٹ صبح، ایک شام اور ایک رات کو پانی سے دھو کر پلائیں تین مہینے تک۔ ناغہ نہیں ہونا چاہیئے۔

روغن سورنجان تلخ کمر میں ریڑھ کی ہڈی کے جوڑ پر اور گردن کے جوڑ پر بہت ہلکے ہاتھ سے دائروں میں مالش کریں۔ پانچ منٹ دن میں اور پانچ منٹ رات کے وقت، کبھی کبھی بچہ کو خالص شہد بھی چٹا دیا کریں۔

www.ksars.org

## ٹھیک ہو جاتا ہوں۔۔۔۔۔

س: میں ایک دکھی انسان ہوں۔ مجھے پسلی چلنے کی بیماری ہے۔ جب سے یہ بیماری ہوئی ہے میں سو نہیں سکتا۔ اور رات جاگ کر گزار تا ہوں۔ اکثر یہ بیماری ہفتے میں ایک مرتبہ ضرور ہوتی ہے۔ جب میں ڈاکٹر کا علاج کرتا ہوں تو ٹھیک ہو جاتا ہوں۔ آپ سے گزارش ہے کہ آپ کوئی ایسا وظیفہ بتادیں کہ یہ بیماری عمر بھر کے لئے چلی جائے۔

ج: پسلی چلنا نہیں، میرے خیال میں آپ کو دمہ ہے۔ اور سانس کی بیماری ہے۔ اس کے لئے پرہیز کے ساتھ کافی دنوں تک علاج کرنا پڑتا ہے۔ جس ڈاکٹر کی دوا سے فائدہ ہوتا ہے اس علاج کو جاری رکھیں اور جب بھی پانی یا چائے پئیں نو مرتبہ یافارق پڑھ کر دم کر لیا کریں۔ اس علاج کی مدت چالیس روز ہے۔

## ٹھنڈی ہوا کی شدید طلب

س: ان دنوں سخت بیمار ہوں اور میری اس بیماری نے مجھے عملی طور پر دنیا سے کاٹ کر رکھ دیا ہے۔ یہ بیماری چوبیس گھنٹے ایک طرح سے مجھ پر سوار نہیں رہتی ہے بلکہ وقفوں وقفوں سے اس کا حملہ ہوتا رہتا ہے۔ جس وقت حملہ ہوتا ہے اس وقت اچانک میرا ذہن بھاری ہو جاتا ہے۔ دماغ میں ایک بوجھ محسوس ہوتا ہے۔ سانس اتنی تیز چلنا شروع ہو جاتی ہے کہ پوری دفاعی طاقت لگانے کے باوجود روکنا مشکل ہو جاتا ہے اور اگر خدانخواستہ نہ رک سکے تو پھر ایسا محسوس ہوتا ہے کہ پورا تنفسی نظام ٹوٹ پھوٹ کر رہ جائے گا۔ سانس کی شدت کو روکنا میرے لئے مشکل ہو جاتا ہے۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ دل کی دھڑکن اتنی تیز ہو جاتی ہے کہ بیان سے باہر ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ سخت گھبراہٹ، بے چینی اور شدید گرمی محسوس ہوتی ہے اور پورے جسم کی طاقت تقریباً سلب ہو جاتی ہے۔ ہاتھ پیر جیسے بے جان ہو جاتے ہیں۔ گویا کہ ایک تشنجی کیفیت طاری ہو جاتی ہے۔ ایک قدم چلنا یا ہاتھ اٹھانا تک دشوار ہو جاتا ہے۔ ہاتھ کی ہتھیلی پر اور پیشانی کے اوپر بالوں کی جڑ میں پسینے آنے لگتے ہیں۔ اس تکلیف کے دوران اگر میں بیٹھ جاؤں یا لیٹ جاؤں تو یہ تکلیف اور بڑھ جاتی ہے۔ لہٰذا مجبوراً کھڑے رہ کر اس کو جھیلنا پڑتا ہے۔ اس پورے حملے کے دوران مجھے دو چیزوں کی شدید طلب محسوس ہوتی ہے پہلی چیز تنہائی یعنی اس وقت مجھے ایسی جگہ بھاگ کر چلے جانے کو جی چاہتا ہے جہاں کوئی مجھے دیکھ نہ سکے۔ دوسری چیز تیز ٹھنڈی ہوا کی شدید طلب۔ جیسے مچھلی بغیر پانی کے نہیں رہ سکتی، اسی طرح میں اس وقت تیز ٹھنڈی ہوا کے بغیر نہیں رہ سکتا۔

جب مشکلوں سے میں اس تکلیف پر قابو پاتا ہوں اور یہ کیفیت گزر جاتی ہے تو پھر میں اتنا کمزور اور نڈھال ہو جاتا ہوں کہ بیان سے باہر ہے۔ محسوس ہوتا ہے جیسے مجھے کسی نے نچوڑ کر رکھ دیا ہے اور ہر حملہ کے بعد میں جسمانی طور پر کافی دبلا ہو جاتا ہوں۔ اب میں پہلے سے صرف ایک چوتھائی رہ گیا ہوں۔ اپنے اوپر سے اعتماد اور اپنی ہمت بالکل ختم ہو چکی ہے۔ نہ میں کسی تقریب میں رہ سکتا ہوں، نہ گھر سے دور جا سکتا ہوں نہ کسی سے مل جل سکتا ہوں، نہ دکان جا سکتا ہوں، جہاں میں گھر سے نکلا، مجھ پر مرض کا دورہ شروع ہو جاتا ہے اور اگر گھر میں بھی مہمان وغیرہ آجائیں تو میں ان کا سامنا نہیں کر سکتا۔ میرا پورا جسم اور خاص کر سینہ بہت کمزور اور لاغر ہو چکا ہے۔ میں موت کی دہلیز پر کھڑا ہوں۔ ایلوپیتھ کے پاس جاتا ہوں تو وہ گیس اور ذہنی

www.ksars.org

سکون کی دوا دیتے ہیں۔ اس سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ ہومیوپیتھ کا علاج بھی کیا ہے۔ مجھ جیسے ڈوبتے ہوئے انسان کے لئے بس اب آخری سہارا خدا کے بعد آپ ہیں۔ اگر آپ کے پاس سے بھی ناامید ہوا تو یقیناً موت کے منہ میں جانے میں مجھے زیادہ دیر نہیں لگے گی۔ میں اپنی اس زندگی سے تنگ آ چکا ہوں۔ آپ میرے لئے جو بھی بہتر سے بہتر علاج ممکن ہو تجویز کریں تا کہ اللہ تعالیٰ مجھے جلد از جلد صحت کلی عطا کریں۔

ج: تین وقت ایک ایک چمچہ خالص شہد پانی یا دودھ میں استعمال کریں۔ چکنائی نہ ہونے کے برابر استعمال کریں۔ رات کو سوتے وقت کھلے آسمان کے نیچے لیٹ کر ستاروں کا نظارہ کریں۔ انگوٹھی میں نیلے رنگ کا نگینہ اس طرح پہنیں کہ نگینہ انگلی سے مس ہو تا رہے۔ جس طرح بھی ممکن ہو فجر کی نماز مسجد میں باجماعت ادا کریں اور نماز کے بعد کسی باغ یا لان میں سیر کریں۔ رات کو کھانا کھانے کے بعد لازمی طور پر دو میل ٹہلا کریں۔ ایک میل جانے اور آنے میں دو میل ہو جاتے ہیں۔ چالیس روز بعد دوبارہ پوری کیفیات سے مطلع کریں۔

## ٹوٹا پھوٹا انسان

س: میں ایک ٹوٹا پھوٹا انسان ہوں اور اس کا علاج آپ کر سکتے ہیں۔ بیماریوں کا مجموعہ ہوں۔ آپ سے بہت دور ہوں اس لئے خط کا سہارا لیا۔ مجھے پانچ دفعہ ٹائیفائیڈ ہو چکا ہے میرے جسم میں خون کی بھی کمی ہے۔ جسم میں گرمی بہت ہے۔ بچپن میں اپنے ہاتھوں صحت کو تباہ کرتا رہا ہوں لیکن اب تائب ہو چکا ہوں۔ ہفتے میں دو بار کپڑے خراب (احتلام) ہو جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے نماز رہ جاتی ہے۔ سر میں بفا بہت ہے اور بال تیزی سے گر رہے ہیں۔ گنجے پن کا علاج موروثی ہے۔ آپ اس سے نجات دلائیں۔ معدہ بھی طاقتور نہیں ہے ایک جلدی مرض بھی لاحق ہے۔

ج: صبح شام نیلی شعاعوں کا پانی پئیں۔ ناشتہ کے بعد اور رات کو سوتے وقت سبز شعاعوں کا پانی پئیں۔ خوراک 2,2 اونس ہے۔ ہر وقت یا حی یا قیوم کا ورد کریں۔

www.ksars.org

# ج

## جڑی بوٹیوں میں حیرتناک اثرات

س: بیماری کی نوعیت یہ ہے کہ بڑے بھائی دو قدم بھی چلیں تو دماغ میں دھمک محسوس ہوتی ہے۔ دل ڈوبنے لگتا ہے۔ دماغی امراض کے ماہر نے بجلی کے تقریباً آٹھ شاک بھی لگائے لیکن ذرہ برابر فرق نہیں پڑا۔ والد صاحب بھائی صاحب کی یہ حالت دیکھ کر ہر وقت روتے رہتے ہیں۔ علاج کے سلسلے میں لوگوں سے بہت سا قرض بھی لے چکے ہیں۔ راولپنڈی میں کوئی حکیم یاڈاکٹر ایسا نہیں ہے جس سے ہم نے علاج نہ کرایا ہو۔ خدا کے لئے جلد از جلد ہمارے اس مسئلے کا کوئی حل، کوئی علاج تجویز کر کے شکریہ کا موقع دیں۔

ج: بہت معمولی بات ہے۔ انشاء اللہ پہلے ہفتہ میں آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ قدرت نے معمولی جڑی بوٹیوں میں کس قدر حیرتناک اثرات محفوظ کر دیئے ہیں۔

جئی جو ریس کے گھوڑے کھاتے ہیں 2 تولہ صبح، 2 تولہ دوپہر اور 2 تولہ رات کو سوتے وقت تین پیالی پانی میں پکائیں۔ جب پانی پک کر آدھی پیالی رہ جائے اور پانی چائے کی طرح رنگین ہو جائے تو چھان کر اپنے بھائی صاحب کو پلا دیں۔ جئی اسٹین لیس اسٹیل کی پتیلی میں پکائی جائے۔ پکاتے وقت پتیلی پر ڈھکن رکھ دیں تاکہ بھاپ کم سے کم ضائع ہو۔ پورا علاج چھ مہینے کا ہے۔ الیکٹرک شاک لگنے سے دماغ پر جو خراب اثر ہوا ہے وہ بھی انشاء اللہ اس دوا سے رفع ہو جائے گا۔ حتیٰ کہ پکے ہوئے پانی میں شہد آمیز کر لیں تو بہت اچھا ہے۔

## جنت دوزخ

س: پہلے میری طبیعت بہت زیادہ خوش باش رہتی تھی۔ میرا دل بہت عیاش تھا چاہے کچھ بھی ہو جاتا تھا میرا دل زندہ ہی رہتا تھا، ایسا لباس پہنتی تھی کہ دنیا سوچوں میں پڑ جاتی تھی لیکن اب میرے اوپر جمود طاری ہو گیا ہے۔ انگ انگ میں جذبات کی لہریں دوڑانے والے خیالات دم توڑ گئے ہیں اس بے کیف زندگی سے اکتا کر مر جانا چاہتی ہوں۔ یہ سب شادی کے بعد تبدیلی آئی ہے، پہلے اتنی اچھی رنگت تھی کہ عورتیں مبہوت ہو جاتی تھیں۔ اتنے پیارے پیارے بال تھے کہ میں خود بے خود ہو جاتی تھی، خاوند نے جلا جلا کر مجھے راکھ کر دیا ہے۔ وہ اونچی آواز سے بولتے ہیں تو میرے جسم میں آگ لگ جاتی ہے۔ اس روز روز کی

www.ksars.org

آگ سے میرا ابھرا ابھرا جسم سوکھ کر لکڑی بن گیا ہے اور رنگ پیلا پڑ گیا ہے۔ بال بھی تیزی سے اتر رہے ہیں شاید میں بہت جلد گنجی ہو جاؤں۔ کسی محفل میں جاتی ہوں تو لوگ کہتے ہیں لیڈی آ گئی ہے۔ پہلے میں اس لفظ سے خوش ہوتی تھی۔ اب تکلیف ہوتی ہے خاوند کی مسلسل بے التفاتی اور غصہ نے مجھے بے یقین کر دیا۔ جس زندگی کو میں چاہتی ہوں، پہلے کی طرح ہو جاؤں ایک ایک دن میں کئی کئی لباس تبدیل کروں، معاشرے سے بغاوت کروں لیکن جب اپنے اندر ٹٹولتی ہوں تو اس قسم کے گھٹیا خیالات سے مجھے گھن آتی ہے، میں کیا کروں کیا نہ کروں۔ سخت جذباتی طوفان میں گھری ہوئی ہوں۔ شیطان اور ضمیر کے درمیان معلق ہوں۔ پتہ نہیں کیا راز ہے کہ آپ کے مشورہ پر عمل کرنے کو دل چاہتا ہے۔

ج: ہم سب کے ہادی، ہم سب کے مشفق و مہربان اور پوری نوع انسانی کے لئے رحمت، ہمارے حضور صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا ہے کہ ہر آدمی اپنی جنت اور اپنی دوزخ اپنے ساتھ لئے پھرتا ہے۔

اس فرمان مبارک کی روشنی میں شیطان، دوزخ ہے اور آدمی کا ضمیر اسے جنت کی طرف رجوع کرتا ہے چونکہ جنت غیب میں ہے۔

شیطانیت کے مظاہر ہماری ظاہری آنکھوں کے سامنے ہیں اس لئے ضمیر کی آواز دنیاوی لذتوں میں گم ہو جاتی ہے۔ تو آدمی کے اوپر منکشف ہوتا ہے، سکون صرف اور صرف ضمیر کی آواز پر عمل کرنے سے حاصل ہوتا ہے جب کوئی بندہ اپنے ضمیر سے باخبر ہو جاتا ہے تو اس کے سامنے جنت آ جاتی ہے اور جنت کا نظارہ کر لینے کے بعد کوئی شیطان کی پیروی نہیں کرتا۔ نسخہ بہت آسان ہے کہ آپ اپنے ضمیر کا عرفان حاصل کرنے کی کوشش کریں۔

طریقہ یہ ہے کہ دن رات کثرت سے یاحی یاقیوم کا ورد کریں اور رات کو سونے سے پہلے مراقبہ کر لیا کریں۔ مراقبہ میں تصور کریں کہ "میں روشنیوں کی بنی ہوئی ہوں۔ جسم خاکی اور فانی ہے۔"

## جسمانی کج روی

س: میری عمر تقریباً 24 سال ہے اور میں میٹرک پاس ہوں مگر نامساعد حالات کے باعث اب تک اپنا مستقبل نہ بنا سکا۔ والدین مجھے بیوقوف کہتے اور تصور کرتے ہیں۔ جسمانی کج روی کے باعث لوگ مجھ پر ہنستے اور طنز کرتے ہیں، چہرہ لمبوترا ہے ایک آنکھ کی بینائی بھی نہیں ہے اس لیے میں ہمیشہ شدید احساس کمتری کا شکار رہا ہوں جس کی وجہ سے کام کاج سے عدم دلچسپی ظاہر ہوتی ہے۔

بالخصوص یکسوئی اور یکسانیت نام کو نہیں ہے۔ یہی وجہ ہے کہ چند روز یا چند ماہ کہیں کام کرتا ہوں اور چھوڑ دیتا ہوں۔ اپنی اس احساس کمتری، بیوقوفی اور غیر یکسانیت سے تنگ آ چکا ہوں، جم کر کوئی کام یا کاروبار نہیں کر سکتا۔ ذہن بھی بچگانہ ہے خدارا کوئی مشورہ دیں یا جو آپ مناسب سمجھیں۔

www.ksars.org

ج: رنگ و روشنی سے علاج کے طریقہ پر احساس کمتری اور قوت ارادی کا علاج کریں۔ اور ہر وقت چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے وضو اور بغیر وضو کے یا حی یا قیوم کا ورد کرتے رہا کریں۔ جو کام شروع کریں۔ انتہائی توجہ اور مستقل مزاجی سے اسے اختتام تک پہنچائیں۔

وظیفوں سے کام نہیں چلے گا اس مسئلہ کے حل کے لئے آپ کی ذاتی ذہنی اور جسمانی کوششوں کا عمل دخل ضروری ہے۔

## جیٹھانی تعویذ گنڈوں میں ماہر ہے

س: میری شادی چودہ برس کی عمر میں ہوگئی تھی اور اس شادی میں میرے شوہر کی پسند شامل تھی۔ میرے شوہر نے مجھے بھرپور محبت دی اور میرا ہر طرح سے خیال رکھا۔ میری ساس بھی بہت محبت کرنے والی تھیں لیکن میرے جیٹھ اور جیٹھانی کو یہ شادی بالکل پسند نہیں تھی۔ دراصل میری جیٹھانی کی خواہش تھی کہ میرے شوہر کی شادی ان کے رشتہ داروں میں ہو۔ میری ساس کی زندگی میں ان کا بس نہیں چلا اور جب میری ساس کا انتقال ہو گیا تو انہوں نے میرے خلاف محاذ بنا لیا۔ انہوں نے میرے شوہر کو اپنی باتوں میں اپنا لینا شروع کیا اور میرے خلاف کان بھرنے شروع کر دیئے۔ ان کارروائیوں کے باوجود میرے شوہر ان کے پھندے میں نہیں آئے۔ میرے شوہر کو آرٹ سے بھی دلچسپی تھی اور اکثر ہمارے ہاں آرٹسٹ لڑکیاں بھی آتی تھیں لیکن میں اس بات کا قطعی برا نہیں مانتی تھی کیونکہ مجھے اپنے شوہر پر اندھا اعتماد تھا۔ میری والدہ کے محلے میں ایک لڑکی رہتی تھی جو مجھے باجی کہا کرتی تھی میرے شوہر کے پیچھے لگ گئی۔ آج پانچ سال کا عرصہ ہو چکا ہے۔ ان کی ملاقاتوں کا سلسلہ جاری ہے اور وہ لڑکی میرے شوہر کو کسی طرح بھی چھوڑنے پر تیار نہیں ہے۔ جب میری جیٹھانی کو اس بات کا پتہ چلا تو انہوں نے مشہور کر دیا کہ میرے شوہر اس لڑکی سے شادی کرینگے لیکن میرے شوہر نے کہا کہ وہ ہرگز شادی نہیں کرینگے۔ میری جیٹھانی اور وہ لڑکی دونوں تعویذ گنڈوں میں ماہر ہیں اور ابھی حال ہی میں میرے گھر سے دو تعویذ نکل چکے ہیں۔

پہلے میں اپنے شوہر سے بہت محبت کرتی تھی لیکن اب میں اپنے دل میں ان کے لئے کوئی جذبہ نہیں پاتی۔ کہیں ایسا تو نہیں کہ لڑکی نے تعویذ کے ذریعے میرے دل سے شوہر کی محبت نکال دی ہے۔ میرے شوہر بھی میری طرف کوئی توجہ نہیں دیتے۔ نہ صحیح طرح بات کرتے ہیں اور نہ کہیں ملنے جلنے یا سیر و تفریح کے لئے لے کر جاتے ہیں۔ حتیٰ کہ میکے بھی نہیں جانے دیتے۔ اور میکے والوں کو بھی میرے ہاں آنے سے منع کیا ہوا ہے۔ خواجہ صاحب! ان حالات کی وجہ سے میرا جو حال ہے وہ میں بیان نہیں کر سکتی۔ آپ کوئی ایسا روحانی عمل بتائیں جس سے وہ لڑکی میرے شوہر کا پیچھا چھوڑ دے اور میرے شوہر کے دل میں میرے لئے وہی پہلی سی محبت پیدا ہو جائے۔

ج: آدھی رات گزرنے کے بعد جب شوہر گہری نیند سو رہے ہوں آپ وضو کر کے کھلے آسمان کے نیچے ننگے پیر زمین یا فرش پر کھڑی ہو جائیں اور سر پر دونوں ہاتھ رکھ کر آنکھیں بند کر لیں۔ ایک سو تین مرتبہ **الرحمٰن الرحیم** پڑھ کر بستر پر چلی جائیں اور شوہر کا تصور کرتے کرتے سو جائیں۔ ایک سو تین مرتبہ شمار کرنے کا طریقہ یہ ہو گا کہ آپ پہلے یہ ورد کر کے

www.ksars.org

گھڑی دیکھ لیں کہ کتنی دیر لگتی ہے۔ اندازہ سے اتنی ہی دیر پڑھتی رہیں زیادہ یا کم ہو جانے سے اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ عمل کی مدت چالیس روز ہے۔

## جلد میں سوراخ

س: میری عمر 20 سال ہے تقریباً چھ سات سال سے کیل مہاسے نکل رہے ہیں جس کی وجہ سے میرا چہرہ خراب ہو گیا ہے کیونکہ ان دانوں کی وجہ سے جلد میں سوراخ ہو گئے ہیں آپ مجھے کوئی روحانی علاج بتا دیجئے۔

اگلے مہینے میری شادی ہے۔

ایسا نہ ہو کہ شوہر عروسی میں ہی مجھ سے منہ پھیر لیں۔ اس کے علاوہ بڑے بھائی کی بے راہ روی اور بری صحبت نے اسے برا بنا دیا سب کچھ ہے مگر اسے ہر وقت زیادہ سے زیادہ پیسے کا لالچ رہتا ہے اور خاص کر امی جان کو بہت دکھ دیتا ہے۔

ج۔ شادی کے بعد انشااللہ یہ دانے خود بخود ختم ہو جائیں گے۔ زیادہ فکر اور تردد نہ کریں۔ شوہر بہت چاہنے والے اور اچھی طبیعت کے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ دونوں کی ازدواجی زندگی کو کامیاب بنائیں۔ اپنی والدہ سے کہیں کہ رات کو عشاء کے بعد تین مرتبہ **بَلْ هُوَ قُرْآنٌ مَّجِيْدٌ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ** پڑھ کر دعا کیا کریں انشاءاللہ شوہر آپ کی عزت کرے گا۔

## جی چاہتا ہے جنگل میں چلی جاؤں

س: باباجان عرض یہ ہے کہ میری دوست ہے جو ہر وقت پریشان رہتی ہے۔ یوں محسوس کرتی ہے جیسے اندر سے اسے کوئی کاٹ رہا ہے۔ کہتی ہے کہ جی چاہتا ہے کہ جنگل میں چلی جاؤں یا پھر کمرہ بند کر کے زور زور سے روؤں، چیخوں، چلاؤں۔ ہر وقت دماغی طور پر پریشان رہتی ہے۔ تنہائی اچھی لگتی ہے۔ کام کرنے کو جی نہیں چاہتا۔ آج سے تقریباً دس سال پہلے تانگے سے گری تھی مگر تکلیف 78ء میں محسوس ہوئی۔ بخار ہوا۔ پھر ریڑھ کی ہڈی میں درد شروع ہو گیا۔ کچھ عرصہ ہوا کمرے کی صفائی کر رہی تھی کہ اچانک کوئی نس چڑھ گئی۔ اس سے ٹانگ میں کھچاؤ اور شدید درد کی وجہ سے چلنا دوبھر ہو گیا۔ اب ہر وقت درد اور کھچاؤ رہتا ہے۔ ہوا لگنے سے ٹانگ اکڑ جاتی ہے۔ ڈاکٹری علاج بھی بہت کروائے ہیں۔ ہڈیوں کے ماہر ڈاکٹر سے انجکشن بھی لگوایا۔ بہت سی دوائیں استعمال کیں۔

سرکاری ملازم ہے۔ تین ماہ سے رخصت پر ہے۔ چہرے پر اچھے خاصے بال ہیں۔ پیٹ بہت بڑھا ہوا ہے۔ نیند بالکل نہیں آتی۔ دل بہت گھبراتا ہے۔ اور صدمے سے دل کی دھڑکن تیز ہو جاتی ہے۔ باباجی خدا کے لئے آپ اس گنہگار بندی پر نظر کرم کیجئے کہ ایک تو اس بے چاری کی ٹانگ ٹھیک ہو جائے۔ درد اور کھچاؤ ختم ہو کر چلنے کے قابل ہو جائے۔ دل و دماغ کو سکون ملے۔ بڑھا ہوا پیٹ اور چہرے کے بال دفع ہوں۔ دل کی بے چینی اور گھبراہٹ ختم ہو جائے۔

www.ksars.org

ج: ماہانہ نظام خراب ہے۔ اندرونی ورم ہے۔ پیٹ کے عضلات پر چربی آگئی ہے۔ رنگ و روشنی سے علاج کے طریقے پر بینگنی رنگ شعاعوں کا پانی اور کلونجی 3,3 ماشہ صبح شام استعمال کریں۔ نیلی شعاعوں کا تیل رات کو سوتے وقت کمر میں ریڑھ کی ہڈی کے آخری جوڑ پر دائروں میں مالش کریں۔ چکنی اور تلی ہوئی چیزوں سے پرہیز کریں۔

## جنات کا گروہ

س: عرصہ صحیح یاد نہیں غالباً یہ 1984ء کی سردیاں شروع ہونے کے بعد کی بات ہے ایسا ہوا کہ میں رات گیارہ یا بارہ بجے بستر پر سونے کے لئے لیٹا، چادر اوڑھ کر قبلہ رخ کروٹ لیناہی چاہتا تھا کہ میرے وجود پر ایک انسانی ہاتھ یعنی پنجہ پیشانی سے شروع ہو کر پیٹ تک چلا گیا۔ پنجہ کا دباؤ، لمس نہ زیادہ نہ کم۔ مجھ پر چند لمحوں کے لئے دہشت طاری ہوئی مگر فوراً ہی خود بخود یہ خیال ہوا کہ بزرگانِ دین میں سے کوئی باباجی ہوں گے۔ میں کیوں ڈروں اور آہستہ آہستہ میں پر سکون ہو کر سو گیا۔ میں اکیلا ہی رہتا ہوں۔ صبح ناشتہ کرنے کے دوران بیوی بچوں نے بتایا کہ رات ٹی وی پر کوئی پروگرام تھا جس کی وجہ سے ہم لوگ رات گئے تک جاگتے رہے۔

رات تقریباً 12 بجے گلی میں سے عجیب و غریب پر اسرار سی آواز سنائی دیتی رہی۔ تھوڑی دیر بعد پر اسرار آوازیں آنا بند ہو گئیں مجھے رات والی بات یاد آگئی مگر میں نے ذکر نہیں کیا اور کہا کہ وہم ہو گا۔ اس بات پر سب ہی میرے گلے پڑ گئے اور خود کو سب ہی نے صحیح الدماغ ثابت کرنے کی کوشش کی۔ میں نے یہ کہہ کر جان چھڑائی کہ اس بات سے کوئی نقصان تو ہوا نہیں اللہ کے بھید اللہ ہی جانے اور اپنی حفظ و امان میں رکھے۔

ایک خاص بات وہ یہ کہ میرے پڑوس میں ایک تین منزل مکان ہے اس مکان کی تفصیل کافی لمبی ہے اور کافی پر اسرار بھی۔

دراصل اس مکان میں ایک گروہ جنات آباد ہے۔ یہ مکان اب پھر عرصہ آٹھ سال سے غیر آباد پڑا ہے۔ اس گروہ اجنہ سے کبھی کسی کو نقصان نہیں پہنچا۔

میں خط لکھ کر فرش پر لیٹ گیا فرش پر ایک ایسا دھماکہ ہوا کہ جیسے کسی دیو نے زمین پر پیر مارا ہو۔ اکثر مجھے ایسا محسوس ہوتا ہے۔ میری چارپائی ہل رہی ہے۔ براہ کرم میری مدد فرمائیں تاکہ آئندہ یہ صورت حال مزید خراب نہ ہو۔

ج: ایک ماہ تک نمک بالکل نہ کھائیں جو کچھ کھائیں بالکل پھیکا کھائیں یا میٹھی اشیاء استعمال کریں۔ تین وقت ایک ایک چمچہ شہد پر الرضاعت عمانویل پڑھ کر دم کرکے کھائیں۔ ایک ماہ بعد صورت حال سے مطلع کریں۔

www.ksars.org

## جسم میں آگ

س: میرے تلوؤں میں جلن رہتی ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ پیروں کے اندر انگارے بھرے ہوئے ہیں۔ سارے جسم میں آگ سی لگی رہتی ہے۔ بعض مرتبہ تو یہ گرمی اتنی شدید ہو جاتی ہے کہ محسوس ہوتا ہے کہ کوئی مجھے آگ پر سینک رہا ہے۔

ج: چٹ پٹی چیزیں اور مصالحے دار کھانا کم سے کم کر دیجئے۔ آپ کے معدہ میں حدت ہے۔ اس کو رفع کرنا بہت آسان ہے۔ گرم غذاؤں سے پرہیز کریں۔ معتدل چیزیں کھائیں۔ کچی سبزیاں زیادہ سے زیادہ استعمال کریں۔ صبح نہار منہ پیٹ بھر کر ٹھنڈا پانی پی لیا کریں۔ پانی آہستہ آہستہ کئی سانس میں پئیں۔ ایک دم نہ انڈیلیں۔ ورنہ پیٹ میں درد ہو جائے گا۔

www.ksars.org

# چ

## چلتی ہوں تو زمین ہلتی ہے

س: میں آپ کو اپنا باپ بنا کر آپ سے مشورہ لینا چاہتی ہوں۔ پہلی بات یہ کہ میرے گال ابھرے ہوئے ہیں۔ جب میں منہ بند کرتی ہوں تو سب گھر والے اور رشتہ دار میرا مذاق اڑاتے ہیں جس کی وجہ سے میں نے رشتہ داروں کے گھر جانا چھوڑ دیا ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ میرے پاؤں بہت بڑے اور بھاری ہیں۔ جب میں چلتی ہوں تو ایسا لگتا ہے کہ زمین ہل رہی ہے۔ گھر والے کہتے ہیں آہستہ نہیں چل سکتی۔

ج: صبح، شام، رات ٹھنڈے پانی سے ہاتھ دھو کر دونوں گال تھپتھپایا کریں۔ ہر وضو کے بعد کھڑی ہو کر ایک ایک لوٹا پانی دونوں پیروں پر ٹونٹی سے بہالیا کریں۔

## چار شادیاں

س: جب سے میری شادی ہوئی ہے میں اپنے شوہر کی نفرت کا نشانہ بنتی رہی ہوں۔ میرے شوہر کو کسی دوسری لڑکی سے عشق ہے۔ دن رات وہاں رہنا اور وہاں کی باتوں سے میرا دل جلانا ان کا مشغلہ ہے۔ مگر اب جبکہ شادی کو چار پانچ سال ہو گئے ہیں کچھ تو میں ان باتوں کی عادی ہو گئی ہوں، کچھ مجھے اپنے شوہر سے دیوانہ وار محبت نہیں رہی بلکہ اب تو ان سے نفرت ہوتی جارہی ہے۔

دنیاداری کی خاطر اگرچہ اندر ہی اندر گھلتی رہتی ہوں مگر بظاہر تاثر دیتی ہوں کہ مجھے اپنے شوہر سے محبت ہے جبکہ دل میں ذرہ برابر بھی محبت نہیں رہی۔ مجھے محبت کا جواب نفرت سے ملا تو میرے دل میں نفرت پروان چڑھنے لگی اور اب میں شعوری اور غیر شعوری طور پر اپنی عزت نفس کا انتقام لینے کی کوشش کرتی رہتی ہوں۔

دنیاوالوں کی بے رخی اور بے وفائی اور خودغرضی دیکھ کر طبیعت پہلے جیسے نہیں رہی۔ شوہر سے چپکے چپکے نفرت کے ساتھ ساتھ اب روحانیت کی طرف رجحان ہوتا جارہا ہے۔ مجھے اپنے شوہر سے کچھ گلہ نہیں بلکہ میں ان کی احسان مند ہوں کہ ان کے ظالمانہ رویے نے مجھے خدا کی طرف مائل کر دیا ہے۔ آپ سمجھ دار ہیں۔ مجھے بتائیں کہ جس شخص سے نفرت ہو اور وہ

www.ksars.org

شخص یعنی میرا شوہر کسی دوسری لڑکی سے تعلق رکھتا ہو اور اسے اپنی بیوی بنانا چاہتا ہو تو ایسے حالات میں اس کے ساتھ میں کس طرح رہ سکتی ہوں۔ اگر طلاق لینے کی سوچتی ہوں تو معاشرے میں ایک مطلقہ کی کوئی حیثیت ہی نہیں ہے۔ میں عجیب دوراہے پر کھڑی ہوئی ہوں۔ نہ آر ہوتی ہوں، نہ پار۔ ایک بیٹے کی ماں بھی ہوں۔ ذہنی طور پر میں ایک سوکن برداشت نہیں کر سکتی بلکہ ایسا سوچ کر بھی دماغ الٹتا ہے اور اگر طلاق لیتی ہوں تو معاشرہ کا کس طرح سامنا کروں گی۔

شوہر اس بات پر بضد ہیں کہ شریعت نے چار شادیوں کی اجازت دی ہے۔ اگر تم اجازت نہیں دو گی تو تم دوزخ میں جلو گی۔ میں تو ویسے ہی دوزخ میں جل رہی ہوں۔ آپ کیا مشورہ دیتے ہیں؟ کیا میں جیتے جی دوزخ قبول کر لوں؟

ج: قرآن پاک کا ارشاد ہے، تم دو دو، چار چار شادیاں کر سکتے ہو اگر تم انصاف کر سکو اور اللہ جانتا ہے کہ تم انصاف نہیں کر سکتے۔

اس کا مطلب یہ ہوا کہ جو شخص یہ کہتا ہے کہ وہ دوسری شادی کرنے کے بعد انصاف کر سکتا ہے وہ اللہ میاں کے فرمان کو چیلنج کر رہا ہے۔ جو بندہ اللہ میاں کے فرمان کو چیلنج کرتا ہے اس کا حشر کیا ہو گا۔ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کو معلوم ہے۔ آپ اپنے شوہر کو دوسری شادی کی اجازت نہ دیں۔

روزانہ مراقبہ کیا کریں۔ مراقبہ میں اپنے شوہر کا تصور کر کے دم کر دیا کریں۔

## چھ سال سے نیند کے لئے ترس رہی ہوں!

س: دو تین سال قبل آپ کی طرف تین چار خطوط لکھے۔ مگر آپ نے کوئی خاص اہمیت نہیں دی۔ کبھی دو لائنوں کا جواب دے کر ٹرخا دیا اور کبھی خالی دعاؤں سے پیٹ بھر دیا۔ خیر مجھے آپ سے شکایت نہیں اور نہ ہی شکایتیں لکھنے کی خاطر یہ خط لکھ رہی ہوں۔ سیدھی سچی بات کہنے اور لکھنے کی خاطر یہ خط لکھ رہی ہوں۔ سیدھی سچی بات کہنے اور لکھنے کی عادی ہوں اور محبت اور احترام کی نمائش کو پسند نہیں کرتی۔ اس لئے لمبے چوڑے القاب اور تعریفیں نہیں لکھ رہی ہوں میں تو بس یہ سمجھتی ہوں آپ دوسروں کے دکھوں پر مرہم رکھتے ہیں لوگوں کے لئے امید کی کرن ہیں۔ ایسے احسانات کا بدلہ اللہ تعالیٰ کے سوا اور کون دے سکتا ہے؟

میں آج کل ذہنی طور پر اپ سیٹ ہوں۔ پچھلے تین چار ماہ سے آپ کی طرف خط لکھ کر مشورہ لینے کا خیال بار بار آتا رہا ہے۔ ہر بار کسی دوسرے خیال نے رکاوٹ ڈالی۔ کئی دنوں سے یہ خواہش شدید تھی اور آج میں نے تین چار بار کاغذ قلم اٹھایا اور رکھا ہے اپنی ان سوچوں سے پریشان ہو کر کہ آیا میرے لکھے کو سچ سمجھیں گے، انتظار کی کتنی گھڑیاں گن گن کر بتاتی ہوں گی اور کیا میں آپ کے مشوروں پر عمل کر سکوں گی۔ وغیرہ وغیرہ۔

لیکن اب لکھنا شروع کیا ہے تو اصل بات کی طرف آتی ہوں اور امید کرتی ہوں کہ میرے مسئلے کی طرف ضرور اور جلد توجہ فرمائیں گے۔ میں پچھلے پانچ چھ سال سے ڈپریشن، ٹینشن، ہائی بلڈ پریشر، ہلکا بخار اور بے خوابی جیسی بیماریوں میں مبتلا رہی

www.ksars.org

ہوں۔ علاج معالجے کے ساتھ ڈاکٹر حضرات اکثر خواب آور گولیاں بھی دے دیتے تھے۔ جو میں مہینہ استعمال کرنے کے بعد چھوڑ دیتی تھی۔ اب ڈاکٹر مجھے تنبیہ کرتے ہیں کہ یہ گولیاں کھانا چھوڑ دوں۔ لیکن ذہنی پریشانیاں اور شیاٹیکا کے درد سے تنگ رہنے کی وجہ سے گولیاں کھاتی رہتی ہوں۔ پچھلے چند ماہ سے ان گولیوں سے طبیعت میں عجیب سی اکتاہٹ اور چڑپیدا ہو گئی ہے۔ میں نے ان گولیوں کو آہستہ آہستہ چھوڑنا شروع کیا اور ذہن کو اس رخ پر تیار کیا۔ قدرتی نیند سونے کی کوشش کرو اور اگر نیند نہیں بھی آتی تو طبیعت نارمل رہے اور کافی حد تک اس میں کامیاب بھی رہی۔ لیکن پھر جب ساری ساری رات نیند نہیں آئے تو بہت پریشانی ہوتی ہے۔ سر میں درد شروع ہو جاتا ہے اور شیاٹیکا کی تکلیف بڑھ جاتی ہے۔ دیسی اور ہومیوپیتھک نسخے بھی استعمال کر چکی ہوں۔ یوگا، ذہنی یکسوئی اور مراقبہ سے بھی کوئی خاص فائدہ نہیں ہوا۔ سر میں تیل کی مالش کرتی ہوں۔ غذا کا خاص خیال رکھتی ہوں۔ رات کو آدھ لیٹر خالص دودھ پیتی ہوں۔ سب ٹوٹکے بھی آزما چکی ہوں۔ رنگ و روشنی والا علاج نہ بتائیں میں ایسا عمل نہیں کر سکتی۔ یہ میں اس لئے لکھ رہی ہوں کہ میں تو سارا وقت معذوروں کی طرح تخت پر لیٹی ہوں۔ اپنے بہت مجبوری کے کام ہی کر سکتی ہوں۔ کوئی اولاد بھی میری مدد نہیں کرے گی اور نہ ہی میں بہت زیادہ خرچہ کر سکتی ہوں۔

ج: جمال گوٹہ (پستہ کی طرح ایک دوا ہوتی ہے جس کے کھانے سے دست آجاتے ہیں) ایک عدد لے کر اس میں سوئی چبھو دیں اور یہ سوئی نکال کر پیشانی پر اس مخالف سمت جس طرف درد ہوتا ہے بھنوؤں کی جڑوں میں چبھو دیں۔۔۔۔۔ صرف ایک مرتبہ ایسا کر لینے سے سر کا درد شقیقہ (آدھا سر کا درد) ختم ہو جاتا ہے۔ جمال گوٹہ میں چبھونے سے پہلے، سوئی کو پانی میں اچھی طرح پکا کر خشک کر لینا چاہئے۔

ایک ہفتہ تک روزانہ سوئے کی دو گڈیاں شام کے وقت سرہانے کے دونوں طرف رکھ لیا کریں اور دائیں بائیں کروٹ سے اس کی خوشبو سونگھا کریں۔

## چیخیں

س: بیماری سے بہت دکھی ہو کر آج آپ کو خط لکھ رہی ہوں۔ امید ہے ضرور رحم فرما کر علاج تجویز فرمائیں گے۔

دو سال سے میرے پیٹ میں شدید درد اٹھتا ہے جو کہ پیٹ سے اٹھ کر کلیجہ، پسلیوں اور سینہ کی طرف چڑھ آتا ہے۔ پھر ان جگہوں میں اتنا شدید درد ہوتا ہے کہ میری چیخیں دور دور تک سنی جاتی ہیں۔ درد کی شدت سے سانس لینا دشوار ہو جاتا ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ اوپر کے تمام اعضاء سوج گئے ہیں۔ معدہ اور جگر درد سے بھاری ہو جاتے ہیں۔ ڈکار بھی آئے تو شدید درد محسوس ہوتا ہے۔

پھیپھڑوں میں ہوا بھر جاتی ہے۔ جس وقت سینہ میں، پیٹ میں، پشت پر درد ہوتا ہے تو نہ میں ہل جل سکتی ہوں اور نہ سیدھی ہو سکتی ہوں۔ درد کی شدت سے میں اپنی چیخیں نہیں روک سکتی۔ زمین پر لیٹتی تڑپتی پھرتی ہوں۔ تھوک نگلتی ہوں تو گڑ گڑ کرتی نیچے جاتی معلوم ہوتی ہے۔ معدے سے ایک لیس دار رطوبت بہت ہو جاتی ہے۔ کبھی کبھی بغیر درد کے دست بھی لگ

www.ksars.org

جاتے ہیں۔ خالی پیٹ بھی ہوا کی ڈکاریں آتی ہیں۔ دال نہیں کھا سکتی۔ برف نہیں پی سکتی۔ خدا کے واسطے دوا اور دعا دونوں سے نوازیئے۔ علاج جلدی لکھئے۔ میں بہت دکھی ہوں۔ میری عمر38 سال ہے۔

ج: چینی کی دو عدد سفید پلیٹوں پر زردہ کے رنگ اور عرق گلاب سے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ ایک بار۔ رِیَا حِیْنَ مَاءٍ 12 مرتبہ لکھ کر پانی سے دھو کر صبح شام پئیں۔

پودینہ، سونف، بڑی الائچی کے بیج، سونٹھ، زیرہ سفید۔ سب چیزیں ہم وزن لے کر ہاون دستہ میں کوٹ کر سفوف بنا لیں۔ دونوں وقت کھانوں سے پہلے ایک ایک چٹکی کھا لیا کریں۔

چکنی، تلی ہوئی، باسی اور بادی چیزوں سے پرہیز کریں۔

## چڑیلوں کی فلم

س: یہ خط میں اپنی بیٹی کی طرف سے لکھ رہی ہوں۔ وہ سوتے جاگتے دیکھتی ہے کہ بہت بڑا گڑھا ہے جس میں گر رہی ہوں اور پھر تصویر ختم ہو جاتی ہے۔

بدصورت بوڑھی چڑیل جس کی ناک طوطے کی طرح لمبی ہے اور سیاہ کپڑے پہنے ہوئے ہے مجھے ہنڈیا میں پکاتی ہے اور چمچہ لے کر مجھے ہلاتی ہے۔ پانی ابل رہا ہے بھاپ نکل رہی ہے اور باہر نکلنے کی کوشش کرتی ہوں، سر اونچا کرتی ہوں تو میری آنکھ کھل جاتی ہے۔

یہ صرف خواب کی کیفیات ہیں۔ جاگتے میں دیکھتی ہے کہ دھند مجھے کام کرنے سے روکتی ہے۔ ٹھیک کام کروں تو روکتی ہے اور غلط سکھاتی ہے اور غلط باتوں اور بیوقوفی کرنے کی طرف لاتی ہے۔ سوچنے سمجھنے کی صلاحیتوں کو ختم کر دیتی ہے اور میں محسوس کرتی ہوں کہ کوئی اور مجھے کنٹرول کر رہا ہے۔

ایک دن دوپہر کو میں صوفے پر بیٹھی تھی تو وہ دھند مجھے حقیقت میں نظر آئی۔ اس کا رنگ گرے (Grey) ہے اور میں قید خانے میں ہوں جس کی ایک دیوار ہے وہ دھند ہے اس میں دراڑیں ہیں اور ان دراڑوں کے پار میں لوگوں کو دیکھتی ہوں۔ اور یہ دھند مجھے اپنی یہ پرابلم دوسروں کو بتانے سے روکتی ہے۔ کہتی ہے تم جھوٹ بولتی ہو اور اگر تم بتا بھی دو تو دوسرے لوگ یقین نہیں کرینگے اور مجھے دوسروں سے بات کرنے سے روکتی ہے۔

ج: اپنی بیٹی کو روزانہ ایک ایک چمچی صبح شام شہد کھلائیں اور بیٹی سے کہیں کہ ٹی وی پر چڑیلوں اور شیطان صفت فلمیں نہ دیکھا کرے۔ رات کو سونے سے پہلے اولیاء اللہ اور صحابہ کرام کے قصے پڑھ کر سویا کرے۔ انشاء اللہ بیداری اور خواب میں چڑیلیں نظر آنا بند ہو جائے گا۔

www.ksars.org

## چہل قدمی

س: میری عمر 30 سال ہے۔ شادی کو ایک سال ہو گیا ہے۔ ایک بچی ہے مسئلہ یہ ہے کہ میں سوچتا بہت ہوں ایسا لگتا ہے کہ میں پاگل ہو جاؤں گا۔ دماغی توازن صحیح کام نہیں کرتا ہے۔ سر میں درد ہے۔ یوں محسوس ہوتا ہے کہ سر پر بھاری وزن رکھا ہے۔ جسمانی طور پر کمزور سے کمزور ہوتا جارہا ہوں۔ خدا اور موت سے بہت ڈرتا ہوں۔ برائے مہربانی مجھے اس کا کوئی حل بتائیں۔ میں بہت پریشان ہوں۔

ج: خدا سے محبت کریں، ڈریں نہیں۔ خدا 70 ماؤں سے زیادہ محبت کرتا ہے۔ کھانے میں میٹھی چیزیں زیادہ کھائیں اور روزانہ صبح کے وقت کسی لان میں لمبے لمبے سانس لے کر چہل قدمی کریں۔

www.ksars.org

# ح

## حق باہو

س:14 سال سے کوئی غیبی طاقت مجھے تڑپا رہی ہے۔ تمام جسم ہلتا ہے میرا جسم کا تمام خون چوسا جا رہا ہے۔ 14 سال پہلے میٹرک کے امتحان کی تیاری کر رہا تھا اور میں اپنے محلے کے قریب ایک باغ میں جا کر پڑھا کرتا تھا وہیں میری جان پر یہ مصیبت نازل ہوئی ہے۔ میں نے اس کا کافی علاج کیا مگر کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ سوکھ کر کانٹا ہو گیا تھا میرا جسم بالکل کمزور ہو چکا تھا پھر ہمارے محلے کی مسجد کے پیش امام نے مجھے تعویذ دیا اور کہا کہ اس کے اوپر پاؤں رکھ کر غسل کرو اور پھر اس کو گندی نالی میں ڈال دو۔ میں نے اسی طرح کیا مگر کوئی نتیجہ نہیں نکلا۔ آسیب اور بدروحیں مجھے جونک بن کر لپٹ گئے اور میرا خون چوس چوس کر مجھے کھوکھلا کر دیا ہے۔

ج: رات کو سوتے وقت ''حق باہو'' کا نعرہ لگائیں اور آسیب یا جو کچھ بھی ہے اس سے مخاطب ہو کر کہیں کہ مجھے چھوڑ دے عرصہ 40 روز کے عمل سے نجات مل جائے گی۔

## حضرت علیؓ کا ارشاد

س: میں یہ نہیں چاہتی کہ میرے شوہر صرف میرے ہو جائیں مگر اتنا ضرور چاہتی ہوں کہ شوہر کی نظر میں میری اہمیت ہو۔ میرے ساتھ بڑی ٹریجڈی یہ ہوئی ہے کہ ان کا دل میری طرف سے شک کی بنا پر برا ہو گیا ہے۔ انہوں نے پورے گھر کے سامنے مجھے بے غیرت قرار دیا حالانکہ خدا گواہ ہے کہ میں بالکل پاک صاف ہوں۔ میری اپنے گھر آنے جانے پر پابندی ہے۔ شوہر خود ساتھ جاتے ہیں۔ رات کو وہاں رہنے نہیں دیتے۔ میں گھر میں صرف خدمت کرنے کے لئے ہوں۔ سارے گھر کا کام کرتی ہوں، اس پر بھی بری ہوں۔ نند کے ہاتھ سے پٹ بھی چکی ہوں۔ مجھ پر سارے گھر کی کڑی نظر رہتی ہے کہ میں کسی سے بات تو نہیں کر رہی ہوں۔ میرے شوہر مجھ سے بہت محبت کرتے تھے مگر اب ان کا رویہ بھی بدل گیا ہے۔ اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ سوا دو سال شادی کو ہو گئے اب تک کوئی اولاد نہیں ہوئی۔ سسرال والے کہتے ہیں کہ میں ہر دفعہ ضائع کرا دیتی ہوں۔ میں ایسی لڑکی تھی کہ ہر وقت ہنستی ہی رہتی تھی اور اب تو ہنستے ہوئے ڈر لگتا ہے کہ کہیں پٹائی نہ ہو جائے۔ کسی بات کا جواب نہیں دیتی۔ پھر بھی وہ مجھے مارتے اور ذلیل کرتے ہیں اور پھر رات کو منا لیتے ہیں کہ تم تو اپنی ہو۔ ان لوگوں کو اگر ناراض کر دوں گا تو برا ہو گا۔ میں ان کی چکنی چپڑی باتیں سن کر مان جاتی ہوں۔ لیکن سوال یہ ہے کہ یہ ذلت مجھے کب تک برداشت کرنی ہو گی۔ میں خدانخواستہ ان سے الگ ہونا نہیں چاہتی میں ساری زندگی ان کی اور گھر والوں کی خدمت گزاری کے لئے تیار ہوں مگر وہ مجھے ذلیل نہ کریں، مجھ سے محبت کریں۔

www.ksars.org

ج: رات کو سونے سے پہلے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف کے ساتھ 41 بار سوہ اخلاص پوری سورہ پڑھ کر اپنے شوہر کا تصور کرتے کرتے سو جائیں۔ ایک نیند لینے کے بعد بات کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ آدمی کو بالکل مٹی کا مادھو نہیں بن جانا چاہئے۔ ہر آدمی کی اپنی شخصیت ہوتی ہے۔ اپنا ایک مقام ہوتا ہے۔ جب کوئی خود ہی مٹی بن جاتا ہے تو معاشرہ کے لوگ اسے پیروں میں روندتے ہیں۔ آپ اپنے آپ کو اجاگر کیجئے اور حکمت کے ساتھ، بردباری کے ساتھ لوگوں کی باتوں کا جواب دیجئے۔ حضرت علیؓ کا ارشاد ہے کہ مومن اپنا حق چھوڑتا نہیں ہے اور دوسروں کا حق مارتا نہیں ہے۔

## حقیقی کل کبھی نہیں آتی

س: میں گیارہویں جماعت سائنس کا طالب علم ہوں۔ مجھے پڑھنے کا بہت شوق ہے لیکن جب کتابیں لے کر پڑھنے بیٹھتا ہوں تو ہزاروں خیالات دل میں پیدا ہو جاتے ہیں۔ اس وجہ سے دل میں یہ خیال کرتا ہوں کہ آج نہیں کل پڑھ لوں گا لیکن جب دوسرے دن پڑھنے بیٹھتا ہوں تو پھر وہی حالت ہو جاتی ہے۔ کل کا خیال کر کے چھوڑ دیتا ہوں۔ امتحانات قریب ہیں نہ معلوم میری حقیقی کل کون سی ہو گی۔ یہ بھی چاہتا ہوں کہ امتحان میں اچھے نمبروں میں پاس ہو جاؤں۔ براہ کرم آپ اس حالت کو دور کرنے اور امتحان میں اچھے نمبر لانے کے لئے کوئی آسان وظیفہ بتا دیجئے۔ جیسا کہ میں عرض کر چکا ہوں کہ میں گیارہویں جماعت کا طالب علم ہوں۔

میرے کالج میں ایک لڑکا بی ایس سی میں پڑھتا ہے۔ فطری طور پر مجھے ان کی کچھ خصلتیں اس طرح پسند آ چکی ہیں کہ بھولنے کا ارادہ کرتے ہوئے بھی نہیں بھولتا۔ رات کو ایک دو مرتبہ خواب میں بھی دیکھ چکا ہوں اور ایسے خیالات کے سبب کچھ پوری رات نیند بھی نہیں آتی۔ کالج میں انہیں دیکھ کر مجھے دلی سکون پہنچتا ہے اگر نہیں دیکھتا تو بڑی بے چینی پیدا ہو جاتی ہے۔ میری نیت صاف ہے۔ صرف ان سے دوستی کر کے دلی سکون حاصل کرنا چاہتا ہوں۔ ان سے روبرو بات کرنے کی ہمت نہیں ہوتی۔ آپ مہربانی فرما کر کوئی ایسا وظیفہ بتا دیجئے کہ وہ صاحب میرے گہرے دوست بن جائیں اور میری بے چینی ختم ہو جائے۔

ج: دوست کی ہمدردیاں حاصل کرنے کے لئے رات کو سوتے وقت اکتالیس مرتبہ کٓھٰیٰعٓصٓ (کاف ہا یا عین ص) پڑھ کر مطلوبہ دوست کا تصور کریں اور تصور کے عالم میں سو جائیں۔ حقیقی کل کبھی نہیں آتی۔ جو لوگ آج کا کام کل پر چھوڑنے کے عادی ہوتے ہیں وہ زندگی میں ناکام رہتے ہیں۔ یہ صورت قوت ارادی اور خود اعتمادی میں کمی سے پیدا ہوتی ہے اس کا علاج بہت آسان ہے۔ ہر وقت باوضو رہنے کی کوشش کریں۔ رات کو سونے سے پہلے بھی وضو کر لیا کریں۔

www.ksars.org

# خ

## خونی بواسیر

س:4 سال سے خونی بواسیر کا مرض ہے۔ جب سے یہ مرض لگا ہے اور بھی کئی بیماریاں لگ گئی ہیں۔ مقام خاص پر روزانہ کھولن ہوتی ہے۔ اندر ہی اندر آگ سی لگتی ہے جبکہ مرچیں ایک ذرہ بھی استعمال نہیں کر رہی ہوں۔ ڈاکٹر حکیم کہتے ہیں معدے میں تیزابیت ہے۔ ڈھائی مہینے کے علاج کے بعد پھر تکلیف ہے۔

ہر ڈیڑھ مہینے کے بعد حلق میں تکلیف شروع ہو جاتی ہے۔ تھوک نگلنے سے یا حلق میں کوئی چیز ڈالنے سے ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے حلق میں کوئی چیز پھنسی ہوئی ہے۔

زبان میں بھی کبھی کبھی جلن ہو جاتی ہے۔ زبان پر انگلی پھیرو تو ابھری ابھری سی اور کٹی کٹی سی لگتی ہے۔

ہاتھ پیروں میں سنسناہٹ رہتی ہے۔ ہاتھ پیر بھاری اور من من بھر کے محسوس ہوتے ہیں۔

ج: حبس ریاح، قبض، بند نزلہ اور معدے میں تیزابیت آپ کے امراض ہیں۔ اگر قبض کا صحیح علاج ہو جائے تو آدھی بیماریاں خود بخود ٹھیک ہو جائیں گی۔ لیکن علاج کسی تجربہ کار معالج کی نگرانی میں ہونا چاہئے۔ روحانی علاج یہ ہے۔

جب بھی آپ طہارت کریں الٹے ہاتھ کی بڑی انگلی سے استنجا کریں اور زبان سے مَآئً قَمِیْرًا پڑھتی رہیں۔ علاج کی مدت چالیس روز ہے۔ اس کے ساتھ مادی علاج اور پرہیز بھی ضروری ہے۔

## خاوند مجھے لہولہان کر دیتے ہیں

س: میں آٹھ بچوں کی ماں ہوں۔ شوہر بہت ظالم اور بے حس ہیں۔ چونکہ ایک شریف خاندان سے تعلق رکھتی ہوں اس لئے عزت کی خاطر سب کچھ برداشت کرتی چلی آئی ہوں۔ روز روز بک بک جھک جھک سے بڑی لڑکی خود سر ہو گئی ہے۔ باپ نے بچوں پر اس قدر ظلم کیا ہے کہ وہ باپ کو اپنا دشمن سمجھنے لگے ہیں۔ اب بھی جب انہیں غصہ آتا ہے تو معصوم بچوں کو اتنا مارتے ہیں کہ ان کے جسم سے خون بہنے لگتا ہے۔ میں کچھ کہتی ہوں تو مجھے بھی زدو کوب کر کے لہولہان کر دیتے ہیں۔ میں چاہتی ہوں کہ بچوں کے باپ جرمنی یا کینیڈا چلے جائیں تاکہ ہم لوگ بھی سکھ کا سانس لے سکیں۔

ج: صبح فجر کی نماز کے بعد سورج طلوع ہونے سے پہلے ایک گلاس پانی پر ایک مرتبہ یا ودود پڑھ کر دم کریں اور پانی مٹکے یا صراحی میں ڈال دیں تاکہ سب گھر والے یہ پانی پی سکیں۔ انشاء اللہ چند ہفتوں کے اس عمل سے آپ کے شوہر کے مزاج میں تبدیلی واقع ہو جائے گی اور وہ سب کے ساتھ مروت سے پیش آئیں گے۔

www.ksars.org

## خانگی مسائل

ج: رات کو جلدی سو جائیں تا کہ صبح اذان کے وقت آنکھ کھل جائے۔ فجر کی اذان ہونے کے بعد وضو کر کے دو سنتیں ادا کریں اور مصلیٰ پر کھڑے یا کھڑی ہو کر قبلہ رخ کی بجائے شمال رخ گھوم جائیں اور دونوں ہاتھ سر پر رکھ کر (اس وقت سر پر ٹوپی یا دوپٹہ نہیں ہونا چاہئے) دل ہی دل میں اندازے سے سو بار اَلْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیں۔ اور فجر کے دو فرض ادا کریں۔ نماز کے بعد مصلیٰ پر ہی بیٹھ کر مراقبہ کریں۔ مراقبہ میں آنکھیں بند کر کے یہ تصور کریں کہ میں خانہ کعبہ میں ہوں اور خانہ کعبہ پر نور کی بارش ہو رہی ہے۔ اندازاً دس منٹ کے بعد آنکھیں کھول دیں اور اپنے اپنے مقاصد کے حصول کے لئے دعا کریں۔ جن کاموں کے لئے دعا کرنی ہے وہ پہلے سے ایک کاغذ پر لکھ کر رکھ لیں۔ چالیس روز تک یہ کاغذ پر لکھی ہوئی عبارت دہرانی ہے۔ لکھی ہوئی عبارت کو کم سے کم پانچ مرتبہ دہرائیں۔

## خوبصورت شوہر بدصورت بیوی

س: میرا مسئلہ یہ ہے کہ میں خاندان میں سب سے کمتر ہوں یعنی میرے نقوش موٹے موٹے بھدے ہیں۔ رنگ بہت ہی زیادہ سانولہ، چہرے پر دانے اور داغ ہیں۔ میرے پورے سراپے میں کوئی دلکشی اور خوبصورتی نہیں جبکہ میرے خاندان اور میری بہنیں خوبصورت ہیں۔ مزید یہ کہ جن صاحب سے میرا نکاح ہوا ہے وہ بہت خوبصورت ہیں۔ ان کا خاندان بھی بہت خوبصورت ہے خاص کر لڑکیاں بہت ہی خوبصورت ہیں۔ میں بدصورتی کی وجہ سے ہر جگہ نظر انداز کی جاتی ہوں۔ مذاق کا نشانہ بھی بنتی ہوں۔ شوہر چاہنے کے باوجود اکثر مجھے رنگ اور شکل کا طعنہ دیتے ہیں۔ ہر حال میں شکل و صورت کی وجہ سے بہت عذاب سے گزرتی ہوں۔ سسرال والوں سے کتراتی ہوں لوگوں سے نہیں ملتی کسی جگہ نہیں جاتی ہر لمحہ کرب اور عذاب میں گزرتا ہے۔ اب چار ماہ بعد میری رخصتی ہونے والی ہے اور میری جان نکل رہی ہے کہ سسرال میں کس طرح خوبصورت خاوند کے ساتھ رہوں گی۔

آپ ایسا عمل تحریر فرمادیں کہ میرا چہرہ حسین اور خوبصورت ہو جائے اور رخصتی سے پہلے میں سراپا حسن بن جاؤں۔ اپنے خاندان اور سسرال کے خاندان میں سب سے زیادہ دلکش اور خوبصورت ہو جاؤں۔ میرے نقش و نگار پر کشش اور خوبصورت ہو جائیں۔

خدا اور رسول ﷺ کے واسطے پہلی فرصت میں جواب دیں۔ خدا کے لئے میری بے بسی اور مجبوری پر رحم کریں۔ شدت سے جواب کی منتظر ہوں۔

ج: سب کاموں سے فارغ ہونے کے بعد رات کو سونے سے پہلے شیشے کے ایک مرتبان (Jar) میں اوپر کا ایک چوتھائی حصہ خالی چھوڑ کر پانی بھر دیں۔ پانی میں ہلکا نیلا رنگ ملا دیں کہ پانی گہرا نیلا نہ ہو۔ اس جار کو میز یا لکڑی کے اسٹول پر رکھ دیں اور کرسی پر بیٹھ کر مرتبان کے اندر آسمانی رنگ پانی پر نظر جمائیں۔ جب نظر ٹھہر جائے تو ارادہ کی قوت سے پانی کو حرکت دیں یعنی یہ تصور کریں کہ پانی جار کے اندر چکر کھا رہا ہے۔

www.ksars.org

اس عمل سے آپ کے اندر یہ احساس کہ آپ بدصورت ہیں ختم ہو جائے گا اور آپ خود اپنے اندر بے پناہ نسوانی کشش محسوس کریں گی۔ ظاہر ہے جو آدمی خود کو بدصورت نہیں سمجھتا لوگ اسے خوبصورت سمجھتے اور دیکھتے ہیں۔

## خون جوش مارتا ہے

س: میری کیفیت عجیب طرح کی ہو گئی ہے خون اندر سے بہت جوش مارتا ہے دل عجیب ہو گیا ہے ڈر بہت لگتا ہے۔ کبھی کبھی بہت پر سکون ہو جاتی ہوں لیکن کچھ دیر بعد وہی گھبراہٹ اور عجیب سی بے چینی رہتی ہے۔ سمجھ میں نہیں آتا میں اب کہاں جاؤں۔ دنیا سے مجھے نفرت ہے۔ اب دین کا حال بھی خدا جانتا ہے۔ پھر میں کہاں جاؤں۔ پناہ کہاں تلاش کروں۔ یہاں تو بھروسہ اور وفا بہت ہی بے کار چیزیں ہیں۔ کسی کو کچھ نہیں کہہ سکتی ہوں۔

اگر گھر میں میری شادی کا ذکر ہوتا ہے تو میری عجیب حالت ہو جاتی ہے۔ لگتا ہے کہ جان نکل جائے گی۔ بڑی مشکل سے خود پر کنٹرول کرتی ہوں۔ مجھ سے خوشبو بھی کسی قسم کی برداشت نہیں ہوتی ہے۔ پہلے میرے خواب میں بہت خوبصورت لڑکے آتے تھے۔ لیکن اب خدا کا شکر ہے کہ کوئی نہیں آتا۔ چلتے چلتے پتہ نہیں مجھے کیا ہو جاتا تھا کہ میرا دماغ کھو جاتا تھا۔ تھوڑی دیر کے بعد پریشان ہو کر اپنے ساتھ امی، بہن وغیرہ سے پوچھتی تھی کہ میں کہاں ہوں۔ لیکن آپ کا شکریہ جب سے میں نے آپ کے کہنے پر عمل کیا ہے۔ ان باتوں سے نجات مل گئی ہے۔

ج: جو عمل آپ کے لئے تجویز کیا گیا ہے اس میں کمی کر دیں اس کے بجائے آپ ہر وقت یا حی یا قیوم کا ورد کریں۔ آپ ہر نماز کے بعد 100 بار یاودود پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کریں۔ انشاءاللہ آپ کو مزید سکون ملے گا۔

## خود اعتماد شخصیت

س: پتہ نہیں کہ میں کسی موذی بیماری میں مبتلا ہوں نہ کسی سے بات کر سکتی ہوں نہ کسی کے سوال کا جواب دے سکتی ہوں۔ عجیب کیفیت ہو جاتی ہے۔ کسی سے بات کرتی ہوں تو غلط جملہ ادا ہوتا ہے۔ خود اعتمادی نہیں ہے۔ چہرے پر رونق نہیں ہے۔ دل پر ہر وقت ایک خوف طاری رہتا ہے کوئی آ جائے گا۔ مذہب کی طرف بہت زیادہ لگاؤ ہے۔ لیکن نماز میں انتہائی برے خیالات آتے رہتے ہیں۔

میرے بزرگ کوئی علاج بتایئے یا کوئی ایسا وظیفہ بتایئے کہ میں ایک پر وقار اور خود اعتماد شخصیت کی مالک عورت کہلاؤں۔ دوسری عورتوں کو دیکھتی ہوں تو اللہ پاک سے دعا کرتی ہوں۔

ج: کتاب روحانی علاج میں عقیدہ خراب ہونے کا جو عمل ہے اس کے مطابق چالیس روز تک عمل کریں۔ رات کو سوتے وقت پندرہ منٹ تک نیلی روشنیوں کا مراقبہ کریں۔ چلتے پھرتے وضو اور بغیر وضو یاحفیظُ پڑھتی رہیں۔

www.ksars.org

## خوبصورت مرد

س: جناب عالی عرض یہ ہے کہ اس وقت میں آپ سے ایک درخواست کر رہا ہوں کہ آپ عورتوں کے لئے خوبصورتی اور حسن کا عمل تحریر کرتے ہیں۔یعنی ''حوروں والا مراقبہ'' جبکہ مرد حضرات بھی روحانی ڈائجسٹ پڑھتے ہیں لیکن آپ نے ابھی تک مردوں کے لئے کوئی ایسا عمل تحریر نہیں کیا۔ جس سے وہ مرد جو اسے کرے تو دنیا کا حسین ترین مرد بن جائے اور اس کے اندر کشش و جاذبیت کا یہ عالم ہو کہ دیکھنے والے دیکھتے رہ جائیں۔ خواجہ صاحب! جس طرح عورتوں کی خواہش ہوتی ہے کہ وہ خوبصورت اور پر کشش ہوں اسی طرح مردوں کے جذبات بھی ہوتے ہیں کہ وہ نہایت حسین اور خوبصورت نظر آئیں۔ خوبصورتی صرف عورتوں کا ہی حصہ نہیں ہے۔ اگر یہ بات ہوتی تو اس دنیا کا حسین ترین انسان یعنی حضرت یوسف علیہ السلام مرد نہ ہوتے۔

خدا تعالیٰ بڑا رحیم و کریم ہے۔اسے اپنی ساری مخلوق کا خیال ہے۔خواجہ صاحب! آپ کو آپ کے پیر و مرشد کا واسطہ اس دفعہ کے روحانی ڈائجسٹ میں مردوں کی خوبصورتی کا ایسا راز ضرور تحریر فرمایئے گا جس کے کرنے سے مرد کے اندر بلا کی خوبصورتی اور کشش پیدا ہو جائے۔

ج: کثرت سے یا حی یا قیوم کا ورد کریں اور قد آدم آئینہ کے سامنے پشت کی طرف سے کھڑے ہو کر نماز کی طرح نیت باندھ لیں اور تین سو مرتبہ اَللّٰہُ جَمِیْلٌ وَیُحِبُّ الْجَمَالُ پڑھ کر شمال رخ مراقبہ میں بیٹھ جائیں اور یہ تصور کریں کہ میرے اوپر مرکری روشنیوں کی بارش برس رہی ہے۔ روزانہ پندرہ منٹ تک یہ عمل کریں۔

## خسرہ کا ٹیکہ

س: میں آپ کے روحانی علم سے بے حد متاثر ہوں اور آپ کی تحریر کردہ کتابوں کا مطالعہ میرا مشغلہ ہے۔ بلکہ مسائل کے حل کے لئے اپنے ساتھیوں اور جاننے والوں کو بھی کتاب ''رنگ اور روشنی سے علاج'' اور ''روحانی علاج'' سے مستفید ہونے کا مشورہ دیتی ہوں اور خود بھی اپنے چھوٹے موٹے مسائل خود حل کر لیتی ہوں۔ اس علاج میں بڑی شفا ہے۔ میری بچی جس کی عمر اس وقت 7 سال ہے۔ اس کو دنیا جہان کی ہومیوپیتھک، ایلوپیتھک اور گھریلو آزمودہ دواؤں کے بعد آپ کے ہدایت کردہ نسخہ نیلی شعاعوں کا تیل لگانا شروع کر دیا ہے۔ آپ سے مشورے کی طالب ہوں تاکہ بچی کے سر کے بال مکمل طور پر گھنے ہو جائیں۔ اس کے سر پر گیہوں کے دانے کے برابر کہیں کہیں چکنے نشان نظر آتے ہیں۔ بالوں کی جڑوں میں سخت درد ہوتا ہے۔ بال پکڑو تو وہ روتی ہے۔ کنگھی میں بال نکل آتے ہیں۔ ایک بال پکڑو تو کئی ٹوٹ جاتے ہیں۔ ایک دفعہ گنجا کروا دیں تو بال بہت دنوں میں نکلتے ہیں۔

ویسے بچی ماشاءاللہ ذہین ہے۔ نیلی شعاعوں کا تیل لگانے سے کچھ بالوں کے بڑھنے کی رفتار میں فرق آیا ہے مگر اس کی جڑیں ابھی بھی دکھتی ہیں۔ میری صرف ایک ہی بچی ہے میں چاہتی ہوں کہ یہ بیماری کا شکار نہ ہو۔ ہر سال اس کو خسرہ کا حملہ بھی ضرور ہوتا ہے۔

www.ksars.org

اس کی صحت ٹھیک نہیں رہتی۔ اتنی توجہ کے بعد بھی ہمیں ہر وقت اس کا فکر رہتا ہے۔

ج: نیلی شعاعوں کا تیل جو آپ تیار کر کے استعمال کر رہی ہیں۔ صحیح علاج ہے۔ تین ماہ تک استعمال کرائیں۔ کھانوں میں چٹ پٹی اور کھٹی چیزوں سے پرہیز کرائیں۔ پہلی فرصت میں خسرہ کا ٹیکہ لگوائیں۔ زیادہ چکنائی بھی بچی کے لئے مضر ہے۔

## خوبصورتی

س: بابا جان! میں ایک بدصورت لڑکی ہوں اپنی عمر سے بڑی لگتی ہوں۔ مجھے کوئی ایسا وظیفہ بتادیں جس سے میں پر کشش ہو جاؤں اور میرا رنگ سرخ و سفید ہو جائے۔ لوگوں کے طعنوں سے نجات مل جائے۔ کوئی کہتا ہے تیرا رنگ کتنا کالا ہے، کوئی میری ناک آنکھوں میں نقص نکالتا ہے۔ حالانکہ خوش اخلاق ہوں۔ سب کی طرف محبت سے ہاتھ بڑھاتی ہوں مگر بڑی شدت سے دھتکار دی جاتی ہوں۔ میرے لئے جو بھی رشتہ آتا ہے چھوٹی بہن جو کہ خوبصورت ہے اسے پسند کر لیا جاتا ہے۔ میں ایک پریشان لڑکی ہوں۔ مجھے میری پریشانیوں سے نجات دلا دیں۔ میں چاہتی ہوں کہ خاندان بھر کی سب سے خوبصورت لڑکی کہلاؤں۔ لیکن میری یہ خواہش آپ کی اجازت سے ہی پوری ہو سکتی ہے۔

ج: صبح نہار منہ ایک عدد عمدہ سیب کھا کر اوپر سے دودھ پی لیا کریں۔ رات کو 15 منٹ تک گلابی رنگ روشنی کا مراقبہ کریں۔

کوشش کریں ہر حال میں خوش رہیں۔ لوگوں کے ساتھ پیار و محبت کے ساتھ پیش آئیں۔ ان کی خدمت کریں۔

## خوب صورت آنکھیں

س: آپ سب کی پریشانیوں کے حل بتاتے ہیں۔ خدارا میری بھی ایک پریشانی دور فرمادیں۔ مجھے کوئی ایسا وظیفہ بتا دیں جس کے پڑھنے سے ان سب لوگوں کے منہ بند ہو جائیں جو میری ایک بڑی غلطی سے واقف ہیں۔ دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ میری آنکھوں کی پلکیں بڑی بڑی ہیں۔ ان کی وجہ سے میری آنکھیں چھوٹی معلوم ہوتی ہیں۔ کوئی ایسا ورد یا وظیفہ بتائیں جس سے میری دونوں آنکھیں بے حد حسین ہو جائیں۔

ج: ہر نماز کے بعد یاغفارُ سو مرتبہ پڑھ کر دعا کریں۔ آنکھوں کی پلکیں اسی طرح رہنے دیں۔ بڑی پلکیں بجائے خود خوبصورتی کی علامت ہیں۔

## خیالات کی فلم

س: میں ایک مقامی کالج کا طالب علم ہوں۔ مسئلہ میرا یہ ہے کہ مجھے اپنے آپ سے باتیں کرنے کی عادت ہو گئی ہے۔ ذہن پر ہر وقت خیالات کی یلغار رہتی ہے۔ اگر میں کسی سے باتیں کرتا ہوں تو بھی ذہن ادھر ادھر بھٹکتا رہتا ہے۔ اگر کلاس میں ٹیچر لیکچر دے رہا ہوں تو بھی ذہن حاضر نہیں ہوتا۔

www.ksars.org

اپنے آپ سے باتیں کرنے کی بیماری روز بروز شدید تر ہوتی جارہی ہے۔ خیالات کی فلم اتنی گہری ہو جاتی ہے کہ میں اس کا حصہ بن جاتا ہوں اور جو کچھ دیکھتا ہوں جو باتیں خیالات میں کرتا ہوں وہ زبان پر جاری ہو جاتی ہیں۔ کبھی یہ دیکھتا ہوں کہ بہت بڑا کھلاڑی بن گیا ہوں۔ کبھی دیکھتا ہوں کہ بہت بڑا گلوکار بن گیا ہوں۔ بس میں سفر کرتے ہوئے اپنے آپ سے باتیں کرتا رہتا ہوں۔

ج: صبح سویرے اور سونے سے پہلے ایک مرتبہ **اَللّٰہُ لَا اِلٰهَ اِلَّاھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ** پڑھ کر ہاتھوں پر دم کریں اور ہاتھ چہرے پر پھیر لیں۔ اس عمل کو نوے دن کرنا ہے۔ اس عمل کے ساتھ ساتھ صبح سورج نکلنے سے پہلے کچی زمین یا گھاس پر کھڑے ہو کر آہستہ آہستہ سانس اندر لیں اور روکے بغیر آہستگی سے باہر نکال دیں۔ اس مشق کو گیارہ مرتبہ کریں۔ تین ماہ میں آپ کی ذہنی کیفیات نارمل ہو جائیں گی۔

www.ksars.org

د

## دو فرشتے

س: میری زندگی بھی عجیب ہے یعنی ہر وقت ہنستی رہتی ہوں۔ اس کے علاوہ اگر نہ ہنسوں تو دل ڈوبنے لگتا ہے۔ آپ مجھے کوئی ایسا عمل بتادیں کہ میں سنجیدہ ہو جاؤں۔

جب میں پڑھنے بیٹھتی ہوں تو نیند آنے لگتی ہے۔ پورا پورا دن ہو جاتا ہے ایک سوال یاد کرتی ہوں مگر دوسرے دن دماغ خالی ہو جاتا ہے۔ پڑھنے کا شوق بے پناہ ہے مگر ذہن بہت کمزور ہے۔

ج: رات کو سونے سے پہلے آنکھیں بند کر کے یہ تصور کیا کریں کہ "میرے دونوں کاندھوں پر دو فرشتے بیٹھے ہوئے میرا ہر ہر عمل لکھ رہے ہیں۔" روزانہ بیس منٹ یہ عمل دہرائیں ایک مہینے تک۔

## دعا مقبول ہونے کا طریقہ

س: پانچ بہنوں اور چھوٹے بھائی کا مستقبل سامنے نہ ہوتا تو نہ معلوم اب تک کیا کر گزر چکا ہوتا۔ صحت کو گھن لگ گیا ہے۔ دل و دماغ پر ہر وقت بوجھ رہتا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ دل سینے سے اوپر کہیں اٹک گیا ہے۔ دماغ اور ذہن سوچنے سمجھنے کی صلاحیت سے محروم ہیں۔ مذہبی کتابیں اور نماز بھی نہیں پڑھ سکتا۔ کاروباری قید سے شام ڈھلے نجات ملتی ہے۔ اس کے بعد تاش، شطرنج اور فلم بینی کے مشاغل میں مصروف ہو جاتا ہے۔ یہ چیزیں نہ ہوں تو قیامت گزر جاتی ہے اور رات کروٹیں بدلتے گزر جاتی ہے۔

گھر میں ایک ہنگامہ برپا رہتا ہے۔ والد صاحب اور والدہ کی نوک جھونک مستقل عذاب ہے۔ آپس کی لڑائی اور طنز و تشنیع کا انجام علیحدگی کے سوا اور کچھ نظر نہیں آتا۔ دل چاہتا ہے کہ یہ انجام دیکھنے سے پہلے خودکشی کر لوں۔ ذہنی سکون نہ ہونے سے معاشی ابتری کا شکار ہوں۔ فرض کے بارے ذہنی کشاکش اور دماغی کشمکش میں مبتلا کر دیا ہے۔ پہلے پاکیزہ خیالات اور مخلصانہ جذبات زندگی کا سہارا تھے۔ اب ہر وہ روش جو معاشرہ کے لئے ناپسندیدہ ہے، طبیعت کے لئے پسندیدہ بن گئی ہے۔ لڑکیوں سے دوستی کرنا چاہتا ہوں۔۔۔۔ بھی کرنا چاہتا ہوں اور شراب پینے کی خواہش بھی مجھے اقدام کرنے پر اکساتی ہے۔ ان مصروفیات سے آپ اندازہ کر سکتے ہیں کہ شیطان میرے اندر کس طرح حلول کر گیا ہے۔ یہ بھی عرض کر دوں کہ میں نے ملازمت کر کے تعلیم حاصل کی ہے۔

www.ksars.org

زندگی کی نامرادیاں ہمیشہ میرا خیر مقدم کرتی ہیں۔ والد کے جارحانہ رویے اور تلخ طبیعت کی وجہ سے گھر کا ہر فرد ان سے نفرت کرتا ہے۔ وہ جھوٹی شہرت اور وقار کے بھوکے ہیں۔ کاروباری اور گھریلو پریشانیاں میرے گلے ڈال کر چوہدری بنے ہوئے ہیں۔ جوان بیٹیوں کے غم میں والدہ چارپائی سے لگ گئی ہیں مگر والد صاحب ہیں کہ ذرہ برابر بھی پرواہ نہیں کرتے۔

ج: آپ کے حالات اور مسائل پڑھ کر جس نتیجہ پر پہنچا ہوں وہ یہ ہے کہ آپ کو قبولیت دعا کا طریقہ بتادوں۔

دعا قبول ہونے کا طریقہ: عشاء کی نماز پڑھیئے جب نماز پڑھ چکیں تو کسی گوشہ میں تنہا بیٹھ جائیں اور آنکھیں بند کر لیں۔ اللہ تعالیٰ کی طرف پوری طرح متوجہ ہو جائیں۔ اس وقت یہ تصور زیادہ سے زیادہ گہرا ہونا چاہئے کہ میں اللہ تعالیٰ کے حضور میں اکیلا حاضر ہوں۔ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی آس پاس نہیں ہے۔ اب ذہن سے اللہ تعالیٰ کے حضور التجا کیجئے کہ یہ ہیں میری مشکلات، انہیں فوراً دور کر دیجئے۔ قرض، کاروباری کمزوری، صحت، حالات کی تنگی، خاندان کے مسائل، وقت فیصلہ کی کمی، طبیعت کی ناخوشی اور بے چینی۔

ان تمام مشکلات کو اس ہی طرح ذہن میں رکھ کر اللہ تعالیٰ سے فوری طور پر ان کے حل کرنے کی التجا اور دعا کیجئے۔ انشاء اللہ زیادہ سے زیادہ ایک ہفتہ میں غیب سے تمام آسانیاں فراہم ہونا شروع ہو جائیں گی اور اتنی فراغت حاصل ہو گی کہ کبھی خیال بھی نہیں ہو گا کہ یہ مشکلات پیش آئی تھیں۔

## دس سال پہلے

س: دس سال پہلے کی بات ہے کہ میرے کزن کے گھر میں کچی مٹی کے بڑے بڑے ڈھیلے رات کو مغرب کی اذان کے وقت گرتے تھے۔ مکان کی چھتوں پر پہرہ دے کر دیکھا مگر نامعلوم جگہ سے وقت مقررہ پر پتھر صحن کے درمیان میں گرتے رہے۔

حیرانی کی بات یہ ہے کہ ان پتھروں سے کبھی کسی شخص کو چوٹ نہیں آئی۔ ڈھیلے سخت بھی ہوتے اور نرم بھی۔ بڑے بڑے عاملوں کو بلوایا مگر کوئی افاقہ نہ ہوا۔ اس کے بعد ایک صاحب نے نقش لکھ دیا تو ڈھیلے گرنا بند ہو گئے لیکن خون کے چھینٹے پڑنا شروع ہو گئے۔ میرے کزن کے چھ بچے ہیں۔ بڑا بچہ نہ تو ابھی تک چل سکتا ہے اور نہ بیٹھ سکتا ہے اور نہ باتیں کرتا ہے۔ ہاتھ اور پاؤں اکڑے ہوئے رہتے ہیں۔ کبھی کسی کو اور کبھی کسی کو دورے پڑتے رہتے ہیں۔ جو اس نوعیت کے ہوتے ہیں کہ بچے ڈر جاتے ہیں۔ بتاتے ہیں کہ فلاں چیز ہے اور اتنے مرد اور اتنی عورتیں ہیں جو ہمیں مارتی ہیں۔ ہائے کلہاڑیوں سے مار دیا اور کبھی خاموش ہو جاتے ہیں، منہ کھل جاتا ہے اور بعد میں کہتے ہیں کہ فلاں نے میرا گلہ دبا دیا۔ خدارا ہمیں اس مصیبت سے نجات دلائیں۔

ج: غیر صحت مند خون سارے جسم میں دور کر کے جب دماغ کے دو کھرب خلیوں میں گردش کرتا ہے تو دماغ کے وہ خلیے جو انسان کے اندر شعوری حواس بناتے ہیں متاثر ہو جاتے ہیں۔ نتیجہ میں مریض دماغ کے اوپر وزن محسوس کرنے لگتا

www.ksars.org

ہے۔ اور اس کی نظروں کے سامنے طرح طرح کی صورتیں آنے لگتی ہیں۔ چونکہ اس طرح غیب میں دیکھنا دیکھنے کی عام طرزوں کے خلاف ہے اس لئے مریض خوف زدہ ہو جاتا ہے اور اسے دماغی دورے پڑنے لگتے ہیں۔ اس کا علاج یہ ہے:

9انچ چوڑے اور 12 انچ لمبے سفید آرٹ پیپر کاغذ پر سیاہ چمک دار روشنائی سے بہت خوبصورت لکھ کر یا لکھوا کر اس کمرہ میں آویزاں کرلیں جہاں بچے سوتے ہیں۔

بِسْمِ اللہِ اَلْرَحْمٰنِ الرَّحِیْم

یَاحَفِیْظُ یَاحَفِیْظُ یَاحَفِیْظُ

یَابَدِیْعُ یَابَدِیْعُ یَابَدِیْعُ

یَا بَدِیْعُ اَ الْعَجَائِبُ بِالْخَیْرِیَا بَدِیْعُ

روزانہ تین وقت شہد کھلانے کا اہتمام کریں۔ نمکین چیزیں کم سے کم استعمال کریں۔

## دلدل

س: سمجھ میں نہیں آتا کہ داستان حیات کہاں سے شروع کروں۔ میں آپ کے اس معاشرے کی لڑکی ہوں جسے مسلم معاشرے کے نام سے دنیا میں یاد کیا جاتا ہے اور میں اس معاشرے کے ناسوروں کی پیداوار ہوں جو آنکھ کھولنے پر گھنگھرو اور طبلے اپنے ارد گرد دیکھتے ہیں۔ بچپن میں اپنی ٹی بی کی مریضہ ماں سے سنا تھا کہ میرا باپ کوئی نواب آدمی تھا، جو میری ماں کو داغ دار کرکے چلا گیا اور حالات نے ماں کو ناچنے پر مجبور کر دیا۔ بچپن میں ہی ماں مجھے ان شکنجوں میں جکڑ کر آزاد ہو گئی۔ ان عزت کے بیوپاریوں نے مجھے اعلیٰ تعلیمی ادارے میں تعلیم دلائی ہے۔ اب مجھے مجبور کیا جارہا ہے کہ میں ناچنے کے پیشے کو اپناؤں۔ میں مرجاؤں گی لیکن ناچوں گی نہیں۔ ایک دفعہ میں بھاگ نکلی تھی اور پھر مجھے یہ تک دھمکی دی گئی کہ مجھے نیلام کر دیا جائے گا۔ پتہ نہیں اب تک کیسے بچی ہوئی ہوں۔ مجھے معلوم ہے کہ میں دلدل میں سے نہیں نکل سکتی۔ اب یہاں کی مالکہ نے مجھے کہا ہے کہ اگر تم گانا گا سکو تو ہم تمہیں ناچنے پر مجبور نہیں کریں گے۔ گانا گانے کا خود مجھے بھی شوق ہے۔

مجھے نہیں معلوم کہ میں کیسے اتنی ہمت پا گئی کہ آپ کو خط لکھ رہی ہوں۔ یہ رسالہ میں نے ایک خاتون کے پاس دیکھا تھا۔ یہ لوگ احکام خداوندی کی پابندی کرتے ہیں۔ اس پوری جگہ پر میری ہمدرد یہی خاتون ہیں۔ میں چاہتی ہوں میری آواز اتنی سُریلی اور خوبصورت ہو جائے کہ میں بہترین گا سکوں۔ میں نہیں چاہتی کہ مجھے ناچنا پڑے کیونکہ ناچنے والیاں جسم فروشی پر بھی مجبور کر دی جاتی ہیں۔ میں مرجاؤں گی مگر ایسا نہیں کروں گی۔ کاش آپ کے معاشرے کے یہ عزت دار لوگ اپنی عزتوں کو یوں نیلام نہ کیا کریں۔ مجھے معلوم نہیں کہ میرا خط آپ تک پہنچے گا کہ نہیں۔ اگر یہ خط آپ کو مل جائے تو شائع کر دیجئے گا۔ نیز میں چاہتی ہوں کہ میری آنکھیں میرے چہرے پر بہت نمایاں ہوں اور اتنی خوبصورت ہو جائیں کہ کوئی نظر بھر کر نہ دیکھ سکے۔

www.ksars.org

آپ سوچتے ہونگے کہ یہ شاید فراڈ ہے۔ میں نے اپنی زندگی میں ایسے غم اٹھائے ہیں کہ شاید فلک بھی روتا ہو۔ جو کہ میری عمر کی لڑکیاں کھیل کود میں لگی رہتی ہیں۔ آپ مجھے جواب ضرور دیں۔ اگر آپ نے جواب نہیں دیا تو میں سمجھوں گی کہ صرف شریف زادیاں ہی خوش قسمت ہوتی ہیں۔ آپ صرف میرے مسئلے کا حل بتادیں۔ باقی حالات میں خود سنبھال لوں گی۔

میں اتنی خود مختار نہیں ہوں کہ بار بار خط لکھ سکوں۔ ایک بات اور لکھ دوں کہ مجھے کسی نے خالص شہد آنکھوں میں کشش کے لئے ڈالنے کو کہا تھا۔ میں نے بالکل خالص شہد کافی دیر ڈالا۔ لیکن فائدہ نہیں ہوا۔ مجھے اپنے ہی رسالے میں جواب دیجئے۔

ج: جن خاتون کا آپ نے تذکرہ کیا ہے ان سے قرآن پڑھئے اور قرآن پاک کی سورہ الکوثر خوش الحانی سے پڑھا کیجئے۔ اس سورہ کے معانی اور مفہوم پر غور بھی کیجئے۔ انشاءاللہ آواز سریلی ہو جائے گی اور ایسے حالات بھی پیدا ہو جائیں گے کہ آپ اس دلدل سے نکل آئیں۔ آنکھوں میں کشش کے لئے ہر نماز کے بعد سو بار نُوْرٌعَلٰی نُوْرٌیَانُوْرٌ اِھْدِنِیْ اِلیٰ النُّوْرُ پڑھ کر انگلیوں پر دم کر کے آنکھوں پر پھیر لیا کریں۔ جب نماز کے دن نہ ہوں تب بھی یہ عمل جاری رکھیں۔

## داد کا علاج

س: میں روحانی ڈائجسٹ نہایت شوق سے اور عقیدت کے ساتھ پڑھتی ہوں۔ ایک مسئلہ لے کر حاضر ہوئی اور وہ مسئلہ یہ ہے کہ

میں ایک ایسے جلدی مرض میں مبتلا ہوں جس کا علاج ہی نہ ہو سکا۔ تمام ڈاکٹروں، حکیموں اور روحانی علاج کو آزما چکی ہوں مگر شفا نصیب نہیں ہوئی۔

ج: میرے خیال میں یہ مرض داد ہے۔ معالج سے اطمینان کرنے کے بعد یہ علاج کریں۔

رسوت پیس کر دہی میں ملا دیں۔ مرہم بن جائے گا۔ یہ مرہم صبح، شام، رات داد پر لگائیں۔ اللہ تعالیٰ شفا دینگے۔

## دواؤں کا ری ایکشن

س: عجیب رنج و بلا میں مبتلا ہوں ایسا لگتا ہے کہ میرا سارا جسم گل گیا ہے۔ دل و دماغ سوکھ گیا ہے۔ سینہ بالکل سوکھ گیا، پہلے دوا کھانے سے الٹیاں آتی تھیں۔ اب غذا کے بعد آنے لگتی ہے۔ سانس کھنچتا ہے۔ دودھ یخنی روٹی اور ساگودانہ میری غذا ہے۔ سارا دن کھاتی ہوں جسم کو نہیں لگتی۔ اب تو یہ حالت ہوگئی ہے کہ رات کو بھی سوتے ہوئے دل پر گرمی محسوس ہوتی ہے اور دل جلنے لگتا ہے۔ پیٹ میں مروڑ ہوتا ہے۔ دن میں بھی ایسا کوئی دفعہ ہوتا ہے۔ رات کو بھی کئی دفعہ اٹھ کر کھانا کھاتی ہوں۔ دودھ پیتی ہوں۔

اکثر ذہنی پریشانی اور حکیم تبخیر اور ہومیوپیتھک خون کی کمی۔ مولوی جن کا سایہ اور عامل جادو بتاتے ہیں۔ چارپائی پر پڑ گئی ہوں۔ دوا کھانے سے ایسا لگتا ہے پورے جسم میں آگ بھر گئی ہے۔ نہا بھی نہیں سکتی کہ سردی لگ جاتی ہے۔ ایسا لگتا ہے

www.ksars.org

کہ میں ابھی مر جاؤں گی۔ پہلے تو صرف دوا نقصان دیتی تھی۔ اب غذا بھی نقصان دینے لگی ہے۔ جی چاہتا ہے کہ گھر سے نکل کر کہیں بھاگ جاؤں۔ چلتی ہوں تو لگتا ہے کہ پیر زمین میں دھنستے جا رہے ہیں، سر اور کندھوں پر بار رہتا ہے۔ کبھی کبھی بازو، ٹانگیں اور سارا جسم بل کھانے لگتا ہے، غذا بالکل جسم کو نہیں لگتی۔ دن بدن جسم گھلتا جا رہا ہے۔ میری بدنصیبی کا کوئی علاج بتائیں۔ چھوٹے چھوٹے چار بچے ہیں۔

شادی کو پانچ سال ہو گئے ہیں۔

ج: میری تشخیص یہ ہے کہ ساری کیفیات جو آپ نے تفصیل سے لکھی ہیں دواؤں کے ری ایکشن کی وجہ سے ہیں۔ اس کا علاج یہ ہے (روحانی علاج صفحہ 80):

بِسْمِ اللهِ اَلْرَحْمٰنِ الرَّحِیْم

یَارَحِیْمُ یَااللّٰہُ یَامُرِیْدُ یَارَحِیْمُ یَااللّٰہُ یَامُرِیْدُ

یَارَحِیْمُ یَااللّٰہُ یَامُرِیْدُ یَابَدِیْعُ الْعَجَائِبُ

بِالْخَیْرِیَابَدِیْعُ

پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔ اس کے علاوہ چکنی مٹی کے ڈھیلے پر دم کئے پانی کو ڈال کر بار بار سنگھائیں۔

## دواؤں سے علاج

س: میرے لڑکے کو آج سے تقریباً 9 سال پہلے ٹائیفائیڈ کا بخار ہوا تھا اس کا صحیح علاج ڈاکٹر صاحب کے مشورہ سے کرایا۔ مگر وہ بگڑ گیا جس کی وجہ سے وہ 35 دن تک بیہوش رہا۔ 9 سال سے اس کا علاج ہو رہا ہے۔ ڈاکٹر اس کو مرگی کا دورہ بتاتے ہیں۔ دوائی لگاتار کھانے کے باوجود اب بھی ہفتہ دو ہفتہ میں اس کو دورہ پڑتا ہے۔ اگر کسی وجہ سے دوائی نہ دیں تو دن میں دو چار دورے پڑ جاتے ہیں اور دوائی بالکل بند کر دیں تو مسلسل دورے آتے رہتے ہیں جو بعد میں دوگنی خوراک دے کر چار پانچ دن میں ان دواؤں پر قابو پایا جاتا ہے۔

ج: تین عدد پلیٹوں پر اَلْطَرَقُ النَّاسُ وَ الْا جِنَّتَہٗ وَالرُّوْحُ اَلْعِبَادُ اَالصَّالِحِیْنَ فِی اَلْکُوْن زردہ کے رنگ اور عرق گلاب سے لکھ کر نیلی شعاعوں کے پانی 2,2 اونس سے دھو کر صبح شام رات پلائیں۔ کھانوں میں نمک نہ ہونے کے برابر کر دیں اور تین وقت شہد کھلائیں۔

## دنیا میں جنت

س: میں مستقل مزاجی کے فقدان کی وجہ سے منتشر ذہنی کا شکار ہوں کوئی بھی کام پایہ تکمیل تک پہنچنے سے پہلے ہی ادھورا چھوڑ دیتا ہوں بعض اوقات اتنی کاہلی ہوتی ہے کہ سوچتا ہوں کہ آج یہ کام کروں گا ایسا کروں گا۔ لیکن جب وقت آتا ہے تو کل کا سہارا تلاش کرتا ہوں۔ اور کل بھی وہ کام نہیں کرتا۔

www.ksars.org

پانچ وقت کی نماز کا پابند ہوں۔ نماز میں طرح طرح کے خیالات آتے رہتے ہیں۔ مجھے آپ کی لکھی ہوئی کتاب روحانی نماز کا مطالعہ کرنے کے بعد کافی حد تک خیالات پر کنٹرول ہو گیا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ آپ مجھے کوئی مراقبہ بتائیں تاکہ میں ذہنی طور پر پر سکون ہو جاؤں اور میری منتشر خیالی بھی ختم ہو جائے۔

ج: ہر نماز کے پہلے چند بار درود شریف پڑھ کر آنکھیں بند کر کے بیٹھ جائیں اور یہ تصور کریں کہ مجھے اللہ دیکھ رہا ہے۔ اس کے بعد نماز ادا کریں اور نماز میں بھی یہی تصور غالب رکھیں کہ مجھے اللہ دیکھ رہا ہے۔ رفتہ رفتہ یہ تصور اتنا گہرا ہو جاتا ہے کہ آدمی زندگی کے ہر معاملے میں یہ مشاہدہ کر لیتا ہے کہ مجھے اللہ دیکھ رہا ہے اور جب یہ سوچتا ہے کہ مجھے اللہ دیکھ رہا ہے۔ یقین بن جاتا ہے کہ تمام ذہنی آلائشیں ختم ہو جاتی ہیں اور آدمی کے اندر وہ دماغ بیدار ہو جاتا ہے جو نافرمانی سے پہلے آدم کے اندر کام کرتا تھا۔ بالفاظ دیگر یہ دنیا اس کے لئے جنت بن جاتی ہے۔

## دماغ میں زبان

س: جب میں آنکھیں بند کرتا ہوں تو مجھے مختلف رنگ نظر آتے ہیں۔ کبھی گول دائرے کی صورت اختیار کرتے ہیں اور کبھی دھند بن کر سامنے آجاتے ہیں۔

اس کے علاوہ مجھے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ میری زبان منہ کے اندر سے ہوتی ہوئی دماغ کے اندر گھوم رہی ہو۔ برائے کرم اس بیماری کا علاج روحانی ڈائجسٹ میں جلد از جلد شائع کر دیں۔ امید ہے کہ مایوس نہیں کریں گے۔

ج: دماغ کے اندر زندگی میں تقسیم ہونے والی روشنیاں اگر کسی وجہ سے ہجوم کر جائیں تو ایسا ہوتا ہے کہ مختلف شکلیں سامنے آنے لگتی ہیں اور کبھی آنکھوں کے سامنے رنگین دائرے آجاتے ہیں اور بیماری بن جاتی ہے۔ اس کا فوری طور پر تدارک نہ کیا جائے تو حواس پر خراب اثر پڑتا ہے۔ علاج یہ ہے کہ آپ روزانہ رات کو سوتے وقت پانچ دانے مونگ پھلی کھا لیا کریں اور اس کے اوپر پانی نہ پئیں۔ اکیس روز کے بعد نہ کھائیں۔ اس کے ساتھ ساتھ صبح نہار منہ **نُوْرٌعَلیٰ نُوْرٌ یَانُوْرٌ اِھْدِنِیْ اِلیٰ** ' پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس پانی سے آنکھیں دھوئیں۔ چالیس روز تک۔

## دستِ غیب

س: عالم کرب اور حالت پریشانی میں عریضہ لکھ رہا ہوں۔ شاید درج ذیل سطروں سے اس کا درد مترشح ہو۔ تقریباً چار سال ہوئے کہ میں باقاعدہ مستند طریق سلسلہ عظیمیہ میں داخل ہوا اور اس سے پہلے روحانی ڈائجسٹ میرے زیر مطالعہ رہا ہے مگر خواجہ صاحب مریض کو شفا نہیں ملی۔ نامراد کو مراد نہیں ملی۔ مایوس کو درماں نہیں ملا حالانکہ عرصہ دراز سے تادم تحریر وظیفے، عملیات پڑھے مگر درد بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔

www.ksars.org

تسلیم کہ اس دنیائے مکافات عمل میں ہر کردہ گناہ کی سزا ملتی ہے۔ مگر میں نے جو آپ کا دامن پکڑا۔ اگر یہی سزا میرا مقدر ہے، میرا مقسوم ہے تو پھر میرے تصور میں یہ کیوں ہے کہ آپ مجھے اس سزا سے بری نہیں کرا سکتے ہیں یعنی یقین اور ایمان یہ کیوں کہتا ہے کہ متزلزل نہ ہو۔

پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ۔

ان مسائل میں صحت، شادی، مقدمہ، قرض، ناآسودگی، پریشانی، حصول رزق میں ناکامی، ذہنی اذیت سب ہی کچھ شامل ہیں۔ ایک پرچہ میں آپ نے مجھے تفصیلی آگاہی فرمائی۔

تن ہمہ داغ داغ شد نپبہ کجا کجا نہم۔

اب تو داغ جسم کے ساتھ داغ دل بھی شامل ہو گئے ہیں۔ کوئی کہتا ہے کہ سزا ہے، کوئی کہتا ہے ستاروں کا الٹ پھیر ہے۔ زندگی مذاق بن گئی ہے۔

ج: میرے عزیز دوست! میں آپ کو زندگی گزارنے کا وہ گر بتاتا ہوں جو مجھے میرے آقا مرشد کریم حضور قلندر بابا اولیاءؒ نے خصوصی کرم سے تلقین فرمایا ہے۔

1۔ معاش کا کام پوری تندہی اور کوشش سے انجام دو لیکن نتیجہ پر کبھی نظر نہ رکھو۔ نتیجہ اللہ کے اوپر چھوڑ دو۔

2۔ کسی شخص سے اگر کوئی تکلیف پہنچے تو اسے فوراً معاف کر دو۔

3۔ تمہاری ذات سے کسی کو تکلیف پہنچ جائے (وہ کوئی بھی ہو) تو اس سے فوراً معافی مانگ لو۔

یہ کیمیا کا نسخہ ہے۔ اس عمل کو آپ دست غیب کا عمل بھی کہہ سکتے ہیں۔ کوشش کیجئے اور بامراد ہو جایئے۔

## دماغ پر بجلیاں گرائی گئی ہیں

س: یہ جو شخص میرے ساتھ رہتا ہے اس کا ایک لڑکا نیم پاگل ہے۔ لڑکا جوان ہے اور اس کے بارے میں پڑوسیوں میں کچھ ایسی باتیں مشہور ہیں جنہوں نے مجھے پریشان کر دیا ہے کیونکہ میں جوان لڑکیوں کا باپ ہوں۔ جو حالات لڑکے کے والدین نے بیان کئے ہیں ان کو سن کر مجھے اس لڑکے سے ہمدردی بھی ہو گئی ہے اور ویسے بھی آپ بزرگوں کے زیر سایہ تربیت سے اس دل میں کسی کو نقصان پہنچانے کا خیال نہیں آ سکتا۔

یہ لڑکا بچپن میں کسی خرادیئے کے پاس شاگرد تھا۔ چند سال بعد جب لڑکا کام سیکھ گیا تو والدین نے اس سے کہا کہ ہمارے لڑکے کو تنخواہ دو۔ اس نے بہت نامناسب تنخواہ باندھ دی۔ کچھ دیگر جگہوں سے زیادہ کی آفر آنے پر والدین نے لڑکے کو پرانے استاد کے پاس جانے سے روک دیا۔ تو وہ شخص گھر آیا اور اس نے دھمکی دی کہ اگر یہ میرے پاس کام نہیں کرے گا تو میں اسے کسی قابل ہی نہیں چھوڑوں گا۔ پھر ایک روز سر راہ ملاقات ہونے پر لڑکے کو زدوکوب بھی کیا۔ اس کے چند ماہ بعد ہی لڑکے کا دماغی توازن خراب ہو گیا۔ اس وقت سے کسی قسم کے علاج میں کمی نہیں کی گئی، باپ نے بہت مارا پیٹا بھی کیونکہ گالیاں

www.ksars.org

بہت بری بری دیتا ہے۔ماں کا ایک بار سر بھی پھاڑ چکا ہے۔ دن رات گھر سے باہر رہتا ہے۔ پڑوسیوں کا کہنا ہے کہ لڑکیوں کو دیکھ کر ننگا ہو جاتا ہے۔ خود بخود ہنستا ہے اور بار بار منہ پھاڑ تا ہے۔ ملٹری ہسپتال، راولپنڈی سے دماغ پر بجلیاں لگانے کا علاج بھی کرایا مگر فائدہ نہیں ہوا۔

ج: ایک پاؤ کوڑیالوبان کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرلیں اور ڈبے میں بھر کر رکھ دیں۔ فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد اور ظہر کی نماز کے بعد گیارہ گیارہ بار سورہ فاتحہ پڑھ کر اس لوبان پر دم کریں۔ گیارہ روز کے اس عمل کے بعد، عصر اور مغرب کے درمیان روزانہ گھر کے ہر کمرے میں یہ لوبان جلا کر دھونی دیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہر آفت اور ہر شر سے آپ اور آپ کے اہل خاندان محفوظ و مامون رہیں گے، انشاء اللہ۔

## دس علاج ایک بیماری

س: اس وقت میری عمر 32 سال ہے۔ دس سال پہلے میری شادی ہوئی۔ میں بچپن سے کافی کمزور رہا ہوں۔ شادی کے دو سال بعد مجھے پیٹ میں سخت درد ہوا۔ ڈاکٹر نے اپینڈکس کا آپریشن کیا۔ ایک سال بعد میرے گھر ایک لڑکی پیدا ہوئی جس کی عمر اب سات سال ہے۔ ڈیڑھ سال کی عمر میں اس کے ہاتھ پیر اور آنکھوں پر سوجن رہنے لگی۔ چیک اپ کے بعد ڈاکٹر نے گردے کی پرابلم بتائی۔ تقریباً ایک سال علاج ہوتا رہا۔ اس وقت میری تین لڑکیاں اور ایک لڑکا ہے۔ لڑکا سب سے چھوٹا ہے اور اس کی عمر ڈھائی سال ہے۔ سب بچے بہت ہی صحت مند پیدا ہوتے ہیں۔ لیکن سال ڈیڑھ سال کی عمر تک آ کر جگر اور گردے کی بیماری میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ میری تیسری لڑکی ہاجرہ کی عمر اب ساڑھے تین سال ہے۔ ایک سال کی عمر سے گردوں اور جگر کی بیماری میں مبتلا ہو گئی۔ تفصیلی تفتیش اور معائنہ کے بعد بھی پتہ نہیں چلتا کہ گردوں اور جگر کو متاثر کرنے والے ذرائع کون سے ہیں۔ علاج معالجہ کے باوجود اس کی آنکھیں متاثر ہو گئیں اور آنکھوں میں موتیا آ گیا۔ تین مہینے تک دیکھنے سے قاصر رہی۔ چار مہینے ہوئے اس کی آنکھوں کا آپریشن کرایا گیا۔ اب وہ دیکھ سکتی ہے لیکن پھر اس کی آنکھوں میں کالی پتلی کے بیچ سے سفید سا مادہ دونوں آنکھوں میں جمع ہو رہا ہے۔ ہم کو اس کی آنکھوں کا خطرہ لگا ہوا ہے۔ دل کو سکون نہیں ہے۔ صرف وہی نہیں گھر کے سبھی افراد میری بیوی اور میں خود بھی متاثر ہوں۔ سب کی آنکھیں متاثر ہیں۔ نظر کمزور ہو گئی ہے۔ سب کی آنکھیں اور چہرے بھاری رہتے ہیں۔ میرا لڑکا بھی اسی طرح متاثر ہو رہا ہے۔ ایک سال ہو گیا میری حالت بہت ہی خراب ہے۔ ہر وقت پیٹ میں درد رہتا ہے۔ پیٹ، دل، جگر، گردہ سب ہی متاثر ہیں۔ ایسا لگتا ہے جیسے سب پک گیا ہو۔ پیٹ اور آنتیں اور جگر بہت بری طرح متاثر ہیں۔ پیٹ ہمیشہ چلتا رہا ہے۔ خالی پیٹ میں تو درد رہتا ہی ہے مگر کھانا کھانے کے بعد پیٹ چلنا شروع ہو جاتا ہے۔ پیٹ چلنے کی شکایت کافی پرانی ہے۔ اس کے ساتھ ہی میرے گلے کے نیچے ایک ٹیومر ہو گیا ہے۔ ٹھوڑی کے نیچے گلے میں درد رہتا ہے۔ چھوٹے چھوٹے اور بھی ٹیومر بن رہے ہیں۔ پیشاب قطرہ قطرہ جل کر آتا ہے۔ گردوں میں سخت جلن رہتی ہے۔ ہڈیوں میں سخت درد رہتا ہے۔ چہرے کی ہڈیوں میں بھی درد رہتا ہے۔ ناک کی ہڈی لگتا ہے چوڑی ہو رہی ہے۔ سارے جوڑوں میں جلن رہتی ہے۔ سر یعنی تالو میں آگ لگی ہوئی محسوس ہوتی ہے۔ ہڈیاں بے جان ہو رہی ہیں۔ خدا کے لئے اس مصیبت سے نجات دلایئے۔

www.ksars.org

ج: مومی کاغذ پر

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ |
| ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ |

زعفران اور عرق گلاب سے لکھ کر روزانہ صبح سورج نکلنے سے پہلے پانی میں ڈال دیں اور سب گھر والے یہی پانی پئیں۔ پانی میں نقش ڈالنے سے پہلے پانی کو کاٹ لیں۔ اس کا طریقہ یہ ہے:

اسٹین لیس اسٹیل کے کھلے منہ کے برتن میں پانی بھر کر اسٹین لیس اسٹیل کی چھری کے اوپر ایک بار یا ودود پڑھ کر دم کریں اور چھری سے پانی میں ایک منٹ تک کراس بنائیں۔ پھر ایک بار یاحفیظ پڑھ کر چھری پر دم کر کے ایک منٹ تک پانی میں کراس بنائیں۔

اس کے بعد یاشافی پڑھ کر چھری پر دم کر کے ایک منٹ تک پانی میں کراس بنائیں۔ اسی طرح **یَا کَافِیْ یَابَدِیْعُ الْعَجَائِبُ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ یَاحَفِیْظُ** الگ الگ پڑھ کر چھری پر دم کر کے الگ الگ ایک ایک منٹ تک پانی میں کراس بنائیں۔ اس کے بعد نقش کو پانی میں ڈال دیں اور سب گھر والے پئیں۔ اس علاج سے انشاءاللہ شفا ہو جائے گی۔

## دلہن بننے کے سپنے دیکھ رہی ہوں

س: باباجی! میں بہت پریشانی، بے بسی اور شکستگی کے عالم میں اپنے دکھ سے نجات پانے کے لئے آپ کے آغوش رحمت میں پناہ لینے آئی ہوں۔ آپ کی ذات لاکھوں بندگان خدا کے لئے سایہ رحمت ہے۔ خدارا مجھے بھی اپنی رحمتوں سے نواز دیجئے۔ اپنے بارے میں مجھے لکھتے ہوئے شرم آرہی ہے لیکن کیا کروں۔ آپ کے علاوہ میرا کوئی مسیحا نہیں، کسی کے پاس میرے دکھوں کا مداوا نہیں۔ سچ پوچھئے تو جس قسم کی صورت حال اس وقت درپیش ہے اگر دل کو اس بات کا حوصلہ نہ ہوتا کہ آپ میری رہنمائی کرسکتے ہیں تو میں ہرگز آپ کو خط نہ لکھتی۔

ہمارے خاندان میں تقریباً سبھی بیٹیاں، پھوپھیاں اور تایازاد بہنیں ازدواجی لحاظ سے بڑی دکھی اور تباہ حال ہیں۔ اگر سب کے دکھوں کی تفصیل لکھوں تو بات بہت طویل ہو جائے گی۔ یوں سمجھئے کہ کسی کو شوہر اچھا نہیں ملا۔ سب کے شوہر اول درجے کے نکھٹو اور ہڈ حرام ہیں۔ اخلاق وعادات اور کردار بھی خراب۔ شوہر ان کے لئے زندگی کا عذاب بنے ہوئے ہیں۔ ایک بہن کا شوہر پہلے نکھٹو تھا۔ کچھ کمانے لگا تو دوسری شادی کرلی۔ گھر میں کتے کی بھی کچھ قدر ہوتی ہے، بیوی کی اتنی بھی نہیں ہے۔ چھوٹی بہن کو آوارہ اور چور میاں نصیب ہوا۔ اس نے اتنے دکھ دیئے کہ وہ دکھوں کے ہاتھوں قبر میں اتر گئی۔ بڑی کزن کو بے

www.ksars.org

گناہ ہوتے ہوئے بھی طلاق دے دی گئی۔ دوسری جگہ شادی کی تو شوہر بڈ حرام نکلا۔ دوسری بہنوں کا بھی اسی طرح کا حال ہے۔ میری باری آئی۔ والدین نے میری منگنی کی لیکن لڑکا انتہائی جھوٹا، اس قدر جھوٹا کہ اس کی کوئی حد نہیں۔ پکا420، دھوکے باز اور فراڈیا نکلا۔ بدنیتی اس کی نس نس میں رچی ہوئی ہے۔ گزر اوقات کے لئے فراڈ کے ذریعے جو حاصل ہو جائے۔ خدا کا شکر ہے کہ اس عذاب سے نجات مل گئی۔ مگر اب کہیں سے رشتہ نہیں آتا ہے۔ داغ جو لگ گیا۔ میری عمر کی لڑکیاں کئی بچوں کی ماں بن چکی ہیں اور میں ہوں قسمت کی ماری کہ دلہن بننے کے سپنے ہی دیکھ رہی ہوں۔ شادی نہ ہونے کا اندیشہ میرے لیے سوہان روح بنا ہوا ہے۔

ج: آدھی رات گزرنے کے بعد اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف کے ساتھ تین سو بار **یُرْسَلُ الرِّیَاحَ فِیْھَاکَانَ فِیْهِ** پڑھ کر دس منٹ تک عرش کا تصور کریں اور شادی کی دعا کریں اور یہی دعا کرتے کرتے سو جائیں۔ جب تک آپ دلہن بن کر اپنے گھر پہنچ جائیں یہ عمل جاری رکھیں۔

## دل کی بیماری

س: میں کافی عرصہ سے دل کی بیماری میں مبتلا ہوں اور دل کی دھڑکن بہت زیادہ ہوتی ہے۔ آپ نے کسی کو کوئی مراقبہ بتایا تھا۔ میں چاہتا ہوں کہ وہ مراقبہ آپ مجھے بتائیں کیونکہ میں دوائیاں کھا کر تنگ آ گیا ہوں۔

ج: دل کی بیماری سے نجات پانے کے لئے مراقبہ یہ ہے۔ فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد اور رات کو عشاء کی نماز ادا کرنے کے بعد ایک تسبیح درود شریف پڑھیں اور آنکھیں بند کر کے یہ تصور کریں کہ دل میں روشنیاں بھری ہوئی ہیں اور یہ روشنیاں دل کی ہر حرکت کے ساتھ خون کے اندر شامل ہو رہی ہیں اور ان روشنیوں کا رنگ نیلا ہے۔ پانچ منٹ صبح اور پانچ منٹ رات یعنی 24 گھنٹے میں دس منٹ مراقبہ کر لینا کافی ہے۔ دل کے امراض میں شہد بھی ازبس مفید ہے۔

## دماغ کی رگیں

س: پچھلے چھ سال سے مجھے سانس پھولنے کی تکلیف ہے جیسے بھاگنے کے وقت ہو جاتا ہے۔ پہلی مرتبہ جب میرا بچہ پیٹ میں تین مہینے کا تھا اس وقت ہوا بعد میں علاج سے ٹھیک ہو گیا۔ ڈاکٹروں کے مطابق میرا ایک پھیپھڑا سوکھ گیا ہے۔ انہوں نے آپریشن کیا۔ لیکن کوئی خاص فرق محسوس نہیں ہوا۔ اس کے بعد مجھے یرقان ہو گیا۔ علاج سے فائدہ ہو گیا لیکن سانس پھولنے لگا۔ گھبراہٹ ہوتی ہے دماغ کی رگیں پھٹنے لگتی ہیں، چکر آتے ہیں اور آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جاتا ہے۔ دواؤں سے بھی کوئی فائدہ نہیں ہو رہا ہے۔

اب ڈاکٹروں نے کہا ہے کہ میرا ایک پھیپھڑا غبارے کی مانند پھول گیا ہے اور دل نے بھی جگہ تبدیل کر دی ہے۔

www.ksars.org

ج: نیلی شعاعوں کا تیل سینہ اور کمر پر پھیپھڑوں کی جگہ دائروں میں مالش کریں۔ دس منٹ رات کو سوتے وقت اور دس منٹ صبح نہار منہ۔ شعاعوں سے تیل بنانے کا طریقہ روحانی ڈائجسٹ میں کئی مرتبہ شائع ہو چکا ہے۔ اس سے استفادہ کریں۔

رات کو بعد از نماز عشاء اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ 101 مرتبہ یاسلام پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کریں۔ اس عمل کو آپ 90 یوم تک کریں۔

## دو بیویاں

س: آپ کو بار بار زحمت دینے پر انتہائی شرمسار ہوں لیکن کیا کروں میرے خدا اور رسول ﷺ کے بعد آپ کا ہی سہارا ہے۔ ابو کی دو بیویاں ہیں جن میں پہلی کی پانچ لڑکیاں اور دوسری کی تین لڑکیاں اور دو لڑکے ہیں۔ شادی کے ایک سال بعد تک ابو امی کے ساتھ بالکل ٹھیک رہے پھر انہیں آہستہ آہستہ امی سے نفرت ہوتی چلی گئی۔ ابو کو ہر وقت غصہ چڑھا رہتا ہے۔ انتہائی شکی مزاج ہیں۔

امی کو کسی رشتہ دار سے ملنے نہیں دیتے۔ سسرال کے بہت خلاف ہیں۔ امی پر ہر کسی کا عیب لگا دیتے ہیں۔ نشہ بھی کرتے ہیں۔ نشہ میں امی پر بہت ظلم کرتے ہیں۔ ہمارے بچپن میں امی کو بہت مارا ہے اب ہم جوان ہو گئے ہیں۔ ہم امی کے اگے ہو جاتے ہیں تو ہمارے بھی دشمن ہو گئے ہیں۔ میری سوتیلی ماں اور بہنوں کو بہت اچھا سمجھتے ہیں ان کے لئے ابو کے پاس وقت اور پیسہ ہر چیز موجود ہے۔ خواجہ صاحب! امی بہت پریشان رہتی ہیں۔ ابو کے سلوک اور نفرت نے انہیں ذہنی طور پر اور جسمانی طور پر بیمار کر دیا ہے۔

امی کے ساتھ بول چال بالکل بند ہے۔ امی کی طرف سے منہ پھیر کر بیٹھتے ہیں۔ آپ کو خدا اور رسول ﷺ کا واسطہ آپ محفل مراقبہ میں ہمارے لئے خلوص دل سے دعا کیجئے گا کیونکہ آپ کی دعا نے بھٹکے ہوؤں کو صحیح راستہ دکھایا ہے اور ہمارے جاننے والوں میں بہت سے لوگوں کے بگڑے ہوئے کام بن گئے ہیں۔

ج: اپنی امی سے کہیں کہ وہ ہر وقت کثرت سے یاحفیظ کا ورد کریں اور رات کو بستر پر سیدھی لیٹ کر یَااَللّٰہُ یَارَحْمَانُ یَا رَحِیْمُ پڑھتے پڑھتے سو جایا کریں۔ محفل مراقبہ میں انشاء اللہ دعا کرا دی جائے گی۔ ایک کام یہ کریں کہ ہر جمعرات کو دو روپیہ خیرات کر دیا کریں اور یہ عمل گیارہ جمعرات تک کریں۔

## دن میں پندرہ مرتبہ پیشاب آتا ہے

س: مجھے یہ مرض لاحق ہے کہ اگر میں سارے دن بھی پیشاب کے لئے بیٹھا رہوں تو پیشاب آتا رہتا ہے۔ دن میں دس پندرہ مرتبہ پیشاب کی حاجت ہوتی ہے۔ ذرا سا چھینکنے پر بھی کپڑے ناپاک ہو جاتے ہیں۔ نماز میں جب رکوع میں جاتا ہوں تو لازمی طور پر پیشاب نکل جاتا ہے۔ خواجہ صاحب! مجھے نماز پڑھنے کا بہت شوق ہے مگر میں بیماری کی وجہ سے نماز بھی نہیں

www.ksars.org

پڑھ سکتا۔ غریب آدمی ہوں آپ کے علاج سستے اور آسان ہوتے ہیں اس لئے آپ کو زحمت دے رہا ہوں۔ مجھے یقین ہے کہ آپ کے تجویز کردہ علاج سے مجھے اس تکلیف سے نجات مل جائے گی۔

ج: عمدہ قسم کے دو عدد چھوارے پانی میں دھو کر رات کے وقت ایک پاؤ دودھ میں پکائیے۔ دودھ مع چھواروں کے آسمان کے نیچے رکھ دیجئے تاکہ ان پر اوس پڑتی رہے۔ صبح سورج طلوع ہونے سے پہلے ان رات کے پکائے ہوئے چھواروں کو اسی دودھ میں دوبارہ جوش دیجئے۔ ٹھنڈے ہونے پر چھوارے کھا کر دودھ پی لیجئے۔ یہی آپ کا ناشتہ ہے۔ نوے دن میں شکایت پوری طرح رفع ہو جائے گی۔

## دردِ غم

س: آج سے بارہ سال پہلے میرے ابو فوت ہو گئے تھے۔ اس وقت سے میری امی کے سر میں درد رہتا ہے۔ شروع میں تو کبھی مہینے میں ایک بار کبھی ہفتے میں ایک دفعہ سر درد ہوتا تھا مگر اب کوئی دن نہیں گزرتا جس دن سر میں درد نہ ہو۔ مایوس ہو کر آپ کو لکھ رہی ہوں جیسے جیسے دوا کرتے ہیں مرض بڑھتا جا رہا ہے۔ ڈاکٹرز کہتے ہیں کہ غم و پریشانی کی وجہ سے درد ہوتا ہے۔ اس کا کوئی علاج نہیں ہے۔

ج: اپنی والدہ صاحبہ سے کہیں کہ رات کو سونے سے پہلے وضو کر کے گرمی ہو تو غسل کر کے آسمان کے نیچے فلیٹ میں رہائش ہو تو بالکونی میں بیٹھ کر 100 بار اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الصّٰبِرِیْنَ پڑھیں اور آنکھیں بند کر کے دس منٹ کر سبز روشنی کا مراقبہ کریں۔ اس کے ساتھ ساتھ ہر نماز کے بعد 100 بار اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ پڑھ لیا کریں۔ انشاءاللہ ان کو بہت جلد سکون مل جائے گا اور سر میں درد سے نجات مل جائے گی۔

www.ksars.org

# ڈ

## ڈاکٹر کہتے ہیں کلام پاک کے بغیر

س: ایک آرزو آپ کی جھولی میں ڈال رہی ہوں۔ اللہ کے کلام کے ذریعے آپ کی کوششوں اور دعاؤں سے ہزاروں لوگوں کو شفا نصیب ہوئی ہے۔ میری والدہ کو تقریباً چھ سات برس پہلے آنکھوں کی معمولی تکلیف تھی۔ پھر آہستہ آہستہ آنکھوں کا نور مدھم پڑتا گیا۔ ہزاروں ڈاکٹروں اور حکیموں سے علاج کروائے لیکن بیماری میں کوئی فرق نہیں پڑا۔ اب جب کہ پھر ڈاکٹروں سے معائنہ کروایا تو ڈاکٹروں نے کہا یہ مرض لاعلاج ہے۔ بغیر کلام پاک کے اس کا کوئی علاج نہیں۔

ج: گھونگے بڑے جو سمندر میں ہوتے ہیں جن کو سنکھ بھی کہا جاتا ہے اور جو پجاری مندر میں بجاتے ہیں، لے کر ہاون دستہ میں کوٹ کر موٹے موٹے ٹکڑے کر لیں۔ تیز گرم پانی سے دھو کر مضبوط کپڑے میں پوٹلی بنا لیں۔ ایک چھٹانک گھونگوں کی پوٹلی چودہ روز تک کارآمد ہے۔ اس کے بعد نئے گھونگے لیں۔ البتہ پانی ہر چوبیس گھنٹے کے بعد نیا پکائیں۔ علاج کی مدت تین مہینے ہے۔ ہاون دستہ میں کوٹتے وقت جو باریک پاؤڈر بن جائے اسے پھینک دیں۔ صرف موٹے موٹے ٹکڑے باندھ کر پوٹلی بنائیں۔ مٹی کی ہانڈی میں پوٹلی کو ڈال کر جوش دیں اور سارا دن وہی پانی استعمال کریں۔ جب پانی ختم ہو جائے تو نیا بنائیں۔ 15 دن کے بعد نئی سیپ استعمال کریں۔

## ڈاکٹر کہتے ہیں میں کبھی ماں نہیں بن سکتی

س: پانچ سال قبل جب میں بلوغت کے مراحل سے دوچار ہوئی تو کوئی تکلیف نہیں ہوئی لیکن اس کے بعد طبیعت بہت زیادہ خراب رہنے لگی۔ بیماری کچھ اس نوعیت کی ہے۔

پیٹ میں شدید درد ہوتا ہے۔ ہاتھ پیر ٹھنڈے پڑ جاتے ہیں۔ چہرہ زرد ہو جاتا ہے۔ دس بارہ الٹیاں ہو جاتی ہیں۔ سانس رک رک کے آنے لگتی ہے۔ شدید درد مسلسل چار پانچ گھنٹے تک رہتا ہے۔ اور جب تک انجکشن نہیں لگ جاتے سکون نہیں ہوتا۔ پہلے نس میں ایک انجکشن لگتا تھا لیکن اب دو انجکشن لگتے ہیں۔ ایک درد کا اور ایک نیند کا۔ ایک دن کی بیماری سے سالوں کی مریضہ بن جاتی ہوں اور کمزوری اس قدر ہو جاتی ہے کہ میں تقریباً ایک ہفتہ بستر پر پڑی رہتی ہوں۔ کبھی کبھی تو سانس بھی کچھ دیر کے لئے رک جاتا ہے۔ ایک دفعہ تو گھر کے افراد یہ سمجھے کہ میں مر گئی ہوں۔

ہر بڑے سے بڑے ڈاکٹر اور حکیموں کا علاج کروا چکی ہوں لیکن طبیعت ویسی ہی ہے جیسی پہلے تھی۔ کچھ ڈاکٹروں کا خیال ہے کہ یہ بیماری شادی کے بعد ختم ہو جائے گی اور کچھ تو یہ کہتے ہیں کہ اگر یہ بیماری اچھی نہیں ہوئی تو یہ لڑکی کبھی ماں نہیں

www.ksars.org

بن سکتی یہی بیماری میری کزن کو بھی تھی۔ ان کی شادی کو آٹھ سال ہوگئے بہت علاج کروانے کے بعد ایک بچہ ہوا جو اب سات سال کا ہے۔ اس کے بعد پھر ان کو یہی بیماری رہنے لگی اور اس کے بعد پھر کوئی اولاد نہیں ہوئی۔

میں ابھی ایک حکیم کی دوا کھا رہی ہوں۔ تین ماہ کا کورس ہے۔ میں آپ سے التجا کرتی ہوں کہ مجھے کوئی دعا وغیرہ بتا دیں۔ ساری زندگی آپ کی شکر گزار رہوں گی۔ دو تین ماہ بعد اپنے گھر کی ہونے والی ہوں۔

ج: بینگنی رنگ شعاعوں کا تیل کمر میں ریڑھ کی ہڈی کے جوڑ پر (کولہوں کے درمیان جو ابھار ہوتا ہے) دائروں میں رات کو سوتے وقت اور صبح نہار منہ دس دس منٹ مالش کریں۔ ساتھ ساتھ رحم کے جملہ امراض کا علاج چینی کی دو عدد سفید پلیٹوں پر زردہ کے رنگ اور عرق گلاب سے لکھ کر بینگنی رنگ شعاعوں کے پانی سے دھو کر صبح شام پئیں۔ پانی کی مقدار دو دو اونس کافی ہے۔ دونوں وقت کھانا کھانے کے بعد گڑ بھی کھالیا کریں۔ کثرت سے وضو یا بغیر وضو یَا اَوَّلُ کا ورد کیا کریں۔

## ڈپریشن

س: اللہ تعالیٰ آپ کو صحت و تندرستی عطا فرمائے اور آپ ہی کے توسط سے ہماری مراد پوری کرے۔ آمین۔ ہمارے گھر والے برسوں سے روحانی ڈائجسٹ پڑھتے ہیں۔ احوال ضروری یہ ہے کہ پچھلے تین سال سے مجھے ڈپریشن سا رہتا تھا یعنی جب بھی مجھے کسی تقریب میں شرکت کرنے کا اتفاق ہوتا یا گھر میں کوئی دروازہ Knock کرتا تو میرا دل زور زور سے دھڑکنے لگتا اور مجھے کمزوری محسوس ہونے لگتی۔ جس کی وجہ سے صحت پر برا اثر پڑ رہا تھا۔ بہرکیف 3 ماہ پہلے ایک صاحب نے مجھے ایک حکیم کے پاس بھیج دیا تو انہوں نے مجھے رات میں کھانے کے بعد سرکہ اور ادرک تجویز کیا جس کے بعد میری حالت بہت غیر ہو گئی۔ اچانک 2 بجے رات میں جاگا جیسے میرے اوپر بجلی ٹوٹ پڑی ہو۔ سر اچانک چکرا گیا اور گھبراہٹ میں بے انتہا اضافہ ہو گیا۔ بہرحال میں کسی طرح سو گیا۔ صبح جاگتے ہی میرا جسم لاغر سا ہو گیا۔ مختصر یہ کہ سرکہ کے استعمال کے بعد میں بہت کمزور ہو گیا ہوں۔ کوئی خوشی یا غم کی خبر سننے کے بعد سر میں ایسا لگتا ہے کہ کرنٹ سا لگ گیا ہو۔ اس کے استعمال کے بعد میرے سر کے بال بھی سفید ہونا شروع ہو گئے ہیں اور میری پریشانی میں بہت اضافہ ہو گیا ہے۔ نیند بھی نہیں آتی۔ دماغ میں جنگ و جدل اور ہنگامہ آرائی کے خیالات آتے رہتے ہیں۔

جس سے کافی Tension ہو گئی ہے۔ خواجہ صاحب! ابھی بہت کچھ لکھنا تھا لیکن ڈرتا ہوں کہ اس لمبی چوڑی تفصیل سے آپ تنگ آکر اسے ردی کی ٹوکری کی نظر نہ کر دیں۔

ج: ادرک اور سرکہ کے استعمال سے یہ سب بیماریاں علاج نہیں ہوتیں۔ آپ دماغی خلفشار اور ذہنی کشاکش کے پرانے مریض ہیں۔ حکیم ڈاکٹر کے علاج کی بجائے ماہر نفسیات ڈاکٹر سے رجوع کریں اور اس کی ہدایات پر پورا پورا عمل کریں۔ انشاءاللہ آپ کی صحت کے لئے دعا کروں گا۔

www.ksars.org

## ڈاکٹر کہتے ہیں کوئی مرض نہیں ہے

س: ہماری والدہ صاحبہ ڈیڑھ سال سے مستقل بیمار ہیں۔ تین مرتبہ بیہوش ہو چکی ہیں۔ دو مرتبہ سینے میں درد ہو چکا ہے۔ اکثر پیٹ خراب رہتا ہے۔ جب تک دوا استعمال کرتی ہیں پیٹ ٹھیک رہتا ہے۔ دوا چھوڑنے سے پھر خراب ہو جاتا ہے۔ دونوں پیروں میں جلن رہتی ہے۔ ہاتھ پیروں میں اینٹھن رہتی ہے۔ ذرا بھی بات کریں یا چلیں پھریں تو دل ڈوبنے لگتا ہے۔ زبان خشک ہو جاتی ہے نیند بہت کم آتی ہے۔ کہتی ہیں ایسا معلوم ہوتا ہے کسی نے دل نچوڑ لیا ہے یا کوئی مٹھی میں لے کر دبا رہا ہے۔ حد سے زیادہ کمزور ہیں۔

ہر طرح کا علاج کروا چکے ہیں لیکن کوئی فائدہ نہیں ہے۔ اب سے چار مہینے پہلے آغا خان ہسپتال میں پورا چیک اپ ہو چکا ہے۔ خون، پیشاب، ای سی جی سب ٹھیک ہے۔ ڈاکٹر کہتے ہیں کہ کمزوری اور ڈپریشن کی وجہ سے معمولی سی دل کی تکلیف ہے۔ والدہ ہر وقت سوچتی رہتی ہیں۔ ویسے آغا خان ہسپتال اور کارڈیو ویسکولر میں بھی ڈاکٹروں کا یہی کہنا ہے کہ بیماری کوئی نہیں ہے۔

ج: آپ کی والدہ صاحبہ قبض کی پرانی مریضہ ہیں جب پیٹ صاف نہیں ہوتا پیٹ میں تعفن بڑھ جاتا ہے تو دل پر بوجھ پڑتا ہے۔ لگتا ہے کہ دل کسی نے مٹھی میں دبا لیا ہے۔ رات کو سوتے وقت ایک بڑا چمچہ روغن زیتون پئیں۔ رنگ اور روشنی سے علاج کے طریقہ پر زرد شعاعوں کا پانی تیار کر کے دونوں وقت کھانا کھانے سے آدھ گھنٹہ قبل پئیں۔ زرد شعاعوں کے تیل کی مالش صبح نہار منہ پورے پیٹ پر اچھی طرح کریں۔ چکنائیوں اور فرج میں رکھی ہوئی چیزوں سے مکمل پرہیز کریں۔

www.ksars.org

# ذ

## ذہنی خلفشار

س: میں ذہنی خلفشار اور بے چینی کا مریض ہوں۔ کچھ اس قسم کے وسوسے گھیرے رہتے ہیں کہ دماغ ہر وقت کشمکش میں مبتلا رہتا ہے۔ یک سوئی نہ ہونے کی وجہ سے کوئی کام پورا نہیں ہو سکتا۔

ج: ہر وقت باوضو رہا کیجئے۔ وسوسے آنے سے گھبراتے ہیں۔ اس کا علاج یہ ہے کہ جب خیالات آئیں تو ان کو رد نہ کریں، خیالات آتے ہیں۔ آپ کا کام یہ ہے کہ خیالات کو رد کرنے کے بجائے کسی دوسرے خیال میں ذہن مرکوز کر دیں۔

## ذہنی انتشار

س: خواجہ صاحب! کمزوریاں تو مجھ میں بے شمار ہیں لیکن دو کمزوریاں میرے لئے سخت پریشانی کا باعث ہیں۔ جب میں نماز پڑھنے لگتا ہوں تو میرے ذہن میں ادھر ادھر کے خیالات آتے ہیں۔ کوشش کرتا ہوں کہ نماز میں میرا ذہن، میری توجہ صرف اللہ کی طرف ہو جائے لیکن ایسا کبھی نہیں ہوتا۔ دوسری بات یہ ہے کہ آپ کوئی ایسا عمل یا وظیفہ بتائیں جس سے نماز کی پابندی کا عادی بن جاؤں۔

ج: نماز میں جو سورتیں پڑھیں ان کے معانی اور مفہوم پر غور کریں۔ اس کے لئے آپ کو یہ کرنا چاہئے کہ جو سورتیں آپ کو حفظ ہیں ان کے ترجمے بھی یاد کر لیں اور ہر وقت باوضو رہنے کی کوشش کریں۔

## ذات برادری

س: میں ایک مقامی ہسپتال میں سروس کرتی ہوں اور وہیں پر مجھے ایک لڑکے سے محبت ہو گئی ہے۔ اب وہ مجھ سے شادی کرنا چاہتا ہے لیکن میرے گھر والے نہیں مانتے کیونکہ ہمارے خاندان میں ذات پات کو بہت اہمیت دی جاتی ہے۔ جبکہ انسان کے لئے انسانیت ہی اس کی ذات ہوتی ہے۔ لڑکا بہت شریف ہے۔ برسر روزگار ہے۔ ذات تو اس ایک خدا کی ہے جس کے ساتھ ہم سب منسلک ہیں۔ میں چاہتی ہوں کہ ہمارے گھر والے وہاں شادی کے لئے مان جائیں جبکہ وہ لڑکا اور اس کے گھر والے مان رہے ہیں۔

ایسا نہ ہو کہ میرے گھر والوں کے نہ ماننے سے وہ بھی منکر ہو جائیں اور اس کا رشتہ کہیں اور کر دیں جبکہ وہ لڑکا کہتا ہے کہ میں کہیں اور شادی نہیں کروں گا۔ آپ میرے لئے محفل مراقبہ میں دعا بھی ضرور کریں اور کوئی عمل بتا دیں جس کی برکت سے میرا یہ کام جرور اور بہت جلد ہو جائے۔

www.ksars.org

ج: رات کو سونے سے پہلے وضو کر کے لوبان جلائیں اور مصلے پر بیٹھ کر تین سو بار یاوہاب پڑھ کر دس منٹ تک عرش کا تصور کریں اور اس کے بعد حسب منشاء شادی کے لئے دعا کریں۔ عمل کی مدت نوے دن ہے۔ دن بھر جب بھی یاد آجائے یا حی یاقیوم کا ورد کریں۔ ہر جمعرات کو دو روپے خیرات کر دیں۔

## ذہنی وسوسے

س: روزانہ عشاء کی نماز یہ سوچ کر چھوڑ دیتی ہوں کہ رات کو دو بجے اٹھ کر پڑھ لوں گی۔ دو مہینہ سے یہی ہو رہا ہے۔ جب بھی نماز پڑھنے کی نیت کرتی ہوں۔ اس طرح یہ خیال مسلط ہو جاتا ہے کہ باوجود کوشش کے بھی اس خیال کو رد نہیں کر سکتی۔ ہر صبح یہ ارادہ کرتی ہوں کہ آج سے صحیح وقت پر نماز ادا کروں گی۔ مگر رات کو پھر قضا ہو جاتی ہے۔ بالکل یہی حال پڑھائی کا بھی ہے۔ کتابیں کھول کر بیٹھتی ہوں اور کل کے اوپر بھروسہ کر کے کتابیں بند کر دیتی ہوں۔

ج: آپ کی شخصیت تساہل اور بے عملی کا شکار ہو گئی ہے۔ یاد رکھیئے کل کبھی نہیں ہوتی۔ جو لمحہ ضائع ہو جاتا ہے وہ کبھی واپس نہیں آتا۔ مسئلہ کا حل بہت آسان ہے ہر وقت باوضو رہیئے۔ اس قسم کے خیالات کی یلغار کے وقت فوراً وضو کیجئے اور استغفار پڑھیئے کہ یہ شیطانی وسوسہ ہے۔ یاحی یاقیوم کا ورد کرتی رہا کریں۔

www.ksars.org

ر

## راستہ دکھایئے

س: خواجہ صاحب! زندگی میں اگر عشق و محبت کی چاشنی، وصال یار کی تڑپ، محبت کی جلوہ طرازیاں اور ہجر کی لذت نہ ہو تو یہ پھیکی اور بے مزہ سی ہو جاتی ہے۔ میں عشق حقیقی کی منزل کا تنہا مسافر ہوں۔ بچپن میں اللہ میاں نے اپنی محبت کا مزہ چکھا کر تڑپا کر رکھ دیا۔ اور اسی محبت کی تلاش و جستجو میں مارامارا پھر رہا ہوں۔ عشق مجازی کی رنگین کنکریوں سے کھیل رہا ہوں۔ مگر اس حد تک کہ عشق حقیقی کے جذبے کو بھڑکا سکوں۔

میرے دل میں انجانی محبت کے شعلے بھڑک رہے ہیں اور مجھے یہ یقین ہو چلا ہے کہ اس دنیا میں عشق و محبت کی جتنی قسمیں ہیں مثلاً دولت و جاہ سے محبت، خدا تعالیٰ سے محبت، نیک لوگوں سے محبت الغرض جتنی بھی محبتیں ہیں ان سب کا مخزن کہیں ایک ہی ہے اور میں اس مخزن محبت کا پتہ لگانا چاہتا ہوں۔ میں کافی سوچ بچار اور تجربات کر چکا ہوں۔ مجھے یہ یقین ہو چلا ہے کہ محبت اور عشق ایک بہت بڑی قوت کا نام ہے جو ہر ذی روح کو مختلف اشکال میں ودیعت کی گئی ہے۔ میں اس قوت تک پہنچنا چاہتا ہوں۔۔۔۔۔۔ راستہ دکھایئے!

ج: آدمی کیا ہے، اس کے اندر جذبات کیا ہیں، وہ کیوں کسی کو چاہتا ہے اور کیوں اس کے اندر یہ خواہش ہے کہ کوئی اسے بھی چاہے، یہ سب کوئی معمہ نہیں ہے۔ بات سیدھی اور سادی ہے کہ آدمی کے اندر جو روح کام کر رہی ہے وہ اللہ تعالیٰ نے جب کائنات تخلیق کی تو اس کے اندر اللہ کا پہلا وصف، محبت منتقل ہوا۔ محبت ایک ایسا وصف ہے جو ہر ذی روح اور غیر ذی روح میں موجود ہے اور یہی وہ وصف ہے جس کے اوپر یہ کائنات گردش کر رہی ہے۔ اس محبت کا ذائقہ چکھنے کے لئے کہیں ماں کے دل میں اولاد کی محبت ڈال دی گئی، کہیں شمع کے لئے پروانے کو جان نثار بنا دیا۔ محبت نہ ہو تو یہ سارا جہان ایک آن کے ہزارویں حصہ میں کھنڈر بن جائے۔

محبت کی کنہ کو سمجھنے کے لئے میرے تجربے میں صرف ایک بات آئی ہے کہ آدمی صرف اللہ کے لئے اللہ کی مخلوق سے محبت کرے اور بلا تفریق مذہب و ملت نوع انسانی اور اللہ کی دوسری مخلوق کی خدمت کو اپنی زندگی بنا لے۔ یہ نسخہ کیمیا اثر ہے۔ پس تجربہ شرط ہے۔

## روحانی قوت کیا ہوتی ہے؟

س: روحانی قوت کیا ہوتی ہے؟ اور اس قوت کو کس طرح بڑھایا جا سکتا ہے۔ مطلب یہ کہ اگر میں چاہوں کہ میری روحانی صلاحیتوں میں اضافہ ہو جائے تو یہ کس طرح ممکن ہے؟ مجھے اس کا ٹھوس جواب دیں۔ جب آپ خواب کی تعبیر یا

www.ksars.org

مسائل کے کالم میں کسی کو یہ جواب دیتے ہیں کہ آپ کی روحانی قوتیں انشاء اللہ بڑھیں گی یا آپ میں روحانی صلاحیتیں موجود ہیں تو مجھے عجیب سا محسوس ہوتا ہے۔

ج: آپ کے سوال کے جواب میں سوال ہے کہ میں اپنی قابلیت میں اضافہ کر کے پی ایچ ڈی کرنا چاہتا ہوں اور اپنی جسمانی طاقت میں اضافہ کر کے پہلوان بننا چاہتا ہوں۔ بتائیے یہ کس طرح ممکن ہے؟

## روزانہ 25 الٹیاں آتی ہیں

س: میرا ایک لڑکا ہے جس کی عمر 7 سال ہے پچھلے چھ سال سے یہ کسی نہ کسی بیماری کا شکار رہا ہے۔ عمر کے پہلے سال میں یہ بہت تندرست اور گورے رنگ کا تھا۔ دوسرے سال سے اس کا رنگ کم ہونا شروع ہو گیا۔ سب سے پہلے اس کو سانس کی شکایت ہوئی سینہ بھرا بھرا رہتا تھا پھر دو سال تک کھانسی ہوتی رہی اور ہر چند مہینے کے بعد بیمار ہوتا گیا۔ ناخن اور مسوڑھے سرمئی رنگ کے ہو گئے۔ سانس کی شکایت جب ختم ہوئی تو عمر کے چوتھے سال کے اوائل سے اس کو پہلے بخار آنے لگا۔ ایک دو دن آنے کے بعد اس کو الٹیاں شروع ہو گئیں۔ الٹیاں روزانہ 20 یا 25 کے حساب سے کرتا تھا۔ ہم نے اسے ہسپتال میں داخل کرادیا وہاں گلوکوز کا پانی چڑھا اور الٹی روکنے کی دوا وغیرہ دی جاتی رہی۔ چھ ان ہسپتال میں رہ کر گھر واپس لے آئے۔ پہلے تو ان الٹیوں کی وجہ ڈاکٹروں کی سمجھ میں نہیں آئی۔ بعد میں پیشاب کا ٹیسٹ کر کے اس نتیجہ پر پہنچے کہ اس کو LEAD POISON ہو گیا ہے۔ جس کی وجہ سے مسوڑھے، گھٹنے کے جوڑ وغیرہ سرمئی یا سیاہی مائل ہو گئے۔ لہٰذا اس کا علاج ہوتا رہا۔ مگر کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ آج بھی اس کو یہ مرض چار سال سے ہے۔ پچھلے ڈیڑھ سال سے یہاں کے سب سے بڑے دواخانے کنگ فیصل ہسپتال میں علاج ہو رہا ہے۔ اب یہ پتہ چلا ہے کہ لڑکے کے گردے پر کچھ (GLANDS) ہوتے ہیں جو کام نہیں کر رہے ہیں۔ یہ GLANDS کچھ مادہ پیدا کرتے ہیں جو جسم کی مدافعت میں حصہ لیتا ہے اور وہ پیدا نہیں ہو رہا ہے لہٰذا یہ بیمار رہتا ہے اور ہر دو تین ماہ کے بعد بخار کے بعد سینہ بھر جاتا ہے۔ الٹیوں کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔ دو دوائیں یہ ڈاکٹر دیتے ہیں ایک کا نام HTDRO CORTIS ONE اور دوسری دوا کا نام FLOURIWE ہے۔ یہ دونوں دوائیں اس کو ساری عمر ایک گولی کے حساب سے کھلانا ہے اس طرح دوائیوں پر رکھنا بیماری کا علاج تو نہ ہوا۔ صرف یہ اس کی بیماری کی روک تھام کرتا ہے۔ روک تھام بھی عارضی ثابت ہوتی ہے اور بچہ پہلے سے زیادہ کمزور ہو جاتا ہے۔ ان الٹیوں کے دوران نہ یہ کوئی چیز کھا سکتا ہے صرف نلکی کے ذریعے یا سوئی کے ذریعے غذا اور دوسری دوائیں انجیکٹ کی جاتی ہیں۔ اس بیماری کے طویل تسلسل کی وجہ سے دماغی نشوونما بھی کم ہو رہی ہے۔ جو سمجھ 7 سال کے دوسرے بچوں میں ہے اس میں نہیں ہے۔ اس کا پیشاب پاخانہ سب نارمل ہے۔ کسی قسم کی کوئی تکلیف نہیں۔ اب اگر روحانی حکمت میں کوئی ایسا علاج ہے جو اس کے گردوں کے GLANDS کو پھر سے زندگی دے کر اس کی صحت تندرست رکھ سکے اور پھر کبھی یہ الٹیاں نہ کرے تو ہم کراچی آ کر آپ سے علاج کرانے کو تیار ہیں۔ یہ بتائیے اس کا مرض ٹھیک ہونے میں کتنا عرصہ لگے گا کیونکہ مجھے صرف دو تین ہفتہ کی چھٹی مل سکتی ہے۔

www.ksars.org

ج: آپ کراچی آنے کی زحمت گوارہ نہ کریں جو علاج ہو رہا ہے اس کے ساتھ روحانی علاج بھی کریں۔ مجھے اللہ کی ذات سے یقین ہے کہ آپ کا بچہ انشاءاللہ تندرست ہو جائے گا۔

"رنگ اور روشنی سے علاج" کے طریقہ پر جامنی رنگ کی شعاعوں اور زرد رنگ کی شعاعوں کا پانی تیار کریں۔ صبح اور شام دو اونس پی لیا کریں۔

چینی کی دو عدد پلیٹوں پر لکھیں

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

ک م ن ق

---

اَلْمَلِکِ الْقُدُّوْسُ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

۷۹۵ ۷۹۵ ۷۹۵

اور دو عدد پلیٹوں پر

| | | |
|---|---|---|
| رِیَاحِیْنَ مَاءٍ | رِیَاحِیْنَ مَاءٍ | رِیَاحِیْنَ مَاءٍ |
| رِیَاحِیْنَ مَاءٍ | رِیَاحِیْنَ مَاءٍ | رِیَاحِیْنَ مَاءٍ |
| رِیَاحِیْنَ مَاءٍ | رِیَاحِیْنَ مَاءٍ | رِیَاحِیْنَ مَاءٍ |

لکھیں بسم اللہ والی پلیٹیں صبح شام بینگنی رنگ شعاعوں کے پانی سے دھو کر پلائیں اور 786 والی پلیٹیں دونوں وقت کھانے سے پہلے گھڑی دیکھ کر ہر چھ گھنٹے کے بعد سورۃ بقرہ 1 سے **اولیک ھم المفلحون** تک پڑھ کر گردوں کی جگہ دم کریں اور علاج مسلسل 21 روز تک جاری رکھیں۔ اس کے علاوہ رنگ اور روشنی کے علاج کے طریقہ پر صبح شام جامنی شعاعوں کا پانی اور کھانے سے پہلے زرد شعاعوں کا پانی ایک ایک اونس چالیس روز تک پلائیں۔ ان دونوں علاج کے ساتھ آپ ایلو پیتھی علاج بھی کر سکتے ہیں۔ اس قدرتی علاج پر کوئی اثر نہیں پڑے گا البتہ روحانی علاج میں وقت کی پابندی ضروری ہے۔ مجھے اللہ کی ذات سے یقین ہے کہ آپ کا بچہ بالکل صحت مند اور تندرست ہو جائے گا۔

## رنگ کالا اور موٹے ہونٹ

س: کسی محفل میں جاتی ہوں تو مجھے نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ وجہ یہ ہے کہ میرا رنگ بہت کالا ہے۔ ہونٹ موٹے اور نیلے ہیں۔

چہرہ پر مردوں کی طرح بال ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ میرا کوئی رشتہ بھی نہیں آتا۔ آپ یقین کریں کہ یہ خط لکھتے وقت میری آنکھوں میں آنسو ہیں اور میں آپ کو رو رو کر خط لکھ رہی ہوں۔

www.ksars.org

ج: 9x12 سفید آرٹ پیپر کاغذ پر سیاہ چمک دار روشنائی سے سیدھی لائنوں میں 9 کا ہندسہ لکھئے۔ جتنی سطریں بھی لکھی جائیں۔

قلم موٹا ہونا چاہئے۔ اس کاغذ کو فوٹو کی طرح فریم کرا کے اپنے کمرے میں لٹکائیں اور اس کو جب بھی وقت ملے بار بار دیکھئے۔ لیکن ایک وقت میں پانچ منٹ سے زیادہ نہ دیکھئے۔ عرصہ تین ماہ کے اس علاج سے آپ کے مسائل کا خوبصورت حل نکل آئے گا۔

## روشنی کی کرن

س: پانچ چھ سال سے میں باورچی خانہ میں ایسے ہی کھانا تیار کر رہی تھی کہ اچانک ہی محسوس ہوا کہ میرا دم گھٹ رہا ہے اور دل بہت سخت گھبرانے لگا ہے۔ فوراً ہی باہر کھلی جگہ پر آ گئی اور ہاں یہ بتا دوں کہ ان دنوں سخت سردی تھی۔ میں نے سوئیٹر بھی اتار دیا۔ فوراً ہی ڈاکٹر کے پاس لے جایا گیا۔ ڈاکٹر صاحب نے انجکشن لگا دیا اور وقتی طور پر آرام ہو گیا۔ پھر ہر تیسرے چوتھے روز یہ کیفیت ہونے لگی۔ علاج بھی ہوتا رہا۔ کوئی کہتا کہ یہ مرگی کا دورہ ہے کسی نے کہا جن بھوت ہے اور سایہ ہے۔ مگر افسوس کہ ہر طرح کے علاج معالجے کے باوجود افاقہ نہیں ہوا۔ جب ڈاکٹروں کے علاج سے آرام نہ ہوا تو حکیموں کا رخ کیا پھر بھی آرام نہ آیا تو مزارات پر حاضری دی۔

تعویذ گنڈے کرائے۔ دم کر کے پانی پیا۔ لکھی ہوئی پلیٹیں پئیں۔ آج آپ روشنی کی ایک کرن بن کر مجھے نظر آئے۔

ج: مرگی، آسیب، جنات کا سایہ کچھ نہیں ہے یہ گیس کا مرض ہے۔ گیس کسی وجہ سے دل کے چاروں طرف جمع ہو گئی۔ دل پر دباؤ پڑا اور آپ سخت سردی میں بھی پسینہ پسینہ ہو گئیں۔ ڈاکٹروں نے اعصاب کو تقویت پہنچانے کا انجکشن لگا دیا اور کچھ دوائیں دے دیں۔ وقتی آرام تو آ گیا لیکن دواؤں کی گرمی سے خشکی نے گیس میں مزید اضافہ کر دیا اور پھر یہ مرض الجھتا چلا گیا۔ نوبت تعویذ گنڈوں تک جا پہنچی۔ تعویذ گنڈے کرنے والے چونکہ مرض کی تہہ تک نہیں پہنچ سکے اس لئے وہ بھی الٹا سیدھا علاج کرتے رہے۔

بہت آسان اور سستا علاج یہ ہے کہ آپ دونوں وقت کھانے کے بعد جوارش کمونی چھ چھ ماشے سونف کے عرق کے ساتھ کھا لیں اور اس پر ہر ایک بار یاحفیظ یااللہ پڑھ کر دم کر کے استعمال کریں۔

## رحمت کا فرشتہ آواز دیتا ہے

س: چار ماہ سے ایک مسئلہ درپیش ہے وہ یہ ہے کہ آنکھیں بند کرتی ہوں تو آواز آتی ہے سب سے پہلی بار یہ آواز کسی آدمی کی تھی۔ بھاری سی آواز اور وہ آدمی میرا نام بھی اچھی طرح سے نہیں پکار سکا۔ اس کے بعد یہ آواز عورت کی ہو گئی اور اس کی مشابہت میری بہن کی آواز سے ہے جو کہ مجھ سے دو سو کلومیٹر پر استانی ہے۔ جب وہ میرے پاس آ کر رہی تو اسے بھی کسی

www.ksars.org

نے آواز دی تھی وہ میرے ساتھ والی چارپائی پر کمرے میں سوئی ہوئی تھی۔ اس رات مجھے بھی آواز سنائی دی۔ یہاں پر لوگ مجھے اکثر پرنسپل کہہ کر پکارتے ہیں۔ میرا اصلی نام تو بہت کم لوگ لیتے ہیں۔ یہ آواز مجھے صرف اپنے گھر میں اپنے بستر پر ہی نہیں آتی بلکہ کسی بھی جگہ پر آجاتی ہے۔ چاہے وہ کسی دوسرے گھر میں بھی ہوں۔ دوسرے گھر میں یہ آواز کبھی کبھی آتی ہے۔ ابھی آنکھیں بند ہی ہوتی ہیں اور دماغ جاگ رہا ہوتا ہے تو آواز آتی ہے میں اب پرواہ نہیں کرتی۔ سونے سے پہلے آیت الکرسی اور ساری سورتیں پڑھ کر سوتی ہوں۔

خدا تعالیٰ کی مہربانی ہے۔ مجھے کوئی نقصان نہیں پہنچا مگر میری ایک سہیلی للیا اور میرا وفادار ڈرائیور جب مجھے لینے کے لئے آرہے تھے تو راستے میں حادثہ ہو گیا۔ ڈرائیور مر گیا اور سہیلی زخمی ہوئی جو اب ٹھیک ہو رہی ہے۔ یہ حادثہ میرے پاس پہنچنے سے پہلے ہی ہو گیا تھا۔ میں اس آواز کے بارے میں کسی سے ذکر نہیں کرتی۔ ہر وقت یا حی یا قیوم کا ورد کرتی ہوں۔ یہاں پر میرا بڑا عہدہ ہونے کی وجہ سے کافی لوگ حسد کرتے ہیں۔ مگر میں تو ہر وقت خدا سے ڈر کر امان کی دعائیں کرتی رہتی ہوں۔ اسی طرح سے کئی سال گزر گئے ہیں مگر یہ آواز کی بات پہلے کبھی نہ ہوتی تھی۔ کبھی سوچتی ہوں میرا رحمت کا فرشتہ آواز دے کر مجھے خبردار کر دیتا ہے۔

ج: دو عدد چھوٹے مومی کاغذ پر

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم

يَا مَهْلَائِيلُ يَا ثَمْنَائِيلُ يَا مِيْكَائِيلُ يَا جِبْرَائِيلُ

لکھ کر صاف شدہ روئی میں لپیٹ کر بتی بنالیں اور چراغ میں زیتون کا تیل (OLIVE OIL) ڈال کر اس میں ڈال دیں اور جلا دیں۔ جب تک چراغ جلتا رہے آپ چراغ کے پاس لیٹی یا بیٹھی رہیں۔ ایک بتی صبح صادق کے وقت اور ایک بتی رات کو سونے سے پہلے جلائیں اور پورا علاج چالیس روز کا ہے۔ چالیس روز تک کھٹاس، اچار، گوشت اور نمک سے پرہیز کریں۔ آپ پوری توجہ اور یکسوئی کے ساتھ پرہیز کے ساتھ یہ علاج کرلیں۔ یقینی طور پر کانوں میں آوازیں آنا بند ہو جائیں گی۔

## رنگین روحانی علاج

س: میں نہایت جذباتی اور حساس ہوں۔ معمولی باتوں کو بھی بہت اہمیت دیتی ہوں۔ بہت جلد رنجیدہ ہو جاتی ہوں۔ ہر وقت خوف زدہ رہتی ہوں۔ جلد نروس ہو جاتی ہوں۔ مجھ میں خود اعتمادی بہت کم ہے۔ لڑائی جھگڑا کرنے سے میری حالت ناقابل بیان ہوتی ہے۔ خیالات ہر وقت منتشر رہتے ہیں۔ بہت دبلی ہوں۔ اچھی خوراک کے استعمال کے باوجود جسم پر گوشت نہیں چڑھتا۔ چند ماہ بیشتر کا واقعہ ہے کہ میری سہیلی کے شوہر کا اچانک انتقال ہو گیا۔ اس خبر کو سن کر میری طبیعت اس قدر خراب ہو گئی کہ سہیلی بھی حیران تھی۔ ہر وقت متلی، ابکائیاں، چکر، وحشت، گھبراہٹ رہتی ہے۔ شعوری طور پر میں نے بہت کوشش کی کہ میں اپنی ان کیفیات پر قابو پالوں لیکن ناکام رہی۔

www.ksars.org

شادی کو تیرہ سال کا عرصہ ہو چکا ہے۔ شادی کے چند ماہ بعد ایک دو ماہ کا حمل ضائع ہو گیا۔ اس میں بھی میری جذباتیت رہی۔ مجھے کسی بات پر غصہ آ گیا اور میں نے بہت وزنی چیز اٹھالی۔ دوسرے دن اسقاط حمل ہو گیا۔ طبیعت اتنی خراب ہو گئی کہ خون دینا پڑا۔ اس کے بعد سے امید ہی نہیں بندھی۔ ہر طرح کے علاج، تعویذ، وظیفے سب کر لئے ہیں۔ ڈاکٹر کے کہنے کے مطابق ہر چیز نارمل ہے۔

ج: ام الصبیان کا علاج دو عدد پلیٹوں پر لکھ کر نیلی شعاعوں کے پانی سے دھو کر صبح شام پئیں۔ حبس ریاح کا علاج۔ زرد شعاعوں کا پانی کھانے سے قبل۔ پانی کی خوراک دو دو اونس رکھیں۔

## رنگ سانولا ہے

س: میرا رنگ سانولا ہے لیکن چہرے کا رنگ بہت پیلا ہے۔ اللہ کا فضل ہے کہ ہر چیز کھانے کو ملتی ہے۔ میری صحت ٹھیک ٹھاک ہے۔ یعنی ایسی ویسی کوئی بیماری بھی نہیں۔ رات کو منہ میں اپنے آپ پانی آ جاتا ہے تو جاگ کر تھوکتی ہوں۔ اللہ رسول ﷺ کا واسطہ۔ کوئی ایسا علاج تجویز کریں کہ منہ سے پانی نکلنا بند ہو جائے اور میرا پیلا رنگ سانولا ہو جائے۔

ج: آپ کے معدہ میں یبوست اور خشکی ہے۔ غذائیں ایسی کھائی جاتی ہیں جن کو معدہ قبول نہیں کرتا۔ باسی، کھٹی اور چکنی چیزوں کے پرہیز کے ساتھ۔ دونوں وقت کھانے آدھ گھنٹہ قبل زرد شعاعوں کو سوتے وقت تین سو بار ریاحین ماء پڑھ کر پانی دم کر کے پی لیا کریں۔

## رقص و سرور

س: میں بچپن میں ڈانس کرتا اور لڑکیوں کی طرح حرکتیں کرتا تھا۔ بڑوں نے کوئی نوٹس نہیں لیا بلکہ وہ میری ان حرکات سے خوش ہوتے تھے۔ لیکن یہ حرکات اب میرے لئے ڈوب مرنے کا مقام بن گئی ہیں۔ ستم ظریفی یہ کہ ہوں تو میں ایک مرد لیکن میری گفتگو، چال ڈھال، صورت شکل حتیٰ کہ میری جذبات بھی عورتوں کے سے ہیں۔ جہاں کوئی خوبصورت لڑکا دیکھا، ہفتوں ذہن سے نہیں نکلتا۔ ایسے ایسے خیالات ذہن میں آتے ہیں کہ لکھنے سے قاصر ہوں۔ جسمانی نشوونما بھی رک گئی ہے۔ ڈر ہے کہ میری جنس نہ بدل جائے۔ خدا کے لئے میری مدد کیجئے۔ میں ہر صورت میں مرد رہنا چاہتا ہوں۔ ایک بھرپور مرد۔

ج: چالیس روز تک، رات کو سونے سے پہلے ایک چھٹانک چلغوزے کھالیا کریں اور ترکاریوں میں بند گو بھی زیادہ سے زیادہ استعمال کریں اور ایک چمچہ خالص شہد پر ایک بار اَلرَّضَاعَتْ عَمَا نَوِيْل پڑھ کر دم کر کے استعمال کریں۔

www.ksars.org

## روزانہ لڑائی شروع ہو جاتی ہے

س: میرے گھر میں آٹھ افراد ہیں۔ آپس میں نفاق رہتا ہے۔ ہر شخص بات بے بات غصہ کرتا ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ گھر کا ہر فرد خود کو حاکم سمجھے ہوئے ہے۔ والد والدہ کا حال یہ ہے کہ والد صاحب جیسے ہی گھر میں داخل ہوتے ہیں ان کا دماغ گھوم جاتا ہے اور لڑائی شروع ہو جاتی ہے۔ صبح ہوتی ہے تو اباجی کو پتہ نہیں کیا ہو جاتا ہے کہ وہ والدہ کے اوپر برسنے لگتے ہیں۔ بڑے کہتے ہیں چھوٹے بہن بھائی ہمارا احترام نہیں کرتے۔ چھوٹے سہمے ہوئے رہتے ہیں اور سوچتے ہیں بڑے ہمارے سروں پر شفقت سے ہاتھ نہیں رکھتے۔

والد صاحب اب کئی کئی راتیں گھر نہیں آتے۔ والدہ کہتی ہیں کہ ان کی سسرال والوں نے جادو کرا دیا ہے کہ بہو کا گھر خراب ہو جائے اور بچوں کا مستقبل خراب ہو جائے۔

ج: والد اور والدہ دونوں ذہنی طور پر ناآسودہ ہیں۔ اس میں قصوروار دونوں ہیں۔ اس مسئلہ کو گھر کا کوئی بزرگ یا گھر کا کوئی ہمدرد دوست سلجھا سکتا ہے۔ آپ صبح کے وقت ایک مرتبہ یاودود پڑھ کر پانی پر دم کر کے دونوں کو پلا دیا کریں۔

www.ksars.org

# ز

## زرد شعاعوں کا پانی

س: آج سے ایک سال قبل میری بیوی کا پتے کا آپریشن ہوا تھا کیونکہ پتے میں پتھری پڑ گئی تھی۔ ڈاکٹروں نے آپریشن کے ذریعے پتہ ہی نکال دیا ہے لیکن اس کے بعد اب یہ پوزیشن ہے کہ جس دن سے آپریشن کرایا ہے عجیب حالت ہے کمزوری بے انتہا ہے۔

کھایا پیا بالکل نہیں لگتا۔ کبھی پیٹ میں درد شروع ہو جاتا ہے تو کبھی جسم میں درد ہوتا ہے۔ کوئی چیز ہضم نہیں ہوتی۔ ڈاکٹری دیسی اور ہومیوپیتھک علاج کر کے تھک چکے ہیں۔ اب تو میری بیوی بھی ناامید سی ہو جاتی ہے کہ کیا کریں کبھی کسی کے پاس جاتے ہیں تو کبھی کسی کے پاس لیکن ہماری بیماری جوں کی توں ہے۔ ایکسرے کی رپورٹیں بھی کرائی ہیں کبھی چھوٹے پیشاب میں نقص نکل آتا ہے تو کبھی انتڑیوں میں سوزش پڑی ہوئی نظر آتی ہے۔ عجیب حالت ہے۔ ہمارا ایک ہی بچہ ہے جس کی عمر اس وقت 5 سال کی ہے اس کے علاوہ اس بچے سے پہلے دو بچے فوت ہو گئے تھے اور اس کے بعد ایک بچہ فوت ہو چکا ہے۔ خدا کے لئے میری بیوی کا کچھ کر دیں کوئی ایسی چیز عنایت کر دیں کہ میری بیوی کی حالت بالکل ٹھیک ہو جائے پھر سے کھانا پینا اور چلنا پھرنا شروع کر دے اور بچے بھی ٹھیک پیدا ہوں۔

ج: دونوں وقت کھانے سے قبل زرد شعاعوں کا پانی دو دو اونس اور دونوں وقت کھانے کے بعد سرخ شعاعوں کا پانی ایک ایک اونس پلائیں، 21 روز کے بعد حالات سے مطلع کریں۔

## زندگی اور موت

س: ہمارے یہاں اولاد ہوتی تو ہے لیکن زندہ نہیں رہتی۔ اللہ تعالیٰ سے دعا فرمائیں اور مجھے کوئی وظیفہ بتائیں میں والدین کا اکلوتا بیٹا ہوں۔ والد صاحب پوتے پوتی کا ارمان قبر میں لے گئے۔ والدہ صاحبہ بھی بیمار رہتی ہیں۔ میں والدہ صاحبہ کی زندگی چاہتا ہوں اور سمجھتا ہوں کہ اگر میرے اولاد ہو جائے گی تو والدہ چند سال اور جی جائیں گی۔ ویسے زندگی اور موت تو اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے لیکن میں آپ کے آگے ہاتھ جوڑ کر التجا کرتا ہوں کہ خدا سے دعا فرمائیں کہ آئندہ جو بھی اولاد ہو زندہ سلامت رہے۔

ج: عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے مندرجہ ذیل نقش چینی کی پلیٹوں پر لکھ کر پانی سے دھو کر دن میں تین مرتبہ ایک ایک پلیٹ اپنی بیگم کو پلائیں۔

www.ksars.org

الـــــــــــــــــــے ۹۳ ۹۳ ۹۳ ۹۳ ۳

یہ عمل 90روز تک کریں۔ اس روحانی علاج سے آئندہ آپ کی اولاد انشاءاللہ زندہ رہے گی۔

## زندگی سے مایوس

س: میں ایک بہت پریشان کن مسئلہ لے کر حاضر ہوئی ہوں۔ امید ہے کہ آپ مدد فرمائیں گے۔

میرے ابا کے بچپن کے ایک دوست جن کا نام محمد حسین ہے، آج کل بہت بیمار ہیں اور اتنے بیمار ہیں کہ وہ چارپائی سے بالکل اٹھ بھی نہیں سکتے۔ بیماری کی تفصیلات یہ ہیں۔

سب سے پہلے انہیں پھیپھڑوں کی ٹی بی ہو گئی تھی اور کافی سال پہلے کی بات ہے۔ انہوں نے علاج پر کوئی توجہ نہیں دی اور سگریٹ بھی بہت پیتے تھے۔ آہستہ آہستہ ان کا مرض بڑھتا گیا اور اب پانچ چھ ماہ سے ان کی حالت بہت خراب ہے۔ ٹانگیں مفلوج ہو گئی ہیں۔ سارا دن بستر پر پڑے رہتے ہیں۔ جس کی وجہ سے پیٹھ پر زخم ہو گئے ہیں۔ پیشاب پاخانہ بند ہو گیا ہے۔ پیشاب کے لئے نلکی لگی ہوئی ہے۔ بھوک بالکل نہیں لگتی۔ ہڈیوں کا ڈھانچہ بن گئے ہیں۔ ڈاکٹروں نے کہا ہے کہ جگر بھی خراب ہے۔ دو دفعہ ریڑھ کی ہڈی کا آپریشن بھی ہوا ہے۔ آپریشن کے بعد ٹانگوں نے بالکل کام کرنا چھوڑ دیا ہے۔ وہ اپنی زندگی سے بہت مایوس ہیں۔ بچیوں کو دیکھ دیکھ کر روتے رہتے ہیں۔

آپ سے گزارش ہے کہ میرے ابا کے ان عزیز دوست کے لئے کوئی روحانی علاج بتا دیجئے۔ ہو سکتا ہے کہ ساری دنیا سے مایوس ہو کر انہیں روحانی علاج سے شفا مل جائے کیونکہ اللہ کی ذات بہت بڑا سہارا ہے اور اس کے کلام میں بڑی برکت ہے۔

ج: تین عدد سفید چینی کی پلیٹوں پر زردہ کے رنگ اور عرق گلاب سے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِo الرٰ تِلْكَ آیَاتُ الْكِتَابِ الْمُبِینِ-اَلرَّحِیْمُ اَلرَّحِیْمُ اَلرَّحِیْمُ لکھ کر ایک پلیٹ صبح نہار منہ، ایک عصر کے بعد اور ایک رات کو سوتے وقت پانی سے دھو کر پلائیں۔ ہم سب قارئین کی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کے والد صاحب کے دوست کو شفا دے، آمین!

## زبان بھاری ہو گئی ہے

س: میری والدہ پر فالج کا حملہ ہوا ہے۔ پہلے بائیں طرف ہوا جو چند ہفتوں میں ٹھیک ہو گیا۔ اس کے کچھ عرصے کے بعد اچانک زبان بھاری ہو گئی اور دائیں طرف کے پورے جسم پر دوبارہ اٹیک ہوا۔ چھ مہینے ہونے کو آئے ہیں مگر کوئی فائدہ معلوم نہیں ہوتا۔ آپ کی ذات سے امید کی ایک کرن جھلملائی مگر وہ بھی بے سود، اس لئے کہ جن حکیم صاحب کا علاج ہو رہا ہے، والد صاحب انہیں چھوڑنے پر تیار نہیں۔ جبکہ گھر کے کسی فرد کی نظر میں اس علاج سے کوئی افاقہ نہیں ہوا ہے۔ اب آپ

www.ksars.org

ہی بتائیں ہم کیا کریں اور کس سے فریاد کریں۔ امی نے ان چھ مہینوں میں رو رو کر ایسی حالت بنالی ہے کہ لوگ پہچان نہیں پاتے۔ آپ روشنی کی ایک کرن ہیں۔ ہمیں اس روشنی سے محروم نہ کیجئے گا۔ خدا تعالیٰ کے پاک کلام میں بہت طاقت ہے۔

ج: فالج، لقوہ ایسے امراض ہیں کہ جو آتے تو ہیں آناً فاناً لیکن آرام آہستہ آہستہ ہوتا ہے۔ آپ کے والد صاحب کی رائے ٹھیک ہے۔

حکیم صاحب کے علاج کو جاری رکھا جائے۔

دوا اور دعا کے اصول پر حکیم صاحب کے علاج کے ساتھ ساتھ روحانی علاج بھی کرتے ہیں۔ تین عدد سفید چینی کی پلیٹوں پر زعفران اور عرق گلاب سے لکھ **بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِo الرٰ تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ الْمُبِيْنِ-اَلرَّحِيْمُ اَلرَّحِيْمُ اَلرَّحِيْمُ** کر ایک پلیٹ صبح، ایک شام اور ایک رات کو پانی سے دھو کر پییں۔

ایک صاف شفاف شیشے کی چینی کی برنی میں سفید نمک کے چھوٹے چھوٹے ڈلے ڈال کر ڈھکن لگا کے اسٹول یا میز کے اوپر والدہ صاحبہ کے کمرے میں رکھ دیں چالیس روز تک۔ چالیس روز کے بعد یہ نمک دریا برد کر دیں۔

## زندگی اور موت

س: میرا مسئلہ بہت ہی الجھا ہوا اور پیچیدہ ہے۔ دوسروں کی نظر میں خواہ یہ معمولی مسئلہ ہے تو میرے لئے تو زندگی اور موت کا سوال بن چکا ہے۔ آج سے چند سال پہلے جب میں نے فرسٹ پروفیشنل کا امتحان دیا تو کچھ لوگوں نے مجھ پر جادو کروا دیا۔ ان کے کچھ تعویذ بھی پکڑے گئے۔ اس سے پیشتر میں پڑھائی میں بہت لائق تھی۔ بہت شوق تھا مجھے پڑھنے کا۔ لیکن پھر ایسا ہوا کہ پڑھائی سے دل اچاٹ ہو گیا۔ کالج بھی کم جاتی۔ بڑی مشکلوں سے چند مضامین پاس کئے۔ اب صرف تین مضامین اور رہ گئے ہیں۔ مجھے لگتا ہے کہ میں یہ مضامین کبھی پاس نہیں کر سکوں گی۔ پڑھنے کو دل نہیں چاہتا۔ پڑھنے بیٹھتی ہوں تو دماغ گھومنے لگتا ہے اور میں کتاب ہاتھ سے رکھ دیتی ہوں۔ میرے والدین اور افراد خانہ نہایت پریشان ہیں۔ جب بھی وہ اس مسئلے پر مجھ سے بات کرتے ہیں میرا دل دھڑکنے لگتا ہے۔ اب تو مجھے انسانوں سے خوف آتا ہے۔ گھر آئے مہمانوں کا سامنا نہیں کر سکتی۔ کسی محفل میں بیٹھ نہیں سکتی۔

گھبراہٹ طاری ہو جاتی ہے اور دماغ چکرانے لگتا ہے۔ کسی کی بات کا جواب ٹھیک سے نہیں دے پاتی۔ قوت ارادی بالکل نہیں رہی۔

ج: رات کو سونے سے پہلے اندھیرا کر لیں اور اندھیرے میں بیٹھ کر تین مرتبہ یاحی یاقیوم کا ورد کریں۔ اس کے بعد آنکھیں بند کر کے اپنے جسم کو ڈھیلا کر دیں اور ذہن کو اس قدر آزاد کریں کہ گویا آپ کا وجود باقی نہیں ہے۔ دس منٹ کے بعد بستر پر لیٹ کر سو جائیں۔ صبح سورج نکلنے سے پہلے بیدار ہو کر سورہ فلق ایک مرتبہ پانی پر دم کر کے پی لیا کریں۔ اس پروگرام پر چالیس دن عمل کرنے سے انشاء اللہ آپ کی تمام مشکلات دور ہو جائیں گی۔

www.ksars.org

# س

## سینہ میں گلٹی

س: بابا جی، میں آپ کی خدمت میں ایک مسئلہ لے کر حاضر ہو رہی ہوں۔ امید ہے اپنی بیٹی سمجھ کر توجہ فرمائیں گے۔

دن بدن کمزور ہوتی جا رہی ہوں۔ پیٹ میں ناف سے نیچے ہلکا ہلکا درد رہتا ہے۔ خصوصاً زیادہ دیر بیٹھنے سے یہ درد بڑھ جاتا ہے۔ جسم ہر وقت گرم رہتا ہے اور ایسا لگتا ہے اندر سے جل رہی ہوں۔ بدن میں درد اور سر میں درد کے ساتھ گردن میں بھی درد کی شکایت ہے۔ میرے دائیں بریسٹ میں ایک گلٹی سی ہے جس میں درد ہوتا ہے اور ساتھ ہی چبھن بھی ہوتی ہے۔ معلوم یہ کرنا ہے کہ یہ درد فطری ہے یا کسی بیماری کی علامت ہے؟

ایک درخواست اور ہے کہ میں سلسلہ عظیمیہ میں بیعت ہونا چاہتی ہوں تاکہ اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کر سکوں اور اس قافلے میں شریک ہو سکوں جس کی نشاندہی آپ نے کتاب روحانی نماز کے انتساب میں کی ہے۔ روحانی نماز بہت پسند آئی اور جس نے بھی پڑھی پسند کی۔ انتہائی عمدہ کاوش پر مبارکباد قبول کریں۔

ج: ''ایام'' میں خرابی نظر آتی ہے۔ اس کا علاج بہت ضروری ہے۔ فوراً کسی لیڈی ڈاکٹر سے رجوع کریں۔ اگر یہ مرض کچھ عرصہ اور رہ گیا تو خدانخواستہ گلٹی کے آپریشن کا خطرہ ہے۔ علاج میں کوتاہی ہرگز نہیں ہونی چاہئے۔

سلسلہ عظیمیہ میں داخل ہونے کے لئے الگ سے خط لکھیں اور اس خط میں دوسری کوئی بات نہ لکھی جائے۔ انشاءاللہ آپ کو ایک فارم ارسال کر دیا جائے گا وہ آپ پر کر کے ارسال کر دیں۔

## سفید داغ، روحانی علاج

س: میری مشکل یہ ہے کہ میرے جسم پر سفید داغ ہیں جو گردن کی پچھلی سائیڈ اور پیٹ پر ہیں۔ ابھی ابتدائی حالت میں ہے۔ اس سے پہلے بھی یہ ہوئے تھے لیکن علاج سے ٹھیک ہو گئے۔ اس بیماری کو ڈاکٹر چھیپ کہتے ہیں۔ اب آپ ہی توجہ کریں کہ اس سلسلے میں کیا کرنا چاہئے۔ کیا آپ کی کتاب ''رنگ و روشنی سے علاج'' میں ہے یا آپ ہی کوئی وظیفہ یادواتحریر کر دیں۔ بڑی مہربانی ہو گی۔ آپ کے جواب کا شدت سے منتظر ہوں۔

ج: سرخ مرچ، گرم مصالحہ ہر قسم کے گوشت سے پرہیز ہے۔ گوشت میں انڈا بھی شامل ہے۔ مومی کاغذ کے ٹکڑوں پر لکھ کر کاغذ کا ایک ایک ٹکڑا صبح شام پانی سے دھو کر پی لیں اور ایک ٹکڑا ایک بالٹی گرم پانی میں دھو کر اس پانی سے غسل کریں۔ جو کاغذ بالٹی میں ڈالیں اس پر ۷۸۶ نہ لکھیں۔ علاج کی مدت ایک ماہ ہے۔

www.ksars.org

۷۸۶

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ل | ل | ل | ل | ل |
| ل | ل | ل | ل | ل |
| ل | ل | ل | ل | ل |
| ل | ل | ل | ل | ل |
| ل | ل | ل | ل | ل |

## سر درد کا علاج

س: کافی عرصہ سے میرے سر میں درد رہتا ہے۔ کوئی گولی وغیرہ استعمال کرنے سے وقتی فائدہ ہو جاتا ہے۔ ایسا روحانی علاج بتایئے کہ اس تکلیف سے نجات مل جائے۔

ج: رات کو سونے سے پہلے رومال میں ایک گرہ لگائیں اور تین مرتبہ رَضَيْنَا بِالْقَضَيْنَا فَاتُوْا بُرْهَانَ اَلْفَ مَرَّةٍ پڑھ کر گرہ میں پھونک ماریں اور گرہ بند کر دیں۔ یہ رومال سر پر باندھ لیں اور سو جائیں۔ 21 روز تک یہ عمل جاری رکھیں۔ اللہ کے فضل و کرم سے سر درد سے نجات مل جائے گی۔ کوشش کریں قبض نہ ہو۔ دوپہر کو زرد شعاعوں کا پانی تیار کرے دو اونس کھانے سے پہلے پی لیا کریں۔

## سفلی عمل کا توڑ

س: ہمارے محلے میں ایک شخص آیا کرتا تھا جو خود کو بہت بڑا بزرگ بتاتا تھا۔ ہم نے اس کی باتوں پر یقین کر لیا۔ پھر تو وہ صاحب گلے کا ہار ہو گئے۔ ہر وقت ہمارے گھر پر رہنے لگے۔ ہمارے والد صاحب اور بھائی صاحب اس بات کو پسند نہیں کرتے تھے کہ وہ ہر وقت ہمارے گھر میں پڑے رہیں۔ اس کے باوجود ان صاحب نے ہمارے گھر سونا بھی شروع کر دیا۔ ہم لوگ سخت بیزار ہو گئے۔

ایک دن ہم سب گھر والے نماز پڑھنے کی تیاری میں تھے وہ صاحب بھی موجود تھے کہ والدہ صاحبہ نے کہا۔ ”میاں! آپ بھی جمعہ کی نماز پڑھ آئیں۔ آج تک آپ نے کبھی نماز نہیں پڑھی اور نہ روزہ رکھا۔“ والدہ صاحبہ کا یہ کہنا تھا کہ وہ جلال میں آکر کہنے لگے کہ ہم آپ کو نماز تو اس طرح پڑھائیں گے کہ آپ ساری عمر یاد کریں گے۔ اس طرح کی دھمکیاں دیتے ہوئے وہ چلے گئے۔ اس کے چند روز بعد ہی ہمارے والد صاحب کی نوکری چلی گئی حالانکہ والد صاحب وہاں 16 سال سے ملازم تھے۔ وہ لوگ بھی والد صاحب کی بڑی عزت کرتے تھے۔ انہیں بغیر کسی وجہ کے برطرف کر دیا گیا۔ والد صاحب نے کارخانہ لگایا۔ اس میں بھی نقصان ہوا۔ ہم لوگ ایک سال سے بے روزگار ہیں اور سخت پریشانی کا سامنا ہے۔ اب وہ بزرگ سرعام یہ

www.ksars.org

کہتے ہیں کہ میں نے ان کا کاروبار باندھ دیا ہے۔ پہلے تو ہم ان باتوں پر یقین نہیں کرتے تھے لیکن اب پکا یقین ہو گیا ہے کہ یہ سب کچھ ان ہی حضرات کا کیا دھرا ہے۔ ہم نے دوسرے بزرگ حضرات سے پوچھا۔ وہ سب بھی یہی کہتے ہیں کہ کاروبار پر سفلی عمل کروایا گیا ہے۔

یہ سب کچھ ان ہی حضرت کا کیا دھرا ہے۔ ہم نے دوسرے بزرگ حضرات سے پوچھا۔ وہ سب بھی یہی کہتے ہیں کہ کاروبار پر سفلی عمل کر دیا گیا ہے۔

ج: اپنے والد صاحب کے سر سے پیر تک نیلے دھاگے کے گیارہ ناپ لے کر ان دھاگوں میں ایک ایک بار سورہ فلق پڑھ کر گیارہ گرہیں لگا دیں جلتے ہوئے کوئلوں پر یہ دھاگہ جلا دیں۔ عمل کی مدت اکیس روز ہے۔ انشاء اللہ اس عمل سے سفلی کا اثر ختم ہو جائے گا۔ نمک کی مقدار کم سے کم کر دیں اور رات کو ایک چمچہ خالص شہد پر ایک بار اَلرَّضَاعَتْ عَمَا نَوِيْل پڑھ کر دم کر دیا کریں۔

## سات سال سے ہاتھ کانپتے ہیں

س: سات سال ہو گئے ہیں میرے ہاتھوں کی انگلیوں میں کپکپاہٹ رہتی ہے۔ گلاس پکڑتا ہوں تو گلاس بھی تھر تھراتا ہے۔ نماز پڑھنے کے بعد جب دعا مانگنے کے لئے ہاتھ اٹھاتا ہوں تو بھی انگلیوں میں تھرتھراہٹ ہوتی ہے لیکن اگر انگلیوں کو ملا لوں تو ایسا نہیں ہوتا۔ یہ کپکپاہٹ زیادہ تر دن میں رہتی ہے اور رات کو بالکل نہیں ہوتی۔ اگر دیوار سے ہاتھ ٹیک کر کھڑا ہوتا ہوں تو بھی ہاتھ تھرتھراتا ہے۔ آپ سے التماس ہے کہ کوئی مفید وظیفہ بتا دیں۔

ج: کھانوں میں نمک کی مقدار کم سے کم کر دیں اور روزانہ تین وقت ایک ایک چمچی شہد پر تین بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِo الرٰ تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ الْمُبِيْنِ-اَلرَّحِيْمُ اَلرَّحِيْمُ اَلرَّحِيْمُ پڑھ کر دم کر لیا کریں۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو شفائے کلی عطا فرمائیں۔ دوپہر کو کھانا کھانے کے بعد سرخ شعاعوں کا پانی تیار کر کے دو اونس 21 یوم تک پی لیا کریں۔ کثرت سے وضو یا بغیر وضو یا حی یا قیوم کا ورد کریں۔

## سانس لینے سے کپکپی طاری ہو جاتی ہے

س: دو سال کا تھا کہ میرے بچے کو نمونیہ ہو گیا تھا۔ ڈاکٹروں کو دکھایا تو انہوں نے کہا کہ بچے کے پھیپھڑے کمزور ہیں۔ بڑا ہو کر صحت مند ہو جائے گا۔ اب اس کی عمر سات برس کی ہے اس عرصہ میں ہر قسم کا علاج کرا چکی ہوں۔ ایکسرے کی رپورٹ صحیح ہے۔ پڑھائی میں بالکل دل نہیں لگتا۔

ج: بچہ کا کسی فوٹو گرافر سے پورے سراپا کا نیگیٹیو پوسٹ کارڈ سائز بنوایئے۔ فوٹو گرافر کو ہدایت کر دیں کہ نیگیٹیو پر کسی قسم کا رنگ یا نشان نہ لگائے۔ اس نیگیٹیو فلم کو فریم کرا کے ایسی جگہ لٹکا دیں جہاں آپ کے بچہ کی بار بار نظر پڑتی رہے۔ اس

www.ksars.org

کے ساتھ ساتھ کچی پکی سونف دن میں تین وقت ایک ایک تولہ کھلایئے۔ خوب اچھی طرح چبا کر اس کا رس چوس لیا جائے۔ اکتالیس روز اس علاج پر عمل کرایئے۔ انشاءاللہ صحت پوری طرح بحال ہو جائے گی۔

## سر بہت بڑا ہے

س: میرا سر پیچھے کی طرف سے کافی بڑا ہے۔ لوگ دیکھ کر مذاق اڑاتے ہیں۔ کوئی علاج بتا دیجئے کہ میرا سر بھی عام لڑکوں کی طرح ہو جائے۔ کوئی روحانی عمل بتائیں۔

ج: سورج مکھی کے بیج کچے مل جائیں تو سبزی پکا کر کھایئے۔ خشک ملیں تو سونف بنا کر چھ ماشہ روزانہ صبح و شام تازہ پانی کے ساتھ اس پر ایک بار یاشافی یاکافی پڑھ کر تین مہینے تک استعمال کریں۔ انشاءاللہ آپ کا سر معمول کے مطابق ہو جائے گا۔

## سورج زبان کی نوک پر ہے

س: تین سال قبل کمرشل ایریا میں چند پلاٹ خریدے تھے۔ ہم لوگ دو سال سے یہ پلاٹ فروخت کرنے کی کوشش کر رہے ہیں مگر کم سے کم قیمت پر بھی کوئی لینے کو تیار نہیں ہوتا۔ گاہک آتے ہیں۔ بات پکی ہو جاتی ہے لیکن سودا مکمل نہیں ہوتا۔ ایک دو صاحب تو ایڈوانس بھی چھوڑ گئے ہیں۔

ج: چار انچ لمبی لوہے کی ٹوپی دار کیلیں چار عدد خرید کر ان کے اوپر دم کریں۔ دم کرنے کا طریقہ یہ ہے:

ایک مرتبہ پوری سورہ قل ہو اللہ شریف پڑھ کر آنکھیں بند کر لیں اور سورج کا تصور کریں۔ سورج کا تصور قائم ہو جانے پر یہ خیال کریں کہ سورج آپ کی زبان کی نوک پر رکھا ہوا ہے۔ جب یہ خیال گہرا ہو جائے کیلوں کے اوپر پھونک مار دیں اور ان کیلوں کو پلاٹ کے چاروں کونوں میں گاڑھ دیں۔ کئی پلاٹ ہونے کی صورت میں ہر پلاٹ کے لئے چار کیلیں لینا ضروری ہیں۔ انشاءاللہ اس عمل سے مقصد میں کامیابی ہو جائے گی۔

## ساٹھ ہزار روپے

س: ہم سات بھائی اور سات بہنیں ہیں۔ میری عمر 25 سال ہے۔ ہمارے والد بوڑھے اور آنکھوں سے معذور ہیں۔ پورے کنبے کی کفالت کا ذمہ مجھ پر ہے۔ میں نوکری کرتا ہوں جس سے مجھے آٹھ سو روپے ماہوار ملتے ہیں۔ اس کے علاوہ والد نے ایک دکان لے کر دی ہے جس میں اسٹیٹ ایجنسی کا کام کرتا ہوں۔ اب سے کوئی آٹھ ماہ پہلے کاروبار اچھا چل نکلا تھا لیکن دوستوں نے دھوکا دیا اور مجھے بیس ہزار روپے کا نقصان ہوا۔ میں سخت دل برداشتہ ہوا۔ اس کے بعد میں نے حالات درست کرنے کی بہت کوششیں کیں لیکن کچھ بھی نہ ہوا۔ اب تک میں ساٹھ ہزار روپے کا مقروض ہو چکا ہوں۔ مالی پریشانیوں کی وجہ

www.ksars.org

سے ہر وقت سوچ میں ڈوبا رہتا ہوں اور صرف گھر تک محدود ہو کر رہ گیا ہوں۔ اکثر ذہن خود کشی کی طرف جاتا ہے۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ کیا کروں اور کیا نہ کروں۔

مالی مشکلات کے علاوہ مختلف بیماریوں نے بھی مجھے اپنا شکار بنایا ہوا ہے۔ جنسی اعتبار سے اپنے آپ کو کمزور محسوس کرتا ہوں۔ ہر روز صبح کو غسل کی ضرورت پڑ جاتی ہے جس کے اثر سے بے حد کمزور ہو گیا ہوں۔ اس کے علاوہ ذہن پراگندہ رہتا ہے۔ عجیب عجیب خیالات آتے رہتے ہیں۔ خدا کے لئے کوئی حل، کوئی وظیفہ بتایئے جس سے میری تنگدستی دور ہو جائے۔ کیونکہ بوڑھے والدین، جوان بہنوں اور بھائیوں کا بار میرے کندھوں پر ہے۔

ج: ایک ماہ سرخ مرچ، کھٹاس، گرم مصالحہ اور انڈا نہ کھایئے اور عشاء کی نماز کے بعد اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ 313 مرتبہ ان اللہ یرزق من یشاء بغیر حساب پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے ہاتھ تین بار چہرے پر پھیر کر دعا کیجئے۔ عمل کی مدت 90 دن ہے۔ انشاء اللہ مرض اور نامساعد حالات سے نجات مل جائے گی۔ ہر جمعرات کو عصر اور مغرب کے درمیان اللہ کے نام پر حسب استطاعت خیرات ضرور کریں۔

## سینہ کا ابھار

س: میرے کچھ مسئلے جو آپ کی خدمت میں پیش کر رہی ہوں۔ امید ہے کہ آپ جواب ضرور دیں گے۔ میرا پہلا مسئلہ یہ ہے کہ میرا قد لمبا ہے اور قد کے لحاظ سے سینہ کا ابھار کم ہے۔ چاہتی ہوں کہ قد کے لحاظ سے سینہ ابھرا ہوا ہو۔

ج: سینہ کے ابھار کی کمی کو دور کرنے کے لئے سورہ والتین کی پہلی آیت و التین و الزیتون○ رات کو سونے سے پہلے سو بار پڑھیں سینہ پر دم کریں اور بات کئے بغیر سو جائیں۔ 90 دن کے اس عمل سے سینہ گداز اور خوبصورت ہو جاتا ہے۔

## سوا لاکھ مرتبہ کلمہ طیبہ

س: دو ماہ پہلے میرے شوہر فوت ہو گئے ہیں۔ میں عدت میں ہوں چھوٹے چھوٹے چھ بچے ہیں۔ اب صورتحال یہ ہے کہ میں خود بھی اور دوسرے لوگ بھی میرے شوہر کو پریشان یا بیمار دیکھتے ہیں۔

کبھی کہتے ہیں کہ میرے سارے بدن میں کنکر چبھے ہوئے ہیں بڑی سخت تکلیف ہے کبھی کہتے ہیں کہ میرے پیر میں کانٹا چبھ گیا ہے۔ آپ بتا دیجئے کہ وہ اتنے پریشان کیوں ہیں حالانکہ وہ بے حد نیک اور ولی صفت آدمی تھے۔ یہ باتیں سن کر میں بہت روتی ہوں اور چھوٹے بچے بہت بے قرار ہوتے ہیں۔

ج: رات کو بعد از نماز عشاء کے بعد سوا لاکھ مرتبہ کلمہ طیبہ پڑھنے کی نیت کر کے کلمہ طیبہ پڑھنا شروع کر دیں (جتنے دن میں بھی پورا ہو) اور اپنے شوہر کو ایصال ثواب کر دیں۔

کلمہ طیبہ کی برکت اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رحمت سے آپ کے شوہر کے لئے علیین کے دروازے کھل جائیں گے۔ میں بھی اللہ تعالیٰ سے دعا کروں گا۔ محفل مراقبہ میں دعا کروا دی جائے گی۔

www.ksars.org

## ساٹھ ہزار روپے

س: میں آج کل بہت پریشان ہوں۔ میں نے ساٹھ ہزار روپے فلیٹ خریدنے کے لئے ایک ماہ پہلے ایک کمپنی کو بکنگ کے لئے دیئے تھے لیکن کچھ مالی مشکلات کی وجہ سے میں نے اپنا فیصلہ بدل دیا۔ اب وہ کمپنی میرے ساٹھ ہزار روپے واپس نہیں کر رہی ہے۔ آپ مہربانی کر کے دعا کر دیں کہ ہمارے روپے واپس مل جائیں۔

ج: میری پوزیشن بھی بڑی عجیب ہے جو لوگ کسی کو پیسہ دیتے ہیں وہ کہتے ہیں ہمارے پیسے واپس مل جائیں اور کمپنیاں پیسے لیتی ہیں ان کے کرتا دھرتا یہ کہتے ہیں کہ ہمارے پیسے رک گئے ہیں۔ ساٹھ ہزار، تیس ہزار دیئے ہیں، باقی کوئی نہیں دیتا۔ آپ کچھ ایسا کریں کہ وہ بقایا قسطیں ادا کر دیں۔ ایک دلچسپ بات یہ ہے کہ لین دین سے پہلے کوئی مشورہ نہیں کرتا اور اس سے بھی دلچسپ بات یہ ہے کہ میں اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے مشن کو چلانے کے لئے روحانی ڈائجسٹ کے لئے اپیل کرتا ہوں تو لوگ ہنس کر ٹال دیتے ہیں۔ اپنی آنکھوں سے یہ تماشا بھی دیکھتا ہوں کہ آٹھ روپے اور دس روپے کے ڈائجسٹ کو نہایت ذوق و شوق سے لوگ خریدتے ہیں اور اسلامی مذہبی پرچہ مانگ تانگ کر پڑھتے ہیں۔ چھ روپے نہیں خرچ کر سکتے۔ ایک گھر میں رسالہ چلا جاتا ہے۔ اڑوس پڑوس کے لوگ پڑھنے کے لئے منتظر رہتے ہیں۔

کچھ حضرات ایسے ہیں کہ یہ سمجھتے ہیں کہ میرے پاس قارون کا خزانہ ہے۔ مجھے حیرت اس وقت ہوتی ہے جب وہ یہ کہتے ہیں کہ ہمیں دس لاکھ مل جائیں، ہمیں ایک لاکھ مل جائیں وغیرہ وغیرہ۔ میں نے اپنے بزرگوں سے قصہ سنا ہے، آپ بھی سن لیجئے۔

ایک باپ اپنی بیٹی کے گھر گیا۔ داماد کمہار تھا۔ آسمان پر بادل آتے دیکھے تو بیٹی نے باپ سے کہا۔ "ابا دعا کرو کہ بارش نہ ہو۔ اگر بارش ہو گئی تو کچے برتن ہیں، بہہ جائیں گے۔ بڑا نقصان ہو گا۔" باپ دوسری چھوٹی بیٹی کے پاس گیا۔ منجھلا داماد کھیتی باڑی کرتا تھا۔ بیٹی نے صاف شفاف آسمان دیکھ کر باپ سے کہا۔ "ابا! دعا کرو کہ بارش ہو جائے۔ بارش نہیں ہوئی تو زمین میں بیج سوختہ ہو جائے گا اور سارے سال کھانے پینے کی پریشانی رہے گی۔"

جب یہ قصہ سامنے آتا ہے تو خوشی ہوتی ہے کہ آپ سب حضرات نے مجھ فقیر کو باپ کا درجہ دیا ہوا ہے۔ میں آپ سب کے لئے دعا کرتا ہوں اور کرتا رہوں گا۔ آپ سب میری اولاد ہیں۔ آپ بھی میرے لئے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ میری دعائیں آپ کے حق میں قبول فرمائیں۔ آمین!

## سالے بہنوئی کو گالیاں دیتے ہیں

س: چار سال پہلے ہم میاں بیوی کے اختلافات شروع ہوئے اور بغیر کسی وجہ کے اور بڑھتے گئے روز بروز کچھ دن بعد میرے شوہر اپنے بھائی بہن اور والدہ سے بدزن ہو گئے اور پھر خود ہی ٹھیک ہو گئے۔

www.ksars.org

اس کے بعد میرے بھائی بہن سے ان کے اختلافات شروع ہو گئے۔ ہم میاں بیوی کے اپنے جھگڑے بڑھ گئے۔ مارنے مرنے کی نوبت آ گئی۔ میرے بھائی جو میری اور میرے شوہر کی بہت عزت کرتے تھے اب گالیاں دیتے پھرتے ہیں۔

ہم جس گھر میں رہتے تھے ناپاک اور گندے کپڑے کوئی ڈال جاتا تھا۔ اس گھر میں تین بار کوڑے کی بالٹی میں بہت سارے بال پائے گئے۔ میرے کئی دوپٹے غائب ہو گئے۔ میرے شوہر کا کرتا شلوار کا ایک جوڑا بھی غائب ہو چکا ہے۔ ان تمام پریشانیوں سے تنگ آ کر اس گھر کو ایک ماہ پہلے چھوڑ چکے ہیں۔ اس گھر کا پتہ بھی کسی کو نہیں بتایا ہے۔ حد تو یہ ہے کہ جس محلے کو چھوڑ کر آئے ہیں اس محلے کے لوگوں تک کو اس نئے گھر کا پتہ نہیں بتایا ہے۔

گھر پر بدمعاش قسم کے لوگ آنے لگے ہیں۔ اب میرے شوہر یہ کہنے لگے ہیں کہ یہ سب تم اپنے بھائیوں سے کروا رہی ہو۔ جبکہ بخدا میں اپنے گھر اپنے شوہر کے لئے برا نہیں چاہتی ہوں۔ رات اور دن رو رو کر برا حال ہے۔ گھر سے نکل نہیں سکتی اگر کہیں جاؤں تو شوہر صاحب بہت گندا سا الزام لگاتے ہیں اور ان سے کہوں کے کسی سے پتہ کرو کہ کسی نے کچھ کیا ہے تو یہ بھی نہیں کرتے جبکہ پہلے سفلی جادو کے قائل تھے۔ اگر آپ خدا کو مانتے ہیں تو قسم ہے خدا کی آپ میری مدد کریں ورنہ میں تباہ ہو جاؤں گی۔

ج: ایک پاؤ لوبان لے کر موٹا موٹا کوٹ لیں اور اس کے اوپر گیارہ سو مرتبہ سورہ فلق پڑھیں اور دم کر دیں۔ گیارہ سو مرتبہ گیارہ دن میں پڑھا جائے گا۔ یہ لوبان عصر اور مغرب کے درمیان چالیس روز تک جلائیں۔ اس پورے لوبان کی اندازہ سے چالیس پڑیاں بنالیں۔

## مسلسل بول

س: مجھے پیشاب کی تکلیف ہے۔ جب میں وضو وغیرہ کر کے فارغ ہوتا ہوں تو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ پھر پیشاب نکل رہا ہے۔

چنانچہ نہ صرف بار بار استنجا کرنا پڑتا ہے بلکہ نماز میں بھی حرج واقع ہوتا ہے۔ براہ کرم توجہ فرمائیں۔

ج: رات کو سونے سے پہلے دونوں چھنگلیوں پر ولقد یسرنا القران فھل من مدکر تین تین دفعہ پڑھ کر دم کر کے دونوں چھنگلیاں کانوں میں گھما کر سو جائیں۔ کم سے کم اکتالیس روز یہ عمل کریں۔

## سرخ مرچ نہ کھائیں

س: چار پانچ سال ہوئے میرے بائیں ہاتھ کی پشت پر کلائی کے اوپر چھوٹی سی گلٹی نمودار ہوئی جو آہستہ آہستہ بڑھتی گئی۔ یہ گلٹی اب بھی موجود ہے۔ ہاتھ کو اندر کی طرف موڑنے سے نمودار ہوتی ہے۔ ہاتھ سیدھا کرنے کی صورت میں اندر چلی جاتی ہے۔ میں اس گلٹی یا ابھار کی وجہ سے پریشان ہوں۔ اس کو دبانے سے بہت درد ہوتا ہے۔ آج کل ویسے کبھی کبھی درد ہوتا ہے۔ کچھ عرصہ ہوا، اب میرے دائیں ہاتھ کے اسی مقام پر ایک چھوٹی سی گلٹی نمودار ہو رہی ہے۔ اس کو بھی دبانے سے درد

www.ksars.org

ہوتا ہے۔ مجھے کوئی آیت یا اسم پانی پر پڑھ کر پینے کے لئے دیں۔ آپ ہر مسئلہ کا جواب دیتے ہیں۔ اسی امید پر یہ خط آپ کو لکھ رہی ہوں کہ میری تکلیف دور ہو جائے گی۔

ج: چالیس روز تک سرخ مرچ نہ کھائیں۔ گلٹیوں کے اوپر روغن سورنجان تلخ دائروں میں مالش کریں۔ تین عدد سفید پلیٹوں پر زعفران اور عرق گلاب سے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلرَّحِیْمِ اَلرَّحِیْمِ اَلرَّحِیْمِ

لکھ کر نیلی شعاعوں کے پانی دو دو اونس سے دھو کر پئیں۔

## سیاہ رنگ مسوڑھے

س: میرا رنگ بہت سانولہ ہے۔ آپ کے کہنے کے مطابق چند روز نہار منہ سیب کھاتی رہی۔ مگر جیب نے جواب دے دیا۔ میرے مسوڑھے کالے ہیں جب میں ہنستی ہوں تو میرے یہ سیاہ رنگ مسوڑھے برے لگتے ہیں۔ لوگ مجھے ٹوکتے ہیں۔ آپ سے درخواست ہے کہ ایسی ترکیب بتائیں کہ میرے دانت موتی جیسے سفید اور چمکدار ہو جائیں اور مسوڑھے گلابی ہو جائیں!

میرے اندر استطاعت نہیں ہے کہ میں ہر ماہ رسالہ خرید سکوں۔ کوئی بہن میرے نام اگر رسالہ جاری کرا دیں تو ان کے لئے بہت دعا کروں گی۔ ظاہر ہے کہ میں اس کے سوا کیا کر سکتی ہوں۔

ج: دونوں وقت بغیر دودھ کی چائے میں لیموں نچوڑ کر پی لیا کریں۔ ایک لیموں چار دن تک چلا سکتی ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ 1/4 لیموں کا رس ایک پیالی چائے میں کافی ہے۔

کیکر کی لکڑی کے کوئلے، باریک بنا کر منجن بنالیں اور یہ منجن صبح نہار منہ اور رات کو سونے سے پہلے دانتوں پر خوب اچھی طرح ملیں۔ آج کل گاجر کا موسم ہے۔ روزانہ جس قدر ہو سکے کچی گاجر کھایا کریں۔

## سورج طلوع ہونے سے پہلے

س: ہمارے گھر میں بہت پریشانی ہے۔ عامل حضرات بتاتے ہیں کہ گھر میں جنات کا سایہ ہے۔ میرے بیٹے بھی کوئی کام نہیں کرتے۔ رشتے دار بھی ہم سے دور ہوتے جا رہے ہیں۔ آپ بتائیں کہ ہم کیا کریں ہم نے بہت سے عامل حضرات سے تعویذات بنوائے سینکڑوں روپے تعویذ گنڈوں کی فیس دی، بکرے ذبح کئے گئے۔ مگر کسی طرح سے بھی جنات سے ہمیں نجات نہیں ملی۔

کوئی جگہ نہیں چھوڑی جہاں سے ہم نے علاج نہ کرایا ہو اور ہر طرف سے مایوس ہو کر سوچا کہ آپ کو بھی لکھ کر دیکھ لیں شاید کوئی حل نکل آئے۔ جس سے ہماری پریشانی دور ہو اور میرے بیٹے کام کرنے لگ جائیں۔ گھر میں برکت ہو۔ گھر کی نحوست ختم ہو جائے۔

www.ksars.org

ج: گھر میں نہ کوئی آسیب ہے نہ ہی کسی جن کا اثر ہے اور نہ ہی کسی نے تعویذ کرائے ہیں۔ یہ سب مفروضہ باتیں ہیں۔ تین باتوں کا خیال رکھیں۔ گھر میں سیل نہ رہنے دیں۔ صفائی کا خاص خیال رکھیں اور صبح ہر حال میں گھر کے تمام افراد سورج طلوع ہونے سے پہلے بیدار ہو جائیں سارے معاملات خود بخود ٹھیک ہو جائیں گے۔

## سیب زیادہ کھائیں

س: میری بیٹی جس کی عمر تین سال کی ہے۔ تین ماہ پہلے سارے جسم پر دانے نکلے ان کی مدت 7 دن رہی۔ میں اس کو خسرہ سمجھی لیکن ڈاکٹروں کی رائے کے مطابق وہ سخت قسم کی الرجی تھی۔ وہ دانے، چنے کی دال کے برابر اپنے داغ جو کافی کالے ہیں، جسم پر چھوڑ گئے۔ بچی تو دوائیوں سے ٹھیک ہو گئی لیکن وہ داغ نہیں گئے۔ آپ سے التجا ہے کہ ایسا وظیفہ بتائیں کہ جس کو پڑھنے سے میری بچی کے داغ ختم ہو جائیں اور رنگت پہلے جیسی ہو جائے۔ ایک ماں جو اپنی بچی کو دیکھتی ہے تو اس کی جو حالت ہوتی ہو گی اس کا اندازہ آپ کو ہو گا۔

ج: صبح نہار منہ نیلی شعاعوں کا پانی کھانے سے پہلے، زرد شعاعوں کا پانی کھانے کے بعد، سرخ شعاعوں کا تیل چہرہ پر لگانے کے لئے۔ سرخ شعاعوں کا تیل رات کو سوتے وقت لگائیں۔ پھلوں میں سیب زیادہ کھائیں اور روزانہ کھائیں۔

## ساس باتیں سنتی ہے

س: بعد سلام عرض ہے کہ میں اپنی امی جان کے مرض کے بارے میں آپ کو کئی خط لکھتی رہی ہوں جس کا آپ نے ہمیشہ جواب دیا۔ خدا کا شکر ہے کہ اب میری امی کافی حد تک ٹھیک ہیں جس کے لئے میں آپ کی شکر گزار ہوں کہ آپ کی دعائیں ہمارے کام آئیں۔ اب مجھے ایک مسئلہ درپیش ہے تو میں نے سوچا کہ کیوں نہ آپ کی رہنمائی حاصل کی جائے۔

مسئلہ یہ ہے کہ 5 اپریل کو میری شادی ایک ایسے لڑکے کے ساتھ ہوئی جو کہ میرے بھائی کا دوست تھا۔ دو سال پہلے میرے بڑے بھائی کی شادی پر اس کی امی نے مجھے پسند کیا اور میرا رشتہ مانگا جس پر میرے والدین نے کہا کہ ابھی ہمیں اپنی بیٹی کی شادی نہیں کرنی۔ لڑکا جب بھی میرے بھائی کو ملنے آتا باہر سے ہی مل کر چلا جاتا تھا کہ آج تک کبھی اس نے میری شکل نہیں دیکھی تھی اور نہ ہی میں نے اس کی۔ اس کی ماں نے ہمارے گھر کے بڑے چکر لگائے کہ نہیں میں نے اسی لڑکی کو اپنی بہو بنانا ہے۔ لڑکے کا باپ فوت ہو چکا تھا تین لڑکے اور دو لڑکیاں پہلی ماں سے تھے جو کہ اپنے اپنے گھروں میں آباد تھے۔ کوئی بھی لڑکا ہمارے گھر آنے کو تیار نہیں تھا۔ ہم نے سوچا کہ سوتیلے ہیں اس لئے بیوہ ماں کا ساتھ نہیں دے رہے ہیں اور خود ماں پردے کی اتنی پابند ہے۔ بڑی شریف عورت ہے اور پھر ہماری ہی ذات کی ہے۔ اچھی ہے بس میرے نصیب تھے رشتہ طے ہو گیا۔ اور میری شادی کر دی گئی۔ شادی کے بعد میرے والدین نے مجھے بٹھا کر سمجھایا کہ دیکھو بیٹی ہم ان والدین میں سے نہیں جو کہ بیٹی کو غلط راستہ دکھائیں۔ تم نے اسے اپنا گھر سمجھنا ہے اور بیٹی بن کر جس طرح ہماری خدمت کرتی آئی ہو اسی طرح وہاں بھی اپنے گھر کو جنت بنانا ہے۔ میں نے شادی سے پہلے اپنے ماں باپ، بہن بھائیوں سے اپنی خدمت اور نیک نامی کی وجہ سے اتنی عزت اور محبت پائی تھی کہ سب ہی مجھ سے بہت ہی خوش تھے۔ میرا گھر میرے ماں باپ کے گھر سے تقریباً پندرہ بیس منٹ کے فاصلے پر

www.ksars.org

ہے۔ میرے ساتھ سسرال والوں کا رویہ بہت ٹھیک رہا لیکن شوہر نے مجھ پر بڑا رعب ڈالنے کی کوشش کی۔ میری ہر وقت یہ خواہش ہوتی کہ میرا شوہر مجھ سے خوش رہے لیکن وہ بار بار بات پر ناراض ہو جاتا اور مجھ سے بات نہ کرتا۔ جس پر میں اسے رو رو کر مناتی کہ جیسے آپ کہتے ہیں میں ویسے ہی کرتی ہوں۔ پھر آپ کیوں خفا ہو جاتے ہیں۔ میری ساس مجھے ہر وقت یہی کہتی کہ میری خواہش تھی کہ میں وہ بہولاؤں گی جو میرے گھر کا سارا کام سنبھالے تو میں دل میں سوچتی کہ ہاں یہ میرا گھر ہے میرے شوہر پر گھر کی ساری ذمہ داری ہے۔ مجھے بھی اس گھر میں اپنا مقام بنانا ہے۔ میں دن رات ان کی خدمت میں مصروف ہو گئی کہ اصل عورت کا مقام اس کا گھر ہے۔

میرے شوہر کا گھر والوں سے اور اپنی ماں سے بہت ہی اچھا سلوک تھا۔ ماں اس کو میرے کمرے میں دیر سے آنے دیتی اور رات کے بارہ بجے تک اس کو لے کر بیٹھی رہتی اور چھٹی کے دن ہمارے کمرے سے نہیں نکلتی تھی۔ میں سوچتی کہ ماں ہے اس کا بیٹا ہے لیکن میرے شوہر نے کبھی بھی میرے گھر والوں سے اچھا سلوک نہیں رکھا۔ جب بھی میں میکے جانے کے لئے کہتی تو ناراض ہو جاتے لیکن اگر کبھی جاتے تو سیدھے منہ ان سے بات نہ کرتے حالانکہ خدا جانتا ہے کہ میرے ماں باپ گھر آئے داماد کی بہت عزت کرتے۔ میں ماں بننے والی تھی۔ شادی کے پانچویں مہینے میں بیمار ہو گئی۔ ڈاکٹر نے مجھے بستر پر سیدھا لیٹنے کی ہدایت کی اور چلنے پھرنے سے منع کر دیا تو میری ساس بیٹے کے سامنے مجھے کھانے کا پوچھ لیتی اور سارا دن کمرے میں کوئی نہ آتا تھا۔ ساتویں مہینے مجھے ڈاکٹر نے آہستہ آہستہ چلنے پھرنے کو کہا تو میں نے کچن کا سارا کام سنبھال لیا۔ میں کرسی میز رکھ کر کام کرنے لگتی۔ لیکن اس طرح گھر کا سارا کام نہیں ہوتا تھا۔ سب گھر والے اور میری ساس مجھ سے اکھڑی اکھڑی رہنے لگی۔ بیٹا جب بھی سونے کے لئے کمرے میں آتا تو خود ساتھ آجاتی یا باہر کمرے کے دروازے کے ساتھ لگ کر ہماری باتیں سنتی۔ بتائیں کوئی ماں شادی کے بعد یہ چاہے گی کہ سنوں کہ میاں بیوی آپس میں کیسے ہنستے بولتے ہیں۔

ج: سو مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ اَلْوَاسِعُ جَلَّ جَلَالُہٗ پڑھ کر ساس کا تصور کریں اور تصور کرتے کرتے سو جائیں۔ یہ عمل رات کو سونے سے پہلے کریں اور اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اس کے ساتھ ساتھ چلتے پھرتے، اٹھتے بیٹھتے وضو بے وضو یاحی یاقیوم کا ورد کیا کریں۔ عمل کی مدت 90 دن ہے۔

## سخت سردی اور گرمی' رنگ سیاہ ہو جاتا ہے

س: عرض ہے کہ تقریباً تین سال پہلے تیسرے بچے کی پیدائش پر میرے چہرے پر چھائیاں پڑ گئیں۔ چھائیاں رخساروں کی ہڈیوں پر ہیں جس کی وجہ سے میں احساس کمتری کا شکار ہوں۔ کہیں آنے جانے اور کسی سے ملنے سے طبیعت گھبراتی ہے۔ نیز یہ کہ پہلے میرا رنگ بھی بہت صاف تھا مگر اب سانولا ہو گیا ہے۔ سخت گرمی اور سخت سردی میں بالکل سیاہ پڑ جاتا ہے۔ میں اکثر اخباروں اور رسالوں کے نسخے استعمال کرتی ہوں مگر فائدہ نہیں ہوتا۔ چھائیاں ہلکی تو پڑ جاتی ہیں مگر بالکل نہیں جاتیں۔ امید ہے آپ کوئی ایسا علاج بتائیں گے جس سے میری پریشانی دور ہو جائے۔

www.ksars.org

ج: ایک فصل سویا کا ساگ کھالیجئے۔ کچا، سبزی پکا کر، سویا کا ساگ بغیر نمک مرچ کی سل پر پیس کر پیس کر اور نچوڑ کر اس کا پانی۔


مطلب یہ ہے کہ آپ جس طرح بھی آسانی سے استعمال کر سکیں۔ چھ ماہ تک سویا کا ساگ استعمال کر لیں۔ انشاء اللہ چہرے کی چھائیاں ختم ہو جائیں گی اور رنگ سرخ و سفید ہو جائے گا۔ چہرے میں کشش پیدا ہو جائے گی۔

## سونگھنے کی حس ختم ہو گئی ہے

س: گذشتہ پانچ سالوں میں میری ناک کے پانچ آپریشن ہو چکے ہیں۔ ان پانچ سالوں میں جس تکلیف کا مجھے سامنا کرنا پڑا ہے وہ میرا دل ہی جانتا ہے۔

مجھے ان آپریشنوں سے جو سب سے زیادہ نقصان اٹھانا پڑا وہ یہ ہے کہ میرے اندر سونگھنے کی صلاحیت بالکل ختم ہو گئی ہے۔ ہم گلاب کو اچھی نگاہ سے اس لئے دیکھتے ہیں کہ اس میں خوشبو بہت اچھی ہوتی ہے۔ لیکن میرے لیے دنیا کے سب پھول بے کار ہیں۔ میں اپنے آپ کو اور لوگوں کو سامنے بہت کم تر محسوس کرتا ہوں۔ کئی ڈاکٹروں کو دکھایا۔ یہ لوگ کہتے ہیں کہ سب سے پہلے تمہارا جو آپریشن ہوا تھا اس میں تمہاری ناک کی جھلی کٹ کر ختم ہو گئی ہے۔ جس میں سونگھنے کی حس ہوتی ہے۔ ڈاکٹر کہتے ہیں اب تم کبھی ٹھیک نہیں ہو گے۔

ج: ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا، سانس کا رکنا، ناک کے اندر جھلی کا خراب ہونا، خناق، ناک کے اندر مزید ہڈی کا پیدا ہونا اور ناک کے دوسرے امراض کے لئے کسی مومی کاغذ پر مندرجہ ذیل نقش لکھ لیں اور اس کاغذ کو موڑ کر تعویذ بنا لیں۔ پھر اسے موم جامہ کر کے گلے میں ڈال لیں۔ یہ تعویذ آسمانی رنگ روشنائی سے لکھا جائے۔ اس کے علاوہ یہی تعویذ زردہ کے رنگ سے پلیٹوں پر لکھ کر پانی سے دھوئیں اور اس پانی کو ناک میں ڈالیں اور نکالیں۔ صبح شام پانچ پانچ مرتبہ۔ نقش یہ ہے:




## مسلسل بول

س: مجھے جلدی جلدی پیشاب آتا ہے۔ پیشاب کرنے کے بعد حاجت برقرار رہتی ہے۔ مجبوراً مجھے نماز بھی چھوڑ دینی پڑ گئی ہے۔

میں نے بہت کوششوں کے بعد خود کو نمازی بنایا تھا۔ گرم ادویہ کھاتا ہوں تو چہرے پر دانے نکل آتے ہیں۔

www.ksars.org

ج: سلسل بول ایک بیماری ہوتی ہے۔ جہاں تک میری معلومات کا تعلق ہے۔ اس مرض میں نماز ہو جاتی ہے۔ مزید تصدیق کے لئے کسی مفتی سے مسئلہ معلوم کر لیں۔ علاج کے طور پر سبز شعاعوں کا تیل، گردوں کی جگہ، زرد شعاعوں کا تیل۔ مثانہ پر دائروں میں رات کو سوتے وقت اور صبح نہار منہ دس دس منٹ مالش کریں۔

www.ksars.org

# ش

## شادی میں رکاوٹ

س: میرے بڑے بھائی ماشاء اللہ اچھی جگہ بر سر روزگار ہیں۔ نہایت معقول آمدنی ہے۔ ہمارے خاندان کو یہ مسئلہ درپیش ہے کہ جب بھی شادی کا پروگرام بنتا ہے کوئی نہ کوئی حادثہ رونما ہو جاتا ہے۔ ان حادثات میں عزیزوں کی موت بھی شامل ہے۔ ایسا عمل بتا دیجئے جس سے شادی کی رکاوٹیں دور ہو جائیں اور ہمارے بھائی کا گھر آباد ہو جائے۔ بھائی کی شادی کی خواہش کئی سال سے ہمارے دلوں میں کروٹیں لے رہی ہے۔

ج: بعد از نماز عشاء اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ تین سو بار اَبٰی وَاسْتَکْبَرُ وَکَانَ مِنَ الْکَافِرِیْنَ چالیس روز تک پڑھیں۔ کثرت سے وضو یا بغیر وضو یا حی یا قیوم کا ورد کریں اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں حسب استطاعت خیرات ضرور کیا کریں۔

## شوہر گھر سے غائب رہتے ہیں

س: باجی کے شوہر کسی نہ کسی آوارہ عورت کے چکر میں رہتے ہیں اور کئی کئی دن تک گھر سے بھی غائب رہتے ہیں۔ آپ کوئی ایسا حل بتایئے کہ بہنوئی بد چلنی چھوڑ دے اور راہ راست پر آجائے۔ باجی کا کھانے اور بچوں کی ذمہ داری اٹھائے۔

ج: اپنی باجی سے کہیئے کہ وہ آدھی رات گزرنے کے بعد دو رکعت نفل پڑھ کر ایک سو مرتبہ بِسْمِ اللہِ اَلْوَاسِعُ جَلَّ جَلَالُہٗ پڑھ کر بستر میں چلی جائیں۔ آنکھیں بند کر کے اپنے شوہر کا تصور کرتے کرتے سو جائیں۔ عمل کی مدت 90 دن ہے۔ ناغہ کے دن بعد میں پورے کر لیں۔ اس عمل کی برکت سے آپ کی باجی شوہر کی نظر کا تارا بن جائینگی۔

## شوہر کی طرف پُشت

س: آج کل میں سخت پریشان ہوں۔ میرے شوہر پاکستان میں ایک کمپنی میں جنرل منیجر تھے اور انہوں نے اپنی سیکرٹری، ایک غیر مسلم عورت سے تعلقات بڑھا لئے۔ اس بات کا دفتر میں لوگوں کو پتہ چلا تو مجھے ہر طرف سے فون آنے لگے کہ تم کیسی عورت ہو، اپنے شوہر کو کنٹرول نہیں کر سکتی۔ میں نے ان کو بہت کچھ سمجھایا کہ آپ کے بچے بڑے ہو گئے ہیں۔ یہ سب ٹھیک نہیں ہے جو آپ کر رہے ہیں۔ عزیز رشتہ دار کیا کہیں گے۔ شرم کریں۔ تو میرے شوہر نوکری چھوڑ کر ملک سے باہر چلے آئے۔ سوچا تھا کہ اب میری زندگی کے دن اچھے گزریں گے۔ لیکن یہاں کے حالات ایسے ہیں کہ میں لکھنا بھی چاہتی ہوں

www.ksars.org

تو میرا ہاتھ کپکپا جاتا ہے۔ رات دن میری آنکھیں بھیگی رہتی ہیں۔ دل اداس اور بے چین رہتا ہے اور شوہر اس عورت کے خطوں اور ٹیلی فون سے دل بہلاتے ہیں۔

مجھ سے سخت نفرت کرنے لگے ہیں۔ یہاں ویسے بھی ماحول آزادانہ ہے۔ خدا کے واسطے کوئی چیز پڑھنے کو بتائیں۔

ج: سب کاموں سے فارغ ہونے کے بعد رات کو سونے سے پہلے 300 بار یامقتدر پڑھ کر شوہر کے خیال میں آنکھیں بند کر کے بیٹھ جائیں اور پندرہ منٹ تک بیٹھی رہیں اور پھر شوہر کی طرف پشت کر کے سو جائیں۔ عمل کی مدت دو ماہ دو دن ہے۔

## شادی اور شیطانی وسوسے

س: سب طرف سے ناامید ہو کر آپ سے رجوع کر رہی ہوں۔ میں بہت دکھی ہوں۔ میرا خط پڑھ کر ضائع نہ کیجئے گا کیونکہ میری جیسی بہت سی لڑکیاں اس مسئلے سے دوچار ہوں گی۔ ہمارے گھر میں شادی کا رواج نہیں ہے۔ شادی کے متعلق کوئی نہیں سوچتا۔

میری بڑی بہن نے انتظار کر کے خود ہی شادی کر لی تھی۔ جس کی وجہ سے والد صاحب اس سے ناراض ہو گئے اور خاندان میں بہت بدنامی ہوئی۔ اب مسئلہ میرا ہے کہ میرا جو بھی رشتہ آتا ہے والد، والدہ اور بھائی کوئی نہ کوئی بات کہہ کر انکار کر دیتے ہیں۔ میری عمر اس وقت 24 سال ہے۔ آپ بتائیں میں کیا کروں۔ اب میرے اوپر شیطانی وسوسوں کا غلبہ رہنے لگا ہے۔ کوئی رشتہ آجائے اور میں بھولے سے بھی کہہ دوں کہ ہاں یہ رشتہ اچھا ہے تو وہ طعنے سننے پڑتے ہیں کہ خدا کی پناہ۔ میری سگی ماں مجھ سے کہتی ہے کہ تو ڈھونڈتی پھرتی ہے۔ والد کہتے ہیں تمہارے لچھن اچھے نہیں ہیں۔ اسی لئے تم کہتی ہو میری شادی کر دو۔ بھائی کہتا ہے کیا ضرورت ہے شادی کی، ابھی تمہاری عمر ہی کیا ہے۔ جب کوئی اچھا رشتہ آئے گا تو دیکھا جائے گا۔ اگر نماز پڑھوں تو شک کرتے ہیں کہ پتہ نہیں کیا کیا دعائیں مانگتی ہے۔ ماں ہر وقت بددعائیں دیتی رہتی ہیں کہ اگلے گھر جا کر جب جوتے پڑیں گے تب دیکھوں گی۔ دو دن نہیں رہ سکتی تو کسی کے ساتھ، حالانکہ گھر کا سارا کام کرتی ہوں۔ میری کوئی سہیلی نہیں ہے اور نہ مجھے کہیں آنے جانے کی اجازت ہے۔ خدا کے لئے آپ میرے حق میں دعا کریں۔ شاید اللہ تعالیٰ قبول کرے اور میری مشکلیں دور ہو جائیں۔

ج: آدھی رات گزرنے کے بعد وضو کر کے دو نفل ادا کریں اور نفل کے بعد 33 مرتبہ یاوہاب پڑھ کر آنکھیں بند کر کے مراقبہ کریں۔ مراقبہ میں دیکھیں کہ آپ کے چاروں طرف پھول ہی پھول ہیں۔ جب تصور قائم ہو جائے لمبے لمبے سانس لیں اور اس کے بعد نہایت خشوع و خضوع کے ساتھ اپنی شادی کے لئے دعا کریں۔ اللہ تعالیٰ فضل فرمائیں گے اور آپ اپنے گھر کی ہو جائیں گی۔

www.ksars.org

## شادی خانہ آبادی

س: بابا جی! ہمارا مسئلہ یہ ہے کہ ہم تین بہنیں شادی کے قابل ہیں اور ہمارے والدین بڑے پریشان رہتے ہیں۔ مہربانی فرما کر کوئی وظیفہ بتائیں کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے بہتر جگہ رشتے ہو جائیں۔

ج: بعد از نماز عشاء اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ 41 مرتبہ سورہ اخلاص اور بیس دفعہ سورہ کوثر پڑھ کر شادی کے لئے دعا کریں۔ دعا صرف ایک مقصد کے لئے کریں اور ایک ہی بات کو بار بار دہراتے رہیں۔ نوے دن اس پر عمل کریں۔

خواتین ناغہ کے دنوں کو شمار کر کے بعد بعد میں پورے کر لیں۔

## شادی کا بھوت

س: میرے سر پر نہ تو شادی کا بھوت سوار ہے اور نہ ہی نیت بری ہے۔ گھر میں ہم چار بہنیں اور ایک بھائی ہے۔ خاندان کھاتا پیتا اور شریف ہے اور ہم خوبصورت پڑھی لکھی ہیں مگر ہمارے گھر کوئی رشتہ نہیں آتا۔ حالانکہ ہمارا کوئی مطالبہ سوائے لڑکے کی قابلیت کے نہیں ہے۔ اگر کوئی اچھا رشتہ آئے تو بغیر کسی وجہ کے رشتہ نہیں ہوتا۔ مجھے ایک شخص نے شادی کے لئے کہا۔ میں نے استخارہ کر کے ہاں کر دی۔ اس نے مجھے اپنی بہن اور بہنوئی سے ملوایا۔ اپنے والدین کو خط لکھے جو رضامند ہیں۔ میں نے بھی اپنے والدین کو بتایا کیونکہ ہماری نیت صاف تھی مگر ہر رشتہ کی طرح یہ بھی اب تک یہی کہتے ہیں کہ مجھے رشتہ پسند ہے مگر شادی کے لئے پیسے نہیں ہیں۔

خواجہ صاحب! میں چاہتی ہوں کہ وہ دوبارہ ہمت سے کام لیں اور رشتہ مانگیں اور میرے والدین ہاں کر دیں اور شادی عزت سے ہو جائے۔

دوسرا مسئلہ باجی کا ہے۔ باجی بچپن سے ہی آدمیوں سے نفرت کرتی ہیں مگر اچانک ایک اچھا شخص رشتہ کے لئے آیا اور عجیب بات یہ کہ باجی اسے پسند کرنے لگیں مگر ہوا وہی کہ بغیر کسی سبب کے اس شخص کی شادی کہیں اور ہو گئی۔ اب باجی اپنی پرانی روش پر بھی آ گئی ہیں اور کہتی ہیں کہ شادی میں کیا رکھا ہے؟ مجھے نہیں کرنی شادی۔

آپ سے التجا ہے کہ ایسا وظیفہ مجھے یا والدہ کو بتائیں کہ باجی کا دماغ درست ہو جائے اور کوئی اچھا رشتہ آ جائے۔ براہ کرم ساتھ ہی آپ ٹیلی پیتھی کے ذریعہ باجی اور میرا رشتہ مانگنے والوں کے دماغوں کو صحیح راستے کی ترغیب دیں۔ خدا آپ کو جزائے خیر دے۔

ج: ہر نماز کے بعد ایک سو بار یاوہاب پڑھ کر دس منٹ تک عرش کا تصور کریں اور صرف ایک مقصد شادی کے لئے دعا کریں۔ صبح سویرے بیدار ہو کر شمال کی طرف منہ کر کے بیٹھ جائیں، آنکھیں بند کر کے 300 بار اَلرِّجَالُ قَوَّامُوْنَ عَلَی النِّسَاءَ

www.ksars.org

پڑھیں۔ یہی عمل آپ کی والدہ بھی دہرائیں۔ صبح سویرے کاورد کرنے سے پہلے وضو کر لیں۔ عمل کے بعد فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد کچھ دیر کے لئے سو جائیں۔ جب تک شادی کی تکمیل ہو یہ عمل جاری رکھیں۔

## شادی کا کھانا

س: میں پہلے بھی آپ کے مشوروں سے استفادہ کر چکی ہوں اور اب پھر ایک مسئلہ لے کر حاضر ہوں۔ مسئلہ کچھ یوں کہ ہمارے مالی حالات اچھے نہیں ہیں۔

میرے والد صاحب ضعیف ہیں اور بیمار رہتے ہیں۔ والدہ وفات پا چکی ہیں۔ ہم چار بہن بھائی ہیں۔ دو بہنیں بڑی اور دو بھائی چھوٹے ہیں۔ اب ایک کمپنی میں فورمین ہیں لیکن مستقل نوکری نہیں ملتی بلکہ ہر دو چار مہینوں کے بعد چھوٹ جاتی ہے اور پھر چار پانچ مہینوں بعد لگتی ہے۔

میری باجی کی شادی ڈھائی سال قبل ہوئی تھی اس کی شادی کا قرض اب تک باقی ہے۔ میری بھی منگنی ہو گئی ہے۔ ہمارے پاس اتنا بھی نہیں ہے کہ میری شادی پر کھانے کا خرچ ہو سکے۔ بیٹی کو خالی ہاتھ تو رخصت نہیں کر سکتے۔ کوئی قرض دینے والا بھی نہیں ہے۔

میں چاہتی ہوں کہ آپ کوئی ایسا وظیفہ بتا دیں جس سے ہمارے حالات ٹھیک ہو جائیں۔ دعا بھی کریں براہ کرم ہمارے حالات کی بہتری کے لئے۔ ہم نے ہوش سنبھالنے سے اب تک بہتر حالات نہیں دیکھے۔ ہمیشہ تنگ دستی سے ہی گزر بسر ہوتی آئی ہے۔

ج: ایک بار درود شریف، درود خضری، ایک بار آیت کریمہ اور ایک بار درود شریف درود خضری **صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدً وَسَلَّمُ** پڑھ کر دعا کی طرح ہاتھ باندھ کر پھونک ماریں اور چہرہ پر ہاتھ پھیر لیں۔ اسی طرح 100 دفعہ پڑھیں اور ایک سو مرتبہ چہرہ پر پھیریں۔ آنکھیں بند کر کے عرش کا تصور کر کے دعا کریں اور بات کئے بغیر سو جائیں۔ چالیس روز یہ عمل کرنے کے بعد چھوڑ دیں۔ اتنی رقم انشاءاللہ آپ کو مل جائے گی جس سے قرض کی ادائیگی اور آپ کی شادی ہو جائے۔

www.ksars.org

# ص

## صحیح اور غلط کام

س: یہ ایک معمولی مسئلہ ہے مگر میرے لئے زندہ رہنے یا مر جانے کا سوال پیدا ہو گیا ہے۔ میں اپنے حواس پر قابو نہیں رکھ سکتا۔ ڈاکٹروں سے رجوع کیا تو کہتے ہیں کہ بلڈ پریشر ہے۔ دفتر میں کسی خاص کام کے لئے میرا انتخاب کیا جاتا ہے تو وہ کام کرتے وقت میرے ہاتھ پیر پھول جاتے ہیں۔ دل کی دھڑکنیں ضرورت سے زیادہ تیز ہو جاتی ہیں۔ ٹھنڈے پسینے آنے شروع ہو جاتے ہیں۔

ہاتھ پیر کانپنے لگتے ہیں۔ منہ کی جمائی بہت زیادہ آتی ہے۔ ہاتھ ٹھنڈے ہو جاتے ہیں اور ہتھیلیوں سے پسینہ ٹپکنا شروع ہو جاتا ہے اور اگر اس وقت مجھے بولنا پڑ جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ میری آواز تختہ دار سے آ رہی ہے۔ دل میں ایک انجان سا خوف ہوتا ہے اور اس وقت میری سوچ یہ ہوتی ہے کہ میں یہ کام جو صحیح کرنے کی کوشش کر رہا ہوں کہیں غلط نہ ہو جائے۔

ج: دو ہفتوں تک کھانوں میں نمک کم کھائیں۔ تین وقت ایک ایک چمچہ خالص شہد کھائیں۔ صبح اور رات کو کھانے کے بعد آدھا گھنٹہ ٹہلا کریں۔ کثرت سے وضو یا بغیر وضو یا حی یا قیوم کا ورد کریں۔

## صاحبزادہ کی شادی ہوئی

س: عرض یہ ہے کہ میرے صاحبزادے کی شادی 6 ستمبر 1985ء میں ہوئی۔ شب عروسی بخیر وخوبی انجام پائی۔ دو دن بعد ولیمہ ہوا۔ مشکل سے پندرہ بیس یوم گزرے ہوں گے شک وشبہ ہونے لگا۔ خدا خدا کر کے یہ شک وشبہ ختم ہوا ڈیڑھ ماہ بعد صاحبزادہ کو یہ محسوس ہوا کہ وہ قوت مردمی سے محروم ہو گئے ہیں۔ تمام اچھے اچھے ڈاکٹروں اور حکیموں کو دکھایا۔ سب نے یہی کہا کہ ایسی کوئی بات نہیں، صرف وہم ہے۔ اس کے باوجود دوا بھی حفظ ماتقدم کے طور پر دی گئی۔ اب وہ کہتا ہے کہ ایسی زندگی سے کیا فائدہ سارا گھر پریشان ہے۔

برائے مہربانی رنگ وروشنی اور روحانی سائنس کے ذریعہ کوئی علاج تجویز فرمائیں۔ مجھے یہ بھی شبہ ہے کہ کسی نے سفلی وغیرہ کا عمل تو نہیں کیا؟ ویسے صحت وشکل وصورت مشاءاللہ بہت اچھی ہے۔ کھانا پینا اور سونا سب معمول کے مطابق ہے۔

ج: تین عدد چینی کی سفید پلیٹوں پر بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِo اَلرِّجَالُ قَوَّامُوۡنَ عَلَى النِّسَاءِ لکھ کر صبح شام رات شعاعوں کے پانی سے دھو کر پلائیں۔

www.ksars.org

صبح سرخ رنگ شعاعوں کے پانی سے شام نارنجی رن شعاعوں کے پانی سے۔ رات کو بینگنی یا جامنی رنگ شعاعوں کے پانی سے پانی کی خوراک دو دو اونس ہے۔ کھانوں میں میٹھی چیزیں اور مچھلی زیادہ دیں۔ اکیس روز کا علاج ہے۔

## صحت مند زندگی

س: میں بہت سی بیماریوں اور تکلیف کا شکار ہوں۔ ہر وقت نزلے کی شکایت رہتی ہے۔ حافظہ بے حد کمزور ہو گیا ہے۔ معمولی باتیں بھول جاتا ہوں۔ نظام ہاضمہ درست نہیں ہے۔ گیس کی شکایت مستقلاً رہتی ہے۔ کمزوری بہت زیادہ محسوس ہوتی ہے اور چند قدم تیز تیز چلوں تو سانس پھول جاتا ہے۔ ان جسمانی عارضوں کے ساتھ ساتھ ذہنی انتشار رہتا ہے اور ذہن کسی وقت پر سکون نہیں رہتا۔ معاشی حالات الگ خراب ہیں۔ کوئی ایسا طریقہ تجویز فرمادیں جس سے میں ایک صحت مند زندگی گزارنے کے قابل ہو جاؤں۔

ج: سونف صاف کر کے دو حصے کر لیجئے۔ ایک حصہ بھنوا لیجئے اور ایک حصہ کچا رکھئے۔ دونوں ملا کر محفوظ کر لیجئے۔ کھانے کے بعد یہ کچی پکی سونف ایک چمچہ کے برابر کھا لیا کریں۔ ٹھنڈا پانی پینے سے گریز کریں اور ثقیل ہضم اشیاء نہ کھائیں۔ صبح شام ایک گلاس پانی پر گیارہ مرتبہ ریاحین ماء دم کر کے پی لیا کریں۔

www.ksars.org

# ض

## ضد اور غصہ

س: ہماری داستان بڑی درد ناک ہے۔ لیکن میں مختصر بیان کر رہی ہوں۔ بات یہ ہے کہ ہمارے والد صاحب ان پڑھ، بد مزاج، غصہ کے تیز اور بہت شکی مزاج ہیں۔ جبکہ ہماری والدہ صاحبہ صبر و شکر والی اور ایم اے ہیں۔ یہ تو اللہ ہی جانتا ہے کہ ان دونوں کا جوڑ کس طرح ہوا۔ یہ تو خود تو بے پڑھے ہیں ہی لیکن ہم دونوں بہنوں کو بھی پڑھنے نہیں دیتے۔ مگر ہماری والدہ نے بڑی قربانیاں دے کر ہمیں میٹرک کروایا۔ ابو کے سب خاندان والے بھی ان پڑھ شکی اور پتہ نہیں کیا کیا ہیں۔ ابو نے ہم پر بہت ظلم اور ستم کئے ہیں، کرتے رہتے ہیں جبکہ اب ہم جوان ہو چکے ہیں مگر ہم ان کے سامنے ایک لفظ تک نہیں بول سکتے۔ حتیٰ کہ حق بات پر بھی بولنا منع ہے۔ دونوں بھائی جوان ہیں وہ بھی ابو سے بہت ڈرتے ہیں۔ انہی حالات کو برداشت کر کے ہمارے گھر کے تمام افراد بیماریوں میں مبتلا ہیں۔ ہم ڈاکٹر سے مکمل علاج ہی نہیں کرواسکتے کیونکہ ابو کے دل میں طرح طرح کے شک آجاتے ہیں۔

سب سے بڑی مشکل یہ ہے کہ ہماری شادی اپنے خاندان میں کرنا چاہتے ہیں کیونکہ امی کا تو اس دنیا میں سوائے اللہ کے کوئی اور نہیں۔ ابو کہتے ہیں کہ تم لوگوں نے میرے خاندان میں شادی نہ کی تو میں تم لوگوں کو کہیں بھی شادی نہیں کرنے دوں گا۔ ابو کے تمام خاندان والے دور دراز جنگل میں ایک گاؤں میں رہتے ہیں۔ آپ سے درخواست ہے کہ آپ روحانی علوم کی روشنی سے والد صاحب کے ذہن کو صاف ستھرا بنا دیجئے تاکہ ان کے ذہن میں موجود شک نفرت غصہ جیسے منفی جذبات نکل جائیں اور ان کے بجائے محبت عجز وانکساری اور بچوں سے پیار اُمڈ آئے۔

ج: صبح سورج طلوع ہونے سے قبل نماز فجر ادا کر کے ایک سو بار بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم کے ساتھ یا ودود پڑھیں اور پانی پر دم کر کے رکھ لیں اور یہ پانی اپنے والد صاحب کو پلائیں۔ اس کے ساتھ ساتھ رات کو سوتے وقت کوئی ایک بہن یا بھائی والد صاحب کے سر میں تیل ڈالے اور تھوڑی دیر پیر دبائے۔ انشاء اللہ اس طرز عمل سے والد صاحب کے مزاج میں سے ضد اور غصہ نکل جائے گا۔

www.ksars.org

# ط

## طلباء کے مسائل

س: عظیمی صاحب! ہم طالب علموں کا مسئلہ یہ ہے کہ جو بھی یاد کرتے ہیں وہ بہت جلد بھول جاتے ہیں۔ جس سے امتحان میں کافی پریشانی رہتی ہے۔ دوسرے امتحان میں کامیابی والا کوئی وظیفہ عطا فرمادیں جس سے نمبر زیادہ سے زیادہ آئیں۔

ج: مغرب کی نماز کے بعد سو بار یاعلیم پڑھ کر سیدھے ہاتھ کی انگشت شہادت پر دم کریں اور انگلی کو تین بار فضا میں گھمائیں اور شمال کی طرف منہ کرکے پھر تین بار یاعلیم پڑھ کر سینہ پر دل کی جگہ پھونک ماریں۔ یہ عمل نماز کے بعد مسجد کے اندر یا گھر میں کسی ایک گوشے میں کریں جہاں دوسرا کوئی نہ دیکھے۔ جب تک نتیجہ آئے یہ عمل جاری رکھا جائے۔

www.ksars.org

# ع

## عجیب و غریب

س: مسئلہ یہ ہے کہ میرا ایک عیسائی دوست ہے الطاف مسیح۔ آج سے چند سال پیشتر اس کو ایک ناگن نے اس وقت ڈسا جب کہ ناگن کے ملاپ کا موسم تھا۔ اس کی خوشبو بقول سپیروں کے الطاف کے جسم میں سرایت کر گئی ہے۔ اس وقت سے ہر سال الطاف کو سانپ آکر ڈس لیتے ہیں۔ اب بھی سانپوں کے ڈسنے کا وقت تھا۔ اس نے تیس کے قریب ایسے سانپ مار دیئے ہیں جو اس پر حملہ آور ہوئے تھے اور اب چاند کی دس تاریخ کو ایک سانپ نے اسے ڈس لیا ہے۔ سپیروں کا کہنا ہے کہ اب ہر چاند کی دس تاریخ کو سانپ تمہیں ڈس لے گا۔ اس وقت اس کے منہ، ناک اور پیشاب میں خون آرہا ہے۔ اللہ کے واسطے فوراً کوئی علاج بتائیں۔ یہ ایک انسانی زندگی کا سوال ہے۔

ج: اللہ کرے ابھی تک آپ کا دوست زندہ ہو۔ ایسا کریں کہ نیولے کا سر لے کر اپنے دوست کی پیشانی اور سر میں اس جگہ بھی ملیں جہاں سانپ نے کاٹا ہے۔ اس کے علاوہ

یَارَحِیْمُ یَااَللّٰہُ یَامُرِیْدُ

یَارَحِیْمُ یَااَللّٰہُ یَامُرِیْدُ

یَارَحِیْمُ یَااَللّٰہُ یَامُرِیْدُ

یَابَدِیْعُ الْعَجَائِبُ بِالْخَیْرِیَا بَدِیْع

پڑھ کر ہر چار گھنٹے کے بعد دم کریں۔ اس علاج کے ساتھ دوسرا کوئی بھی علاج کیا جاسکتا ہے۔

## عینک کا فلسفہ

س: ایک سال سے عوام کے مسائل اور آپ کے جوابات پڑھ رہا ہوں۔ آپ کی یہ انسانی خدمت اور آپ کا یہ پیار دنیا کبھی فراموش نہیں سکے گی۔ امید ہے کہ آپ میرے مسئلے پر بھی تھوڑا سا وقت دیں گے۔ بندہ کی صحت بالکل ٹھیک ہے۔ گذشتہ چند سالوں سے میری نظر کمزور ہو رہی ہے۔ عینک سے مجھے نفرت ہے۔ کبھی کبھی عینک لگالیتا ہوں۔ لیکن اپنے اوپر ایک بہت بڑا بوجھ محسوس کرتا ہوں۔ خدا کے لئے کوئی اچھی سی ترکیب بتائیں تا کہ اس عینک کو دور پھینک سکوں۔

www.ksars.org

ج: آپ کے مسئلہ کا حل یہ ہے کہ آپ باقاعدہ عینک لگائیں۔ عینک کبھی لگانے اور کبھی اتارنے سے نظر مزید کمزور ہوتی ہے۔

مستقل طور پر لگانے سے نظر ٹھہر جاتی ہے۔ دن میں چار پانچ دفعہ سونف کھائیے۔

## علاج امریکہ میں ہے

س: میرے بائیں پاؤں کے ٹخنے میں پیدائشی نقص تھا جس کا کافی علاج ہوا لیکن فرق نہیں پڑا۔ ڈاکٹروں کے کہنے کے مطابق اس کا علاج یہاں نہیں، امریکہ میں ہے۔ لیکن جب یہاں پر بھی ہڈیوں کا کامیاب علاج ہونا شروع ہو گیا تو میو ہسپتال میں پہلا آپریشن ہوا جو ناکام رہا۔ اس کے بعد چار آپریشن اور ہوئے۔ آپریشن تو کسی حد تک ٹھیک ہوئے لیکن کمزوری بہت زیادہ ہو گئی۔ اب حالت یہ ہے کہ پوری ٹانگ میں اکثر شدید درد رہتا ہے۔ ایسا لگتا ہے جیسے کسی نے ٹانگ میں ہوا ابھر دی ہے۔ بائیں پاؤں کی یہ حالت ہے کہ وہ سکڑ کر چھوٹا ہو گیا ہے۔ اکثر آپریشن کی جگہ شدید درد اور جلن ہوتی ہے، جو ناقابل برداشت ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ بائیں پاؤں کا پنجہ بالکل بے جان سا ہے۔ خاص کر چھوٹی انگلی اندر کی طرف مڑ گئی ہے۔ میں سوائے قینچی چپل کے دوسری کوئی جوتی نہیں پہن سکتی۔ چپل میں بھی انگلیاں اکٹھی کر کے چلنا ہوتا ہے۔ نہ تو ننگے پاؤں چل سکتی ہوں نہ زیادہ دیر بغیر چوکی کے بیٹھ سکتی ہوں، نہ کھڑی رہ سکتی ہوں، نہ زیادہ دیر چل سکتی ہوں۔ میں اگر کرسی یا چارپائی پر بیٹھوں تو دونوں ٹانگوں میں کافی فرق رہتا ہے۔ گزارش ہے کہ آپ میری یہ تکلیف دور کرنے کا کوئی علاج بتا دیں۔

ج: روغن سورنجان تلخ گھر میں تیار کر کے کمر میں ریڑھ کی ہڈی کے جوڑ پر، ٹانگ کے تینوں جوڑوں پر دائروں میں مالش کریں۔

رات کو سوتے وقت اور ان میں ایک مرتبہ دس دس منٹ۔ اس کے ساتھ ساتھ تین عدد سفید چینی کی پلیٹوں پر (جو گھر میں چاول کھانے کے لئے استعمال ہوتی ہیں)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ - یَاحَیُّ قَبۡلَ کُلِّ شَیۡئٍ - یَاحَیُّ بَعۡدَ کُلِّ شَیۡئٍ -

٨ ٨ ٨ ٨ ٨ ٨ ٨ ٨ ٨ ٨ ٨

٨ ٨ ٨ ٨ ٨ ٨ ٨ ٨ ٨ ٨ ٨

٨ ٨ ٨ ٨ ٨ ٨ ٨ ٨ ٨ ٨ ٨

٥ ٥ ٥ ٥ ٥ ٥ ٥ ٥ ٥ ٥ ٥

لکھ کر صبح، شام، رات پانی سے دھو کر پئیں۔ علاج کی مدت چار ماہ دس دن ہے۔

www.ksars.org

## عامل، منجم، پیر، حکیم، ڈاکٹر

س: عرصے ایک سال سے روحانی ڈائجسٹ پڑھ رہی ہوں۔ پڑھ کر دل کو سکون ملتا ہے اور خوشی ہوتی ہے جب معلوم ہوتا ہے کہ دنیا آپ کے علم سے فیض یاب ہوتی ہے تو اللہ کا شکر ادا کرتی ہوں۔

میں نے پہلی اگست 1984ء کو مکان تبدیل کیا۔ مکان کرایہ کا تھا۔ کام سے فارغ ہو کر نہانے گئی۔ بس نہا کر نکلی تو سیدھے کندھے میں شدت کے ساتھ درد اٹھا۔ وہ رات تھی اور آج کا دن ہے۔ بدن کے ہر جوڑ میں درد ہے۔ جب میرے ہاں چوتھی بچی کی پیدائش ہونے والی تھی تو یہ درد ایک سال کے لئے ختم ہو گیا۔ پھر خود بخود شروع ہو گیا۔ بڑے بڑے سرجن، ہڈیوں کے ڈاکٹر، حکیم اور ہومیوپیتھک ڈاکٹر، روحانی علاج غرض جگہ جگہ ٹھوکریں کھائیں۔ درد کی کوئی دوا ایسی نہیں جو نہیں کھائی ہو۔ عامل حضرات میں ایسے لوگوں کے نام سرفہرست ہیں جو پاکستان میں نامی گرامی ہیں۔ کسی نے زعفران منگوایا، کسی نے مشک کے نام پر پیسے لئے، کسی نے نذر نیاز کے لئے ساڑھے تین سو روپے لئے۔ منجم حضرات سے بھی رجوع کیا مگر فائدہ نہیں ہوا۔ ایک صاحب نے دعائے شفا لکھ کر دی۔ 41 دن تک نہار منہ کچھ فرق پڑا لیکن اب پھر وہی اذیت ہے۔ ہاتھوں کی انگلیوں میں اس قدر سوجن ہے کہ مٹھی بند نہیں کر سکتی ہوں۔ انگلیاں اکڑ جاتی ہیں تو چیخنے لگتی ہوں۔ کندھے سے ہاتھ اوپر نہیں اٹھتا۔ لباس تبدیل کرنا اور بال درست کرنا بھی اذیت ناک ہے۔ بیٹھ سکتی ہوں اور نہ زمین پر بیٹھ کر اٹھ سکتی ہوں۔ چلتی ہوں تو ٹانگیں لکڑیوں کی طرح سیدھی رہتی ہیں۔ کہنیاں، ہتھیلیاں غرض تمام جوڑوں میں درد اور سوجن ہے۔ ضروریات زندگی سے فارغ ہونا بھی ایک عذاب ہے۔ اب پھر ایک عامل کامل کے صاحب زادے کا علاج شروع کیا ہے۔ اس تکلیف کو اب دس سال پورے ہو جائیں گے۔

ج: بانوں کی چارپائی پر لیٹ کر اجوائن کی دھونی لیں۔ بغیر بستر کے کھری چارپائی پر لیٹ جائیں توے میں کوئلے دہکا کر ان کے اوپر اجوائن ڈال دیں۔ اجوائن کا دھواں اوپر اٹھے گا اور یہ دھواں بدن میں لگے گا۔ سیدھی اور دائیں بائیں کروٹ بدل کر جسم کو دھواں دیں۔ کھانوں میں نمک چھوڑ دیں۔ 21 روز تک نمک، کھٹاس، برف کی چیزوں اور فریج میں رکھی ہوئی چیزوں سے پرہیز کریں۔

میری دعا ہے اللہ تعالیٰ آپ کو شفائے کلی دے۔ آمین۔

## عمر تین سال، قد چھ سال کا

س: میں بچی کے بارے میں دوبارہ لکھ رہی ہوں۔ اس سے پہلے جو خط آپ کو لکھا تھا وہ طویل تھا۔ اب صرف ایک ہی بات لکھتی ہوں۔ مسئلہ یہ ہے کہ بچی جس کی عمر اب تقریباً ساڑھے تین سال ہے قد کے لحاظ سے کافی لمبی ہے۔ بچپن میں بہت بیمار ہوئی۔ جب پیدا ہوئی تو بہت کمزور تھی۔ پھر نہ جانے کیا ہوا بیمار ہو گئی۔ دست تو آتے ہی رہتے تھے۔ کافی علاج معالجے کے بعد طبیعت ٹھیک ہو گئی۔ آپ کی کتاب "روحانی علاج" میں ہے ام الصبیان کا تعویذ ڈالا۔ ہر جمعرات کو دھونی دی اور بچی نے بیٹھنا شروع کر دیا۔ پہلے گھٹنوں کے بل بعد میں چلنا سیکھا۔ تمام دوائیاں جو ڈاکٹروں نے طاقت کے لئے لکھیں، وہ بھی کھلائیں مگر

www.ksars.org

موٹی اور صحت مند نہیں ہوئی ٹانگوں کی مالش بھی کی۔ ایک دواخانے سے میرے شوہر کراچی جاکر "روغن سورنجان" لائے۔ وہ بھی لگاتی رہی۔ اللہ کا شکر ہے بچی ساڑھے تین سال کی ہوگئی ہے۔ اس کا قد آناً فاناً بہت تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ اپنی ہم عمر بچیوں سے کافی بڑی نظر آتی ہے۔

قریباً چھ سال کی لڑکی کے برابر اس کا قد ہوگیا ہے۔ کمزور اور دبلی بہت ہے۔ پہلے کھانے پینے میں بہت نخرے کرتی تھی۔ اب کھانا وغیرہ کھا لیتی ہے۔ غصہ اتنا کرتی ہے کہ جو کہے وہی کرو۔ روحانی علاج سے غصے کا علاج بھی کیا۔ کوئی کوئی لفظ تھوڑا تھوڑا بولتی ہے۔

ج: رات کو ایک کھجور دودھ میں پکا کر آسمان کے نیچے رکھ دیں۔ صبح پھر اسی دودھ میں اس کھجور کو پکائیں۔ تھوڑا ہونے پر کھجور کھلا کر دودھ پلائیں۔ دوپہر کے وقت ایک کیلا کھلا کر اوپر سے دودھ پلا دیا کریں۔

## عود صلیب

س: میں ایک غمزدہ باپ ہوں، گنہگار ہوں، بدکار ہوں، سیاہ کار ہوں۔ آپ کا تعارف کسی نے کروایا ہے تو چاہتا ہوں۔ آپ میری کشتی کنارے کی طرف موڑنے کے لئے توجہ فرمائیں۔

میری ایک بچی ہے جو بچوں میں پانچویں نمبر پر ہے۔ میرے کل نو بچے ہیں۔ اس بچی کا نام وحیدہ امام ہے۔ 1985ء میں ماہ جولائی میں اس بچی کو دیگر بچوں کو ہمراہ پہاڑ پر سیر کے لئے گئے۔ دھوپ شدید تھی واپس آئے تو سب ٹھیک ٹھاک تھے۔ دوسرے دن اس بچی کو پاخانے آنے شروع ہوگئے اور چند روز میں بے حد کمزور ہوگئی۔ بیٹھتی تو گر پڑتی اس کے بعد کھڑی ہوتی تو جھٹکے سے گر پڑتی۔

ڈاکٹروں کے پاس لے کر گئے۔ ادویات دیں۔ بچی چارپائی پر پڑ گئی۔ بولنا بند کر دیا۔ صرف ابو امی کہتی تھی۔ پھر 5 ماہ فیصل آباد سے حکیم صاحب کا علاج کروایا۔ مگر افاقہ نہیں ہوا بستر پر پڑی رہتی ہے۔ اور جسم تن جاتا ہے۔ جھٹکے لگتے ہیں۔ ڈاکٹر اعصابی تشنج بتاتے ہیں سوکھ کر کانٹا ہوگئی ہے۔ پانی چمچ کے ساتھ پلاتے ہیں۔ سات سال کی عمر ہے مگر ایسا لگتا ہے جیسے جسم گھٹتا جا رہا ہے جبکہ چہرہ ٹھیک ہے۔

بچی کا رنگ سفید، آنکھیں براؤن اور بال بھورے ہیں ہم سخت پریشان ہیں۔ ادویات کارگر نہیں۔ بدل سکتی ہیں۔ دیکھتی ہے سنتی ہے محسوس کرتی ہے، ہنستی ہے، روتی ہے مگر دن بدن سوکھتی جا رہی ہے۔ ہڈیوں کا ڈھانچہ ہے۔

ج: ام الصبیان کا ایک نقش لکھ کر گلے میں ڈال دیں اور 21 تعویذ مومی کاغذ پر لکھ کر یا چینی کی پلیٹوں پر لکھ کر صبح ناشتہ میں پانی سے دھو کر پلائیں۔ عود صلیب کی ایک جڑ میں سوراخ کرا کے گلے میں ڈال دیں۔ ایک ماہ کے بعد اتار دیں۔ دوسرا عود صلیب گلے میں ڈال دیں اور ایک ماہ کے بعد اسے بھی اتار دیں تیسرا عود صلیب ڈال دیں۔

www.ksars.org

## عرش کا تصور

س: عظیمی صاحب! میرا مسئلہ یہ ہے کہ مجھے کسی بزرگ نے وظیفہ شادی کے لئے دیا تھا جو میں نے پڑھا مگر اس کا کوئی فائدہ نہ ہوا۔

اب میں صبح نماز فجر کے بعد دو مرتبہ سورۃ یٰسین، 7 بار سورۃ واقعہ، 3 بار سورۃ مزمل اور بہت زیادہ تعداد میں ورد مختلف قسم کے کرتی ہوں۔ مجھے کسی نے اب بتایا کہ زیادہ وظائف نہیں پڑھنا چاہئے۔ مہربانی فرما کر مجھے کوئی وظیفہ شادی کے لئے عطا کریں اور یہ بھی بتائیں کہ میں وظائف کرتی رہوں یا چھوڑ دوں۔

ج: بعد نماز عشاء تین سو مرتبہ یاوھاب پڑھ کر دس منٹ تک عرش کا تصور کریں اور حالات ساز گار ہونے کی دعا کریں۔ نہایت مجرب عمل ہے۔ انشاءاللہ ساری پریشانیاں دور ہو جائیں گی۔ چلتے پھرتے یاحی یاقیوم کا ورد کرتے رہیں۔

قارئین سے التماس ہے کہ زیادہ وظیفے نہ پڑھا کریں۔ وظیفوں کے اندر انوار کی طاقت جب دماغ کی برداشت سے زیادہ ہو جاتی ہے تو کئی قسم کے امراض اور پریشانیاں لاحق ہو جاتی ہیں۔ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے مطابق صرف پانچ وقت نماز پابندی وقت کے ساتھ ادا کریں اور قرآن کریم کو ترجمہ کے ساتھ پڑھ کر سمجھنے کی کوشش کریں۔

www.ksars.org

# غ

## غم اور تبسم

س: میری عمر تقریباً 17 سال ہے۔ میں سیکنڈ ائیر میں پڑھتا ہوں۔ مایوسی کے عالم میں صرف آپ کو سہارا سمجھتے ہوئے خط لکھ رہا ہوں۔ مایوس مت کیجئے گا۔ بچپن میں ایک دو مرتبہ ٹائیفائیڈ ہو جانے کی وجہ سے پہلے ہی کمزور تھا۔ بعد میں بری عادت کا شکار ہو گیا۔

جس سے میں روز بروز کمزور ہوتا جا رہا ہوں۔ گال اندر کی طرف دھنستے جا رہے ہیں۔

بنیادی طور پر میں ذہین ہوں۔ پڑھائی میں لائق ہوں۔ اور اس کے علاوہ گھر میں سب سے زیادہ ہنس مکھ ہوں لیکن صرف اس غم کو چھپانے کے لئے میں چہرے پر تبسم لائے رکھتا ہوں۔ تمام رشتے دار ہر وقت میری صحت کے متعلق فکر مند رہتے ہیں۔ کچھ ایسے مراحل یا مواقع بھی آئے ہیں جن سے میں مکمل طور پر خود فراموشی میں مبتلا ہو سکتا تھا۔ لیکن میں نے سب کچھ برداشت کیا۔ میری جگہ کوئی اور ہوتا تو شاید اب تک پاگل ہو جاتا۔

ج: فل سکیپ کاغذ پر (کاغذ سفید اور چمک دار ہونا چاہئے) سیدھی سیدھی سطروں میں ستارے بنائیں۔ روشنائی سیاہ اور چمک دار ہونی چاہئے۔ اس کاغذ کو فوٹو کی طرح فریم کرا لیں۔ رات کو سوتے وقت روشنی میں اس کاغذ کے اوپر بنے ہوئے ستاروں کو دیکھا کریں پندرہ منٹ تک اور پھر سو جائیں۔ یہ عمل چالیس روز تک کریں۔

## غصہ میں بھی ہاں کہہ دیں تو میں تجھے اپنی ملکہ بنالوں گا

س: مسئلہ یہ ہے کہ میری بھانجی پر اثر ہے وہ خود کہتا ہے کہ اس کو ہم اپنی ملکہ بنائیں گے۔ اس کی کیفیت یہ ہو جاتی ہے جب اس کے سر پر آتے ہیں تو اس کی روح کہیں اور چلی جاتی ہے اس کے جسم کے اندر کوئی اور آ جاتا ہے جو کہ عجیب حرکتیں کرتا ہے۔ اگر چوڑیاں پہنے رات کو سوئے گی تو صبح ایک چوڑی ہاتھ میں نہیں ہوتی اور نہ گھر میں ملتی ہے۔ وہ خود خوف زدہ ہیں۔ کہتی ہے جہاں میں جاتی ہوں عجیب شکلیں نظر آتی ہیں۔ ہزاروں کی تعداد میں ہیں مجھے گھیر لیتے ہیں۔ سب لوگ بعض دفعہ تو مارتے ہیں اس کو جسم میں درد ہوتا ہے مگر نشان نہیں نظر آتے۔ بے ماں باپ کی لڑکی ہے۔ کوئی وظیفہ بتایئے جس سے مشکل آسان ہو جائے اس کی شادی نہیں ہونے دیتے۔ لوگ دیکھنے آتے ہیں پھر دوبارہ نہیں آتے۔ جس کی وجہ سے ہم بہت پریشان ہیں، ایک والدہ ہیں اسی کے غم میں گھلی جا رہی ہیں۔ وظیفہ جو بھی ہو گا وہ میں خود کروں گی کیونکہ جس پر اثر ہے وہ نہیں کر سکتی جبکہ وہ بہت پاک صاف رہتی ہے۔ عجیب بات یہ ہے کہ جو اس پر آتا ہے وہ اسے دیکھ سکتی ہے جبکہ اور کسی کو نظر نہیں آتا۔ وہ کام کرتی ہو گی تو آ جائے گا باتیں کرتا رہے گا۔

www.ksars.org

دیکھنے والا سمجھتا ہے کہ وہ خود سے باتیں کر رہی ہے۔ کہتا ہے کہ تمہاری نانی کی اجازت ہو گی تو تمہیں لے جاؤں گا وہ ہاں کر دے۔

اگر وہ غصہ میں بھی ہاں کریں تو لے جاؤں گا یا پھر مرنے کے بعد لے جاؤں گا اور تمہیں اپنی ملکہ بناؤں گا۔ یہ بھی کہتا ہے کہ مجھے بھیجا گیا ہے میں خود نہیں آیا۔ وہ مسلمان بھی نہیں ہے لیکن اپنا نام رحیم بتاتا ہے۔ نماز قرآن سے بالکل واقف نہیں ہے۔ مہربانی کر کے ایسا وظیفہ بتائیں کہ اس کی شادی ہو جائے۔ لڑکی بے حد سیدھی اور بے زبان ہے، بہت کم بولتی ہے۔ یتیم ہونے کی وجہ سے بہت زیادہ حساس ہے۔

ج: یامہلائیل، یاثمنائیل یامیکائیل یا جبرائیل، ایک کاغذ پر لکھ کر کاغذ کو موڑ کر بتی بنالیں اور اس مڑے ہوئے کاغذ کو روئی میں لپیٹ لیں۔ روئی اور کاغذ کی بنی ہوئی بتی کو گھی یا زیتون کے تیل میں ایسی جگہ جلائیں جہاں سے مریض تک دھواں پہنچ سکے۔ یہ عمل رات کو سوتے وقت کریں۔ صبح نہار منہ سورج نکلنے سے پہلے سورہ فلق پڑھ کر ایک پیالی پانی پر دم کر کے پلائیں۔ دو ہفتہ تک نمک بالکل نہ دیں۔ دو ہفتہ کے بعد ایک عرصہ تک نمک کم سے کم اور بہت کم مقدار میں استعمال کرائیں۔ تین وقت خالص شہد کا استعمال بھی ضروری ہے۔

## غیر فطری عمل

س: للہ مجھ پر رحم کیجئے۔ حرام موت مرنے سے بچالیجئے۔ میں زندگی سے بے زار ہوں۔ خراب صحبت اور دوست نما دشمنوں میں رہ کر اس بری عادت میں مبتلا ہو گیا تھا اور خود کو تباہ کر دیا تھا۔ بار بار توبہ کی اور کنٹرول کرنا چاہا مگر ہر بار شیطان کے چنگل سے نہ بچ سکا۔

کبھی بھی طبیعت ایک جیسی نہیں رہتی۔ چہرہ ہر وقت ایسا رہتا ہے جیسے کسی نے سب کچھ مجھ سے چھین لیا ہو۔ انیس بیس برس کا ہو چکا ہوں مگر ابھی تک اپنے آپ کو بچہ تصور کرتا ہوں۔ فطری باتیں سب تقریباً بھول گیا ہوں۔ اپنے یا غیر کسی بھی آدمی سے اخلاق سے بات نہیں کرتا۔ میٹرک پاس ہوں مگر اپنے آپ کو جاہل تصور کرتا ہوں۔ چھوٹے چھوٹے کام کرتے ہوئے گھبرا جاتا ہوں۔ کبھی کبھار تو مجھ سے ایک اسکرو تک بھی نہیں لگتا۔ اکثر ہاتھ کپکپا جاتے ہیں۔ ہتھیلیوں سے پسینہ آتا ہے۔

اپنے قریبی رشتہ داروں کے ہاں بھی نہیں جاتا کہ سب لوگ مجھے غلط سمجھیں گے۔ ہر چمکتی ہوئی چیز مجھے بری لگتی ہے۔ ایسا لگتا ہے جیسے یہ تمام چیزیں مجھے منہ چڑا رہی ہیں۔ میرا مذاق اڑا رہی ہیں۔ ہر وقت سوتا رہتا ہوں اور لوگوں کے پوچھنے پر کہتا ہوں کہ مجھے سونے میں سکون ملتا ہے۔ اپنے سے چھوٹے بچے کو بھی اپنے سے بڑا سمجھنے لگتا ہوں۔ طبیعت پر جبر کر کے اپنی عمر کے دوستوں میں بیٹھتا ہوں۔ تو ان کی زندہ دل باتیں اور قہقہے سن کر اداس ہو جاتا ہوں۔ جہاں کہیں جاؤں ذرا سی دیر میں طبیعت اکتا جاتی ہے۔ اور وہاں سے بھاگنے کی سوچتا ہوں۔ ہر وقت بس دل یہی چاہتا ہے کہ مر جاؤں تو سارے جھگڑے ہی ختم ہو جائیں گے۔

www.ksars.org

موت کا منظر مرنے کے بعد کیا ہو گا۔ نامی کتاب کا مطالعہ کیا تو دنیا سے بے زاری اور بڑھ گئی ہے۔ لگتا ہے جو کھانا میں کھا رہا ہوں وہ میری ٹانگوں میں اتر رہا ہے۔ گرمی میں لحاف اوڑھ کر سوتا ہوں۔ نہانے کو بھی دل نہیں چاہتا۔

ج: کسی نہر یا ندی کے کنارے پانی پر کھڑے ہو کر نماز کی طرح نیت باندھ لیں اور 21 مرتبہ یا حفیظ پڑھ کر پانی سے باہر آ جائیں اور نہر کے کنارے پر دس منٹ تک آنکھیں بند کر کے بیٹھ جائیں۔ یہ عمل صبح سورج نکلنے سے پہلے 21 روز تک کریں۔

## غلط باتیں

س: مجھے اکثر ایسا محسوس ہوتا ہے کہ میرا دل پھٹ رہا ہے، سر گھوم رہا ہے اور اس کے ساتھ بے انتہا غصہ آ جاتا ہے۔ مجھے یہ بھی احساس نہیں رہتا کہ میرے والد صاحب ہیں یا میری پھوپھی، اس قدر غلط باتیں انہیں سنا دیتی ہوں کہ میں خود اسے پسند نہیں کرتی۔ ابھی کل کی بات ہے کہ بابا سے ناراض ہو کر میری یہی کیفیت ہو گئی اور غصے میں، میں نے اپنے ابو کو گھر سے نکال دیا۔ بابا میں اتنی حیادار تھی کہ کبھی اپنے والد صاحب سے اونچی آواز میں بات نہیں کرتی تھی۔ امی رو دیتی تھیں تو میں انہیں تسلی دیتی تھی لیکن اب نجانے کیا ہو گیا ہے۔ کوئی کہتا ہے کہ کسی نے جادو کر دیا ہے لیکن ہم نہ صاحب حیثیت ہیں۔ نہ اعلیٰ عہدے پر فائز ہیں۔ پھر ہمارے اوپر کوئی کیا جادو کرائے گا۔ میرے ددھیال والوں کا اور میرے ابو کا رویہ بھی ہم سے صحیح نہیں ہے۔ ابو دوسری شادی کا بوجھ اٹھائے ہوئے ہیں۔

ج: رات کو سونے سے پہلے شمال رخ لکڑی کی چوکی پر بیٹھ کر وضو کریں اور مصلیٰ پر قبلہ رخ بیٹھ کر تین سو مرتبہ یا وھاب پڑھ کر دس منٹ تک عرش کا تصور کریں اور معاملات سدھرنے کی دعا کریں۔ عمل کی مدت نوے دن ہے۔ یہ عمل ناغہ کے دنوں میں بھی کیا جا سکتا ہے۔

www.ksars.org

# ف

## فہم و فراست

س: بی ایس سی فائنل کا اسٹوڈنٹ ہوں۔ دماغی کمزوری اور ذہنی کشاکش کا شکار ہوں۔ بہت شوق ہے کہ تعلیم حاصل کر کے ملک و قوم کی خدمت کروں مگر اس مقصد کے لئے حافظہ کے ساتھ فہم و فراست بہت ضروری ہے۔ میرے لئے وظیفہ تجویز کر دیجئے۔

ج: یَاحَفِیْظُ یَاحَفِیْظُ یَاحَفِیْظُ یَا شَافِیْ یَا شَافِیْ یَا شَافِیْ یَا کَافِیْ یَا کَافِیْ یَا کَافِیْ ایک سو ایک بار پانی پر دم کر کے صبح نہار منہ پی لیں۔ پانی پینے کے بعد آدھے گھنٹے تک کچھ کھانا پینا منع ہے۔ یہ عمل چالیس روز تک جاری رکھیں۔ انشاء اللہ دماغی کمزوری دور ہو جائے گی اور فہم و فراست کام کرنے لگے گی۔

## فیملی ڈاکٹر

س: اس سے پہلے بھی لکھ چکی ہوں۔ بلاشبہ آپ کی خدمات قابل ستائش ہیں۔ آپ کی نظر کرم کی طالب ہوں۔ انتہائی پریشان حال اور حالات کی ستائی ہوئی ہوں۔ ایک مسلمان ہونے کی حیثیت سے آپ پر حق ہے کہ آپ میرے خط کا جواب دیں۔ میں آپ کی تہہ دل سے شکر گزار رہوں گی۔

میری چھوٹی بہن عمر 18 سال ہے۔ اس کے کان کی پچھلی سائڈ پر رسولی تھی۔ 1982ء میں اس کا آپریشن کروایا۔ ڈاکٹروں کی رائے میں یہ نہایت معمولی اور بے ضرر آپریشن تھا۔ مگر اس کا زخم اب تک ٹھیک نہیں ہوا۔ شہر کا کوئی ڈاکٹر اور سرجن نہیں چھوڑا۔ پانی کی طرح پیسہ بہا دیا مگر حالت اب بھی ویسی ہی ہے۔ چند دنوں تک آرام رہتا ہے اور پھر ہلکا درد بڑھ کر شدت اختیار کر لیتا ہے۔ خون اور پیپ نکلنے لگتی ہے۔ سوراخ ہو جاتا ہے جسے ڈاکٹر پٹی کے ذریعے بند کرتا ہے۔ مگر پھر کھل جاتا ہے۔ براہ کرم کوئی دوا یا وظیفہ تجویز کیجئے، مہربانی ہو گی۔

ج: پیلی سرسوں کا تیل اپنے سامنے نکلوا کر اس میں کابلی چنے جلائیں۔ آدھا سیر تیل میں آدھا پاؤ چنا ایک ایک کر کے جلائیں۔ جب سارے چنے تیل میں کوئلہ بن جائیں تو تیل کو موٹے کپڑے میں چھان لیں۔ یہ تیل زخم پر لگائیں۔ چونکہ بچی کراچی سے بہت دور ساہیوال میں ہے اس لئے ضروری ہے کہ تیل استعمال کرنے سے پہلے اپنے فیملی ڈاکٹر یا کسی بزرگ حکیم صاحب سے مشورہ کر لیں۔

کھانوں میں نمک، سرخ مرچ، ہر قسم کا گوشت اور انڈا نہ دیں۔ علاج کی مدت زیادہ سے زیادہ گیارہ دن ہے۔

www.ksars.org

## فحش کتابوں کا مطالعہ

س: نیند کے غلبہ نے ستا رکھا ہے۔ ہاتھ کی ہتھیلیوں اور پیر کے تلوؤں میں بہت زیادہ پسینہ آتا ہے۔ ذہن ماؤف رہتا ہے۔ امتحان قریب ہیں۔ سبق یاد نہیں ہوتا۔

ج: آپ اب تک جو کچھ کر چکے ہیں اور جس عادت میں مبتلا معلوم ہوتے ہیں اگر نہ چھوڑی گئی تو آپ کی زندگی کانٹوں بھری سیج بن جائے گی۔ ہوش میں آ جایئے۔ ورنہ زندگی بھر پچھتانا پڑے گا۔ علاج بہت آسان ہے۔ ایسی کتابیں جن میں بداخلاقی کا درس دیا جاتا ہے اور ایسے افسانے جو شباب آمیز ہوتے ہیں، پڑھنا ترک کر دیجئے۔ ہر وقت باوضو رہئے۔ سونے سے پہلے بھی وضو کر لیا کریں۔

یہی آپ کے مسئلہ کا حل ہے۔

www.ksars.org

# ق

## قرض خواہ جان کے دشمن

س: میرے حالات خراب سے خراب تر ہوتے جارہے ہیں۔ حالت یہ ہے کہ گھر میں آٹا نہیں ہے۔ دیگر ضروریات کو تو نظر انداز بھی کیا جاسکتا ہے۔ قرض خواہ جان کے دشمن بنے ہوئے ہیں۔ والدہ بیمار ہیں۔ دوا کے لئے بھی پیسے نہیں۔ کارخانہ مکمل طور پر بند ہے۔ مایوسی کا دور دورہ ہے۔ نماز اور ذکر خدا اور رسول ﷺ سے بیگانہ ہو گیا ہوں۔ لوگوں سے ملنے ملانے میں شرم محسوس ہوتی ہے۔ گھر میں بے چینی، باہر بیزاری۔ خدا جانے یہ میرے اعمال کی سزا ہے یا امتحان ہے۔ ذرا سی امید بندھتی ہے تو دوسرے دن ٹوٹ جاتی ہے۔ اگر اب بھی میرے حالات نہ بدلے تو سمجھوں گا کہ نگاہ مرد مومن میں سوز نہیں ہے۔ ہر رات کئی کئی خواب نظر آتے ہیں۔ کبھی دیکھتا ہوں، جنازہ جارہا ہے، کبھی والد صاحب مرحوم سے ملاقات ہوتی ہے۔ رشتہ داروں نے منہ موڑ لئے ہیں۔

مجھے آپ پر خدا اور رسول ﷺ کے بعد اعتماد اور ایقان ہے۔ صبر و قناعت کا دامن میں نے کبھی نہیں چھوڑا۔ پھر یہ حالات مجھ سے کیا چاہتے ہیں۔ خدا مجھے ہمت و استطاعت بخشے اور اپنا کرم اور اپنے رسول ﷺ کی رحمتیں نازل فرمائے۔ دولت مل سکتی ہے مگر میں ناجائز ذرائع سے حاصل ہونے والی دولت کو حرام سمجھتا ہوں۔ دعا کریں کہ خدا میرے گناہ معاف کرے اور صبر سے بڑھ کر امتحان نہ لے۔

ج: صبح فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد سورج نکلنے سے پہلے شمال رخ کھڑے ہو کر دعا کی طرح ہاتھ باندھ لیں۔ ایک مرتبہ سورہ اخلاص پوری سورہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے ہاتھ تین بار چہرہ پر پھیر کر دوبارہ سورہ اخلاص ایک بار پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے تین دفعہ چہرہ پر پھیر لیں۔ تیسری بار دعا کی طرح ہاتھ باندھ کر ایک مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے ہاتھ تین مرتبہ چہرہ پر پھیر لیں اور چار قدم الٹے پیروں چل کر وہاں سے ہٹ جائیں۔ مصلیٰ پر بیٹھ کر ایک پاؤ سپارہ پڑھیں اور دعا مانگ کر دوسرے کاموں میں لگ جائیں۔ چالیس روز کے اس عمل سے حالات میں خوش گوار تبدیلی آجائے گی۔ ہر حال میں یہ عمل سورج طلوع ہونے سے قبل کیا جائے۔ سورج نکل آئے تو عمل نہ کریں۔

## قلم کا سہارا

س: دکھی دل کے ساتھ آپ کی خدمت میں حاضر ہو رہی ہوں۔ امید ہے مایوس نہیں فرمائیں گے۔ زندگی اس قدر الجھی ہوئی اور پیچیدہ ہو گئی ہے کہ سمجھ نہیں آتی کہ کیا کروں۔ مسائل نے چاروں طرف سے اس طرح گھیر اڈال رکھا ہے کہ زندگی بذات خود ایک بوجھ بن گئی ہے۔ کئی بار صدق دل سے موت کی دعا مانگی لیکن قبول نہیں ہوئی۔ تقدیر کے وار سہتے سہتے

www.ksars.org

میں تھک گئی ہوں۔ پتہ نہیں کیوں آپ کا خیال آتے ہی دل کو قرار سا آجاتا ہے۔ جب بھی پریشان ہوتی ہوں خیالوں میں آپ سے باتیں کر لیتی ہوں۔ آج قلم کا سہارا لے کر آپ سے مخاطب ہوں۔

میرا تعلق ایک متوسط گھرانے سے ہے۔ معقول آمدنی ہے۔ ماشاء اللہ سب بہن بھائی پڑھے لکھے ہیں۔ میں خود اعلیٰ تعلیم یافتہ ہوں لیکن پڑھے لکھے ہونے کے باوجود ہم بہن بھائیوں میں محبت نام کی کوئی چیز نہیں۔ ہر بڑا چھوٹے پر صرف رعب جماتا ہے۔ ہر وقت چیخ و پکار رہتی ہے۔ کوئی کسی کی نہیں سنتا۔ حتیٰ کہ امی جان کی بات بھی کوئی نہیں مانتا۔ اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ ہماری امی نے کبھی ہم پر صحیح توجہ نہیں دی۔ ہماری امی نے ہمیشہ یہ چاہا کہ ہم اپنے ننھیال والوں کے فرماں بردار بن کر رہیں۔ ان کی ہر اچھی بری بات کی تعریف کریں۔ وہ ہماری بزرگ ہیں۔ ہم ان کا صدق دل سے احترام کرتے ہیں۔ لیکن یہ باتیں ہمیں اچھی نہیں لگتیں۔ ہمیں گھر میں پرسکون رہنے کے لئے کوئی وظیفہ بتادیں۔

ج: باادب بانصیب، بے ادب بے نصیب۔ یہی سب سے بڑا وظیفہ ہے۔ آپ اپنے چھوٹوں پر شفقت کیجئے، چھوٹے آپ کا احترام کریں گے۔ اسی طرح چھوٹے بڑوں کا احترام کرتے ہیں تو بڑے ان کے ساتھ شفقت سے پیش آتے ہیں۔ فجر کی نماز کے بعد گیارہ مرتبہ سورہ الکوثر پڑھ کر پانی پر دم کرکے سب گھر والوں کو پلائیں۔ چالیس روز تک۔

## قلم ہاتھ میں آتے ہی غصہ آنے لگتا ہے

س: مسئلہ یہ ہے کہ سوچنے سمجھنے کی تمام قوتیں مفلوج ہوگئی ہیں۔ کچھ سمجھ میں نہیں آتا کہ کیا کروں۔ ہر چیز سے بیزار ہوگئی ہوں۔ دل کسی چیز میں نہیں لگتا۔ بے انتہا کاہل ہوگئی ہوں۔ کام کرنے کو دل ہی نہیں چاہتا۔ بے معنی خیالات ہر وقت سر پر سوار رہتے ہیں۔ تین سال سے فرسٹ ائیر سائنس میں مسلسل ناکام ہو رہی ہوں۔ پڑھائی میں بالکل دل نہیں لگتا۔ کتابیں اٹھاتی ہوں یا قلم ہاتھ میں لیتی ہوں تو غصہ آنے لگتا ہے۔ مزاج میں سستی اور چڑچڑا پن بس گیا ہے۔ اگر کوئی کام کرتی بھی ہوں تو اسے ڈھنگ سے نہیں کر پاتی۔

ج: آپ کا جگر متاثر ہے اور معدہ پر ورم ہے۔ یہ دونوں تکلیفیں دوسری تمام تکلیفوں کا سبب بن رہی ہیں۔ کسی ہوشیار معالج سے پرہیز کے ساتھ علاج کرانا بہت ضروری ہو گیا ہے۔ ورنہ پیچیدگیاں اور زیادہ بڑھ جائیں گی۔ چکنائی، تلی ہوئی چیزیں آپ کے لئے نقصان دہ ہیں۔

## قلندر بابا اولیاءؒ کو سلام

س: میں اس دنیا میں یتیم پیدا ہوئی۔ ایک بھائی تھا وہ بھی اللہ کو پیارا ہوگیا۔ میری ماں ساری زندگی اپنے بھائی کے پاس رہی اور اپنے بھائی کے بیٹے سے میری شادی کر دی جو کہ انتہائی شریف اور آج کل کے زمانے میں بھی ایماندار ہے۔ ہم نے ہمیشہ اپنے بچوں کو حلال روزی کھلائی ہے۔ ہم نے اپنی زندگی نہایت سادگی اور کفایت شعاری سے گزاری ہے اور یہی عادت

www.ksars.org

ہمارے بچوں کی بھی ہے۔ میرا تو رشتے دار کوئی نہ تھا۔ میرے خاوند کے بہن بھائی امیر تھے اس لئے انہوں نے اس لائق نہیں سمجھا کہ وہ ہمیں اپنا سمجھیں۔

میری ایک بچی اور تین بیٹے ہیں۔ لڑکی کی تعلیم بی اے ہے اور اپنے بھائیوں سے بڑی ہے۔ پانچ سال سے اس کی شادی کی کوشش میں ہوں لیکن بات کہیں نہیں بنتی۔ تین دفعہ بات چیت آخری مرحلے پر آ کر ختم ہو گئی بغیر کسی وجہ کے بات بن بن کر بگڑ جاتی ہے۔ رات کو نیند اور دن کا چین حرام ہو چکا ہے۔ استخارہ کرنا چاہتی ہوں لیکن نیند نہیں آتی۔ آپ سے گزارش ہے کہ آپ میری بچی کے مستقبل پر نظر ڈالیں۔ کوئی کہتا ہے کہ کسی نے کچھ کر دیا ہے۔ میں خود انتہائی مایوس ہوں۔ وجہ میری سمجھ میں نہیں آئی۔

آپ کو اپنے پیارے رسول ﷺ اور قلندر بابا اولیاءؒ کا واسطہ مجھے بتائیں کہ میں کیا کروں۔ آپ پر اللہ کی بڑی رحمت ہے۔ للہ ایک دکھیاری بہن کو مایوس نہ کریں اور جواب ضرور دیں۔ قلندر بابا اولیاءؒ کی خدمت میں میرا دست بستہ سلام عرض کریں اور ان کے حضور میری درخواست پیش کریں کہ وہ اللہ سے میرے حق میں دعا کریں۔ اللہ مجھ پر رحم کرے۔ اللہ دونوں جہانوں میں آپ کو سرفراز کرے۔ آمین۔

ج: حضور قلندر بابا اولیاءؒ کے دربار میں اس فقیر کو جس وقت حاضری کی سعادت نصیب ہوئی آپ کی درخواست اپنی سفارش کے ساتھ پیش کر دی جائے گی۔ مطمئن ہو جائیں انشاء اللہ یہ کام ہو جائے گا۔ بچی سے کہیں کہ رات کو سونے سے پہلے آنکھیں بند کر کے حضور قلندر بابا اولیاءؒ کا تصور کر کے اور انہیں سلام کر کے سو جائے۔

## قلندر بابا جی اولیاءؒ

س: پچھلے دنوں میری چھوٹی بچی جس کی عمر 2 سال ہے بیمار ہو گئی تھی۔ کافی علاج وغیرہ کیا۔ مگر کچھ افاقہ نہیں ہوا۔ صدقہ اور خیرات بھی کئے، کئی راتیں میں نے اور بیگم نے جاگ کر گزاریں۔ جب ہر طرف سے مایوس ہو گیا اور پریشانی حد سے تجاوز کر گئی تو یہ بات دل میں آئی کہ کیوں نہ قلندر بابا اولیاءؒ کی طرف رجوع کر لوں۔ اس خیال کے ساتھ ہی مجھے بے اختیار بہت رونا آیا۔ میں نے روحانی طور پر قلندر بابا اولیاءؒ کا تصور کیا اور روحانی طور پر ان کی خدمت میں حاضر ہو کر درخواست کی کہ بابا جی میری بیٹی بیمار ہے۔

آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل اللہ سے دعا کریں کہ میری بچی ٹھیک ہو جائے۔ خدا کا کرنا ایسا ہوا کہ اگلے روز صبح بچی کی صحت کی علامت شروع ہو گئی اور اب الحمدللہ وہ بالکل صحت مند ہے۔

ج: اللہ اس بچی کو صحت مند رکھے اور آپ کی مرادیں پوری کرے۔ رات کو بعد از نماز عشاء اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ 101 مرتبہ **یَااَللّٰہُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ** پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلا دیا کریں۔ انشاء اللہ محفل مراقبہ میں دعا کرا دی جائے گی۔

www.ksars.org

## قرض اور سفلی

س: میں تین سال سے آپ کے لکھے ہوئے کالم پڑھ رہا ہوں۔ ماشاء اللہ آپ کو اللہ تعالیٰ نے بہت نوازا ہے۔ آپ کی خدمت میں ایک مسئلہ پیش کر رہا ہوں۔ مجھے امید ہے کہ مجھ جیسے دکھی انسان کی ضرور مدد کریں گے۔ مسئلہ یہ ہے کہ تین سال پہلے میرے بچے کو ایک عجیب قسم کی بیماری شروع ہوئی۔ ہر دس منٹ کے بعد جھٹکے لگتے ہیں۔ میں نے علاج میں کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی۔ بچہ کی حالت یہاں تک خراب ہوگئی تھی کہ اب گیا جب گیا۔ ہم دونوں میاں بیوی بہت پریشان تھے۔ خدا خدا کر کے وہ بچہ ٹھیک ہو گیا اور جھٹکے لگنے کی بیماری ختم ہوگئی ہے لیکن میری حالت بہت خراب ہو گئی ہے۔ مجھ پر بے پناہ قرضہ ہو گیا ہے۔ میری کوئی تدبیر پایہ تکمیل کو نہیں پہنچتی۔ مجھے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جیسے مجھ پر کسی نے سفلی کروا دیا ہے۔ آپ سے درخواست ہے کہ آپ اپنے علم کی روشنی میں معلوم کر کے بتائیں کہ مجھ پر کسی نے جادو وغیرہ تو نہیں کیا۔ کیونکہ میں قرض میں بال بال بندھ گیا ہوں۔

ج: ہر نماز کے بعد سو مرتبہ اِنَّ اللّٰہَ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَاءُ بَغَیْرِ حِسَاب پڑھ کر دعا کیا کریں۔ آپ کے اوپر کسی نے جادو یا سفلی نہیں کیا ہے۔

بالکل مطمئن ہو جائیں ہر وقت یاحی یا قیوم کا ورد کیا کریں۔

## قانون قدرت

س: میرے والد صاحب انتقال کر گئے۔ اس سے پہلے زندگی میں کئی دور حوادث آئے۔ کئی دفعہ جان جانے کا بھی خطرہ رہا۔ ہمیشہ محرومیاں، مایوسیاں درپیش رہیں۔ اس کے ساتھ ہی دورخ اور بھی تھے۔ 65ء تک صوم وصلوٰۃ کا پابند رہا۔ اس کے بعد آوارہ عیاش اور جملہ برائیوں کا پیکر بن گیا۔ والد کے انتقال کے بعد کاروبار سنبھال سکا، نہ حالات بدل سکے۔ اب تک 65 ہزار نقد جا چکا ہے۔ اب کاروبار ہے نہ سرمایہ ہے۔ قرض کی ادائیگی ناممکن ہوگئی ہے۔ اور دن بدن قرض بڑھ رہا ہے۔ شادی ہو سکی نہ زندگی گزارنے کے لئے جھونپڑا بن سکا۔ نہ رات نیند آتی ہے نہ دن کو چین نصیب ہے۔ مایوسیاں بڑھ رہی ہیں۔ بے بسی و بے کسی کا یہ عالم ہے کہ ہر شئے دسترس سے باہر ہو چکی ہے۔ ماضی بھی دردناک، حال بھی کربناک، مستقبل خطرناک اور تاریک۔ عبادت میں دلچسپی، نہ خود پر بھروسہ، اپنوں اور عزیزوں میں سبکی اور ہر آدمی درپے آزار ہے۔ ہر وہ آدمی نفرت سے دیکھتا ہے جو کل عزت کرتا تھا۔ رات کو بھی اندھیرا، دن کو تاریکی۔ کئی دفعہ اس زندگی کو ختم کرنے کا سوچا۔ پھر والدہ کی وجہ سے باز رہا۔ میں نے آخر کون سا جرم کیا ہے کہ قدرت نے مجھے بے یار و مددگار چھوڑ دیا ہے۔

ج: قدرت نے آپ کے بے یار و مددگار نہیں چھوڑا۔ آپ نے نظام قدرت کی کارفرمائی میں دخل دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ سب کچھ معاف کرتے رہتے ہیں۔ معاف کرنا ان کی سنت ہے لیکن جب کوئی بندہ نظام قدرت کے اصولوں کی خلاف ورزی کرتا ہے تو وہ ایسے چکر میں مبتلا ہو جاتا ہے کہ ہر امید روشنی بن کر ابھرتی ہے اور اس کا اختتام تاریکی اور مایوسی پر منتج ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنے حفظ و امان میں رکھیں۔ لاکھوں کا ڈھیر خاک ہو جاتا ہے۔ عزت و جاہ کی جگہ ذلت و خواری مقدر بن جاتا

www.ksars.org

ہے۔ بڑے بڑے بادشاہ بھکاری بن جاتے ہیں اور لاکھوں پتی کی تو حیثیت ہی کیا ہے۔ ارب پتی لوگوں کو معمولی ملازمت بھی میسر نہیں آتی۔ یہ اللہ تعالیٰ کا ایسا نظام ہے جو ہر وقت اور ہر آن جاری و ساری ہے۔

ایسا اس وقت ہوتا ہے جب آدمی کے اندر خود نمائی، بڑائی، کبر اور خود ستائی پیدا ہو جاتی ہے اور وہ اللہ کی مخلوق کو اپنے سے کمتر سمجھنے لگتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ایک قانون یہ بھی ہے کہ اگر والدین سے خلاف قدرت یہ عمل صادر ہوتا رہے اور وہ معافی و تلافی سے پہلے مر جائیں تو اس کا نتیجہ اولاد کو اٹھانا بھگتنا پڑتا ہے۔ اس لئے کہ اولاد ماں باپ کے ورثہ کی حق دار ہوتی ہے۔ قانون قدرت اس طرز فکر کو تسلیم نہیں کرتا کہ ماں باپ کا چھوڑا ہوا اثاثہ تو اولاد کو ملے اور ان کے اعمال کی سزا صرف ماں باپ بھگتیں۔ جس طرح مال و دولت اور نیکی اور اس کا ثمرہ اولاد کے لئے ورثہ ہے، اسی طرح ماں باپ کی برائیوں کے نتائج میں بھی اولاد برابر کی شریک رہتی ہے۔ آپ ہر نماز کے بعد 100 مرتبہ استغفار اور 100 مرتبہ یا حی یا قیوم کا ورد کریں۔ نماز کی پابندی ضروری ہے۔

## قرض کا انبار

س: سب جگہوں سے مایوس ہو کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں۔ میرا مسئلہ یہ ہے کہ میرے والد صاحب وفات پا چکے ہیں۔

ان کے بعد کاروبار کی ذمہ داری مجھ پر آن پڑی ہے۔ کاروبار چل رہا ہے مگر بازار سے پیسے نہیں ملتے۔ پیسے لیٹ ملنے کی وجہ سے مجھ پر بہت قرضہ ہو گیا ہے۔ جب پیسے لیٹ ملتے ہیں تو وہ گھر پر خرچ ہو جاتے ہیں اور بازار کا قرضہ سر پر ہی ہوتا ہے۔ میں گھر والوں سے کہتا ہوں کہ گھر کے اخراجات کم کریں۔ وہ میری بات نہیں سنتے۔ والدہ صاحبہ ہر وقت پیسے مانگتی رہتی ہیں۔ اگر میں کہتا ہوں کہ میں نے آپ کو کل ہی تو دیئے تھے تو والدہ صاحبہ فرماتی ہیں کہ تم مجھے بے ایمان سمجھتے ہو۔ میں سکون کی خاطر اور یہ سمجھتے ہوئے کہ والدہ صاحبہ اگر ناراض ہو گئیں تو نہ دین کا رہوں گا اور نہ دنیا کا۔ کیونکہ مولوی صاحب کا ارشاد ہے کہ جس نے اپنے ماں باپ کو تنگ کیا وہ دوزخ میں جائے گا۔ جس کی وجہ سے میں پریشان ہوں۔ میری اولاد جوان ہے اور مجھ پر قرضہ کا انبار ہے۔ والدہ صاحبہ کہتی ہیں کہ جہاں مرضی ہو قرضہ ادا کرو اور گھر کا خرچہ چلاؤ۔ اس پریشانی میں رات بھر جاگتا ہوں۔

ج: رات کو سونے سے پہلے اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ 100 بار آیت کریمہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے ہاتھ تین بار چہرہ پر پھیر کر دعا کیا کریں اور لوگوں سے بار بار خوش اخلاقی کے ساتھ ملا کریں۔ ہر وقت یا حی یا قیوم پڑھتے رہا کریں۔ ہر جمعرات کو دو روپے خیرات کریں۔ والدہ صاحبہ کو سکون کے ساتھ ساری بات سمجھائیں۔

www.ksars.org

# ک

## کھیتی باڑی میں برکت

س: ہم ایک معزز پڑھے لکھے زمیندار گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ہم بہت سے بہن بھائی ہیں۔ ادھر چند سال سے لگاتار ہماری فصلیں خراب ہو رہی ہیں۔ اس وجہ سے خاصی مالی پریشانی کا بھی سامنا ہے۔ میرے چار بھائی کالجوں اور یونیورسٹی میں زیر تعلیم ہیں۔

گھر سے دور ہونے کی وجہ سے ان سب کی تعلیم کا بھی بہت خرچہ ہے۔ ادھر بہنوں کی شادیاں ہونے کی وجہ سے خرچہ ہوا۔ فصلیں خراب ہو جانے کی وجہ سے کافی قرضہ ہو گیا ہے حالانکہ میرے والد صاحب اور بڑے بھائی نے بڑی محنت اور توجہ سے کام کیا تھا اور اس بار تو خاص طور پر بہت زیادہ کیا تھا۔ لیکن نتائج خاطر خواہ نہیں نکلے۔ ہم لوگ خرچ کے معاملے میں بھی کفایت شعار اور قناعت پسند ہیں۔ اب والدہ صاحبہ کا اصرار تھا کہ محترم عظیمی صاحب کو لکھو کہ کوئی آسان اور زود اثر بابرکت وظیفہ یا دعا بتائیں۔ جس کے پڑھنے سے محنت کا صلہ ملے اور برکت بھی ہو اور فصلیں بھی اچھی ہوں۔ یہ دعا یا وظیفہ والدہ صاحبہ پڑھیں گی۔ وہ نہ صرف نماز کی پابند ہیں بلکہ بڑی ہمدرد اور خدا ترس خاتون ہیں۔ جناب کے فرمان کے مطابق میں نے کوپن پر کر دیا ہے تاہم روحانی ڈائجسٹ میں اصلی نام شائع نہ فرمائیں۔

ج: ایک بڑے کاغذ پر اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لکھ کر آدھی بوری چکنی مٹی میں دبا دیں۔ 3 روز کے بعد یہ مٹی کھیت میں چھڑک دیں۔ کاغذ کو تعویذ بنا کر کھیت میں کسی بڑے درخت کی شاخ میں لٹکا دیں صرف ایک بار یہ عمل کر لینے سے زمین کی پیداوار میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

## کاش میں لڑکا ہوتی!

س: کاش میں لڑکا ہوتی، کسی طرح اس کو پا لیتی! مگر اللہ نے لڑکی بنایا ہے تو اب میں لڑکا کس طرح بن سکتی ہوں۔ (لڑکی) نے تو مجھے دیوانہ بنا دیا ہے۔ میرے دل پر اس کی یاد نقش ہے۔ مجھے سب گھر والوں سے نفرت ہو گئی ہے۔ کسی کو آواز دینا چاہتی ہوں تو اس کا نام زبان پر آتا ہے۔ بس یوں ہی دل باتیں کرتا رہتا ہے۔ میں آخر کروں تو کیا کروں، جاؤں تو کہاں جاؤں۔ مجھے اپنی منزل کا کوئی پتہ نہیں، کوئی راستہ نظر نہیں آتا۔ اب اس کی شادی ہونے والی ہے۔ میرا جینا اور دشوار ہو جائے گا۔ میں بہت پریشان ہوں۔ امید کے کہ آپ مایوس نہیں کریں گے۔

ج: وضو کر کے تین مرتبہ لَآاِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَo اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِo لَاتَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَانَوْمٌ پڑھ کر ایک پیالہ پانی پر دم کریں اور پئیں۔ یہ عمل چالیس روز تک برقرار رکھیں۔

www.ksars.org

## کچھ نہیں، کچھ بھی نہیں

س: میرا چھوٹا بھائی جس کی عمر 20 سال ہے۔ دو سال سے عجیب کیفیت میں مبتلا ہے۔ اس کا دماغ بالکل کام نہیں کرتا، گھر پر کسی سے بات نہیں کرتا اور گھبرایا گھبرایا رہتا ہے۔ پہلے تو ہم نے اس کا ڈاکٹری علاج کرا دیا۔ پھر ایک ایسی عورت کو دکھایا جس کے قبضے میں جن وغیرہ ہیں۔ اس نے بتایا کہ تمہارے بھائی پر اثر ہے۔ کیونکہ اس نے مسجد میں غلط جگہ پر پیشاب کر لیا تھا۔ اسے سیہون شریف لے جاؤ۔ ایک مولوی قادری صاحب کو دکھایا تو انہوں نے کہا کہ وظیفہ الٹ گیا ہے۔ اگر بھائی سے پوچھتے ہیں کہ تمہیں کیا محسوس ہوتا ہے، تو کیسا ہے تو کہتا ہے کچھ نہیں، کچھ بھی تو نہیں۔ اب اس کا یہ عالم ہو گیا ہے کہ نہ کھاتا ہے نہ پیتا ہے۔ چہرہ سفید ہو گیا ہے اور رات کو بار بار اٹھتا ہے۔ کبھی کھانا کھاتا ہے، کبھی کھڑکی سے باہر جھانکتا ہے اور ایک دن اچانک دوپہر کے وقت اس کے منہ سے یہ الفاظ نکلے کہ لڑکے میرا پیچھا کرتے ہیں اور ایک کتا بھی ہے۔ وہ ہر وقت میرا پیچھا کرتا ہے اور لوگ کہتے ہیں کہ تم خدا بنتے ہو۔ ہم تمہاری جان نکالیں گے۔

میری والدہ نے اسی عورت کے بتانے پر جس کے پاس جن ہے، ایک وظیفہ شروع کیا۔ چار دن ہوئے تھے کہ ان کی بھی حالت غیر ہو گئی۔ دل بہت زور سے دھڑکنے لگا اور سائے نظر آنے لگے۔ پھر اسی عورت کے پاس گئیں جس نے وظیفہ بتایا تھا۔ اس عورت نے کہا کہ وظیفہ پڑھنا بند کر دو، اثرات تمہیں وظیفہ نہیں پڑھنے دیں گے۔ اب بھائی کی حالت یہ ہو گئی ہے کہ منہ سے لقمے باہر آ جاتے ہیں۔ زبان بھی کٹی کٹی ہو گئی ہے۔ ہر وقت بے چین رہتا ہے۔ کسی قسم کی بھی کوئی بات نہیں کرتا۔ اگر والدہ بہت پیار سے کوئی بات پوچھتی ہیں تو منہ سے صرف دو الفاظ نکلتے ہیں۔ ہوں، ہاں۔ بڑی امید کے ساتھ یہ خط لکھا ہے۔ خدا را مایوس نہ کیجئے گا۔

ج: اس کا علاج یہ ہے کہ ایک کاغذ پر

یَا مَهْلَائِیلُ

یَا ثَمْنَائِیلُ

یَا مِیْکَائِیلُ

یَا جِبْرَائِیلُ

لکھ کر کاغذ پر موڑ کر بتی بنا لیں۔ اس مڑے ہوئے کاغذ کو روئی میں لپیٹ لیں۔ اب روئی اور کاغذ کی بنی ہوئی بتی کو گھی یا زیتون کے تیل میں ایسی جگہ جلائیں جہاں سے مریض تک دھواں پہنچ سکے۔ یہ عمل رات کو سوتے وقت کرنا چاہئے۔ صبح سورج نکلنے سے پہلے قل اعوذ برب الفلق کی پوری سورہ پڑھ کر ایک پیالی پانی پر دم کر کے نہار منہ پلائیں۔ دو ہفتہ تک نمک بالکل نہ دیں۔ دو ہفتے کے بعد ایک عرصہ تک نمک کم سے کم اور بہت کم مقدار میں استعمال کرائیں۔ تین وقت خالص شہد کا استعمال بھی بہت ضروری ہے۔

www.ksars.org

## کرکٹر اور بیٹنگ

س: میں ایک کرکٹ پلیئر ہوں اور میرا مسئلہ یہ ہے کہ باوجود کئی سال کی محنت کے میری بیٹنگ میں وہ نکھار نہیں آیا جو اتنے عرصے کی مشق سے آجانا چاہئے تھا۔ عموماً مجھے فاسٹ اور اسپین دونوں قسم کی باؤلنگ سے واسطہ پڑتا ہے مگر کسی کو بھی اعتماد سے نہیں کھیل سکتا۔ دعا ہے کہ کوئی ایسا طریقہ بتائیں جس سے اس مشکل کا سدباب ہو جائے۔ میں آپ کی عنایتوں کے لئے ہر دم آپ کا مشکور رہوں گا۔

ج: ہر آدمی کے اوپر مکمل مجسم ایک اور آدمی ہوتا ہے جس کو سائنس دان AURA کہتے ہیں۔ روحانی قانون کے مطابق زندگی کا ہر عمل اس اوراپر منحصر ہوتا ہے۔ آپ اپنے جسم مثالی (AURA) سے کام لیں۔ دنیا میں انشاء اللہ واحد کھلاڑی بن جائیں گے۔

رات کے وقت دو بج کر پینتالیس منٹ سو کر اٹھ جائیں، غسل کر لیں۔ غسل نہ کر سکیں تو منہ ہاتھ دھولیں اور کھڑے ہو کر ایک لوٹا پانی دونوں پیروں پر بہادیں۔ اب کسی کھلی اور صاف ستھری جگہ پر بیٹھ کر مراقبہ کریں۔ مراقبہ میں دیکھیں کہ گوشت پوست کے بدن کے 9انچ اوپر ایک اور آپ ہیں۔ جب یہ روشنیوں کا جسم سامنے آجائے تو ارادہ کے ساتھ ہاتھ گھما کر بیٹنگ کریں۔ تقریباً دس منٹ تک یہ عمل دہراتے رہیں۔ اس بات کا خیال رکھا جائے کہ مراقبہ کے اندر بیٹنگ کرتے وقت گوشت پوست کا ہاتھ نہیں ہلنا چاہئے۔ یک سوئی کے ساتھ یہ عمل کر لیا گیا تو چالیس روز کی مشق کافی ہے۔

## کینسر کس طرح پیدا ہوتا ہے

س: سات برس سے میری ریڑھ کی ہڈی کا نچلا حصہ پھولا ہوا ہے۔ اس کے آس پاس جلن محسوس ہوتی ہے۔ ساتھ ساتھ ٹانگوں اور کمر میں شدید درد ہوتا ہے۔ سیدھا دھڑ زیادہ متاثر ہے۔ جگر پر ورم ہے۔ جب کہ کسی طبیب نے جگر کی بیماری تشخیص نہیں کی۔

سیدھا کندھا، گردن اور کانوں تک کا حصہ اکثر اکڑ جاتا ہے۔ یادداشت تقریباً ختم ہو چکی ہے۔

ج: سورہ مزمل شریف، سورہ یٰسین یا کوئی اور آیت بطور وظیفہ پڑھتی ہیں تو اسے فوراً ترک کر دیجئے۔ صرف پانچ وقت نماز اور ترتیب سے قرآن پاک کی تلاوت کیجئے۔ علم روحانیت کے قانون کی رو سے وظیفے اور ادوار کے باب میں یہ بات واضح طور پر بتائی گئی ہے کہ محض ثواب کے لئے وظیفے پڑھنے سے دماغ کے اندر وہ خانے جو صحت کا تحفظ کرتے ہیں اور جن میں ایک خاص قسم کی بجلی کی لہریں تخلیق پا کر انسانی زندگی کی نشوونما کرتی ہیں اس درجہ متاثر ہو جاتی ہیں کہ دماغ جسمانی اعصاب کو پوری طرح کنٹرول نہیں کر سکتا۔ اس کے نتیجے میں فالج لقوہ اور دوسری ایسی بیماریاں وجود میں آجاتی ہیں جن سے شعور مغلوب ہو کر بعض اوقات ہوش و حواس کھو بیٹھتا ہے۔

www.ksars.org

یہ کوئی پیچیدہ اور ناقابل فہم بات نہیں ہے۔ بات سیدھی اور واضح ہے، سورہ آیت یا اسمائے مقدسہ میں اللہ کے نور کا عمل دخل ہوتا ہے اتنا کہ ان کا وولٹیج ہر مادی شئے سے بہت زیادہ ہوتا ہے۔ جب کوئی انسان کسی سورہ آیت یا اسمائے مقدسہ کا ورد کرتا ہے تو اس کے دماغ کے اندر کام کرنے والے جزیٹر میں بجلی ذخیرہ ہونا شروع ہو جاتی ہے اور جب یہ ذخیرہ اتنا ہو جاتا ہے کہ دماغ کی برداشت سے باہر ہو تو دماغ اپنا بار کم کرنے کے لئے یہ ذخیرہ جسم کے کسی حصے پر پھینک دیتا ہے اور یہ حصہ سن یا فالج زدہ قرار پا جاتا ہے۔

اس قانون پر لوگوں کو یہ اعتراض ہو سکتا ہے کہ فالج اور لقوہ کے مریض ایسے بھی بکثرت دیکھے گئے ہیں جو وظیفہ نہیں پڑھتے تو اس کا جواب یہ ہے کہ قانون اپنی جگہ یہاں بھی بحال ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کے قانون میں ردوبدل نہیں ہوتا۔ قرآن پاک میں ارشاد ہے فَلَنۡ تَجِدَ لِسُنَّةُ اللهِ تَبۡدِ یۡلاوَلَنۡ تَجِدَ لِسُنُّةُ اللهِ تَحۡوِیۡلَا (اللہ کے قانون میں نہ تبدیلی ہوتی ہے اور نہ کسی قسم کا تعطل واقع ہوتا ہے)۔

وہ مریض جو وظیفے نہیں پڑھتے اور ایسے امراض میں مبتلا ہو جاتے ہیں، جن کا تعلق بیان کردہ قانون سے ہے، اس کی صورت یہ ہے کہ ذہن کسی ایک نقطہ پر مرکوز ہو کر لائف اسٹریم (LIFESTREAM) پوری طرح جسمانی نشوونما کے لئے استعمال نہیں کر سکتا۔ جو ذخیرہ استعمال ہونا چاہئے، خرچ ہونے کے بجائے جمع ہو جاتا ہے۔ دماغ بجلی کے اس وولٹیج کا دباؤ برداشت نہ کرتے ہوئے یہ وولٹیج جسم کے کسی حصے پر پھینک دیتا ہے۔ ام الصبیان، اٹھرہ، سوکھا، مرگی، ہسٹریا، بے خوابی، فالج، لقوہ، پولیو، کینسر اور دوسری کئی بیماریاں انسان کے اندر کام کرنے والے وولٹیج اوور فلو (OVER FLOW) ہونے سے واقع ہوتی ہیں۔

وہ لوگ جو وظیفے صرف روحانی ترقی کے لئے پڑھتے ہیں اور جن کا مقصد جنت کی خواہش یا دوزخ سے بچاؤ نہیں ہوتا بلکہ صرف اللہ تعالیٰ کا قرب اور تعارف حاصل کرنا چاہتے ہیں، اس قانون سے مستثنیٰ ہیں۔

## کالی مرچ اور اجوائن

س: پیر کے نیچے کیلے کا چھلکا آ گیا اور چچا گر گئے۔ ہاتھ کا علاج کرتے کرتے ان کے دماغ میں خرابی واقع ہو گئی۔ دماغی امراض کے ماہر کا بھی ایک سال سے علاج ہو رہا ہے۔

ج: دوعدد کالی مرچ اور چند دانے اجوائن پیس کر دونوں وقت کھانا کھانے کے بعد ایک گھنٹہ بعد کئی ماہ اپنے چچا کو تازہ پانی کے ساتھ کھلائیں۔ فائدہ زیادہ سے زیادہ دو ہفتوں میں معلوم ہو جائے گا۔

## کھچیاں ٹانگیں

س: میں بہت دبلا ہوں میرے جسم میں صرف ہڈیاں ہی ہڈیاں ہیں۔ میرے بازو بھی بہت پتلے پتلے ہیں اس لئے میں آدھی آستین کی قمیض نہیں پہنتا۔ کیونکہ بازو میں گوشت کی جگہ ہڈیاں نظر آتی ہیں۔ میں کہیں بھی جاؤں لوگ مجھے گھاس نہیں

www.ksars.org

ڈالتے کیونکہ مجھ میں کشش نہیں ہے۔ کوئی ایسا عمل بتادیں جس کی برکت سے لوگ مجھے قبول کرلیں۔ میری ٹانگیں بھی بہت پتلی پتلی ہیں جب میں پینٹ پہنتا ہوں تو عجیب سا لگتا ہے کیونکہ میرے گھٹنوں کے اوپر دونوں ٹانگوں کے درمیان خلا بہت ہے۔ جب میں چلتا ہوں تو عجیب سا لگتا ہے کیونکہ دونوں ٹانگیں بانس کی کھپچیاں لگتی ہیں۔

ج: صبح نہار منہ اور رات کو سوتے وقت ماش کی دال کا حلوہ کھائیں اور کھانوں میں گوشت کا زیادہ استعمال کریں۔ بڑے چھوٹے کی کوئی قید نہیں ہے۔ موٹے ہوجائیں گے۔

## کچھ کھانے پینے سے سانس رک جاتا ہے

س: کوئی پھل کھانے یا ٹھنڈا پانی پینے سے سینے میں درد ہوتا ہے اور جب درد کی شدت بڑھتی ہے تو سانس کی نالی میں ہوا بھر جاتی ہے اور دم گھٹنے لگتا ہے۔ سوتے وقت سانس لینے میں سیٹی کی آواز پیدا ہوتی ہے اور یہ آواز اتنی تیز اور کرخت ہوتی ہے کہ میں گھبرا کر نیند سے بیدار ہو جاتی ہوں تیز قدم چلنے سے دل بلیوں اچھلنے لگتا ہے۔ سیڑھیاں چڑھتے وقت سینے میں ٹیس اٹھتی ہے۔ علاج سے بجائے فائدے کے نقصان ہوتا ہے۔ میں جب دوائیاں استعمال کرتی ہوں تو میرے چہرے اور ہاتھ پیروں پر ورم آجاتا ہے۔ گھر کا سارا اثاثہ اسی بیماری کی نذر ہو گیا ہے۔ کوئی یہ نہیں بتاتا کہ یہ بیماری کیا ہے۔ خدارا آپ میری مدد فرمایئے۔

ج: اس مرض کے سلسلے میں میری تشخیص یہ ہے کہ آپ دو بیماریوں میں مبتلا ہیں اول یہ کہ آپ کا جگر بری طرح متاثر ہو گیا ہے۔ جگر متاثر ہونے کی وجہ سے زیادہ حدت، معدہ اور جگر کی مسلسل خرابی سے آپ نزلے کی مریضہ بن گئی ہیں۔ سینے کے اوپر بلغم کی تہیں جمی ہوئی ہیں کیونکہ علاج صحیح نہیں ہوا اور آپ نے اینٹی بائیوٹک دوائیں زیادہ استعمال کی ہیں۔ اس لئے اعصابی نظام درہم برہم ہو گیا ہے۔ ہاتھ پیروں پر ورم آنے کی وجہ ایک تو جگر کی خرابی ہے اور دوسرے تیز دواؤں کا ردعمل، آپ کے لئے میرا مشورہ یہ ہے کہ آپ ہر قسم کی دوائیں کھانا چھوڑ دیں جیسے ہی تیز دواؤں کاری ایکشن ختم ہو گا۔ آپ کی صحت بحال ہوتی چلی جائے گی۔ اس پرہیز کے ساتھ ساتھ روحانی علاج کریں، وہ یہ ہے۔ تین عدد سفید چینی کی پلیٹوں پر زردے کے رنگ اور عرق گلاب سے۔

بِسْمِ اللّٰہِ اَلْرَحْمٰنِ الرَّحِیْم اور ۹ مرتبہ یَافَارِقُ لکھ کر ایک پلیٹ صبح نہار منہ، ایک شام اور ایک رات کو سونے سے پہلے پانی سے دھو کر پئیں۔

## کان کا آپریشن

س: میں 1977ء میں اپنی بہن سے ملنے لندن گئی تھی۔ ڈیڑھ سال کے بعد واپس آگئی۔ کراچی آکر میں بیمار ہو گئی۔ 79ء میں کان کے سپیشلسٹ کو دکھایا۔ اس نے کہا کہ کان کی ہڈی گل گئی ہے اور کان کے پردے میں سوراخ ہو گیا ہے۔ بڑا آپریشن ہو گا۔ بہتر ہے کہ آپریشن لندن میں کرائیں۔ چنانچہ میں نے برٹس کونسل کو درخواست دی انہوں نے ویزہ دینے سے

www.ksars.org

انکار کر دیا اور جواز یہ پیش کیا کہ آپ حال ہی میں بہن سے مل کر آئی ہیں۔ دو سال سے میں برابر ویزہ حاصل کرنے کی کوشش کر رہی ہوں تا کہ لندن جا کر اپنا علاج کراؤں لیکن کامیابی نہیں ہوئی۔

ج: MEDICATED COTTON کا پھویا لے کر اس کے اوپر سَبِّحِ اسْمَ رَبِّکَ الْاَعْلَیo الَّذِیْ خَلَقَ فَسَوَّیo وَ الَّذِیْ قَدَّرَ فَھَدٰیo (سورہ اعلیٰ پارہ 30) پڑھ کر پھویے پر دم کریں اور اس کان میں رکھ لیں جس میں تکلیف ہے۔ رات کو رکھ کر صبح کو نکال دیں اور صبح نیا پھویا دم کر کے کان میں رکھیں اور اسے رات کو نکال دیں۔ اللہ کے کلام میں بہت برکت ہے، بہت تاثیر ہے۔

## کیلوں نے گھر کا سکون ختم کر دیا ہے

س: ہمارے گھر کے دونوں کمروں اور صحن کے چاروں کونوں میں کیلیں لگی ہوئی ہیں۔ یہ کیلیں تقریباً 16,15 سال پہلے ہمارے رشتہ داروں نے لگائی تھیں یہ کہہ کر (یہ دادا ابا نے دی ہیں یہ ہمارے بزرگ اجمیر سے آئے تھے) اور اس سے گھر بلاؤں سے محفوظ رہے گا لیکن وہ دن اور آج کا دن گھر کا چین اور سکوت غارت ہو گیا ہے۔ گھر میں سب کچھ ہے مگر سکون نہیں ہے۔ میں نے ایک کمرے کے چاروں کونوں سے کیلیں نکال لیں ہیں مگر صحن کا فرش نیا نیا تھا تو ایک کیل نکلی تھی جو دریا میں بہادی۔ جن لوگوں نے کیلیں لگائی تھیں ان کا کہنا تھا کہ اس سے ہماری امی ٹھیک ہو جائیں گی جن کے متعلق آپ نے بتایا تھا کہ کوئی وظیفہ پڑھا تھا جو الٹ گیا ہے۔ امی بالکل پاگل ہو چکی ہیں۔ جب سے کیلیں لگی ہویں بہن بھی پاگل ہو گئی ہے۔ کچھ سمجھ میں نہیں آتا کہ کیا کریں سکون نام کی کوئی چیز گھر میں نہیں ہے۔

دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ ہمارے گھر کے دروازوں اور کھڑکیوں سے بتی نما کوئی چیز نکلتی ہے۔ یہ اس شکل کی ہوتی ہے۔ سرخ اور ہر ارنگ سائز بھی یہی ہوتا ہے۔ یہ بتی پتنگ بنانے والے کاغذ کی ہوتی ہے۔ اس میں تین یا چار کٹوریاں ہوتی ہیں۔ اب ان کی دباؤ تو پیپ سی نکلتی ہے۔ باباجی یہ بھی تقریباً پندرہ سولہ سال پہلے کی ہے۔ جب صفائی کی تو سوکھی ہوئی پتیاں نکلتی تھیں مگر تقریباً سال بھر سے زیادہ کٹوریاں نکلتی ہیں۔ باباجی خدا کے لئے یہ بتادیں کہ یہ کون رکھ جاتا ہے ہم لوگوں کو ایک عورت پر شک ہے۔ جو ہمارے ہی خاندان کی ہے اور گھر میں آنا جانا بھی ہے۔ ہم بغیر کوئی ثبوت کے ان کو اپنے ہاں آنے سے روک بھی نہیں سکتے۔

ج: کیلیں گھر سے نکال دیں۔ جس جگہ بتی نکلتی ہے وہاں گیارہ جمعرات تک کوئلوں کے اوپر لوبان سلگائیں۔ لوبان کے اوپر پہلے گیارہ مرتبہ سورہ فلق اور سورہ والناس پڑھ کر دم کریں۔ بازار کا پسا ہوا نمک ہر گز استعمال نہ کریں۔ گھر میں ہر چھوٹے بڑے کو ہدایت کر دیں کہ کھانا کھانے یا پانی پینے سے پہلے بِسْمِ اللّٰہِ اَلْرَحْمٰنِ الرَّحِیْم ضرور پڑھیں۔ روحانی علاج میں سے سحر کے توڑ کا عمل کریں۔

www.ksars.org

## کان میں کیڑا

س: بچہ ماشاء اللہ نو مہینے کا ہو گیا ہے۔ جب یہ دو مہینے کا تھا تو اس کے سارے جسم پر سرخی سی ہونے لگی۔ اس سرخی میں سے پانی سا رستا تھا۔ ہم نے کوئی ڈاکٹر، کوئی حکیم اور کوئی فقیر نہیں چھوڑا۔ سرخی تھوڑی سی کم ہو گئی لیکن پوری طرح ختم نہیں ہوئی تھی کہ اس کے کان میں درد شروع ہو گیا۔ ڈاکٹروں نے ایکسرے کیا تو معلوم ہوا کان میں پیپ ہے۔ لیکن کچھ دن کے بعد وہ اپنی ماں کی گود میں تھا کہ میری بھابھی نے اس کے کان سے کیڑا باہر نکلتا ہوا دیکھا تو اس نے بڑی ہوشیاری کے ساتھ اسے باہر نکال دیا۔ اصل میں وہ کیڑا ہی تھا جو ایکسرے میں پیپ دکھائی دیتا تھا۔ اس کے بعد یہ کچھ ٹھیک ہونے لگا کہ یہ لوگ واپس سعودیہ چلے گئے۔ وہاں کے ڈاکٹروں کو دکھایا تو سرخی کچھ کم ہونے لگی۔ اس کے بعد سے اس کی یہ حالت ہو گئی ہے کہ سوتے میں کئی جھٹکے لگتے ہیں۔ ان جھٹکوں کے بعد وہ بہت بے چین سا رہتا ہے اور روتا رہتا ہے۔ بیٹھ نہیں سکتا۔ کوئی چیز پکڑنے کو دیں تو اسے بالکل پرواہ نہیں ہوتی۔

خدا کے لئے کچھ کیجئے۔ ہم بہت خوف زدہ ہیں کیونکہ پچھلے سال اس کی بڑی بہن ایک سال کی ہو کر سعودی عرب انتقال کر گئی اور وہ وہیں دفن کر دی گئی۔ ہم اسے دیکھ بھی نہ سکے۔

ج: رات کو جب بچہ گہری نیند سو جائے تو گھر کے کوئی صاحب اس کے سرہانے کھڑے ہو کر سورہ الکوثر ایک مرتبہ اور سورہ مریم کی پہلی آیت تین مرتبہ اتنی آواز سے پڑھ دیا کریں کہ بچہ کی نیند خراب نہ ہو۔ اس کے ساتھ ساتھ اسے روزانہ بقدر عمر شہد چٹا دیا کریں۔ ایک پاؤنڈ شہد کے اوپر پہلے سے گیارہ سو مرتبہ سورہ یٰسین کی آخری آیت سے پہلی آیت اِنَّمَا اَمْرُهٗ اِذَا اَرَادَشَیْءًا اَنْیَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ پڑھ کر دم کر لیں۔

## کوئی پوچھتا ہی نہیں

س: میں اپنی مظلوم والدہ کی اکلوتی اولاد ہوں۔ میری پیدائش سے قبل ہی میری والدہ کو طلاق ہو گئی تھی۔ میں نے اپنے والد کی شکل بھی نہیں دیکھی۔

میری عمر 22 سال ہے اور میں نے بی اے کر لیا ہے۔ اب ایم اے کا ارادہ ہے۔ آج تک میرا کوئی رشتہ نہیں آیا۔ حالانکہ میں اچھی شکل کی لڑکی ہوں۔ اس کے علاوہ میں کافی ملنسار اور خوش مزاج ہوں اور ہم لوگ کافی خوشحال بھی ہیں۔ لوگ مجھے پسند بھی کرتے ہیں کہ اچھی پر خلوص لڑکی ہے، سادہ مزاج ہے وغیرہ وغیرہ۔ میرے ساتھ کی لڑکیوں کی شادی کو سال دو سال بھی ہو گئے۔ مجھے رشتے کی اتنی فکر نہیں ہے۔ میں سوچتی ہوں کہ آخر مجھ میں کیا خرابی ہے کہ کوئی پوچھتا ہی نہیں۔

ج: عشاء کی نماز کے بعد اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف کے ساتھ تین سو مرتبہ یَاوَھَابُ پڑھ کر دس منٹ تک عرش کا تصور کریں اور دعا کریں۔ عمل کی مدت 40 روز ہے۔

www.ksars.org

## کمزور حافظہ

س: دماغ سے سفید رنگ کا ریشہ نکلتا ہے اور گلے کے راستے اندر گرتا ہے۔ سینے پر نزلہ جما ہوا ہے۔ پھیپھڑوں پر بھی بلغم جما ہوا ہے۔ پیٹ میں ناف کے بائیں طرف کبھی کبھی ابھارا ہو جاتا ہے۔ ناف کا تعویذ باندھتا ہوں تو ٹھیک ہو جاتا ہے۔ نزلہ کے ریشے کی وجہ سے سر میں درد رہتا ہے۔ حافظہ بہت کمزور ہو چکا ہے۔ گیس کی بیماری بھی ہے۔

ج: دو عدد پلیٹوں پر زردہ کے رنگ اور عرق گلاب سے **بِسْمِ اللّٰهِ اَلْرَحْمٰنِ الرَّحِيْم ایک بار يَافَارِقُ 9مرتبہ** لکھ کر پانی سے دھو کر صبح شام پئیں اور دو عدد پلیٹوں پر زردہ رنگ اور عرق گلاب سے بِسْمِ اللّٰهِ اَلْرَحْمٰنِ الرَّحِيْم ۔ ایک بار رِيَاحِيْنَ مَاءٍ 12 مرتبہ لکھ کر پانی سے دھو کر دونوں وقت کھانے سے قبل پانی سے دھو کر پئیں ایک ماہ ایک دن یہ علاج کریں۔ تلی ہوئی کھٹی اور برف کی چیزوں سے پرہیز کریں۔

## کلونجی

س: دو ماہ سے میری دونوں آنکھیں پھڑ پھڑا رہی تھیں ایک آنکھ بائیں جانب والی گذشتہ چند روز سے پھڑ پھڑانا بند ہو گئی ہے مگر دائیں طرف والی آنکھ اب بھی پہلے کی طرح کبھی کبھار پھڑ پھڑانا شروع کر دیتی ہے۔ اس سلسلے میں، میں نے علاج کیا مگر افاقہ نہیں ہوا۔ پھر دیسی علاج کیا مگر کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ دراصل پریشان تو دائیں طرف والی آنکھ سے زیادہ کیا ہوا ہے۔ زیادہ کسی چیز کو دیکھتا ہوں تو دونوں آنکھوں میں پانی آجاتا ہوں اور دائیں طرف والی آنکھ شدت سے پھڑ پھڑانا شروع کر دیتی ہے۔ اس سے ہر وقت یہ احساس رہنے لگتا ہے کہ کہیں یہ مرض مستقل شکل اختیار نہ کرے۔

ج: آنکھ کا پھڑ پھڑانا کوئی بیماری نہیں ہے البتہ آنکھوں سے پانی بہتے رہنا بیماری ہے۔ کسی ماہر امراض چشم سے آنکھوں کا معائنہ کرا کے اس کی ہدایت پر عمل کریں۔ ہر نماز کے بعد تین مرتبہ اَلْحَقُّ النُّوْرُ پڑھ کر انگلیوں پر دم کر کے آنکھوں پر پھیریں۔ صبح نہار منہ ایک چٹکی کلونجی کھالیا کریں۔ تازہ پانی کے ساتھ۔

## کیا ناف ٹلنا مرض نہیں ہے؟

س: میں عرصہ دس سال سے سخت ذہنی پریشانیوں میں مبتلا ہوں۔ خدا کی ذات سے پر امید ہوں کہ وہ ضرور میری ان پریشانیوں کو دور کرے گا کیونکہ پریشانی کے دن ہمیشہ نہیں رہتے۔

جیسا کہ اوپر لکھ چکی ہوں۔ میں عرصہ دس سال سے سخت پریشان ہوں۔ شروع شروع میں مجھے ٹانسلز کی شکایت رہتی تھی۔

ڈاکٹروں کے بے حد اصرار پر اس کا آپریشن کرایا کیونکہ صحت خراب ہونے لگی تھی۔ ڈاکٹروں کا کہنا تھا کہ اگر آپریشن کرا دیا جائے تو صحت ٹھیک ہو جائے گی۔ آپریشن کرائے ہوئے چار پانچ سال کا عرصہ ہوا ہے۔ مگر صحت برابر گرتی

www.ksars.org

چلی گئی۔ صرف اتنا فائدہ ضرور ہوا کہ گلے کی جو مستقل تکلیف تھی وہ کسی حد تک جاتی ہے مجھے پیٹ میں درد کی بھی شکایت ہے۔ کھانے کے بعد درد زیادہ اور اس سے پہلے ہلکا رہتا تھا۔ غذا بہت کم کھائی جاتی تھی علاج برابر ہوتا رہا مگر تکلیف نہ گئی۔ کچھ بڑی بوڑھی عورتوں نے پیٹ دیکھ کر کہا کہ تمہاری ناف ہٹ گئی ہے۔ انہوں نے ناف کی جو جگہ بتائی اس سے مجھے معلوم ہوتا ہے کہ ناف کافی ہٹی ہوئی ہے۔ ڈاکٹر لوگوں سے اگر کہا جاتا ہے کہ ناف ہٹی ہوئی ہے تو کہتے ہیں کہ ناف کا ہٹنا کیا ہوتا ہے۔ اسی طرح کرتے کرتے نوبت یہاں تک پہنچ گئی کہ بھوک بالکل نہیں لگتی۔ زبردستی آدھی ایک چپاتی کھاتی ہوں کمزوری بہت ہو گئی ہے۔ ہر وقت ہاتھ پیروں میں درد اینٹھن اور جوڑ جوڑ میں درد رہتا ہے۔ اتنے عرصہ سے مسلسل بیمار رہنے سے طبیعت ہر وقت پریشان رہتی ہے۔ طبیعت میں گھبراہٹ بھی ہے۔ گفتگو کرنے کی عادت پہلے ہی کم تھی۔ اب اور کم ہو گئی ہے۔ قوت فیصلہ بھی متاثر ہوئی ہے۔ علاج کرتے کرتے تھک چکی ہوں۔ دوا کھانے کو بالکل دل نہیں چاہتا۔ سخت پریشان ہوں کیا کروں۔ میری پریشانی کی وجہ سے گھر میں اماں، ابا اور بھائی بھی پریشان رہتے ہیں۔ سجدہ اور رکوع کرنے میں معدہ کے اوپر تکلیف معلوم ہوتی ہے۔

ج: علاج بہت آسان ہے چند ہفتوں میں یہ سب شکایتیں رفع ہو جائیں گی۔ ایک چھٹانک خالص ہینگ لے کر اس کو موٹا موٹا کوٹ لیں۔ اس موٹے موٹے سفوف کو آدھا پاؤ بناسپتی گھی میں بھون لیں۔ ہینگ اتنا بھونیں کہ وہ سرخ ہو جائے جلے نہیں۔ اس کے بعد گھر میں موٹے کپڑے میں چھان کر کے کسی کھلے منہ والی شیشی میں رکھ دیں۔ یہ مرہم بن جائے گا۔ کھانا کھانے کے تین گھنٹہ کے بعد رات کو سوتے وقت اور صبح نہار منہ اس مرہم کی ناف کے نیچے پیڑو پر سیدھے ہاتھ کی ہتھیلی اور انگلیوں کے درمیان جو ابھار ہوتا ہے اس سے گھڑی دیکھ کر دس منٹ تک بہت آہستہ آہستہ یعنی ہلکے ہاتھ سے مالش کریں۔ دس منٹ رات کو سوتے وقت اور دس منٹ صبح نہار منہ۔ صبح مالش کرنے کے بعد ایک گھنٹہ تک کوئی چیز نہ کھائیں اور نہ پئیں۔ آدھا پاؤ گھی کا مرہم ختم ہونے سے پہلے آپ کی تحریر کردہ ناف ٹلنے کی شکایت ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائے گی۔

www.ksars.org

# گ

## گاجریں کھایئے

س: آپ میرے خط کا جواب ضرور دیں ورنہ میں تباہ و برباد ہو جاؤں گا۔ لکھتے ہوئے شرم آرہی ہے مگر مجبوری ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ مجھے ہم جنس میں کشش نظر آتی ہے۔ خدارا مجھے اس بری عادت سے بچا لیجئے ورنہ میں تباہ و برباد ہو جاؤں گا۔ دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ مجھے پڑھائی سے کوئی دلچسپی نہیں رہی حالانکہ پرائمری سے میٹرک تک میرا تعلیمی کیریئر بہت اچھا تھا۔ نویں جماعت میں آنے کے بعد پڑھائی سے دل بالکل اچاٹ ہو گیا ہے۔ دماغ برے برے خیالات کی آماجگاہ بنا ہوا ہے۔ میں چار آدمیوں میں بیٹھ کر بات نہیں کر سکتا۔ چلتا ہوں تو یوں لگتا ہے کہ لوگ میری طرف دیکھ رہے ہیں۔ مجھے اپنے وجود سے شرم آتی ہے۔

ج: کھانوں میں مندرجہ ذیل اشیاء سے پرہیز کریں۔ گوشت، مچھلی، انڈا، گرم مصالحہ۔

روزانہ شام کے وقت گاجریں پانی میں پکا کر آسمان کے نیچے چھلنی سے ڈھانپ کر رکھ دیں۔ صبح ان گاجروں میں ٹھنڈا دودھ ڈال کر کھالیں۔ دودھ اور گاجریں کھانے کے آدھے گھنٹے بعد تک کوئی چیز نہ کھائیں۔ علاج کی مدت اکیس روز ہے۔

## گانے کی آواز

س: میرے کانوں میں طرح طرح کی آوازیں آتی رہتی ہیں۔ پہلے دونوں کانوں میں شائیں شائیں کی آوازیں آتی تھیں۔ ڈاکٹر صاحب سے علاج کروانے کے بعد اب دونوں کانوں میں انسانوں کی آوازیں آتی ہیں۔ معلوم ہوتا ہے جیسے کوئی آدمی گانا گا رہا ہے یا ساز بجنے کی آواز آتی ہے۔ اتنے زور کی آواز ہوتی ہے جس طرح ریڈیو پوری آواز سے چل رہا ہو۔ ڈاکٹر صاحب نے کہا تھا یہ آوازیں اب خود بخود ختم ہو جائیں گی۔ علاج ختم ہوئے تین ماہ ہو چکے ہیں لیکن ابھی تک آوازوں کا سلسلہ جاری ہے۔ میں ان آوازوں سے تنگ آچکی ہوں میں اپنے دماغ میں سکون چاہتی ہوں۔ درخواست ہے اس مرض کی تشخیص کر کے علاج تجویز کر دیں۔

ج: 7 دانے بادام گری، 7 دانے منقیٰ، گیارہ دانے کالی مرچ پیس کر رات کو دودھ کے ساتھ کھائیں۔ سوتے وقت کان میں روغن بادام ڈال لیا کریں۔ کانوں میں تیل ڈالنے سے پہلے ہلکا سا گرم کر لیا کریں۔ ٹھنڈی اور کھٹی چیزوں سے پرہیز کریں۔

www.ksars.org

## گھر میں نو بچے بیمار ہیں

س: خواجہ صاحب! میرے چار بیٹے اور پانچ بیٹیاں ہیں جب میں نے اپنے بڑے بیٹے کی شادی کی تو بہتر حالات تھے لیکن شادی کے چھ ماہ بعد اچانک میری بڑی بیٹی کی طبیعت خراب ہوگئی پہلے تو کھانسی اور بخار آیا اس کے بعد جھٹکے لگنے لگے آواز بند ہوگئی اور اشاروں سے باتیں کرنے لگی۔ ڈاکٹروں کا کہنا تھا کہ اس کے دماغ کا آپریشن ہوگا۔ سات جمعرات تک روحانی علاج ہوتا رہا اس کے بعد سے ٹھیک ہے۔ جس بیٹے کی شادی کی تھی اس کی حالت بھی ویسی ہوگئی ہے۔ لیکن یہ حالت خراب ہے پہلی دفعہ آواز بند ہوگئی تھی۔ لیکن اب چکر آتے ہیں اور دماغ بھاری ہو جاتا ہے او بے ہوشی کی حالت طاری ہو جاتی ہے۔ چار پانچ روز پہلے بے ہوشی کی حالت میں کہنے لگے کہ ایک سفید جوڑا دو۔ عجیب بات یہ ہے کہ یہ حالت گھر کے باہر کبھی نہیں ہوئی۔ دوسری پریشانی یہ ہے کہ میرے شوہر بہت بیمار رہتے ہیں تقریباً سولہ سترہ سال سے مختلف بیماریوں میں مبتلا رہتے ہیں۔ ایک بیماری دور نہیں ہوتی، دوسری بیماری شروع ہو جاتی ہے۔ تیسری پریشانی یہ ہے کہ گھر میں تین بیٹے اور ایک شوہر کمانے والے ہیں لیکن آمدنی پوری نہیں پڑتی۔

چھوٹے بیٹے کو کھانا کھاتے ہی الٹی ہو جاتی ہے۔ ڈاکٹروں کو دکھایا تو وہ کہتے ہیں کہ کوئی بیماری نہیں ہے۔

ج: گھر میں روزانہ عصر اور مغرب کے درمیان لوبان جلائیں اور لوبان کی دھونی سارے گھر میں دیں۔ غذاؤں میں غلط قسم کی چکنائی اور بازار کا پسا ہوا مصالحہ استعمال ہوتا ہے۔ پسا ہوا مصالحہ اور پسا ہوا نمک استعمال نہ کریں۔ صبح شام رات ایک ایک بار سورہ فلق پڑھ کر پانی پر دم کر کے خود بھی پئیں اور اپنے شوہر اور بچوں کو بھی پلائیں۔

## گرمی میں بھی لحاف اوڑھتا ہوں

س: اس مسئلے نے میری زندگی اجیرن کر دی ہے۔ براہ کرم کوئی حل بتائیں۔ میں کسی سے بات نہیں کر سکتا، کسی محفل میں نہیں جاتا۔ اگر کبھی چلا بھی جاؤں تو سب سے الگ تھلگ رہتا ہوں۔ بہت کوشش کرتا ہوں کہ لوگوں سے بات کروں مگر میرے منہ سے الفاظ نہیں نکلتے، یوں لگتا ہے جیسے میرے ہونٹ سی دیئے گئے ہوں حتیٰ کہ سلام بھی نہیں کیا جاتا۔ اپنے دفتر سے بہت پریشان ہوں، وہاں پر ہر کسی کے فحش مذاق کا نشانہ بنتا ہوں۔ نہ جانے میرے میں ایسی کونسی بات ہے کہ لوگ مجھ سے فحش مذاق کرتے ہیں۔ اسی وجہ سے دفتر میں کسی سے کوئی تعلق نہیں رکھتا، الگ تھلگ رہتا ہوں۔ ہر وقت گھر میں اکیلا رہتا ہوں اور شدید گرمی میں بھی لحاف اوڑھ کر سوتا ہوں۔ اگر کسی وجہ سے رات کو اٹھنا پڑے تو اٹھنے کی ہمت نہیں ہوتی۔ میرا کوئی دوست نہیں ہے حالانکہ میری عمر کے لوگوں کے بہت سے دوست ہوتے ہیں۔ معمولی بات میرے لئے مصیبت بن جاتی ہے حالانکہ یہ بات دوسروں کے ساتھ ہو تو وہ پرواہ بھی نہیں کرتے۔ کوئی کہانی پڑھوں تو میری عجیب سی کیفیت ہو جاتی ہے، سوچتا ہوں کہ اگر میں ہوتا تو یوں کرتا، ایسا کرتا۔ کہانی کے کردار میرے ذہن پر مسلط ہو جاتے ہیں۔ چہرے پر ہر وقت اداسی اور مایوسی چھائی رہتی ہے۔ طبیعت میں سستی بہت ہے۔

www.ksars.org

ج: نو انچ، بارہ انچ سفید شیشے کے اوپر آسمانی رنگ پینٹ کرائیں اور اس شیشے کو دن رات میں بار بار دیکھیں۔ ہر نماز کے بعد ایک سو ایک بار نَصْرُمِّنَ اللّٰهِ وَ فَتْحٌ قَرِيْب پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کریں۔

## گھن

س: مؤدبانہ التماس ہے کہ بندہ بعنوان (آپ کے مسائل) کا ٹوکن پر کر کے آپ کی خدمت میں بھیج رہا ہے۔ میں جانتا ہوں کہ جناب کے فیض سے سینکڑوں پریشان بندے آپ کے مشوروں پر عمل پیرا ہو کر پر سکون زندگی گزار رہے ہیں۔

میں ملازمت کے سلسلے میں لاہور آیا تو اس وقت میں نے ماموں کے گھر رہنا شروع کیا۔ 2 ماہ کے بعد میرا ہاضمہ خراب ہو گیا۔ روٹی کھاتا تو مرچ زیادہ ہونے کی وجہ سے سینہ جلنے لگتا اور سینے میں اوپر کی طرف گیس سی اٹھتی تھی۔ روٹی کے بعد میں بوتل یا فروٹ کھاتا تو یہ کیفیت کم ہو جاتی تھی۔ اکثر اوقات صبح کا ناشتہ ہی شام تک ہضم نہیں ہوتا تھا اور کبھی جب بھوک لگ بھی جاتی تو ایک یا ڈیڑھ روٹی سے زیادہ نہیں کھا سکتا تھا۔ جبکہ میں اپنے گاؤں میں تین روٹیاں کھا لیتا تھا اور دن میں تین چار مرتبہ روٹی کھاتا تھا اور کسی قسم کی شکایت نہیں ہوتی تھی۔

گیس کی بیماری ختم ہو گئی تو اس کے بعد قبض کی بیماری شروع ہو گئی۔ یہاں تک کہ فضلہ باہر لانے کے لئے انگلیاں استعمال کرنی پڑتی تھیں۔ پھر صبح و شام گرم دودھ پینا شروع کیا۔ دودھ سے قبض کی شکایت کے دوران مجھے بالوں اور آنکھوں کی بیماری شروع ہو گئی۔ میرے بال گرنا اور سفید ہونا شروع ہو گئے۔ یہاں تک کہ آدھے بال سفید ہو گئے اور ہو رہے ہیں۔ کنگھے کے ساتھ روزانہ 50 بال ضرور گرتے ہیں۔ صابن لگانے اور تولیہ استعمال کرنے اور سر کھجانے سے بھی بال گرتے ہیں۔ اب یہ نوبت آگئی ہے کہ ماتھے کی جانب گنج ہو گیا ہے۔ نظر کی عینک پہلے مجھے 2/1/2 نمبر لگتی تھی۔ اب ڈھائی سال کے عرصے میں 3/1/2 نمبر ہو گئی ہے اور نظر مزید کمزور ہو رہی ہے۔ ڈیڑھ سال سے خوراک اچھی سے اچھی کھا رہا ہوں۔ صبح شام دودھ فروٹ خالص دیسی گھی استعمال کر رہا ہوں۔ لیکن میرے جسم میں کوئی فرق معلوم نہیں ہوتا۔

پہلے پہلی مرتبہ جب میں گیارہ ماہ ماموں کے گھر رہا تو وہاں آکر پابند ہو گیا۔ گاؤں میں اپنے گھر آزادی سے رہتا تھا اور ذہن آزاد تھا۔ کسی قسم کا غم و فکر نہ تھا۔ لیکن ماموں کے گھر آکر اپنے آپ کو قید و پابند سمجھتا۔ بات بات پر ٹوکنا۔ رعب جمانا، گھر سے نکال دینا۔ گھر والوں پر باتیں کسنا۔ ان پر مجھے بہت غصہ آتا تھا لیکن میں نہ ممانی کو زبان سے کچھ کہتا اور نہ ماموں کو اور خاموشی میں غصہ اپنے اندر ہی اندر پیتا رہتا۔ اب جبکہ میں علیحدہ ہو گیا ہوں یہ کیفیت نہیں جاتی۔ خیال اور معمولی سی بات پر غصہ کرنا اور ہر وقت ذہن میں غصہ رہتا ہے۔ کسی سے جھگڑا ہو جائے تو اتنا غصہ آجاتا ہے کہ منہ میں سے جھاگ نکل آتی ہے۔

ج: لاشعوری آنکھ نے جو کچھ دیکھا ہے وہ ایسی حقیقت ہے کہ جس کا اظہار بھی شرم کی بات ہے۔ فارسی کی مثال ہے "خود کردہ را علاجے نیست"۔ آپ نے خود کو گھن لگا دیا ہے اور خود اپنے ہاتھوں اپنا اندرونی نظام درہم برہم کر دیا ہے۔ اب صورت یہ ہے کہ آپ جس طرح ممکن ہو۔ غلط عادت چھوڑ دیں اور ہر وقت یا حی یا قیوم کا ورد کریں۔ رات کو سونے سے پہلے ایک سو ایک بار کلمہ شہادت پڑھ کر مراقبہ کریں، مراقبہ میں یہ تصور کریں کہ جامنی رنگ کی روشنیاں آپ کے سینے میں جمع ہو

www.ksars.org

رہی ہیں۔ یہ عمل روزانہ بلاناغہ پندرہ منٹ تک کریں۔ صبح بہت سویرے بیدار ہو کر سیر کیا کریں۔ کھانوں میں چیزیں کم اور ترکاریاں زیادہ استعمال کریں۔

## گھر کا ہر شخص گنجا ہے

س: جناب عظیمی صاحب میری بھی ایک مشکل حل کر دیجئے۔ میرے خاندان میں جو مرد بھی 27یا28 سال کا ہوتا ہے۔ وہ گنجا ہو جاتا ہے۔ میرے والد صاحب کے ساتھ بھی یہی ہوا اور اب میرے بڑے بھائی بھی گنجے ہو رہے ہیں۔ میری عمر بیس سال ہے اور میرے بال بھی گرنا شروع ہو گئے ہیں۔ سر کے بال پہلے گھنے اور کالے تھے اب پہلے سے کافی کم ہو گئے ہیں۔ میں چاہتا ہوں کہ میرے بال پہلے جیسے گھنے اور کالے ہو جائیں اور کافی عرصہ تک ایسے ہی رہیں۔ مہربانی فرما کر کوئی نسخہ یا کوئی وظیفہ تجویز فرمائیں۔

خدا آپ پر اپنی اور زیادہ رحمتیں نازل کرے۔ آمین۔ دعا کیجئے گا خدا سچا اور نیک مسلمان بننے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

ج: بالوں کے گرنے میں عموماً پہلی علامت خشکی ہوتی ہے۔ آپ کے خاندان میں خشکی کا مرض موروثی ہے۔ دیکھا گیا ہے کہ جو لوگ ڈرائی فروٹ میں اخروٹ زیادہ کھاتے ہیں ان کے سر کی جلد میں خشکی کی تہیں جم جاتی ہیں۔ بال ایک طرح کا گھاس ہے جو سر کی سطح پر اگتا ہے۔ اگر سر کی سطح پر جلد کے نیچے خشکی ہو جائے تو بال گرتے گرتے آدمی گنجا ہو جاتا ہے۔ بال کی عمر کم و بیش چار سال ہوتی ہے۔ لیکن اگر سر کی جلد خشک ہو جائے تو بال بیمار ہو کر جلدی گر جاتے ہیں۔ خشکی کے علاج کے ساتھ روحانی عمل یہ ہے کہ اَلْكَرِيْمَ الْعَاصَ وَالْمُضَافَاتُ اَلْفَامُ سو مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور اس پانی سے سر کو اچھی طرح دھوئیں۔ ملاوٹ والی غذاؤں کے استعمال، خوشبودار تیل، ناقص تیل اور صابن استعمال نہ کریں۔ گلو سبز تیل بھی اس مسئلہ میں نہایت مفید دوا ہے۔

## گیارہ منگل

س: عرصہ کے بعد آپ کی خدمت میں حاضر ہوئی ہوں۔ براہ مہربانی میرے مسئلہ کا روحانی حل تجویز فرمائیں۔ میرا بڑا لڑکا سب گھر والوں سے اس قدر نفرت کرنے لگا ہے کہ صورت سے بیزار ہے۔ نہ گھر میں کھاتا پیتا ہے اور میری خود یہ حالت ہے کہ کسی کام میں دل نہیں لگتا۔ کسی چیز کا نماز کے بعد ورد کرتی ہوں تو چکر آنے لگتے ہیں۔ بھوک ختم ہو گئی ہے۔ نماز میں غلطی ہو جاتی ہے۔ ہر کام میں رکاوٹ ہے۔ گھر فروخت کر کے دوسرا لینا چاہتی ہوں۔ گاہک دیکھ کر دوبارہ نہیں آتا۔ لڑکی کی شادی کے لئے رشتہ آتا ہے مگر ایک بار آکر دوبارہ وہ لوگ نہیں آتے۔

www.ksars.org

ج: پانچ وقت نماز کی پابندی کریں اور قرضوں کے بعد ایک تسبیح یا اللہ یار حمٰنُ یار حیمُ پڑھ کر چند منٹ کے لئے آنکھیں بند کر کے سو جائیں۔ جس رنگ کی روشنیاں نظر آئیں دو ماہ تک اس ہی رنگ کا لباس زیب تن کریں۔ منگل کے روز صبح کے وقت چیل کوؤں کو گوشت کھلائیں۔ یہ عمل 11 منگل تک برقرار رکھیں۔

## گردہ کے درد نے شدت اختیار کرلی

س: میری لڑکی جب 3 سال کی تھی تو گردہ میں ہلکا ہلکا درد رہتا تھا۔ ہم نے اس کی طرف کوئی خاص توجہ نہیں دی۔ ہوتے ہوتے درد نے شدت اختیار کرلی۔ ہسپتال میں دکھایا تو ڈاکٹر نے گردہ میں پتھری تجویز کی اور پھر ایک گردہ ہی نکال دیا۔ اب اس کے دوسرے گردہ میں درد شروع ہو گیا ہے اور جس گردہ کا آپریشن ہوا تھا وہاں درد کی کسک ہوتی رہتی ہے۔ بے حد پریشان ہوں کہ کیا کروں۔ میری لڑکی کی شادی ہو گئی ہے۔ اس سے چھوٹی بچی کے گردہ میں بھی درد رہتا ہے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ اس کا گردہ بھی نکلوانا پڑے۔ خواجہ صاحب! گردہ نکلوانا بھی تو علاج نہیں ہے کیونکہ ایک عرصہ گزرنے کے بعد بھی بڑی لڑکی کے نکلے ہوئے گردہ کی جگہ پھر درد ہونے لگا ہے۔

ج: یہ مرض آپ کے خاندان میں پہلے سے چلا آرہا ہے۔ اس کی وجہ زیادہ تر ناقص غذاؤں کا استعمال اور تصورات میں پیچیدگی ہے۔

غلط اور غیر صحت مند غذاؤں کے استعمال سے معدہ خراب رہتا ہے۔ معدہ میں جو سیال جگر میں پہنچ کر خون بناتا ہے وہ غلیظ اور غیر پاکیزہ ہوتا ہے۔ اس غیر اعتدالی صورت سے گردے متاثر ہو گئے ہیں۔ تصورات کی پیچیدگی نے خون کے کیمیکلز میں صحت مند اجزاء کو بہت حد تک کم کر دیا ہے۔ اس کی وجہ سے گردوں پر بہت زیادہ بار پڑا ہے۔ علاج یہ ہے کہ تصورات کی پیچیدگی کو ختم کر کے صاف ستھری غذائیں استعمال کی جائیں۔ خربوزہ کے موسم میں زیادہ سے زیادہ خربوزہ کھلائیں۔ انشاء اللہ موجودہ سب شکایتیں ختم ہو جائیں گی۔

www.ksars.org

# ل

## لوبلڈ پریشر کا علاج

س: مجھے پتہ ہے کہ آپ بہت مصروف آدمی ہیں لیکن مجھے نظر انداز کر کے میرا دل مت توڑیئے گا۔ میرا مسئلہ یہ ہے کہ مجھے سردی بہت لگتی ہے۔ موسم سرما کے متعلق تو کہنا ہی کیا ہے، مجھے تو گرمی میں بھی اتنی سردی لگتی ہے کہ میں قمیض کے نیچے سوئٹر پہنے رہتی ہوں۔ سوئٹر پہنے رہنے کے باوجود سردی لگتی ہے حتیٰ کہ 112 ڈگری فارئن ہائیٹ درجہ حرارت میں بھی لحاف اوڑھ کر لیٹتی ہوں۔ برسات میں بڑی ٹھنڈی ہوا لگنے سے میرا بدن ٹوٹنے لگتا ہے۔ یہ تو تھا گرمیوں کا حال۔ اب سردی کا حال سنئے۔ سردی میں روئی کی بنڈی استعمال کرتی ہوں اور رات کو کئی لحاف اوڑھ کر سوتی ہوں۔ سردی میں دن بھر دھوپ میں دن گزرتا ہے۔

دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ کوئی مہینہ ہوا میں دعا مانگ رہی تھی۔ شاید میرے آنسو کچھ زیادہ نکل آئے یا کوئی اور وجہ ہو، اٹھی تو میری آواز بیٹھ گئی تھی۔ اس وقت سے آواز بیٹھی ہوئی ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ میری آواز تبدیلی ہو گئی ہے۔ امید ہے کہ آپ خصوصی توجہ دے کر میرے مسئلے کا حل جلد تجویز کر دیں گے۔ سردی لگنے کا عارضہ مجھے دس سال سے ہے۔ کوئی علاج نہیں چھوڑا مگر فائدہ نہیں ہوا۔

ج: کافی کے بیج اور سونٹھ ہم وزن پیس کر سفوف بنائیں۔ ایک پیالی پانی جوش کر کے اس میں تین ماشہ ڈال دیں اور چائے کی طرح دم آنے دیں۔ صبح شام ایک ایک پیالی پئیں۔ چند روز کے استعمال سے انشاء اللہ سردی لگنے کی شکایت ختم ہو جائے گی۔

## لرزہ

س: دربار نبوی ﷺ کی حاضری چاہتا ہوں۔ کوئی ایسا وظیفہ بتا دیجئے جس سے آرزو پایہ تکمیل کو پہنچے۔ کافی عرصہ ہوا بڑا ابخار ہوا تھا جس کی وجہ سے پٹھوں پر برا اثر پڑا ہے۔ جس سے اعصابی کمزوری پیدا ہو گئی ہے اور کسی قدر سر میں لرزہ پیدا ہو گیا ہے۔ علاج سے فائدہ نہیں ہوا۔

www.ksars.org

ج: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت مبارک سے مشرف ہونے کے لئے کتاب ''روحانی علاج'' میں عمل موجود ہے۔ اس کے مطابق عمل کریں جب بھی پانی پیا جائے وغیرہ پئیں ایک مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ o الرٰ تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ الْمُبِيْنِ-اَلرَّحِيْمُ اَلرَّحِيْمُ اَلرَّحِيْمُ پڑھ کر دم کر لیا کریں۔ اللہ تعالیٰ شفاعطا کریں گے۔

## لوگ مجھے لڑکی سمجھتے ہیں

س: میرا مسئلہ یہ ہے کہ میں ایک لڑکا ہوتے ہوئے بھی عام لڑکے کی زندگی نہیں گزار سکتا۔ میرے چہرے پر جھلکتی ہوئی نسوانیت میرے لئے درد سر بن گئی ہے۔ کسی کام سے بازار جاتا ہوں تو لڑکے مجھے اس طرح گھورتے ہیں کہ جیسے میں لڑکی ہوں۔ اگرچہ میرا جسم اور کپڑے دیکھ کر ان کی غلط فہمی دور ہو جاتی ہے لیکن اگر میں گاڑی میں بیٹھا ہوں تو اکثر دھوکا کھا جاتے ہیں اور کئی تو آوازے بھی کس دیتے ہیں۔ اس کے علاوہ میری تصویریں دیکھ کر اکثر لوگ دھوکا کھا چکے ہیں۔ اس افتاد نے مجھے بے حال کر دیا ہے اور میں نے گھر سے باہر نکلنا بھی چھوڑ دیا ہے۔ عزیزوں اور رشتہ داروں میں کہیں دعوت ہوتی ہے تو میں جاتے ہوئے گھبراتا ہوں۔ میں کسی Activity میں حصہ نہیں لیتا۔ میری ساری خوشیاں ختم ہو کر رہ گئی ہیں۔ کچھ عرصہ پہلے تک میں سوچتا تھا کہ مونچھیں بھی نہیں نکلتیں۔ شاید یہ نسوانیت کچھ کم ہو جائے گی لیکن مونچھیں بھی نہیں نکلیں۔ میں ایک بالکل مایوس آدمی ہوں۔ جب سے میں نے روحانی ڈائجسٹ کا مطالعہ شروع کیا ہے مجھے عجیب قسم کی آسودگی حاصل ہوئی ہے۔ برائے مہربانی میرے مسئلے کا حل تحریر فرمادیں تاکہ میرے چہرے سے نسوانیت ختم ہو جائے اور مردانہ خوبصورتی اور وجاہت چہرے پر آجائے۔

ج: شکم مادر میں جب بچہ کا پہلا وجود قائم ہوتا ہے تو اس وجود کو سائنسی زبان میں کروموسوم کہتے ہیں۔ کروموسوم میں بارہ چھلے ہوتے ہیں۔ استقرار حمل کے بعد اگر ان چھلوں کا رنگ بطن مادر میں یکساں رہتا ہے تو پوری مردانہ خصوصیات کے ساتھ لڑکا پیدا ہوتا ہے۔ اگر ایک چھلہ کا رنگ دوسرے گیارہ چھلوں کے رنگ کے ساتھ متوازن نہ رہے تو بچے میں اسی مناسبت سے مردانہ اوصاف کم ہو جاتے ہیں اور اس کے اندر نسوانیت آجاتی ہے۔ اس کا علاج یہ ہے۔ صبح بیدار ہونے کے بعد اور رات کو سوتے وقت ایک عرصہ تک اَلرِّجَالُ قَوَّامُوْنَ عَلَى النِّسَاءَ 100 مرتبہ بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیا جائے۔

## لڑکا نشہ کا عادی

س: میں بچپن ہی سے دکھ اٹھاتی آئی ہوں۔ دو سال کی تھی تو ماں مر گئی، 5 سال کی ہوئی تو پاکستان آ گئے۔ یہاں دادی سے جو کچھ ہو سکا کیا۔ پندرہ سال کی ہوئی تو شادی کر دی گئی۔ یہ جانتے ہوئے کہ لڑکا نشہ کا عادی ہے۔ میرے والد بہت نیک ہیں، ہر دکھ میں بھی خوش رہتے ہیں حالانکہ انہیں سسرال والوں نے بہت دکھ دیئے۔ دادی نے مشورہ کئے بغیر بارات بلالی تھی۔ ایک دن میں جہیز کا انتظام تو ہو نہیں سکتا تھا، صرف قرآن شریف مجھے باپ سے ملا جو میرے لئے دنیا کی تمام نعمتوں سے بڑھ کر ہے۔ جب بھی کوئی مصیبت آتی تو نفل اور قرآن شریف میرے کام آیا۔ پہلے میرے شوہر بہت ظلم کرتے تھے۔ جب سے

www.ksars.org

ساس کا انتقال ہوا ہے۔ خدا کا شکر ہے کہ بچوں کو اور مجھے مارتے نہیں ہیں۔ وہ ایک مقدمہ میں پھنسے ہوئے ہیں، خدا انہیں بری کر دے۔

ج: عشاء کی نماز کے بعد سو بار نَصْرٌمِّنَ اللهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ پڑھ کر دعا کریں۔ اللہ تعالیٰ اپنا فضل کریں گے۔

## لاکھوں پتی بننے کا عمل

س: میں 1970ء سے ایکسپورٹ کا کام کرتا ہوں۔ خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے میرے پاس آرڈر تو بہت آتے ہیں لیکن جب بھی کسی پارٹی کا مال بناتا ہوں تو تقریباً آخری مراحل میں کوئی نہ کوئی خرابی ضرور نکل آتی ہے۔ مثلاً کپڑے کا رنگ خراب ہو جاتا ہے۔

کپڑے میں سوراخ ہو جاتے ہیں یا پھر کبھی کپڑے کی سلائی خراب ہو جاتی ہے۔ کبھی کپڑا نہیں ملتا۔ نتیجتاً پارٹی کو جس مقدار میں مال چاہئے میں اس کو تقریباً نصف مال ہی بھیج سکتا ہوں۔ اس لئے کہ نصف مال تو جیسے میں اوپر ذکر کر چکا ہوں۔ ویسے ہی خراب ہو جاتا ہے۔ دن رات محنت کرتا ہوں، کام کی طرف بھی میری توجہ بھرپور ہوتی ہے لیکن اس کے باوجود میں پارٹی کو پورا مال بھیجنے میں کامیاب نہیں ہوتا۔ خراب مال یہاں رہ جاتا ہے۔ ظاہر ہے نقصان مجھ ہی کو بھگتنا پڑتا ہے۔ بالآخر میں نے گارمنٹس کا کام چھوڑ دیا۔

کپڑا ایکسپورٹ کرتا ہوں لیکن اس کاروبار میں بھی زیادہ کامیاب نہیں ہوں۔ اس میں بھی کوئی نہ کوئی رکاوٹ ضرور نکل آتی ہے۔

ج: چلتے پھرتے، اٹھتے بیٹھتے، وضو اور بغیر وضو کے یا حی یا قیوم کا ورد کرتے رہا کریں۔ کاروبار میں اللہ کی مخلوق کو اپنا شریک بنالیں۔

یہ طے کرلیں کہ خالص نفع میں سے پانچ پیسے فی روپیہ اللہ کی مخلوق کی خدمت کے لئے نکال دیں گے۔ اگر آپ نے گڑبڑ اور شراکت میں بے ایمانی نہیں کی تو آپ لاکھ پتی ہو جائیں گے۔

## لاعلاج مرض کا علاج

س: میں انگلینڈ میں آپ سے بذریعہ ٹیلی فون دو تین دفعہ ملاقات کر چکا ہوں جبکہ اس وقت حالات مختلف تھے اور میرے بیوی بچے بھی پاکستان میں تھے۔ اب گذشتہ جون سے بیوی بچے یہاں انگلینڈ میرے پاس آچکے ہیں۔


جیسا کہ پہلے میں اپنے بچے کی بیماری کے بارے میں عرض کر چکا ہوں تو جناب نے روحانی علاج بتایا تھا۔ اس وقت بچہ یہاں انگلینڈ میں نہیں تھا۔ اب وہ میرے پاس ہے۔ بچے کا نام محمد اقبال خاں، والدہ کا نام زبیدہ خاتون ہے۔ عمر گیارہ سال، کسی موذی مرض کا شکار ہے۔ دن بدن اپاہج ہوتا جا رہا ہے۔ اب تو زیادہ چل پھر بھی نہیں سکتا۔ کمزوری انتہا کو پہنچ چکی ہے۔ اٹھنا بیٹھنا دشوار ہے۔ طاقت جیسے ختم ہو رہی ہے۔ جسمانی طور پر صحت ٹھیک نظر آتی ہے۔ کھاتا پیتا بھی ٹھیک ہے لیکن کمزوری کا یہ عالم

www.ksars.org

ہے کہ پیشاب بھی کنٹرول نہیں ہو سکتا۔ یہاں ڈاکٹروں نے لاعلاج مرض قرار دیا ہے۔ پاکستان میں ڈاکٹروں اور ہومیوپیتھک ماہرین نے بھی علاج کیا۔

ان لوگوں نے اس مرض کا نام Duchenne Muscular Dystrophy بتایا ہے اور پاکستان میں معالجین نے بتایا تھا کہ بچے کے حرام مغز میں خرابی ہے اور اس مرض کا کوئی علاج نہیں ہے۔ بحیثیت ایک مسلمان کلمہ گو کے ہم سب کا یہ ایمان ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ غفور الرحیم نے ہر بیماری کا اور ہر تکلیف کا علاج بھی پیدا کیا ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ کچھ حالات ابھی تک انسانی دسترس سے باہر ہیں۔ ازراہ کرم آپ کوئی علاج تجویز فرمائیں۔

ج: زعفران سے روشنائی بنا کر مندرجہ ذیل تعویذ چاندی کے پتروں پر لکھ کر پانی سے دھو کر صبح شام بچے کو پلائیں، علاج کی مدت تین ماہ ہے۔



## لڑکی کا خیال

س: ایک سے زیادہ لوگوں سے سنا ہے کہ خواجہ صاحب لوگوں کے مسائل کا حل بتاتے ہیں اور فیس بھی نہیں لیتے۔ میں آٹھویں جماعت کا سٹوڈنٹ تھا۔ جب میرے دل میں شادی کا خیال آیا۔ اس کے بعد سے میرا ذہن تعلیم کی طرف سے ہٹ گیا۔ اب ہر وقت دھیان اسی طرف رہتا ہے۔ میں تعلیم کی طرف توجہ دینے کی کوشش کرتا ہوں لیکن جب کتابیں لے کر بیٹھتا ہوں تو آنکھوں کے سامنے اس لڑکی کی تصویر آجاتی ہے۔

آپ سے التجا ہے کہ آپ مجھے ایسا عمل بتادیں کہ میرا ذہن تعلیم کی طرف مائل ہو جائے اور میرا دل بھی صاف ہو جائے تاکہ میں اپنا مستقبل سنوار سکوں۔

ج: قد آدم آئینہ کے سامنے کھڑے ہو کر بار بار آنکھیں جھپکائیں۔ یہ عمل دن کے وقت پانچ منٹ تک بلاناغہ 21 روز تک کریں۔ لڑکی کا خیال دل سے نکل جائے گا۔

www.ksars.org

م

## مستقل مزاجی کا وظیفہ

س: میں بیک وقت احساس کمتری اور احساس برتری کا شکار ہوں۔ یا یوں کہہ دیجئے ہر دو لحاظ سے انتہا پسند ہوں۔ ملک کی سیاسی صورت حال ہو یا کوئی معمولی گھریلو مسئلہ یہ انتہا پسندی میری صحت پر اثر انداز ہوتی ہے۔ دماغ ایک منٹ کے لئے بھی یکسو نہیں ہوتا۔ خواب ساری رات دیکھتی ہوں اچھے بھی اور برے بھی۔ نماز اور روزے کے علاوہ کسی عمل میں بھی استقلال نہیں ہے۔ میں اپنے اندر مستقل مزاجی اور اعتدال پسندی پیدا کرنا چاہتی ہوں۔

ج: صبح بہت سویرے اٹھئے۔ چلو میں ٹھنڈا پانی لیجئے۔ اس پانی میں آنکھیں کھولئے اور بند کیجئے۔ جب پانی گرم ہو جائے دوسرا پانی لے کر اس عمل کو دہرایئے۔ تین بار ایسا کر لینا کافی ہے۔ مسلسل ایک ماہ کے اس عمل سے مستقل مزاجی اور ذہنی یک سوئی حاصل ہو جائے گی۔

## میری تشخیص

س: میرے پورے سر میں اور آنکھوں میں درد رہتا ہے۔ دماغ جلتا ہے، جی چاہتا ہے کہ کہیں بھاگ جاؤں، بولتی ہوں تو بے مقصد بولتی رہتی ہوں۔ کوئی بات کرتا ہے تو بات دماغ میں چپک جاتی ہے، نکلتی نہیں ہے۔ ایک بات کی رٹ لگ جاتی ہے۔ ساری دنیا میرے دماغ میں گھومتی رہتی ہے۔ بیٹھے بیٹھے لگتا ہے پتہ نہیں میں کہاں ہوں دماغ چکراتا ہے جیسے بالکل خالی ہو گیا ہے۔ خوف آتا ہے جیسے میرے پیچھے کوئی کھڑا ہے۔ آنکھیں بند کرتی ہوں تو معلوم نہیں کیا کیا نظر آتا ہے۔ کوئی آرہا ہے، جارہا ہے۔ بعض اوقات آوازیں آتی ہیں۔ کبھی لگتا ہے زور زور سے چیخوں چلاؤں بالوں کو نوچ لوں رات کو بالکل کم نظر آتا ہے اور آنکھوں میں روشنی چبھتی ہے آنکھیں اوپر کی طرف کھنچتی ہیں۔ انسانوں کی شکلیں ڈراؤنی سی لگتی ہیں۔ ہاتھ پیر ٹھنڈے ہو جاتے ہیں۔ کبھی گرم اور ٹھنڈے پسینے آتے ہیں کسی مرد کو دیکھ لوں تو خود کو بہت خراب اور گنہگار سمجھنے لگتی ہوں۔ ہر وقت ڈر سا لگا رہتا ہے۔ یہاں تک کہ چھوٹے بہن بھائی سے بھی ڈر لگتا ہے۔ گھر میں کوئی بیمار ہو جائے یا سر میں درد ہو جائے تو نہ جانے کیسے کیسے خیال آتے ہیں۔ مسلسل دو سال سے علاج ہو رہا ہے مگر فائدہ بالکل نہیں۔

ج: حبس ریاح کا علاج زردہ کے رنگ اور عرق گلاب سے دو پلیٹوں پر لکھ کر، علاج کے طریقہ پر زرد شعاعوں کا پانی تیار کر کے اس پانی سے دونوں پلیٹیں دھو کر دونوں وقت کھانے سے آدھا گھنٹہ قبل پئیں۔ کھانوں میں چکنائی کھٹاس، بازار کے پسے ہوئے مصالحوں اور گوشت سے پرہیز کریں۔ میری تشخیص کے مطابق آپ کو گیس کا مرض لاحق ہے۔ بادی اور چکنائی کی اشیاء سے پرہیز کریں۔

www.ksars.org

## مسائل روزگار

س:مسئلہ یہ ہے کہ میری والدہ کے اوپر بہت بوجھ ہے۔ ان کے اوپر اس قدر قرض ہے کہ بیان سے باہر اور آمدنی کا کوئی ذریعہ نہیں۔ ماشاء اللہ میرے تین جوان بھائی ہیں۔ تینوں نے میٹرک کیا ہوا ہے اور ان کو الیکٹرک کا کام آتا ہے لیکن تینوں کو سروس نہیں ملتی۔ اس کے علاوہ بہنوئی بھی ہمارے گھر رہتے ہیں اور کچھ کماتے نہیں۔ امی اور بہن سلائی کڑھائی کر کے سب کا خرچ پورا کرتی ہیں۔ ان معاشی پریشانیوں کے لئے کوئی حل تجویز کیجئے۔

صورت حال کچھ یوں ہے کہ ہم دونوں میاں بیوی نے مشترکہ جدوجہد کے بعد ایک مکان خریدا لیکن مجھے ہمیشہ اس بات کا طعنہ دیتی ہے کہ اس کی تنخواہ میری تنخواہ سے زیادہ ہے۔ اب معاملہ یہاں تک پہنچ گیا ہے کہ بیوی برملا کہتی ہے کہ تم میرے معیار سے کم ہو، لہٰذا مجھے طلاق دے دو۔ مجھے بے آسرا چھوڑ کر، مکان کو کرایہ پر دے کر اب وہ اپنے میکے چلی گئی ہے۔ میں کام پر گیا ہوا تھا۔ مکان کا پورا سامان نکال کر، مکان کو کرائے دار کے حوالے کر کے میرے نام ایک پرچہ لکھ گئی ہے کہ یہ مکان میں نے کرایہ پر اٹھادیا ہے۔

آپ کسی دوسری جگہ اپنا انتظام کر لیں۔ شاید کوئی بھی اندازہ نہیں کر سکتا کہ میں کس قدر پریشان ہوں۔ میری زندگی کا سارا اثاثہ لٹ گیا اور میں اپنے ایک دوست کے گھر حسرت ویاس کی تصویر بنا پڑا ہوں۔

مجھے اپنے قلم کو صفحہ قرطاس پر رکھ کر شدید ذہنی اذیت ہو رہی ہے۔ اس کے باوجود میں یہ حروف اس لئے لکھ رہا ہوں کہ شاید آپ کی ذات گرامی کے وسیلے سے میرے لامتناہی غموں اور دکھوں کی ظلمت اظہر شب سپیدہ سحر سے آشنا ہو سکے اور اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم میری ہلاکت پذیر زندگی کو بچالے۔

میرے یہ غم اور دکھ اپنی نوعیت کے اعتبار سے تین پہلوؤں کے حامل ہیں۔ جسمانی، نفسیاتی اور روحانی، روحانی اور نفسیاتی مسائل ومشکلات اگرچہ اپنی شدت کے اعتبار سے جسمانی مسائل سے زیادہ ہیں لیکن میرے خیال میں تمام مسائل کی بنیاد میرے جسمانی عوارض ہیں۔ میری عمر تقریباً بیس سال ہے۔ جب میری عمر تیرہ چودہ سال تھی تو میں برے لڑکوں کی صحبت میں پڑ کر عادت بد کا شکار ہو گیا اور مسلسل تین چار سال تک اپنی صحت کو برباد کرنے میں دن رات مصروف رہا۔ اس کے بعد مجھے اپنی صحت کی بربادی کا احساس ہوا تو میں نے اس گناہ سے توبہ کر لی۔ دوسرے مجھے بچپن سے ہر سال ٹائیفائیڈ ہوتا رہا ہے اور شدید نکسیر آتی رہی ہے۔ میں قدرت کی طرف سے ان بیماریوں اور اپنے گناہوں کا شدید خمیازہ اب بھگت رہا ہوں۔ میں اپنی اس درگور زندگی سے تنگ آ چکا ہوں اور یہ خط آخری امید کے طور پر لکھ رہا ہوں کہ شاید خدا مجھے اس درگور زندگی سے بچالے۔

میں ریلوے میں بطور اپر ڈویژن کلرک ملازم تھا۔ 33 سال سروس کرنے کے بعد دل میں قدرت کی طرف سے ایسا خیال پیدا ہوا کہ ملازمت چھوڑ دوں۔ دسمبر 78ء میں سات سال پہلے ہی ملازمت چھوڑ دی۔ ملازمت ترک کرنا تھا کہ مصیبتوں اور پریشانیوں نے گھیر لیا۔ میری بچی بعمر 18 سال دسمبر 79ء میں تقدیر الٰہی سے فوت ہو گئی۔ سخت صدمہ ہوا۔ گھر میں چار

www.ksars.org

بچیاں اور ایک بچہ ہے۔ بچیاں ہمیشہ بیمار رہتی ہیں۔ کبھی ایک، کبھی دوسرا، کبھی تیسری۔۔۔جس کے نتیجے میں بیماری پر کافی خرچ ہو گیا۔ پہلے جو بچی فوت ہوئی تھی اس کے علاج پر 1200 روپے خرچ ہوئے جس کی وجہ سے سخت مقروض ہو گیا ہوں۔

ج: صبح سورج نکلنے سے پہلے باوضو ہو کر شمال رخ کھڑے ہو جایئے اور دعا کی طرح ہاتھ اٹھا لیجئے۔ ایک مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر ہاتھوں پر دم کیجئے اور تین مرتبہ چہرے پر پھیر لیجئے۔ اسی طرح تین مرتبہ کیجئے یعنی تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھئے اور نو مرتبہ چہرے پر ہاتھ پھیریئے۔ بلاناغہ یہ عمل چالیس دن تک کرنے کے بعد انشاء اللہ غیبی امداد حاصل ہو گی اور حالات تیزی کے ساتھ سدھر جائیں گے۔ حسب توفیق خیرات بھی کریں۔ خیرات کرنے سے رزق میں بہت برکت ہوتی ہے۔ کثرت سے وضو یا بغیر وضو یا حی یا قیوم کا ورد کریں۔ گھر میں ہر جمعرات کو عصر اور مغرب کے درمیان دو روپے کی لوبان جلائیں۔

## معالج کا مشورہ

س: میں ایک سوال لے کر حاضر ہوا ہوں۔ خدا کرے آپ کی زبان سے نکلے ہوئے چند الفاظ میری زندگی کا سہارا بن جائیں۔

اگست 79ء میں میرے ساتھ ایک حادثہ پیش آیا تھا۔ ریڑھ کی ہڈی پر چوٹ لگنے سے نچلا حصہ شل ہو کر رہ گیا ہے۔ یورین اور اسٹول بھی کنٹرول میں نہیں۔ مختصر یہ کہ ڈاکٹروں نے مجھے لاعلاج قرار دے دیا ہے۔

ج: جئی جو ریس کے گھوڑے کھاتے ہیں، دو تولہ لے کر چار پیالی پانی میں اس قدر جوش کریں کہ ایک پیالی پانی رہ جائے۔ اس پانی کو چھان کر شکر ملا کر صبح نہار منہ اور رات کو سوتے وقت پئیں۔ پانی دونوں وقت تازہ پکایا جائے اس کے ساتھ ساتھ کسی معتبر یونانی دواخانے سے روغن سورنجان تلخ لے کر کمر اور گردن کے جوڑ پر دائروں میں مالش کریں۔ دن میں دو مرتبہ لیکن مالش کرنے سے پہلے اپنے معالج سے مشورہ کرنا ضروری ہے۔ بعض حالات میں ڈاکٹر مالش کی اجازت نہیں دیتے۔

www.ksars.org

# ن

## نوکری کی تلاش

س: آج کل مجھے کام نہ ملنے کی وجہ سے بڑی پریشانی ہو رہی ہے۔ میں کسی بھی ورکشاپ میں کام کی تلاش میں جاتا ہوں تو گیٹ سے ہی واپس ہو جاتا ہوں۔ پتہ نہیں کیوں اندر جاتے ہوئے گھبراہٹ ہوتی ہے۔ امید ہے آپ اس کا حل بتا کر میری پریشانی دور کر دیں گے۔

ج: صبح بہت سویرے اٹھ کر ایسی جگہ بیٹھ جائیں جہاں سے نکلتا ہوا سورج نظر آئے۔ جیسے ہی سورج مطلع سے باہر آئے گیارہ مرتبہ یاودود پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے ہاتھ تین بار چہرہ پر پھیر کر اٹھ جائیں۔ یہ عمل اکیس روز تک کر لیں مسئلہ کا حل نکل آئے گا۔ ہر جمعرات کو حسب استطاعت خیرات ضرور دیا کریں۔

## نو نمبر کی انگوٹھی

س: میں اپنے جسمانی عیب کی وجہ سے بہت پریشان ہوں۔ دراصل میری گردن معمول سے زیادہ لمبی ہے جس کی وجہ سے جسم بھدہ اور برا معلوم ہوتا ہے۔ میرے ہاتھ بھی دھڑ کے مقابلے میں کافی چھوٹے ہیں۔ میں چاہتا ہوں کہ میرے پاؤں اور ہاتھ لمبے اور مضبوط ہو جائیں۔

ج: چاندی یا سونے کی انگوٹھی پر نو خانے بنوا کر ان کے اندر نو کا ہندسہ اس طرح کندہ کرا لیا جائے کہ ہندسے ابھرے ہوئے رہیں۔

یہ انگوٹھی سیدھے ہاتھ میں پہن لیں۔ رات کو جب سونے کے لئے لیٹیں تو قلعی دار پیالے میں اسٹین لیس اسٹیل کے گلاس میں پانی بھر کر اس میں انگوٹھی ڈال دیں۔ صبح منہ صاف کر کے نہار منہ پانی پی لیں اور انگوٹھی انگلی میں پہن لیں۔ یہ عمل مقصد پورا ہونے تک جاری رکھیں۔ کثرت سے وضو یا بغیر وضو یاحی یاقیوم کا ورد کریں۔

## نئی طاقت

س: میری خواہش ہے کہ میرے اندر مردانہ وجاہت پیدا ہو جائے اور میں بھرپور مرد نظر آؤں۔ چہرہ ایسا ہو کہ دیکھنے والا متاثر ہو۔ اعصاب اتنے مضبوط ہوں کہ میں خود اپنے آپ کو اچھا لگوں۔ درخواست ہے کہ مجھے سورۂ یوسف کی آیت کے عمل کی اجازت دے دیں۔

www.ksars.org

ج: سورۂ یوسف کی آیت۔۔۔کی اجازت ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ کسی باڈی بلڈر ادارہ میں داخل ہو کر ورزش بھی کیا کریں۔

آدمی کے لئے روحانی لطافتوں کے ساتھ مادی وسائل بھی ضروری ہیں۔ دونوں کے ملاپ سے ایک نئی طاقت جنم لیتی ہے۔

## نافرمان اولاد

س: میری والدہ بہت پریشان ہیں۔ دو سال قبل ان کا جواب بیٹا سعودی عرب میں ایک حادثہ میں شہید ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ انہیں صبر جمیل عطا کرے۔ اب پریشانی یہ ہے کہ دوسرا بیٹا خودسر ہو گیا ہے، جواب بیٹیاں ہیں، ان کے رشتے نہیں آتے۔

ج: بیٹا رات کو گہری نیند سو جائے تب مصلیٰ پر بیٹھ کر 19 مرتبہ سورہ تبت یدا (پوری) پڑھ کر بیٹے کا تصور کر کے دم کر دیں۔

چالیس روز تک رشتے کے لئے بیٹیوں سے کہیں کہ وہ سب الگ الگ نماز کے بعد اول آخر درود شریف کے ساتھ سورہ کوثر پڑھیں اور شادی کے لئے دعا کریں۔

## نامحرم شوہر

س: منگنی کے بعد سے سسرال والوں نے مجھے اور میرے ماں باپ کو شدید ذہنی اذیت پہنچائی ہے۔ خیال تھا کہ شادی کے بعد یہ لوگ صحیح ہو جائیں گے۔ گھر کے حالات ٹھیک نہ ہونے کے باوجود بھی ابا نے قرضہ لے کر مجھے بہت سا جہیز دیا۔ ہر طرح سے ان کی بات مانی۔ شادی کے بعد یہ لوگ مجھ پر بہت سختی کرتے ہیں، شوہر کے ساتھ کہیں گھومنے نہیں جانے دیتے۔ یہاں تک کہ دن میں شوہر سے بات کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ شوہر بھی اتنے فرماں بردار ہیں کہ ایسا لگتا ہے کہ جیسے وہ میرے لئے نامحرم ہوں۔ ساس نند مجھے ٹوکتی رہتی ہیں۔ سونا، کھانا، کپڑے، زیور پہننا ان کی مرضی سے ہوتا ہے۔ ایسی قید ہے کہ دشمن کو بھی خدا نہ دے۔ ساس کہیں جاتی ہیں تو گھر میں تالا ڈال کر جاتی ہیں۔ ان باتوں سے ہر وقت میرا دماغ گھومتا رہتا ہے۔ اگر سر سجدہ میں رکھ کر دعا کروں یا تسبیح پڑھوں تو انہیں یہ وہم ہوتا ہے کہ میں جادو کر رہی ہوں۔ میری ہر چیز پر ان کا قبضہ ہے۔ شوہر سے کچھ کہتی ہوں تو کہتے ہیں تم بکواس کرتی ہو۔ میں ہر پرانی بات بھول چکی ہوں۔ دنیا اجاڑ لگتی ہے، کھانے کو اور بولنے کو جی نہیں چاہتا۔

ج: آدھی رات گزرنے کے بعد وضو کر کے دو نفلیں ادا کریں۔ ایک سو ایک بار یارحیم پڑھ کر آنکھیں بند کر کے یہ تصور کریں کہ ہر طرف اندھیرا ہے اور اندھیرے میں بہت دور ایک چراغ ہے، چراغ کی روشنی ہلکی اور مدہم ہے۔ ذہن کی طاقت سے چراغ کو اپنے قریب لانے کی کوشش کریں چند روز کی مشق سے چراغ بالکل سامنے نظر آنے لگے گا۔ جب روشن

www.ksars.org

چراغ بند آنکھوں کے سامنے آجائے تو اس کی لو پر نظر جمادیں۔ چند روز کے بعد چراغ کی لو کے ارد گرد ایک سفید ہالا نظر آئے گا۔ اس ہالے میں اپنے شوہر کو دیکھیں۔ اور شوہر کو دیکھنے کا عمل اکیس روز تک کریں۔ اس عمل کی کامیابی کے نتیجہ میں شوہر کا ذہن آپ کے ذہن کے تابع ہو جائے گا اور آپ کی طرف سے کسی بھی وقت غافل نہیں ہوں گے۔ شادی کے بعد شوہر کے اوپر لازم ہے کہ وہ بیوی کے بنیادی تمام حقوق پورے کرے!

## نادیدہ طاقت

س: یکایک ایسا محسوس ہوتا ہے کہ کسی نادیدہ طاقت نے میرے اوپر حملہ کر دیا ہے۔ اس حملے کے بعد چہرہ بالکل زرد ہو جاتا ہے۔ روٹی کھاتا ہوں تو نوالہ منہ میں رکھتے ہی دل ہلنے لگتا ہے۔ متواتر تین تین دن تک روٹی کھانے سے معذور رہتا ہوں۔ چلتے چلتے گر جاتا ہوں لیکن اس کا احساس اٹھنے کے بعد ہوتا ہے۔ گرنے میں کوئی چوٹ آتی ہے نہ کوئی تکلیف ہوتی ہے۔ نیند بہت آتی ہے۔ لوگ کہتے ہیں کہ کسی سایہ کا اثر ہے لیکن میں سایہ جیسی کسی چیز کا قائل نہیں ہوں۔ البتہ چشم دید واقعات کے مطابق میں 1957ء میں ایک چشمہ کے پاس سے گزرا تو وہاں ایک عورت نہارہی تھی۔ اس کو دیکھ کر میں پشت کر کے کھڑا ہو گیا پھر کسی خیال کے تحت فوراً مڑ کر دیکھا تو وہ عورت غائب تھی۔ میں چشمہ کے قریب آیا تو پھر یہ عورت سامنے آگئی اور آنکھوں آنکھوں میں غائب ہو گئی۔ اس طرح دس گیارہ مرتبہ ہوا۔ آخر کار جب میں تھک گیا تو وہاں سے چل پڑا۔ جیسے ہی چشمہ سے چند قدم آگے آیا میرے سامنے ایک بہت بڑا پتھر گرا۔ ہمت کر کے گھر آیا تو بے ہوش ہو کر گر پڑا۔ پورے ایک ہفتہ بے ہوش رہا۔ اب صورت یہ ہے کہ میں اس عورت کا گاہے بگاہے اپنے دائیں بائیں چلتے ہوئے دیکھتا ہوں۔ ڈاکٹر، حکیم اور عامل حضرات اس بیماری کا علاج کرنے سے معذور ہیں۔

ج: جس وقت آپ کو پری زاد عورت کا سایہ نظر آئے، آپ اسے مخاطب کر کے کہیں "اس سے پہلے کہ اس معاملہ کو عفریت شہنشاہ جنات کے دربار میں پیش کیا جائے تم میرا پیچھا چھوڑ دو"۔ اس کے بعد بھی اگر آپ کو اس عورت کی پرچھائی نظر آئے یا آپ کے اوپر کسی قسم کا دباؤ محسوس ہو تو آپ مجھے لکھ دیجئے۔ میں بحیثیت وکیل آپ کے مقدمے کی پیروی کروں گا اور آپ اس اذیت ناک الجھن سے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے نجات حاصل کر لیں گے۔ اگر وہ عورت آپ سے قطع تعلق کرنے کے لئے کوئی شرط پیش کرے تو مجھ سے مشورہ کئے بغیر کوئی شرط منظور نہ کیجئے۔


## نلی کے ذریعے کھانا

س: دو سال پہلے مجھے یہ شکایت تھی کہ کھانا کھاتے وقت معدے پر چوٹ لگتی تھی۔ رفتہ رفتہ کھانے سے ہی معذور ہو گئی۔ بڑی مشکل سے چائے کے ساتھ پاپے کھا لیتی تھی، آخری روزہ تھا کہ افطار کے بعد دلیہ کھایا اور وہ دلیہ حلق میں اس بری طرح اٹکا کہ میرے بیٹوں نے حلق میں انگلی ڈال کر دلیہ کا نوالہ منہ سے نکالا۔ اس عمل سے میری حالت تشویشناک حد تک خراب ہو گئی اور مجھے سول ہسپتال میں داخل کر دیا گیا۔ وہاں ایکسرے سے معلوم ہوا کہ معدے میں رسولی ہے۔ کمزوری کی وجہ سے آپریشن تو نہیں ہو سکا لیکن ڈاکٹر نے ناف کے نیچے پیٹ میں نلی لگا دی۔ اس ہی کے ذریعے کھانا پیٹ میں جاتا ہے۔ ڈاکٹروں

www.ksars.org

کا متفقہ فیصلہ ہے کہ منہ سے کھانا میرے لئے زہر ہے۔ بیٹے میں بہت غریب ہوں، میرے تین بیٹے ہیں۔ تینوں برسرروزگار ہیں مگر میرا علاج نہیں کراتے۔ میں نے اپنی سونے کی چوڑیاں فروخت کر کے علاج کرایا لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ اب فقط یہی آرزو ہے کہ میں زندگی میں منہ کے ذریعے کھا پی سکوں۔

ج: صبح آفتاب طلوع ہونے سے پہلے برگد کے سبز و شاداب تین پتے تڑوا لیجئے، تینوں پتوں پر الگ الگ




لکھ کر صبح، دوپہر شام ایک ایک پتہ چاٹ لیا کریں۔ انشاء اللہ چند ہفتوں میں آپ کا حلق کھل جائے گا اور آپ معمول کے مطابق کھانا کھانے لگیں گے۔

## نکلتا سورج

س: میری زندگی کچھ عجیب بے کیف اور بے مقصد ہے۔ ہر وقت کچھ کھانے کا احساس رہتا ہے۔ عجیب قنوطیت طاری رہتی ہے۔

نماز پابندی سے پڑھنے کی کوشش کرتی ہوں اور اکثر کامیاب رہتی ہوں۔ اللہ میاں سے شکوہ کرنے کا دل نہیں چاہتا۔ اس کی دی ہوئی نعمتوں کا شکر ادا کرتی ہوں کہ میں کس قابل ہوں۔ میری حقیقت کیا ہے مگر اس رحیم و کریم کا احسان ہے۔ ذہن اور دل یہ سمجھتا ہے مگر نہ جانے کیوں پورے وجود پر ایک سوگواری اور یاسیت چھائی رہتی ہے۔ حالات کو دیکھتے ہوئے میں چاہتی ہوں کہ اس سے پہلے کہ میں کسی کے لئے ناگوار احساس بنوں مجھے اپنے لئے اپنی ذات کے لئے، اپنے کے لئے کچھ نہ کچھ کرنا چاہئے۔ میں عملی طور سے کچھ کرنا چاہتی ہوں اور خود کو مصروف رکھنا چاہتی ہوں تاکہ مالی اعتبار سے بھی کچھ حاصل کر سکوں، ذہنی طور سے شیطان سے دور رہوں۔

لیکن مشکل یہ ہے کہ میں صرف بی اے پاس ہوں اور ایسے ماحول سے تعلق رکھتی ہوں جہاں دفتروں میں کام کرنے کو اچھا نہیں سمجھا جاتا جبکہ مجھے ایسی جگہوں پر سے سروس مل سکتی ہے۔ میں اپنے ماحول سے بغاوت نہیں کر سکتی۔ مجھے ان تمام رشتوں کا احساس ہے جو مجھ سے وابستہ ہیں۔ بس عجیب کش مکش میں مبتلا رہتی ہوں۔ میں عمر کے اس دور میں ہوں جب کہ شادی ہو جانی چاہئے تھی مگر میری شادی اب تک نہیں ہوئی۔

بزرگ محترم! زندگی گزارنے کے لئے کوئی سلسلہ کوئی سہارا ضروری ہے۔ تاکہ انسان اس میں مصروف رہ کر دن گزار سکے۔ زندگی کا کوئی مقصد اور نصب العین ہونا ضروری ہے ورنہ بھٹکنے کا خطرہ رہتا ہے۔ میں بھٹکنا نہیں چاہتی۔ میں نہایت صاف ستھری پاکیزہ زندگی گزارنا چاہتی ہوں۔ جس کا مطلب خود کو مطمئن رکھنا ہے۔

www.ksars.org

ج: آپ سورہ الضحیٰ حفظ کرلیں اور صبح کو نکلتے سورج کے سامنے بیٹھ کر سورج کو دیکھتے ہوئے ایک بار پڑھ لیا کریں۔ یہ عمل چالیس روز تک کریں۔

## نیولے کا سر

س: قریب بارہ سال سے میری آنکھوں کے سامنے ناگ کی شکل بنتی ہے۔ دائیں آنکھ میں ناگ کی شکل نظر آتی ہے اور بائیں آنکھ میں اژدہے کی شکل نظر آتی ہے۔ دن کی روشنی میں جب بھی فضا میں نظر کروں تو یہ شکلیں بنتی رہتی ہیں۔ رات میں دیواروں پر بھی اژدہے کی شکل نظر آتی ہے۔ یہ کیا چیز ہے کوئی عامل کامل نہ بتا سکے۔ علاوہ اس کے دن میں تسبیح کے دانوں کی شکل میں ادھر سے ادھر، ادھر سے ادھر حرکت کرتے نظر آتے ہیں۔ یہ بھی بارہ برس سے نظر آتے ہیں۔ ایسی ہزاروں لاکھوں قطاریں نظر آتی ہیں۔ آپ سے امید ہے یہ سب کیا ہے بتائیں گے۔ میری یہ مشکل آسان فرمائیں گے۔ یہ خواب کی باتیں نہیں ہیں۔ جاگتے میں ہوتا ہے۔

دوسری پریشانی یہ ہے کہ:

دوماہ قبل ایک حضرت صاحب سے میں نے بیعت کی تھی۔ وہ ایک معمولی سی کتابوں کی دکان میں کاروبار چلاتے ہیں اور بہت سے مرید بھی بناتے ہیں۔ ان سے بیعت ہوگئی کراچی سے ایک مرشد بھارت آئے اور ان کی بڑی شہرت ہوئی۔ ہزاروں لوگ ان سے بیعت ہوئے۔ ان حضرت صاحب نے مجھے بتایا کہ میں نے پہلے مرشد سے جو بیعت کی تھی وہ ٹھیک طریقہ نہ تھا۔ بیعت نہیں ہوئی۔

تو میں نے دوسری مرتبہ ان حضرت سے بیعت کرلی۔ اب یہ پریشانی ہے کہ یہ سب کہیں غلط تو نہیں ہوا۔ آپ بتائیں کہ میں پہلے والے مرشد کا طریقہ اختیار کروں یا بعد والے مرشد کا۔ دونوں نے اپنے اپنے شجرے دیئے ہیں۔ کون سا شجرہ پڑھوں۔

یہ بات بھی لکھنا ضروری ہے جو 25 برس سے زبان پر نہ لائی تھی۔ میرے شوہر اور بیٹا بہت غصہ والے ہیں۔ کبھی سیدھے منہ بات نہیں کرتے۔ صبر کرتے کرتے پچیس سال گزر گئے۔

ج: نیولے کا سر، کھال سمیت حنوط کرالیں۔ چند روز اس کو پیشانی اور چہرے پر صبح شام تین تین مرتبہ ملا کریں۔ ناگ اور اژدہے نظر آنا بند ہو جائیں گے۔ پیلی سرسوں کا تیل اپنے سامنے نکلوا کر اس کا کاجل بنائیں۔ چاندی کی سلائی سے ایک ایک سلائی دونوں آنکھوں میں رات کو سوتے وقت لگائیں۔ آنکھوں کے سامنے دائرے نہیں آئیں گے۔ جن صاحب نے آپ کو دوبارہ بیعت کیا ہے وہ بیعت کے قانون سے واقف نہیں ہیں۔ آپ پہلے والے مشرد کے طریقے پر عمل کریں۔

شوہر کی زیادتیوں پر آپ نے اتنا عرصہ صبر کر لیا ہے۔ اب آپ کو عادت پڑ جانی چاہئے۔ صبر کیجئے۔ اللہ تعالیٰ صبر کرنے والے بندوں کے ساتھ ہیں۔ آپ کو اس کا اجر ملے گا۔

www.ksars.org

## نماز پڑھتے وقت بو آتی ہے

س: میری والدہ صاحبہ جب نماز پڑھتی ہیں تو انہیں فضلہ کی بو آتی ہے۔ نماز کے علاوہ اوقات میں انہیں اس قسم کی بدبو نہیں آتی۔

آخر ایسا کیوں ہوتا ہے؟

ج: یہ بیماری دماغ کے ان ریشوں سے متعلق ہے جو حیات کو جنم دیتے ہیں۔ یہ ریشے زیادہ حساس ہو گئے ہیں۔ اس کی وجوہات بہت سی ہوتی ہیں۔ آپ اس چکر میں نہ پڑیں۔ صرف علاج کی طرف توجہ دیں۔ علاج یہ ہے:

صبح اٹھ کر آپ کی والدہ صاحبہ تازہ پانی میں نمک ڈال کر غرارے کریں۔ غرارے نہار منہ کرنے چاہئیں۔ یہ خیال رکھیں کہ نمک کا پانی پیٹ میں نہ جائے۔ نمک کے پانی کا اثر ریشوں پر براہ راست ہو گا جو زیادہ حساس ہو گئے ہیں۔

## نہ ہی ڈاکٹروں کی سمجھ میں کچھ آیا

س: سات سال پہلے میری شادی ہوئی تھی اور پھر شادی کے پورے ایک سال کے بعد مجھے اللہ تعالیٰ کے فضل سے امید ہوئی اور خیریت سے چھٹا مہینہ شروع ہوا۔ کیونکہ پہلی دفعہ کسی ڈاکٹر وغیرہ کو نہیں دکھایا تھا۔ لہٰذا چھٹا مہینہ پورا ہونے کے ساتھ ہی بچہ ضائع ہو گیا۔ اس کے بعد تعویذ گنڈے بھی کروائے اور ڈاکٹری علاج بھی۔ اور دوسری دفعہ پھر آٹھ ماہ پورے ہونے میں دو چار دن تھے مگر پھر ویسے ہی مردہ بچہ پیدا ہوا۔ جبکہ مجھے تین چار ہفتے پہلے ہی محسوس ہو جاتا ہے کہ بچے کی حرکت کم ہو رہی ہے۔ پھر تیسرا ابھی چھ ماہ اور چوتھا بچہ بھی چھٹے ماہ میں ضائع ہو گیا۔ نہ ہی کسی تعویذ وغیرہ نے اثر کیا اور نہ ہی ڈاکٹروں کی سمجھ میں کچھ آیا۔ جہاں بھی کسی نے بتایا وہاں ہی ٹکریں مارتی رہی اور حیرت کی بات یہ ہے کہ ان سب کیس کے درمیان کا وقفہ چھ سات ماہ ہی پڑتا ہے اور یہ کہ بچے کا رنگ نیلا اور پیلا سا ہوتا ہے۔ جیسے کہ بہت تکلیف میں رہا ہو۔ یہ چاروں کیس تو پاکستان میں ہوئے پھر پچھلے سال ہماری ٹرانسفر مغربی جرمنی ہو گئی اور یہ سوچا کہ یہاں پر ڈاکٹروں کے علاج اچھے ہوں گے اور یہاں آکر ڈاکٹر کو دکھایا تو اس نے کہا کہ اب جب بھی امید ہو گی میں شروع سے ہی علاج کروں گا اور کوشش کروں گا کہ کنٹرول کر سکوں اور پھر دسمبر سے میں امید سے ہوئی تو ڈاکٹر نے ہفتہ میں دوا انجکشن اور ٹیبلٹ دینی شروع کر دی اور پھر تیسرے مہینے مجھے کمر میں بہت سخت درد محسوس ہوا اور میں دس دن ہوسٹل میں رہی۔ ڈاکٹر نے کہا کہ آرام کرو درد ٹھیک ہو جائے گا اور اس کے بعد انجکشن اور دوائی دینی بند کر دی۔ مگر ہر دوسرے ہفتے چیک کرتا تھا۔ جبکہ اس دفعہ مجھے بچے کی حرکت میں کمی محسوس نہیں ہوئی اور چھٹا مہینے پورے ہونے میں تین چار دن باقی تھے تو بچے کی پیدائش کے درد شروع ہو گئے۔ فوراً ہسپتال داخل ہو گئی۔ ڈاکٹروں نے بہت کوشش کی۔ بچہ پیدائش سے آٹھ دس گھنٹے پہلے ہی فوت ہو چکا تھا اب آپ خود اندازہ لگا سکتے ہیں کہ پانچ دفعہ ایسا ہونے میں میری صحت کیسی ہو گی اور میرے دل کی حالت کیا ہو گی۔

www.ksars.org

دوسروں کے بچوں کو دیکھتی ہوں تو دل چاہتا ہے اٹھا کر گھر لے جاؤں۔ زندگی بے مقصد نظر آتی ہے۔ میری عمر 24 سال ہے بس اس کے گھر کی آس ہے مجھے کمزوری اس قدر ہو چکی ہے کہ بتا نہیں سکتی اور سب سے زیادہ اثر میری نظر پر پڑا ہے۔ میری نظر بہت کمزور ہو گئی ہے۔ تھوڑے سے فاصلے سے کسی کو پہچان نہیں سکتی۔ خدارا آپ مجھے کوئی علاج ضرور بتائیے شاید اللہ تعالیٰ نے آپ کے ہاتھ میں میری شفا لکھی ہو اور مجھے جلد جواب سے نوازیں۔

ج: اِنَّمَا اَمْرُهٗ اِنَا اَرَادَ شَيْئاً اِنَّ يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْن (سورہ یٰسین کی آخری آیت سے پہلی آیت) اور




لکھ کر صبح نہار منہ اور رات کو سوتے وقت یا عصر مغرب کے درمیان پانی سے دھو کر پئیں۔

## ناسور کا علاج

س: عرصہ چار سال سے مرض بھگندر (FISTULA) میں مبتلا ہوں پاخانہ کی جگہ دونوں طرف ناسور ہے۔ کبھی خون بھی آ جاتا ہے۔ کافی علاج کے باوجود آرام نہیں ہوا۔ زندگی عذاب بن گئی ہے۔ براہ مہربانی کوئی دوا، وظیفہ، عمل، دعا جو بھی آپ مناسب خیال فرمائیں تجویز فرمائیں تا کہ اس مصیبت سے نجات پا سکوں۔

ج: نیم کی لکڑی جلا کر اس کا کوئلہ بنالیں اور اسے اس قدر باریک پیس کر لیں کہ سرمہ بن جائے اسے سرمہ کی طرح باریک سفوف میں شہد ملا کر مرہم بنالیں اور یہ مرہم رات کو سوتے وقت ناسور پر لگائیں۔ اس بات کا خیال رکھا جائے کہ کوئلہ اتنا باریک پسا ہوا ہو کہ اس میں ذرات باقی نہ رہیں۔ یہ نسخہ میرے ایک دوست کو خواب میں سیدنا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بتایا تھا۔

## نیلا رنگ اور خود اعتمادی

س: میری قوت ارادی بے حد کمزور ہے اور اسی طرح ایک حادثے میں خود اعتمادی کو بھی شدید دھچکا لگا ہے مثلاً انگلیاں چٹخانے کی انتہائی بری عادت ہے لیکن بے حد کوشش کے باوجود اس عادت سے چھٹکارا نہ پا سکا جو بھی پروگرام بناتا ہوں اسے پورا نہیں کر سکتا۔ چوبیس گھنٹے اپنے آپ سے لڑتا رہتا ہوں۔ رقم باوجود کوشش کے ہاتھ میں نہیں رہتی۔ فضول خرچی کی بے حد علت ہے یہی وجہ ہے کہ ہمیشہ مقروض رہتا ہوں۔

ج: چاندی کی انگوٹھی میں چمکدار نیلا نگینہ پہنئے۔ انگوٹھی میں نیچے کا حصہ خالی رہنا چاہئے تا کہ نگینہ انگلی سے مس ہوتا رہے۔ رات کو سوتے وقت ایک چمچہ خالص شہد پر ایک بار الرضاعت عمانویل پڑھ کر دم کریں۔ 90 یوم استعمال کریں۔ اپنے اندر خود اعتمادی پیدا کرنے کی کوشش کریں۔ نیلی شعاعوں کا پانی تیار کریں۔ دو اونس صبح اور شام پی لیا کریں۔ یا حی یا قیوم کا ورد کریں۔

www.ksars.org

## ناک اور گلے سے خون

س:جناب عالی!میری بچی کو خون کی بیماری ہے۔ جہاں زخم ہو خون بند ہونے میں بہت زیادہ وقت لیتا ہے۔ گرم دوائی تو بالکل نہیں کھا سکتی۔ ناک سے نکسیر کی طرح خون شروع ہو تو کئی دن بند نہیں ہوتا۔ ہسپتال میں داخل کرنا پڑتا ہے۔ رنگ پیلا زرد ہو جاتا ہے۔ یہ بیماری اسے پیدائش کے چند دن بعد سے ہوا ہے۔ شروع میں معمولی تھی اب زیادہ ہو گئی ہے۔ بچی کے سر، پاؤں اور ہاتھ ہر وقت بہت گرم رہتے ہیں۔ ڈاکٹروں کی دوائیاں یعنی گولی، کیپسول وغیرہ کھانے سے نکسیر آ جاتی ہے یا ناک اور گلے سے خون آنے لگتا ہے۔ جسم کافی پھولا ہوا ہے۔ خون کی بہت کمی ہے۔ آپ اپنے حساب سے جو آپ کا طریقہ ہے علاج تجویز کر دیں۔

ج:سفید چینی کی پلیٹوں پر تین مرتبہ زردہ کے رنگ اور عرق گلاب سے یَابَدِیْعُ لکھ کر صبح شام بچی کو پلائیں، چالیس روز تک۔ انشاءاللہ شفا ہوگی۔ نیلی شعاعوں کا پانی تیار کریں اور دو اونس صبح اور شام پلا دیا کریں۔ آپ یہ عمل 21یوم تک کریں۔

## ناک کا آپریشن

س:مریضہ کی بیماری کی تفصیل مختصراً تحریر کر رہی ہوں تقریباً دس ماہ قبل ان کو نزلہ ہوا۔ تین چار دن اسی طرح رہا ساتھ ہی سر درد بھی شروع ہو گیا۔ ایک ڈاکٹر سے دوائی لی جس سے نزلہ رک گیا اور سر میں درد شدت اختیار کر گیا۔ ڈاکٹروں کے مشورے پر ہاسپٹل داخل کروایا۔ انہوں نے کہا کہ نالیوں میں ریشہ رک گیا ہے۔ آپریشن کر کے صاف کر دیں گے۔ نہ کے اندر سے اور ناک کے راستے سے آپریشن کیا گیا۔ آپریشن کے بعد بائیں آنکھ کی نظر ختم ہو گئی۔ سر درد ویسے ہی شدید رہا ساتھ بخار بھی ہونے لگ گیا۔ خون کے ہر قسم کے ٹیسٹ لئے گئے۔ ای این ٹی سپیشلسٹ نے معائنہ کیا لیکن بیماری کسی کی سمجھ میں نہیں آئی۔ ڈاکٹروں نے مایوس ہو کر نیورو سرجن کے پاس بھیج دیا۔ پھر ایک ای این ٹی سپیشلسٹ نے علاج کیا۔ جس سے بخار اور سر درد میں کچھ کمی ہو گئی ہر طرح کے ایکسرے اور دوسرے ٹیسٹ لئے گئے۔ کنپٹی کے پاس سے چھوٹا سا آپریشن بھی کیا گیا لیکن سب کچھ ٹھیک نکلا۔ اب ہومیوپیتھک علاج ہو رہا ہے۔ کمزوری بے انتہا ہے پچھلے دنوں ٹائیفائیڈ بھی ہو گیا۔ ایک بزرگ سے روحانی علاج بھی کروایا۔ انہوں نے کہا کہ کسی نے جادو کرا دیا ہے۔ آنکھ کے ڈاکٹر کا کہنا ہے آنکھ کی نظر پیچھے سے بالکل ٹھیک ہے آج تک کسی ڈاکٹر حکیم کو بیماری سمجھ میں نہیں آ سکی۔ عظیمی صاحب!اب آپ ہی امید کی آخری کرن نظر آتے ہیں۔ براہ مہربانی جتنی جلدی ہو سکے جواب دے دیں۔

ج:بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ایک بار، یَافَارِقُ9مرتبہ، تین عدد پلیٹوں پر زردہ کے رنگ اور عرق گلاب سے لکھ کر آسمانی شعاعوں کے پانی دو دو اونس سے دھو کر صبح شام مریضہ کو پلائیں۔ نقش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

یَافَارِقُ یَافَارِقُ یَافَارِقُ

یَافَارِقُ یَافَارِقُ یَافَارِقُ

www.ksars.org

یَافَارِقُ   یَافَارِقُ   یَافَارِقُ

سونف صاف کر کے دو حصہ کر لیں۔ ایک حصہ بھون لیں۔ دوسرا حصہ کچا رکھیں دونوں کو ملا کر رکھ لیں۔ کھانا کھانے کے بعد اس میں سے تین حصہ کھالیا کریں۔ ٹھنڈا پانی پینا چھوڑ دیں۔ کھٹی تلی ہوئی چیزوں اور چکنائی سے پرہیز کریں۔

## نافرمان اولاد

س: میرا بڑا بھائی چڑچڑے مزاج والا ہے۔ وہ بڑا کمزور اور دبلا پتلا سا ہے۔ چہرے کی ہڈیاں ابھری ہوئی ہیں۔ عمر 18 سال ہے مگر دیکھنے میں عمر سے بڑا نظر آتا ہے۔ اسے سگریٹ پینے کی بھی عادت ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ وہ سگریٹ پینا بھی چھوڑ دے اور اس کی صحت بھی اچھی ہو جائے۔ میرا چھوٹا بھائی جس کی عمر 11 سال ہے۔ ایک سال پہلے اسے شہد کی مکھیوں نے کاٹا تھا۔ وہ خاصا ذہین تھا۔

پڑھائی میں بھی لائق تھا مگر اب اس کا یہ حال ہے کہ پڑھائی میں دل نہیں لگتا۔ ضدی بہت ہے۔ اکثر اوقات ہم جب اسے کوئی بات سمجھاتے ہیں تو اس کی عقل کام نہیں کرتی۔ ہم لوگ سخت پریشان ہیں۔ سب سے چھوٹا ہمارا تیسرا بھائی ہے وہ گالیاں بہت زیادہ بکتا ہے حالانکہ ہمارے گھر میں کوئی بھی گالیاں نہیں دیتا۔ اکثر اوقات وہ مہمانوں کے سامنے ایسی حرکت کرتا ہے کہ ہم شرمندہ ہو جاتے ہیں۔ ہم اس کی ان عادتوں کی وجہ سے بہت پریشان ہیں۔ خواجہ صاحب! آپ ہمارے روحانی باپ ہیں۔ آپ ہمارے مسئلے کا حل بتادیں۔

ج: رات کو عشاء کی نماز کے بعد 313 بار سورۃ البروج کی آیت بَلْ هُوَ قُرْآنٌ مَّجِيْدٌ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظ پڑھ کر پانی پر دم کر کے سب بھائیوں کو پلائیں۔ صبح سورج نکلنے سے پہلے ایک بار یا دو دو پڑھ کر پانی پر دم کر کے نہار منہ پلا دیا کریں۔ عمل کی مدت چالیس روز ہے۔ ہر جمعرات کو عصر اور مغرب کے درمیان گھر میں 2 روپے کی لوبان جلائیں۔

## نسوانی حسن

س: بابا جان! امید ہے کہ آپ اچھے ہوں گے۔ میں ایک ایسا مسئلہ لے کر حاضر ہوں جس سے آج کل بہت سی لڑکیاں پریشان ہیں وہ یہ ہے کہ لڑکیوں میں نسوانی حسن کی کمی۔ آپ سے گزارش ہے کہ تین چار ایسے گھریلو نسخہ لکھ دیں جس سے جسمانی ابھار جلد موزوں ہو جائیں۔ اس سے سینکڑوں لڑکیوں کا بھلا ہو گا جو شرم کی وجہ سے کسی کو اپنی پرابلم بتا بھی نہیں سکتیں۔ نہ بازار سے کوئی ایسی کریم خرید سکتی ہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ آپ کی کتاب روحانی علاج میں جو وظیفہ ہے کیا وہ بغیر پنیر کے استعمال کیا جاسکتا ہے کیونکہ یہ ایسی چیز ہے جو مہنگی ہونے کے ساتھ ساتھ ہمیشہ دستیاب بھی نہیں ہوتی۔

ج: روحانی علاج میں جو وظیفہ بتایا گیا ہے۔ وہ پنیر استعمال کئے بغیر بھی کیا جاسکتا ہے۔ غذاؤں میں نشاستہ دار چیزیں زیادہ کھائیں۔

www.ksars.org

آج کل آم کا موسم ہے۔ پوری فصل آم کھانے کے بعد دودھ پیجئے اور آم کی گٹھلی پانی میں سنگھاڑے کی طرح پکا کر گٹھلی کے اندر کی گری کھانے سے بھی نسوانی حسن میں اضافہ ہوتا ہے۔

## نروس بریک ڈاؤن

س: لڑکا ایم ایس سی کا طالب علم ہے۔ ایک پرچہ آنرز کا باقی ہے جو اس ماہ کے آخر میں یا اگلے ماہ متوقع ہے۔ دو سال پہلے ایک استاد کے سخت اور اہانت آمیز برتاؤ کی وجہ سے نروس بریک ڈاؤن ہو گیا تھا۔ دوا علاج اور دعا وظیفے سب ہی کچھ کیا اب اس کی حالت یہ ہے کہ دنیا کی چیزوں میں دلچسپی نہ ہونے کے برابر ہے اور بے عمل اور آرام طلب سا ہو گیا ہے۔ ذہنی حالت پہلے جیسی تو نہیں نارمل حالات نہیں کہی جا سکتی۔ مجھے اس کے مستقبل اور صحت کی طرف سے فکر ہے۔ آپ اس کی کامیابی امتحان اور صحت کے لئے کوئی دعا یا نقش لکھ دیں تو بڑی مہربانی ہو گی۔ نیز یہ کہ جلد بر سر روزگار ہو جائے تو ہماری پریشانیاں دور ہو جائیں۔ اس کے لئے دعا کرائیں۔

ج: رات کو سوتے وقت اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ 313 بار یاحفیظُ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں اور دعا کریں۔ عصر اور مغرب کے درمیان اللہ کے نام پر دو روپے خیرات کریں۔

## ناف میں تیل

س: میری عمر 48 سال، عرصہ 5 سال سے پاؤں جلتے ہیں۔ بظاہر ٹھنڈے ہیں اندر سے گرم لگتے ہیں۔ بھوک اور پیاس ختم ہے۔ پتہ ہلے تو ڈر لگتا ہے۔ جسم لاغر اور کمزور ہے۔ پیروں کے تلوؤں سے گھٹنوں تک گرم ہیں۔ صرف ایک پیالی دودھ گرم پیتی ہوں۔

ڈاکٹری، حکیمی علاج بہت کیا۔ عمل بھی ہوئے گذشتہ ماہ دور دراز شہر سے ایک عامل لائے گئے۔ رات بھر عمل کرتے رہے لیکن بالآخر کہا یہ سایہ ہے اور عمل بھی ہوا ہے جو میرے بس سے باہر ہے۔ فیس لی اور چلے گئے۔ آپ مہربانی کر کے علاج بتائیں۔

ج: نظام ہضم خراب ہے۔ رحم کے امراض کی بھی نشاندہی ہوتی ہے۔ علاج یہ ہے

سونف، پودینہ، بڑی الائچی، زیرہ سفید

1 تولہ، 2 تولہ، 2 عدد، ایک تولہ

www.ksars.org

پانی میں جوش کر کے چھان کر رکھ لیں۔ ٹھنڈا ہونے پر صبح نہار منہ، ناشتہ کے ایک گھنٹہ کے بعد دوپہر کے کھانے سے پہلے۔ عصر کے بعد اور رات کو سوتے وقت آدھی آدھی پیالی پلائیں۔ کھانوں میں چکنائی نہ دیں۔ کھٹی اور تلی ہوئی چیزوں سے پرہیز کرائیں۔

صبح نہار منہ مریضہ کو سیدھی لٹا کر اس کی ناف میں خالص بادام روغن ڈالیں اور شہادت کی انگلی پر کلمہ شہادت پڑھ کر انگلی کو ناف میں گھمائیں۔ یہ عمل گھر کی کوئی بھی عورت کر سکتی ہے۔ علاج کی مدت 90 یوم ہے۔ بعد از نماز عصر اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ 11 مرتبہ سورۃ کوثر پڑھ کر دم کر دیا کریں۔

## نکسیر

س: میرا مسئلہ کچھ اس طرح سے ہے کہ ہم پانچ بھائی اور تین بہنیں ہیں۔ جن سے میں سب سے چھوٹا ہوں۔ میری والدہ تقریباً تقریباً چالیس سال سے نکسیر کے مرض میں مبتلا ہیں اور انہیں نکسیر بلڈ پریشر سے آتی ہے۔ اگر بلڈ پریشر بھی نارمل ہو تو پھر بھی روزانہ آتی ہے۔ کسی بھی دن ناغہ نہیں پڑتا۔ اس کے علاوہ ہمارے گھر میں تقریباً دو ماہ سے سب باری باری بیمار ہو رہے ہیں۔ کبھی بھائی، کبھی بہن، کبھی والد، کبھی والدہ، والدہ نکسیر کے مرض کے علاوہ رمضان میں ہیضہ کے مرض کا شکار ہیں۔ اس سے نجات ملی تو کان کے درد میں مبتلا ہو گئیں اور بعض اوقات دونوں تکلیفیں بیک وقت آتی ہیں جس کی وجہ سے ہمیں بہت پریشانی ہے۔

ج: والدہ صاحبہ سے کہیں کہ وہ جب بھی پانی پئیں، تین مرتبہ پڑھ کر دم کر کے پئیں۔ ایک ہفتہ تک صبح شام نیلی شعاعوں کا پانی تیار کر کے دو دو اونس پلائیں۔ پانی پر تین مرتبہ یابدیع پڑھ کر دم کریں۔

گھر میں روزانہ عصر اور مغرب کے درمیان لوبان جلائیں۔ جمعرات کے روز شام کے وقت دو روپے خیرات کریں۔ کھانوں میں سرخ مرچ، گرم مصالحہ، ہر قسم کا گوشت نہ دیں۔ ترکاریاں کھلائیں۔

www.ksars.org

# و

## والدہ گنجی ہو گئی ہیں

س: میری امی کی عمر تقریباً چالیس سال ہے۔ اس کی ساری عمر بیماریوں میں گزر گئی۔ ایک بیماری جاتی ہے تو دوسری آجاتی ہے۔ کئی دفعہ بڑے بڑے آپریشن بھی ہوئے ہیں۔ پچھلے دو سال سے اس کی ٹانگیں نیلی ہو گئی ہیں اور گھٹنوں کے نیچے رگوں کے گچھے بن گئے ہیں۔ ایسا لگتا ہے کہ رگیں ایک دوسرے سے الجھ گئی ہیں۔ پیروں میں سخت درد ہوتا ہے۔ پاؤں کا گوشت سخت ہو گیا ہے اور اس کی وجہ سے اٹھنے بیٹھنے میں سخت تکلیف ہوتی ہے۔ پچھلے دو سال سے ہم امی کے پاؤں کا علاج کرا رہے ہیں۔ وقتی طور پر کچھ فائدہ ہو جاتا ہے۔ لیکن پھر تکلیف شروع ہو جاتی ہے۔ آپریشن کے بعد ڈاکٹر نے کہا تھا کہ چلنے پھرنے سے رگیں ٹھیک ہو جائیں گی لیکن ابھی تک کوئی ایسی حالت نظر نہیں آتی۔

دوسری بات یہ ہے کہ ان کے سر کے بال گرنے شروع ہو گئے ہیں۔ جس سے وہ تقریباً گنجی ہو گئی ہیں۔

ج: رائی پیس کر سفوف بنالیں۔ صبح شام ایک چٹکی پر یاشافی یاکافی پڑھ کر دم کر کے نیم گرم پانی سے کھلائیں۔ کھانوں میں نمک اور چکنائی سے پرہیز کریں۔ ٹھنڈی چیزیں بھی نہ دیں۔ بادام اور منقیٰ پیس کر رات کو سوتے وقت ایک چمچی کھلا دیا کریں۔ پیسنے سے پہلے منقوں کے بیج نکال دیئے جائیں۔ روزانہ 5 عدد بادام اور 7 عدد منقیٰ کافی ہیں۔ علاج کی مدت ایک ماہ دس دن ہے۔ نیلی شعاعوں کا پانی تیار کر کے دو اونس صبح اور شام دیں۔

## ولی یا شیطان

س: ماشاء اللہ میرے پانچ بیٹے اور تین بیٹیاں بقید حیات ہیں۔ سب سے بڑے بیٹے کی عمر 21 سال ہے۔ بچپن سے یہ حالت ہے کہ ذرا سی دیر میں ولی اور ذرا سی دیر میں شیطان بن جاتا ہے۔ اپنی مرضی کے مطابق جو وقت پر دماغ میں سما جائے پورا کرنے اور کروانے کی ضد کرتا ہے۔ ہمارا بیٹا سخت ترین حالات میں بھی باپ کا سہارا نہ بن سکا۔ خدا کا شکر ہے کہ مکینک ہے۔ مگر کام کرنے سے نجانے کیوں کتراتا ہے۔ گلی کی نکڑ پر دوستوں کے ساتھ بیٹھنا، صبح سے رات 12 بجے تک معمول بنا ہوا ہے۔ صبح دس بجے اٹھتا ہے۔ پراٹھے سفید آٹے کے اور سفید چائے چاہئے۔ دوپہر کو اور شام کو بھی اچھا سالن، سفید آٹے کی روٹی اور پان کے لئے پیسے مانگتا ہے۔ بچوں کے لئے ایک وقت سالن یا دوسرے وقت چٹنی بھی ہو سکتی ہے۔ اس کی من مانی اگر نہیں کرتی ہوں تو بچوں کو مارتا ہے، چیختا اور گالیاں بکتا ہے۔ محلے والے تماشہ دیکھتے ہیں۔ میرا جینا حرام ہو چکا ہے۔ پیسے دیتی رہوں تو ٹھیک رہتا ہے۔ ورنہ پورا شیطان بن جاتا ہے۔

www.ksars.org

ج: رات کو جب صاحبزادے گہری نیند سو جائیں، اپنے کمرے میں بیٹھ کر 19 مرتبہ سورہ تبت یدا ابی، پوری سورۃ پڑھ کر اپنے بیٹے کا تصور کر کے دم کر دیا کریں۔ اس عمل کو آپ 90 یوم کریں۔ بعد از نماز عصر اول آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ 11 مرتبہ سورۃ کوثر پڑھ کر دم کر دیا کریں۔

## واپسی مشکل ہے

س: عرصہ 7 سال پہلے ایک دوست نے مجھ سے 1980ء میں ایک لاکھ روپیہ نقد بغیر کسی تحریری ثبوت یا تحریری معاہدہ کے ایک ٹریکٹر لینے کے لئے لیا تھا کہ محنت وہ کرے گا آمدن نفع نقصان نصف شراکت ہو گا۔ آج سات سال گزر گئے۔ وہ دوست جو کہ معمولی منشی تھا اپنے گاؤں کا چوہدری بن گیا ہے۔ زمینیں خرید لی ہیں۔ اور اچھے ٹھاٹ سے زندگی گزار رہا ہے۔ مجھے ہزاروں روپے کی آمدن میں سے ایک روپیہ بھی نہیں دیا اور جب رقم طلب کی تو اس نے نہ ہی رقم دی اور نہ حساب کیا بلکہ لوگوں سے کہا کہ میری طرف کوئی حساب نہیں ہے اور پہلے خود بھی ملنے آتا تھا اب نہ خط لکھتا ہے اور نہ ہی خط کا جواب دیتا ہے۔ جو حالات مجھ پر گزر رہے ہیں وہ خدا جانتا ہے اور مجھے ایک ایک روپے کی ضرورت ہے۔ قرض دینا ہے کاروبار اور دیگر ضروریات کے لئے رقم کی سخت ضرورت ہے۔ آپ دعا کر دیں۔ خدا اس آدمی کے دل میں خوف خدا اور رحم پیدا کرے اور اگر نفع نہیں تو میری ایک لاکھ کی رقم جو میں نے دوستی اور اعتماد پر دی تھی جس کا بس خدا گواہ ہے مجھے بغیر کسی جھگڑے کے واپس کر دے۔

ج: جس وقت آپ نے رقم دی تھی اس وقت اگر مشورہ کر لیتے تو زیادہ مناسب تھا۔

سیدنا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد ہے۔ رہو بھائیوں کی طرح جب آپس میں معاملہ کرو تو اجنبی بن جاؤ۔ ارشاد عالی مقام ہے کہ معاملہ کرتے وقت لکھت پڑھت کر لیا کرو۔ رقم کی واپسی مشکل ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا کریں گے کہ اس کا نعم البدل عطا کر دیں۔

## والدین کے سخت رویہ سے پیدا ہونے والے امراض

س: میری بہن کی لڑکی کچھ فتور عقل میں مبتلا ہے۔ بچپن میں اچھی خاصی ہوشیار تھی۔ گیارہ بارہ سال کی عمر میں یہ احساس ہوا کہ اس کی دماغی نشوونما اس کی عمر کے مطابق نہیں ہے۔ ہر وقت پریشان رہتی ہے۔ سب سے شاکی ہے۔ حد سے زیادہ حساس ہے۔ بہت بولتی ہے اور شکایت بھی کرتی ہے کہ مجھ سے کوئی بات نہیں کرتا۔ جب اس کی باتوں کا کوئی جواب دے بھی تو یہ مطمئن نہیں ہوتی۔ پانچ چھ سال سے ماہر نفسیات لیڈی ڈاکٹر کا علاج ہو رہا ہے۔ مگر کوئی فائدہ نہیں ہے۔ آج کل طبی علاج بھی ہو رہا ہے۔ ان کا خیال ہے کہ بچپن میں زیادہ دباؤ کی وجہ سے اس کا یہ حال ہے۔ اس کے والد ذرا سخت مزاج ہیں۔ نام شمع سلطان ہے۔ عمر 26 سال ہے۔ مذہبی خیالات رکھتی ہے۔ نماز روزہ کی پابند ہے۔ جو کوئی وظیفہ بتاتا ہے وہ بھی پڑھتی ہے۔ اپنی کم عقلی کا شدت سے احساس ہے۔ جب گھبراہٹ ہوتی ہے تو اتنا بولتی ہے کہ خود اس کو چکر آنے لگتے ہیں۔ منہ خشک ہو جاتا ہے۔ اس کی والدہ سخت پریشان ہیں۔

www.ksars.org

صحت جواب دے گئی ہے۔ بتائیں کہ قابل علاج ہے یا نہیں۔ ڈاکٹر تو اس مرض کو لاعلاج بتاتے ہیں۔

ج: آپ کی بہن جب رات کو گہری نیند سو جائے تو اس کے سرہانے کھڑے ہو کر یہ جملہ پڑھا جائے۔ شمع سلطانہ تمہارے دل و دماغ اور اعصاب بالکل نارمل ہیں اور مضبوط ہیں۔ یہ جملہ کہنے والے صاحب کی آواز اتنی ہو کہ آواز کانوں میں جانے کے باوجود آپ کی بہن کی آنکھ نہ کھلے۔ اس عمل کو زیادہ سے زیادہ تین ہفتے تک کیجئے۔ پہلے ہی آرام ہو جائے تو چھوڑ دیجئے۔

نوٹ: تیز نمک سے پرہیز کرائیں۔ کسی چیز میں اوپر نمک چھڑک کر نہ کھلائیں۔

## وہم کا علاج

س: پتہ نہیں کیوں میں ڈرتی بہت ہوں۔ یہ ڈر کسی دن میری جان لے لے گا۔ خدارا کچھ بتا دیں کہ میرے اعصاب مضبوط ہو جائیں۔ ڈر کی وجہ سے میرے اوپر کپکپی طاری ہو جاتی ہے اور رعشہ سے سارا بدن کانپنے لگتا ہے۔ جسم ٹھنڈا یخ ہو جاتا ہے۔ میں ہاتھ جوڑتی ہوں، میری مدد کریں۔ اس عذاب میں چار سال سے مبتلا ہوں۔ دنیا کا کوئی علاج ایسا نہیں ہے جو نہ کیا ہو۔

ج: اس مرض کی بنیاد وہم ہے۔ کہتے ہیں کہ وہم کا علاج حکیم لقمان کے پاس بھی نہیں تھا لیکن مابعد نفسیات PARAPSYCHOLOGY میں اس کا موثر اور شافی علاج موجود ہے وہ یہ کہ آپ کھانوں میں نمک کی مقدار کم سے کم بلکہ نہ ہونے کے برابر کر دیں۔ اس پرہیز کے ساتھ تین وقت ایک ایک چمچہ شہد استعمال کریں۔ جس طرح بھی آپ کو کھانا پسند ہو روٹی کے ساتھ، دودھ میں ملا کر یا شہد کا شربت بنا کر۔ علاج کی مدت زیادہ سے زیادہ نوے دن ہے۔ کسی ہوشیار طبیب کی نگرانی میں خالص اجزاء سے خمیرہ مروارید کرا لیں۔ ناشتہ کے ایک گھنٹہ کے بعد اور مغرب کی اذان سے پہلے تین تین ماشے کھائیں۔

www.ksars.org

ہ

## ہم سب کا خدا ایک ہے

س: میرے دس بچے ہیں۔ دو لڑکیوں کی شادی کی تھی۔ ایک تو اپنے گھر میں ٹھیک ہے۔ مگر دوسری بہت پریشان ہے۔ اس کا شوہر نشہ کرتا ہے۔ خرچ بھی نہیں دیتا۔ ہر ہفتہ دو ہفتہ بعد لڑکی سے کہتا ہے کہ میرے لئے اور اپنے خرچ کے لئے ماں سے پیسے لے کر آ۔

میں خود غریب ہوں۔ کہاں تک خرچ اٹھاؤں۔ قرضہ لے لے کر تنگ آ گئی ہوں۔ ساری تنخواہ قرض داروں کو چلی جاتی ہے۔ گھر میں فاقوں کی نوبت آ جاتی ہے۔ نشہ کر کے ایسا مارتا پیٹتا ہے کہ بعض مرتبہ تو نوبت ہسپتال تک جا پہنچتی ہے۔ جب بارہا ایسا ہوا تو میں تنگ آ کر اسے گھر لے آئی۔ اب داماد نے ہمارے اوپر کیس کر دیا ہے۔ دعا کریں کہ گردشیں دور ہو جائیں اور قرض اتر جائے۔

میں ایک عیسائی عورت ہوں مگر بابا، ہم سب کا خدا ایک ہے۔ آپ کے لئے ہم غریبوں کے پاس سوائے دعا کے کچھ نہیں ہے۔ امید کرتی ہوں کہ آپ میری پریشانیاں دور کرنے میں میری مدد فرمائیں گے۔

ج: رات کو سوتے وقت تین سو بار یَااِیلُ یَااِیْلِیَاہُ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کریں۔ اللہ تعالیٰ اپنا فضل کریں گے۔ ہم سب بھی آپ کے لئے دعا کریں گے۔

## ہر وقت کڑھتی رہتی ہوں

س: میری عمر اس وقت سولہ سال ہے مگر میرا قد میری عمر کے لحاظ سے بہت بڑھ گیا ہے جو پانچ فٹ پانچ انچ ہے۔ قد کے لحاظ سے جسم کے باقی اعضاء ہاتھ، پیر، بازو وغیرہ بھی لمبے ہیں۔ میں اپنے قد کے زیادہ لمبے ہونے پر بہت پریشان رہتی ہوں۔ ہر وقت اس بات پر کڑھتی ہوں، پہروں دعائیں مانگتی ہوں۔ بازار میں لوگ اکثر طنز کرتے ہوئے گدھا، گھوڑا اور لمبو جیسے ریمارکس پاس کرتے ہیں۔ میں اس قدر احساس کمتری میں مبتلا ہو گئی ہوں کہ سوائے کالج جانے کے اور کہیں بھی نہیں جاتی۔ بڑی عاجزی سے درخواست ہے کہ آپ خدا کے لئے میری مدد فرمائیں۔ میرے لئے ایسا روحانی علاج تجویز کر دیں کہ میرا قد دو تین انچ کم ہو جائے اور میں مناسب قد و قامت کی ہو جاؤں۔ میرا اوزن وغیرہ بالکل مناسب ہے۔ تقریباً 120 پونڈ ہے مگر لمبے قد نے مجھے پریشان کر رکھا ہے۔ آپ کو اپنا مسیحا سمجھ کر حال دل بیان کر دیا ہے۔ کوئی مناسب علاج بتا دیں۔

www.ksars.org

ج: صبح نہار منہ، دوپہر زوال کے وقت، عصر کے بعد اور رات کو سونے سے پہلے ایک ایک لوٹا پانی کھڑی ہو کر ٹونٹی سے دونوں پیروں پر بہادیا کریں۔ جب قد نارمل ہو جائے۔ یہ علاج بند کریں۔ تازہ سبزیاں اور پھل کثرت سے استعمال کریں۔

## ہر دو ماہ کے بعد خون

س: شادی کے بعد میرے ہاں لڑکا پیدا ہوا۔ پیدائش نارمل تھی۔ بچہ موٹا تازہ تھا۔ تین ماہ تک وہ بچہ خوب اچھی طرح رہا۔ بچہ خوبصورت تھا۔ اس لئے سب ہی اس کو گود میں لے کر پیار کرتے تھے۔ تین ماہ کے بعد اس کو دست آنا شروع ہوئے اور مسلسل آٹھ ماہ تک آتے رہے۔ اس دوران میں نے دہلی کے مشہور اسپیشلسٹ ڈاکٹروں کو دکھایا۔ انہوں نے تجویز کیا کہ جسم میں خون اور پانی کی کمی ہوگئی ہے۔ اس آٹھ ماہ کے دوران بچہ بالکل دبلا ہو گیا۔ آخر کار ایک اور ماہر کو دکھایا۔ اس نے بتایا کہ جگر اور تلی بڑھ گئی ہے اور خون چڑھانے کی ضرورت ہے اور یہ بھی بتایا کہ اس کے جسم میں THELESEMINE کی کمی ہے۔ اب یہ حال ہو گیا ہے کہ ہر دو ماہ کے بعد بچہ کو خون چڑھایا جاتا تھا۔ کیونکہ اس کے جسم میں خون بالکل نہیں بنتا تھا۔ یہ سلسلہ تقریباً تین سال تک چلتا رہا۔ اس بچہ کو روزانہ بخار رہتا اور اس پر موسم کا بہت جلد اثر ہو جایا کرتا تھا۔ میں نے اس عرصہ میں اس کا روحانی علاج بھی کرایا۔

کسی نے بتایا کہ زبردست سفلی عمل کیا ہے، کسی نے کچھ اور بتایا۔ آخر پونے چار سال کی عمر میں وہ لڑکا اچانک فوت ہو گیا۔ اب اللہ تعالیٰ نے ایک لڑکی دی ہے۔ تین ماہ تک لڑکی ٹھیک رہی۔ اب اس کو بھی وہی بیماری ہو گئی ہے جو اس کے بھائی کو تھی۔ یہ بیماری دہلی میں بچوں کو بہت ہو رہی ہے۔ براہ کرم تفصیل سے اس کا جواب لکھیں تاکہ اور لوگ بھی اس سے فائدہ حاصل کر سکیں۔

ج: روحانی طب ہمیں بتاتی ہے کہ آدمی کے اوپر ایک اور آدمی ہے جو روشنیوں سے بنا ہوا ہے۔ یہ روشنیاں لہروں کے ذریعے تانے بانے کی طرح ہوتی ہیں۔ صحت اور نشو ونما کا دارو مدار ان ہی روشنیوں پر ہوتا ہے۔ روشنیاں اگر اعتدال سے کم ہوں تو کئی قسم کی بیماریاں لاحق ہو جاتی ہیں۔ روشنیاں اگر زیادہ ہو جائیں تب بھی بہت سی بیماریاں آدمی کے ارد گرد جمع ہو کر اسے اپنا معمول بنا لیتی ہیں۔ جسم کے ہر حصے میں یہ برقی رو ہر وقت دوڑتی رہتی ہے۔ جگر قدرت کا بنایا ہوا ایک عجوبہ ہے۔ اس میں بھی۔ ہر وقت لاکھوں قسم کی برقی رو ہر وقت دوڑتی رہتی ہے جگر میں اور ذخیروں کے علاوہ فولاد اور گلائیکو جین (مٹھاس) کا بڑا ذخیرہ ہوتا ہے۔

گلائیکو جین جسم کی سب سے بڑی قوت ہے۔ اس کے اندر سے جو برقی رو گزرتی ہے وہ زائد اور بے کار خلیوں کو الگ کر کے خون میں صحت مند خلیے شامل کر دیتی ہے۔ لیکن اگر اس برقی رو میں اعتدال قائم نہ رہے تو خون میں صحت مند خلیے نہیں بنتے اور نتیجہ میں خون کے اندر زہریلے مادے پیدا ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ جس کا تمام اعصاب پر اثر پڑتا ہے۔ جسم انسانی میں تلی کا ایک خاص کام ہے وہ یہ کہ خون میں جتنے زہریلے مادے پیدا ہوتے ہیں ان سب کو جذب کرتی ہے یہاں تک کہ ان کی نوعیت بدل دیتی ہے اور انہیں خشک کر دیتی ہے۔ ایسی صورت میں جگر کو نئے خون کی ضرورت پیش آتی ہے اور بار بار

www.ksars.org

خون کی تبدیلی جسم کی ایک ضرورت بن جاتی ہے۔ اس مرض کے عوامل میں دماغ کا بھی بہت بڑا حصہ ہے۔ دماغ کے اندر روشنیوں کا ہجوم جو ریڑھ کی ہڈی سے گزر کر تمام اعصاب میں تقسیم ہوتا ہے۔ اگر کسی وجہ سے یہ ہجوم صحیح تقسیم نہ ہو تو جسم کا ہر عضو متاثر ہوئے بغیر نہیں رہتا۔ نتیجہ میں اعصاب پر مژدہ ہو کر ختم ہو جاتے ہیں۔ یہ تو ہوئیں بیماری کی وجوہات۔ یہ سب اس لئے لکھا گیا کہ آپ نے تاکید کی ہے کہ مرض کی نوعیت پر ذرا تفصیلی روشنی ڈالی جائے۔

روحانی علاج یہ ہے کہ تین عدد چھوٹی چاندی کی طشتریوں پر زعفران اور عرق گلاب سے بِسْمِ اللّٰهِ اَلْرَحْمٰنِ الرَّحِيْم۔وَ اِثْمُهُمَا اَكْبَرُمِنْ نَّفْعِهِمَافِيْهِنَّ قَطَّارَالْقَلَمَ




لکھ کر صبح، شام، رات پانی دھو کر بچہ کو پلائیں۔ اس علاج کے ساتھ آپ کوئی بھی مادی علاج کرا سکتے ہیں۔ کوئی پابندی نہیں ہے۔

دہلی میں حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ کے مزار پر تشریف لے جائیں اور اس ناچیز کا سلام عرض کرنے کے بعد بچی کی صحت کے لئے دعا کی درخواست کریں۔

## ہمارے پاس نہ عمر ہے نہ جہیز

س: گھر کا ماحول بہت گھٹا ہوا ہے۔ دقیانوسیت کی ایک مضبوط دیوار ہمارے ارد گرد اٹھی ہوئی ہے۔ پہلے تو والد صاحب رشتوں کو پسند نہیں فرماتے تھے۔ اب وہ ریٹائر ہو گئے ہیں۔ لہٰذا ہمارے پاس نہ عمر رہی اور نہ ہی جہیز۔ ایک بھائی شادی شدہ ہے جو کئی بچوں کا باپ ہے۔ باپ کے ہوتے ہوئے بچوں والا بھائی ہماری کیا مدد کرے گا۔ اس مہنگائی کا مقابلہ سفید پوش کے لئے بہت ہی مشکل ہے۔ آخر ایک دن چھوٹے بھائیوں کی بھی شادیاں ہو جائیں گی۔ تب ہمارا کیا ہو گا۔ ہم پٹھان لوگ لڑکیوں کو زندہ لاشیں تو بنا سکتے ہیں مگر غیر ذات میں ان کی شادی نہیں کر سکتے۔ لڑکیاں ملازمت نہیں کر سکتیں۔ دل کی بات صاف صاف کہہ رہی ہوں۔ آپ مجھے کوئی ایسا موثر اور آسان وظیفہ بتا دیجئے کہ آناً فاناً ہم تینوں بہنوں کی شادی ہو جائے اور بھائیوں کے سر سے بوجھ اترے۔ والدین بوڑھے ہو چکے ہیں۔ مجھے تو ایسا لگتا ہے کہ اگر ہم لوگوں کی شادی نہ ہوئی تو ایسا وقت آ جائے گا کہ ہم تینوں بہنیں ذلیل و خوار ہو جائیں گی۔ کیونکہ نہ تو ہماری کوئی ذاتی جائیداد ہے اور نہ کوئی سہارا۔ شادی کا مسئلہ تو بالکل عام سی بات ہے لیکن یقین جانیے ہمارے لئے یہ مسئلہ بہت سنگین صورت اختیار کر گیا ہے۔

ج: سب بہنیں رات کو سونے سے پہلے تین سو بار يَرُسَلَ الرِّيَاحَ فِيْمَا كَانَ فِيْهَ پڑھ کر شادی کے لئے دعا کریں۔ اور دعا کو پانچ منٹ تک دہراتے دہراتے سو جائیں۔

www.ksars.org

## ہمارے ابا جی

س: میرے والد صاحب کو 20 سال سے بلڈ پریشر ہے جب یہ ہائی ہوتا ہے تو بے ہوش ہو جاتے ہیں۔ ہوش میں آنے کے بعد ان کے جسم کا رنگ سیاہ پڑ جاتا ہے۔ والد کو دل کی کوئی تکلیف نہیں ہے۔ خون پیشاب سب ٹھیک ہے۔ شوگر بھی نہیں ہے۔ اللہ کا شکر ہے کہ اولاد بھی نہایت سعادت مند اور نیک ہے۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ انہیں کیا تکلیف ہے۔ آپ کی مہربانی ہو گی ابا جی کے لئے علاج تجویز کر دیں۔

ج: آپ کے والد صاحب کو گیس کا عارضہ ہے۔ اس گیس ہی کی وجہ سے بلڈ پریشر کا مرض لاحق ہوا ہے۔ روحانی علاج یہ ہے کہ جب بھی پانی پئیں بارہ مرتبہ یا حیین ماء پڑھ کر پانی پر دم کر کے پئیں رنگ روشنی سے علاج یہ ہے کہ دونوں وقت کھانے سے آدھا گھنٹہ پہلے زرد شعاعوں کا پانی دو دو اونس پئیں۔

پرہیز یہ ہے: ہر قسم کی چکنائیوں سے پرہیز کریں۔ فرج میں رکھی ہوئی چیز نہ کھائیں اور گوشت کم سے کم کھائیں۔ ترکاریاں زیادہ کھائیں۔

## ہم حیران ہیں کہ وہ زندہ کیسے ہیں

س: میری والدہ 25 سال سے خشک کھانسی میں مبتلا ہیں۔ دنیا کا کوئی علاج نہیں ہے جو ہم نے نہ کیا ہو۔ ہم حیران ہیں کہ وہ اس طویل بیماری کے باوجود زندہ کیسے ہیں۔ کھانا کھاتی ہیں۔ فوراً کھانسی ہو جاتی ہے اور کھانستے کھانستے الٹی ہو جاتی ہے۔

ج: صبح، دوپہر، شام ہر کھانا کھانے کے بعد یا کھانا کھانے سے پہلے اپنی والدہ کو پنیر کھلایئے۔ یہ ان کی بیماری کا مکمل علاج ہے۔

## ہر ہفتہ آمدنی کا بڑا حصہ علاج پر خرچ ہو جاتا ہے

س: میری شادی کو اکتالیس برس گزر چکے ہیں۔ شوہر کی زندگی میں اور ان کی وفات کے بعد کبھی مالی حالت ٹھیک نہیں رہی۔ سسر بڑے دولت مند تھے لیکن انہوں نے ہماری کبھی مدد نہیں کی۔ اب کچھ عرصہ سے مالی حالات ٹھیک ہیں۔ لیکن ہمیشہ سے یہ صورت رہتی ہے کہ ایک بچہ سروس کرتا ہے تو دوسرا بچہ بے کار ہو جاتا ہے لیکن اس کے ساتھ ایسی ناگہانی افتاد پڑتی رہتی ہے کہ ساری رقم آنکھ جھپکتے ان حادثات کی نظر ہو جاتی ہے۔ ایک بچہ کی شادی کی، شادی کے دس مہینے کے بعد ایک ایکسیڈنٹ میں مجھے داغ مفارقت دے گیا۔ بہو دلہن کے تمام اخراجات اپنا پیٹ کاٹ کر کرتی رہی مگر وہ بھی میری نہ ہوئی۔ میرا پوتا بھی مجھ سے چھین لیا۔

میرا پوتا صرف آٹھ دن کا تھا کہ باپ کی شفقت سے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے محروم ہو گیا۔ کچھ عرصہ پہلے گھر میں نہ معلوم کہاں سے خون آ کر گرا۔ یہ خون صحن میں، برآمدہ میں، باورچی خانہ کے سامنے، کمرے کے اندر، کرسیوں کے نیچے اور فوت شدہ بچہ کے پلنگ کے چاروں طرف اس طرح ڈالا گیا تھا کہ جیسے کسی نے خون کا چھڑکاؤ کر دیا ہو۔ میرا تیسرا لڑکا نہایت

www.ksars.org

صحت مند تھا کہ گردن توڑ بخار نے آدبوچا۔ بخار تو ٹھیک ہو گیا لیکن اس کا ایک ہاتھ اور ایک پیر بے کار ہو گیا۔ اس سے چھوٹے بچے کا ایک ہاتھ کسی وجہ کے بغیر سوکھتا جارہا ہے۔ ہر قسم کا علاج کرا چکی ہوں۔ کچھ لوگوں کا کہنا ہے کہ اس بچہ نے کسی درخت کی شاخ کو ہلایا تھا جس کی وجہ سے اس کے اوپر آسیب کا اثر ہو گیا ہے۔ خود میرے دو آپریشن ہو چکے ہیں۔ ایک پتہ کا اور دوسرا اندرونی۔ یہ آپریشن بھی کامیاب نہیں ہوئے اور بیماری ایک روگ بن چکی ہے۔ ہر ہفتہ آمدنی کا بڑا حصہ علاج پر خرچ ہو جاتا ہے۔ جو دوا فائدہ کرتی ہے وہی دو انقصان پہنچاتی ہے۔

ج: آیت الکرسی اللّٰہُ لَآاِلٰہَ اِلَّا ھُوَالْحَیُّ الْقَیُّوْمُ سے لے کر عظیم تک رات کو تین مرتبہ پڑھ کر چاروں طرف پھونک دیا کیجئے اور پھر سو جایئے، ناغہ نہ کیجئے۔ زبان ہر حالت میں پاک ہوتی ہے۔ وضو کر سکیں تو کر لیں ورنہ کلی کر کے پڑھ لیں۔

## ہمارے ابا شیر ہیں اور ہم بھیڑ بکریاں

س: ہم بہن بھائی ابھی چھوٹے ہی تھے کہ والدہ صاحبہ کا انتقال ہو گیا۔ والد ستر برس کے ضعیف ہیں۔ روپے پیسے سے ایمان کی حد تک لگاؤ ہے۔ انتہائی سخت مزاج ہیں۔ ان کی سخت مزاجی سے والد کو ٹی بی ہو گیا اور وہ اس دنیا سے رخصت ہو گئیں۔ بچپن میں ہم سب بہن بھائی ان سے اس طرح ڈرتے رہے ہیں کہ جیسے ہمارے ابا شیر ہیں اور ہم بھیڑ بکریاں۔ مطلب اس تمہید کا یہ ہے کہ بچپن میں محبت اور پیار سے محرومی نے ہم سب کو احساس کمتری میں مبتلا کر دیا ہے۔ دماغی صلاحیتیں مفلوج ہو گئی ہیں۔ کوئی برا بھلا کہے تو ہم اس کو جواب نہیں دے سکتے۔ لیکن بعد میں اس سے نفرت کرتے ہیں۔ جو شخص ہمدردی کے دو بول بھی کہہ دیتا ہے۔ ہم اس کے گرد منڈلانے لگتے ہیں۔ بہن بھائی کی عمر چالیس سے اوپر ہو چکی ہے مگر والد صاحب ان کی شادی اس وجہ سے نہیں کرتے کہ شادی کرنے سے روپے خرچ ہوں گے۔ دوسری بہن پینتیس سال کے لپیٹے میں ہیں۔ یہ بھی ابھی تک کنواری ہیں میری عمر بھی اب شادی کی منزل سے گزر رہی ہے۔ ان سب باتوں نے اس قدر پریشان کر دیا ہے کہ نماز روزہ سے بھی نفرت ہو گئی ہے۔ دل چاہتا ہے کہ شراب پی کر یا مارفیا کا انجکشن لگا کر اس طرح سو جاؤں کہ پھر کوئی مجھے جگا نہ سکے۔ گھر کے کاموں میں دل نہیں لگتا۔ ہر وقت ناول پڑھتے رہنے کو دل چاہتا ہے۔ کسی خوبصورت کو دیکھ کر رشک آتا ہے اور حسد کی آگ میں جلنے لگتی ہوں۔ میرا رنگ گندمی ہے لیکن سب لوگ مجھے کالی کہتے ہیں۔ خدا کے لئے کوئی وظیفہ بتا دیں کہ لوگ مجھے بدصورت کہنا چھوڑ دیں۔ کیا میں قال یابشری ھذا غلام واسر وبضاعتہ کا وظیفہ پڑھ سکتی ہوں۔

ج: آپ یہ وظیفہ ضرور پڑھیئے۔ میری طرف سے اجازت ہے۔ اس کے ساتھ ہی یہ وہم دل سے دور کر دیجئے کہ آپ بدصورت یا کمتر ہیں۔ جس دن یہ وہم دور ہو جائے گا۔ مسئلہ ہو جائے گا۔ بہر حال بعد از نماز فجر اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف 11 مرتبہ یَاجَمِیْلُ پڑھ کر چہرے پر تین بار پھیر لیا کریں۔ اس عمل کو آپ 90یوم تک کریں۔ کثرت سے وضو یا بغیر وضو یاحی یاقیوم کا ورد کریں۔

www.ksars.org

# ی

## یہ شادی ہو گی یا نہیں؟

س: میں ایک غیر شادی شدہ لڑکی ہوں جب کہ میری ہم عمر لڑکیاں کئی کئی بچوں کی مائیں ہیں۔ خونی رشتہ کے ایک قریبی بھائی سے منگنی ہوئے سالوں گزر گئے ہیں۔ مگر سوتیلی والدہ کی ریشہ دوانیوں سے یہ رشتہ مضبوط بندھن میں اب تک نہیں آیا ہے۔ میں آپ سے یہ معلوم کرنا چاہتی ہوں کہ شادی ہو گی یا نہیں؟ اور میں آخر کب تک سراب کے پیچھے دوڑتی رہوں گی۔ خاندانی جھگڑے بظاہر ختم ہوتے نظر نہیں آتے۔ اگر کسی آیت یا عمل کے ذریعہ یہ شادی ہو سکتی تو براہ کرم مجھے بتائیں۔ میں پورے یقین کے ساتھ کروں گی۔

ج: کل کیا ہو گا اس کا صحیح علم تو اللہ تعالیٰ کو ہے اور اللہ تعالیٰ کو یہ قدرت بھی ہے کہ وہ جو چاہیں کریں۔ میں نے آپ کے لئے استخارہ کیا ہے جس سے معلوم ہوا ہے کہ یہ شادی نہیں ہو سکے گی۔ آپس میں اس قدر غلط فہمیاں پیدا ہو چکی ہیں جن کا تدارک محال نظر آتا ہے اور پھر خاندانی وقار بھی آڑے آرہا ہے اور آتا رہے گا لیکن چونکہ اللہ تعالیٰ قادر مطلق ہیں وہ جب چاہیں اور جو چاہیں کر سکتے ہیں ہر نماز کے بعد ایک سو ایک مرتبہ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ پڑھ کر دعا کریں۔ دعا میں اتنی طاقت ہے کہ پہاڑ بھی اپنی جگہ سے ہٹ جاتے ہیں۔ دعا ہی ایک ایسا واسطہ ہے جس میں خالق اور مخلوق کا براہ راست رابطہ قائم ہوتا ہے۔ اس میں نیکوکار اور گناہ گار کا کوئی امتیاز نہیں ہے۔ دعا میں سب برابر ہیں۔ بس شرط یقین اور ایمان کی ہے۔

## یہ سب فراڈ ہے

س: ایک سال پہلے میری آنتوں میں زخم ہو گئے تھے۔ یہ بات بہت بڑے سرجن نے بتائی تھی۔ وہ دن اور آج کا دن ہے۔ جب سے میں مستقل بیمار رہتی ہوں۔ ڈاکٹروں کا علاج بھی ہو رہا ہے لیکن اس سے عارضی فائدہ ہوتا ہے۔ اگر پندرہ دن بھی دوا نہ کھاؤں تو طبیعت بہت خراب ہو جاتی ہے۔ چہرہ بالکل پیلا ہو جاتا ہے۔ دل اتنی تیزی سے دھڑکتا ہے کہ لگتا ہے کہ ابھی باہر نکل جائے گا۔ گھر میں چلنے تک کی ہمت نہیں ہوتی۔ میری کیفیت یہ ہے کہ پیشاب کرنے کے بعد طبیعت بہت زیادہ خراب ہو جاتی ہے۔ آپ اس کو میرا وہم سمجھ کر ٹال نہ دیجئے۔ ورنہ میرے دل کو بہت تکلیف پہنچے گی۔ للہ میرے مرض کی تشخیص کر دیجئے۔ اب تو میں اپنی زندگی سے بھی مایوس ہو چکی ہوں۔ میرے سر پر باپ کا سایہ بھی نہیں ہے۔ ایک بیوہ ماں ہے جس کو ہر وقت میری بیماری کی فکر لگی رہتی ہے۔

اس لئے کہ میں اپنی بہنوں میں سب سے بڑی ہوں اور جب بھی کوئی رشتہ آتا ہے تو لوگ یہ کہہ کر چلے جاتے ہیں کہ یہ تو بیماریوں کی ماری ہوئی ہے۔ میری وجہ سے دوسری بہنوں کی عمر نکلی جا رہی ہے۔ آپ بھی بیٹیوں والے ہیں۔ ذرا سوچیں

www.ksars.org

ہماری ماں پر کیا گزرتی ہو گی۔ کیا آپ ہمیں یتیم سمجھ کر ٹال دیں گے؟ آپ کے اوپر قلندر بابا اولیاءؒ کا فیض ہے۔ اگر آپ نے میرا مرض نہیں سمجھا تو میں سمجھوں گی کہ یہ سب فراڈ ہے۔ آپ خواہ مخواہ لوگوں کو بے وقوف بنا رہے ہیں۔ مجھے امید نہیں ہے کہ آپ میرا مسئلہ روحانی ڈائجسٹ میں شائع کر دیں گے۔

ج: میرے خیال میں آپ السر کی مریضہ ہیں۔ السر کے علاج میں دواؤں سے زیادہ پرہیز کی ضرورت ہوتی ہے۔ اپنے معالج کے مشورے سے پرہیز کے ساتھ زرد شعاعوں کا پانی تیار کر کے دونوں وقت کھانے سے قبل دو دو اونس پئیں اور اس کے ساتھ ساتھ پانی یا کوئی مشروب جب پئیں تو اس پر تین مرتبہ یاحفیظ یاشافی یاکافی پڑھ کر دم کر لیا کریں۔ فوم کے گدے پر نہ سوئیں کہ اس کے اندر سے نکلنے والی حدت آپ کے لئے نقصان دہ ہے۔

## یہ شادی ہو جائے گی

س: میں اپنے من پسند ایک لڑکے سے شادی کرنا چاہتی ہوں اور وہ بھی مجھے بہت پسند کرتا ہے۔ اس مہینے اس کے والد میرا رشتہ مانگنے آئیں گے۔ آپ مجھے ایسا وظیفہ بتا دیں جس کو میں پڑھ کر سب گھر والوں کا دل موم کر لوں تا کہ میرے والد صاحب، دادا صاحب اور والدہ صاحبہ میرا رشتہ اسے دے دیں۔ میں ساری عمر آپ کا احسان فراموش نہیں کروں گی۔ میں چاہتی ہوں کہ میری بدنامی نہ ہو اور عزت کے ساتھ یہ بات طے ہو جائے کیونکہ میں بہت نیک خاندان کی لڑکی ہوں۔

ج: بعد از نماز عشاء اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ 41 مرتبہ سورۃ اخلاص (قل شریف) پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کریں۔ بعد از نماز عصر اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ 11 مرتبہ سورہ کوثر پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کریں۔ اس عمل کو آپ 90 یوم تک کریں۔

www.ksars.org